باسمہٖ تعالیٰ

بسلسلہ: نماز کے فضائل واحکام

نمازِ وتر

یعنی

وتر کی نماز

کے

فضائل واحکام

مؤلف

مفتی محمد رضوان

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسلسلہ: نماز کے فضائل واحکام

وتر کی نماز

کے

فضائل واحکام

وتر کی نماز کی فضیلت واہمیت

وتر کی نماز کی رکعات کی تعداد وطریقہ اوراس کا ثبوت

وتر کی نماز میں دعائے قنوت کا ثبوت اوراس کا طریقہ

اوروتر اورقنوت کے اہم مسائل

مستند مآخذ ومراجع کے ساتھ

مؤلف

مفتی محمد رضوان

ادارہ غفران: چاہ سلطان راولپنڈی پاکستان

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

(جملہ حقوق بحق ادارہ غفران محفوظ ہیں)

نام کتاب: وتر کی نماز کے فضائل واحکام

مؤلف: مفتی محمد رضوان

طباعتِ اول: شوال ۱۴۳۲ھ ستمبر 2011ء

صفحات: ۲۷۲

ملنے کے پتے

کتب خانہ ادارہ غفران: چاہ سلطان، گلی نمبر 17، راولپنڈی۔فون: 051-5507270

ادارہ اسلامیات: ۱۹۰، انارکلی، لاہور۔فون: 042-37353255

کتب خانہ رشیدیہ: مدینہ کلاتھ مارکیٹ، راجہ بازار، راولپنڈی۔فون: 051-5771798

دارالاشاعت: اردو بازار، کراچی۔فون: 021-32631861

مکتبہ سید احمد شہید: 10-الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔فون: 042-37228196

مکتبہ اسلامیہ: گامی اڈہ، ایبٹ آباد۔فون: 0992-340112

ادارہ اشاعت الخیر: شاہین مارکیٹ، بیرون بوہڑ گیٹ، ملتان۔فون: 061-4514929

ادارۃ المعارف: دارالعلوم کراچی۔فون: 021-35032020

مکتبہ سراجیہ: چوک سیٹلائیٹ ٹاؤن، سرگودھا۔فون 048-3226559

مکتبہ سرحد: خیبر بازار، پشاور۔فون: 091-2212535

ملت پبلیکیشرز بک شاپ: شاہ فیصل مسجد، اسلام آباد۔فون: 051-2254111

ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، چوک فوارہ، ملتان۔فون: 061-4540513

مکتبہ العارفی: نزد جامعہ امدادیہ، ستیانہ روڈ، فیصل آباد۔فون: 041-8715856

کتب خانہ شمسیہ، نزد اریگیشن مسجد، سریاب روڈ، کوئٹہ۔فون: 0333-7827929

مکتبہ معارف القرآن، دارالعلوم کراچی۔فون: 021-35123130

تاج کمپنی، لیاقت روڈ، گوالمنڈی، راولپنڈی۔فون: 051-5774634

مکتبۃ القرآن: گورومندر، علامہ بنوری ٹاؤن، کراچی۔فون: 021-34856701

مکتبہ الفرقان، اردو بازار، گوجرانوالہ۔فون: 055-4212716

مکتبہ القرآن: رسول پلازہ، امین پورہ بازار، فیصل آباد۔فون: 041-2601919

اسلامی کتب خانہ، پھولوں والی گلی، بلاک نمبر 1، سرگودھا۔فون: 048-3712628

اسلامی کتاب گھر: خیابانِ سرسید، سیکٹر 2، عظیم مارکیٹ، راولپنڈی۔فون: 051-4830451

مکتبہ قاسمیہ، الفضل مارکیٹ، 17، اردو بازار، لاہور۔فون: 042-37232536

الخلیل پبلشنگ ہاؤس: اقبال روڈ، کمیٹی چوک، راولپنڈی۔فون: 051-5553248

قرآن محل، اقبال مارکیٹ، کمیٹی چوک، راولپنڈی۔فون: 0321 0312-5123698

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

فہرست

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

q

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمہید

(از مؤلف)

وتر کی نماز شریعت کی نظر میں بہت مہتم بالشان عبادت ہے، شریعتِ مطہرہ نے اس کی اہمیت وفضیلت کو نہایت اہتمام کے ساتھ بیان کیا ہے، جس کے پیشِ نظر بعض فقہائے کرام بشمول امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے، وتر کی نماز کو واجب قرار دیتے ہیں، جبکہ بہت سے فقہائے کرام اس کو سنت قرار دیتے ہیں، مگر اس کے تاکیدی درجہ کی سنت ہونے کا وہ بھی انکار نہیں کرتے۔

لیکن دوسری طرف وتر کی نماز کو ادا کرنے کے طریقۂ کار کے بارے میں احادیث وروایات میں کچھ اختلاف نظر آتا ہے، جس کی وجہ سے بہت سے علماء اور عوام کو فیصلہ کرنے میں مشکل پیش آتی ہے، اسی کے ساتھ بعض لوگ وتر کی نماز کے بارے میں بعض مسائل میں الگ موقف اختیار کرتے ہیں، اور فقہ حنفی پر طرح طرح کے اعتراضات وشبہات پیش کرتے ہیں۔

اسی قسم کی وجوہات کے پیشِ نظر ضرورت پیش آئی کہ وتر کی نماز سے متعلق پیش آمدہ اہم سوالات کے جوابات کو کچھ تفصیل کے ساتھ ذکر کیا جائے، اور وتر کی نماز سے متعلق بعض مسائل کا مستند مراجع ومآخذ کی روشنی میں حل پیش کیا جائے۔

اس ضرورت کے تحت بندہ نے اپنے ایک مفصل سلسلے ''نماز کے فضائل واحکام'' کے ضمن میں وتر کی نماز سے متعلق بعض سوالات کے تفصیلی جوابات اور مسائل تحریر کئے، جب یہ مضامین کچھ ضخیم ہوگئے، تو ان کو ایک ساتھ شائع کرنے کا تقاضا ہوا، اس کے ساتھ بندہ نے آخر میں وتر اور قنوت سے متعلق اہم مسائل کو بطور خلاصہ بھی جمع کر دیا، تاکہ جو حضرات تفصیل اور دلائل کے بجائے اجمالی طور پر مسائل کو ملاحظہ فرمانا چاہیں، انہیں بھی سہولت حاصل رہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول ومنظور فرمائیں، اور بندہ اور بندہ کے احباب سمیت سب مسلمانوں کے لئے اس کو مفید بنائیں۔ آمین۔ فقط۔ محمد رضوان۔

یکم/ جمادی الاخریٰ/ ۱۴۳۲ھ 05/ مئی/ 2011ء بروز جمعرات، ادارہ غفران، راولپنڈی

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

وتر کی نماز کی فضیلت واہمیت

شریعت کی نظر میں وتر کی نماز انتہائی فضیلت واہمیت کی حامل ہے، مگر وتر کی نماز عشاء کی نماز کے تابع ہے، اس لئے شریعت نے اس کو مستقل طور پر الگ نماز شمار نہیں کیا، اور اسی وجہ سے جب تک عشاء کے فرض نہ پڑھے ہوں، اس وقت تک وتر کی نماز پڑھنا درست نہیں۔ [1]

اب رہا یہ کہ وتر کی نماز سنت ہے، یا واجب؟ تو اس بارے میں احادیث وروایات سے دونوں قسم کی باتیں معلوم ہوتی ہیں۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اکثر صحابۂ کرام وتابعینِ عظام سے مواظبت کے ساتھ وتر کی نماز پڑھنا ثابت ہے۔

اس لیے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے پہلے اگرچہ وتر کی نماز کے سنت ہونے کا قول کیا تھا، لیکن بعد میں احتیاطاً واجب ہونے کے قول کو اختیار کیا، اور اس کے واجب ہونے کو ترجیح دی۔

البتہ صاحبین (امام ابو یوسف اور امام محمد) رحمہما اللہ سمیت دیگر فقہائے کرام وتر کی نماز کے سنت ہونے کے قائل ہیں، لیکن وتر کی نماز کی تاکید واہمیت کا انہوں نے بھی انکار نہیں کیا۔ [2]

---

[1] وأما بيان أوقات الصلوات الواجبة وما هو شبيه بها فمنها وقت الوتر وهو على قول أبى حنيفة وقت صلاة العشاء إلا أنه شرع مرتبا عليها كوقت قضاء الفائتة هو وقت أداء الوقتية لكنه شرع مرتبا عليه فلا يجوز أداؤه قبل صلاة العشاء مع أنه وقته لفوت شرطه وهو الترتيب(تحفة الفقهاء للسمرقندى، ج ا ص ١٠٣، كتاب الصلاة، باب مواقيت الصلاة)

[2] الوتر واجب أم سنة واختلفت الروايات فيه عن أبى حنيفة روى أنه فرض وبه أخذ زفر ثم رجع وقال بأنه سنة وبه أخذ أبو يوسف ومحمد والشافعى ثم رجع وقال بأنه واجب وحاصل ذلک ما روى عن النبى عليه السلام أنه قال ثلاث كتبت على ولم تكتب عليكم الوتر والضحى والأضحية وروى عنه عليه السلام أيضا أنه قال إن الله تعالى زادكم صلاة ألا وهى الوتر فصلوها ما بين العشاء إلى طلوع الفجر والأمر للفرضية والوجوب فوقع التعارض بين الحديثين فلا تثبت الفرضية والوجوب بالاحتمال هذا عندهم وأبو حنيفة يقول يمكن الجمع بينهما لأن الفرض غير الواجب فى عرف الشرع فالفرض ما ثبت وجوبه بدليل مقطوع به والواجب ما ثبت وجوبه بدليل فيه شبهة نحو

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

وتر کی نماز کی فضیلت واہمیت سے متعلق چند احادیث وروایات ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت عبداللہ بن صنابحی سے مروی ہے کہ:

زَعَمَ أَبُوْ مُحَمَّدٍ أَنَّ الْوِتْرَ وَاجِبٌ فَقَالَ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ كَذَبَ أَبُوْ مُحَمَّدٍ أَشْهَدُ أَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- يَقُوْلُ خَمْسُ صَلَوَاتٍ افْتَرَضَهُنَّ اللّٰهُ تَعَالٰى الحديث (سنن أبي داود) [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

خبر الواحد والقياس والوتر من هذا القبيل لأنه ثبت بخبر الواحد(تحفة الفقهاء للسمرقندى، ج ا ص ۲۰۱، كتاب الصلاة، باب صلاة الوتر)

وقال محمد بن الحسن قد جاء ت فى الوتر احاديث مختلفة فاخذنا بأوثقها فراينا ان يوتر بالارض ولا يوتر على بعيره لان الفقهاء شددوا فى الوتر ما لم يشددوا فى غيرها من الصلوات سوى الصلوات الخمس ،فقال بعضهم سنة لا ينبغى تركها وقال بعضهم واجبة ، ورووا فى ذلك حديثا ان رسول الله صلى الله عليه واله وسلم قال ان الله قد زادكم صلاة يعنى الوتر فاذا شددت الفقهاء فى امر فخذ باوثقها اذا اختلفت فيه الاحاديث وقد اختلفت فى الوتر بعينها فروى أن ابن عمر رضى الله عنهما كان ينزل بالارض فيوتر عليها ويروى ذلك عن النبى صلى الله عليه واله وسلم فأخذنا باوثقها واشبهها بالحق وبما جاء ت به الآثار من التشديد فى الوتر (الحجة على أهل المدينة،لمحمد بن الحسن الشيبانى ،باب الوتر فى السفر)

المعتمد عند الأصوليين أن مواظبته -عليه الصلاة والسلام- لا سيما مع مواظبة أصحابه والتابعين دليل على الوجوب، ويكفى لأبى حنيفة فى أصل وجوب الوتر (مرقاة ج۳ص ۹۵۵، كتاب الصلاة، باب الوتر)

ملحوظ رہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ اور دیگر ائمہ رحمہم اللہ کے درمیان وتروں کے فرض اور سنت ہونے کا اختلاف عملاً لفظی ہے، کیونکہ دیگر ائمہ کے نزدیک سنت اور فرض کے درمیان مامور بہ کا کوئی اور مرتبہ نہیں، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک ان دونوں کے درمیان واجب کا مرتبہ ہے، اور دیگر فقہاء بھی وتر کو سنت نمازوں میں زیادہ مؤکد قرار دیتے ہیں، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ بھی اس کی فرضیت کے قائل نہیں، گویا اس بات پر اتفاق ہے کہ وتر کا مرتبہ عام سنتِ مؤکدہ سے اوپر اور فرض سے نیچے ہے، لیکن چونکہ دیگر فقہاء کے نزدیک فرض اور سنت کے درمیان کوئی متوسط درجہ نہیں تھا، اس لئے انہوں نے اس کے لئے سنت کا لفظ استعمال کیا، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک چونکہ درمیان میں واجب کا درجہ موجود ہے، اس لئے انہوں نے اسے واجب قرار دیا، لہٰذا دونوں میں کوئی خاص فرق نہ ہوا، البتہ بعض جزوی مسائل میں اختلاف ہے (ملاحظہ ہو: درسِ ترمذی، ج۲ص ۲۱۱،۲۱۲)

[1] حديث نمبر ۴۲۵، كتاب الصلاة، باب فى المحافظة على وقت الصلوات،المكتبة العصرية، صيدا -بيروت.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: حضرت ابو محمد (انصاری صحابی) رضی اللہ عنہ نے یہ گمان کیا کہ وتر واجب ہیں، تو حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ابو محمد (انصاری) نے درست بات نہیں کی، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ پانچ نمازیں اللہ تعالیٰ نے فرض فرمائی ہیں الخ (ترجمہ ختم)

ابو محمد انصاری صحابی تھے، جن کے بارے میں بعض روایات میں صحابی ہونے کی صراحت پائی جاتی ہے۔ [1]

اور بعض صحیح روایات میں یہ مضمون اس طرح آیا ہے کہ:

سَأَلَ رَجُلٌ أَبَا مُحَمَّدٍ رَجُلًا مِّنَ الْأَنْصَارِ عَنِ الْوِتْرِ، فَقَالَ اَلْوِتْرُ وَاجِبٌ كَوُجُوبِ الصَّلَاةِ، فَأَتٰى عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ، فَقَالَ: كَذَبَ أَبُوْ مُحَمَّدٍ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: خَمْسُ صَلَوَاتٍ اِفْتَرَضَهُنَّ اللّٰهُ عَلٰى عِبَادِهٖ (صحیح ابن حبان، حدیث نمبر ۲۴۱۷) [2]

ترجمہ: ایک آدمی نے ابو محمد سے جو کہ انصار صحابہ میں سے تھے، وتر کے بارے میں سوال کیا، تو انہوں نے فرمایا کہ وتر دوسری نمازوں کی طرح واجب ہیں، وہ

---

[1] عن ابن محيريز القرشي ثم الجمحي ، أن المخدجي ، رجل من كنانة أخبره ، أن أبا محمد ، رجل من الأنصار ، كان يسكن الشام وكانت له صحبة أخبره أن الوتر واجب ، وأن المخدجي راح إلى عبادة بن الصامت فأخبره بذلك ، فقال عبادة بن الصامت : كذب أبو محمد ، سمعت رسول الله صلى الله عليه وعلى آله وسلم يقول : خمس صلوات كتبهن الله عز وجل على العباد من جاء بهن لم ينتقص منهن شيئا استخفافا بحقهن جاء وله عند الله عهد أن يدخله الجنة ، ومن انتقص منهن شيئا استخفافا بحقهن جاء وليس له عند الله عهد إن شاء عذبه وإن شاء أدخله الجنة (المسند للشاشي، حديث نمبر ١٢١٧)

[2] ذكر خبر ثامن يدل على أن الوتر غير فرض، مؤسسة الرسالة، بيروت ؛واللفظ لهٗ، تعظيم قدر الصلاة لمحمد بن نصر المروزى، حديث نمبر ٩٠٠؛ مسند ابن الجعد، حديث نمبر ١٢٨٠؛ شرح مشكل الآثار، حديث نمبر ٣١٦٩.

قال شعيب الأرنؤوط :حديث صحيح(حاشية صحيح ابنِ حبان)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

آدمی عبادہ بن صامت کے پاس آیا، اور ان سے اس بات کا تذکرہ کیا، تو انہوں نے فرمایا کہ ابومحمد نے درست بات نہیں کی، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ پانچ نمازیں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر فرض فرمائی ہیں (ترجمہ ختم)

بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابومحمد نے وتر کی نماز کو دوسری فرض نمازوں کی طرح فرض کہا تھا، جس کا حضرت عبادہ نے انکار فرمایا۔ [1]

---

[1] عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ قَالَ :اخْتَلَفَ عَمِّي وَاسِعُ بْنُ حِبَّانَ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُقْبَةَ بْنِ كُدَيْمٍ فِي الْوِتْرِ، فَقَالَ عَمِّي :سُنَّةٌ لَا يَنْبَغِي تَرْكُهَا ,وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ :فَرِيضَةٌ كَفَرِيضَةِ الصَّلَاةِ، فَلَقِيتُ ابْنَ مُحَيْرِيزٍ الْجُمَحِيَّ فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ :أَخْبَرَنِي الْمُخْدَجِيُّ أَنَّهُ اخْتَلَفَ فِيهَا هُوَ وَرَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ يُقَالُ لَهُ أَبُو مُحَمَّدٍ، وَعُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ إِذْ ذَاكَ بِطَبَرِيَّةَ، فَأَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ :أَبَا الْوَلِيدِ، إِنِّي اخْتَلَفْتُ أَنَا وَأَبُو مُحَمَّدٍ فِي الْوِتْرِ، فَقُلْتُ :سُنَّةٌ لَا يَنْبَغِي تَرْكُهَا، وَقَالَ :فَرِيضَةٌ كَفَرِيضَةِ الصَّلَاةِ، وَكَانَ عُبَادَةُ رَجُلًا فِيهِ حِدَّةٌ، فَقَالَ " :كَذَبَ أَبُو مُحَمَّدٍ، لَيْسَ كَمَا قَالَ، وَلَكِنْ كَمَا قُلْتَ، أَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِيهِ إِلَى فِيَّ، لَا أَقُولُ "قَالَ فُلَانٌ وَفُلَانٌ " :خَمْسُ صَلَوَاتٍ افْتَرَضَهُنَّ اللهُ تَعَالَى عَلَى عِبَادِهِ، مَنْ لَقِيَهُ وَلَمْ يُضَيِّعْهُنَّ اسْتِخْفَافًا بِحَقِّهِنَّ لَقِيَهُ " . . .، وَسَقَطَ مَا بَقِيَ مِنَ الْكَلَامِ فِي ذَلِكَ مِمَّا هُوَ مَذْكُورٌ فِي حَدِيثَيْ مَالِكٍ وَاللَّيْثِ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ فِي هَذَا الْبَابِ إِلَى مَا فِيهِ مِنْ قَوْلِهِ . . . "وَلَا عَهْدَ لَهُ، إِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ .

"قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ :وَالْمُخْدَجِيُّ الْمَذْكُورُ فِي هَذَا الْحَدِيثِ اسْمُهُ رُفَيْعٌ فِيمَا ذَكَرَ يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، وَأَبُو مُحَمَّدٍ الْمَذْكُورُ فِيهِ اسْمُهُ سَعْدُ بْنُ أَوْسٍ، فَكَانَ فِيمَا رُوِّينَاهُ فِي هَذَا مِنْ أَحَادِيثِ يَحْيَى وَعَبْدِ رَبِّهِ ابْنَيْ سَعِيدٍ، وَمُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ رُجُوعُ هَذَا الْحَدِيثِ إِلَى ابْنِ مُحَيْرِيزٍ عَنِ الْمُخْدَجِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ .وَقَدْ خَالَفَهُمْ فِي ذَلِكَ عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ فَرَوَيَاهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ عُبَادَةَ بِغَيْرِ إِدْخَالٍ مِنْهُمَا الْمُخْدَجِيَّ بَيْنَ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ وَبَيْنَ عُبَادَةَ .

وَكَمَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَزِيزٍ الْأَيْلِيُّ قَالَ :حَدَّثَنَا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ عُقَيْلِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ : حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ مُحَيْرِيزٍ، حَدَّثَهُ :أَنَّ رَجُلًا تَمَارَى هُوَ وَرَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ أَبُو مُحَمَّدٍ فِي الْوِتْرِ، فَقَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ " :هُوَ بِمَنْزِلَةِ الصَّلَاةِ "، وَقَالَ الرَّجُلُ الْآخَرُ ": مِنَ السُّنَّةِ، لَا يَنْبَغِي تَرْكُهَا، وَلَيْسَ بِمَنْزِلَةِ الْفَرِيضَةِ . "قَالَ :فَسَأَلْتُ عَنْ ذَلِكَ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ الْأَنْصَارِيَّ ,وَأَخْبَرْتُهُ بِمَا قُلْنَا كِلَانَا، قَالَ :وَكَانَ رَجُلًا فِيهِ حِدَّةٌ، فَقَالَ " :كَذَبَ أَبُو مُحَمَّدٍ، مِرَارًا، قَالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ " :إِنَّ اللهَ افْتَرَضَ عَلَى عِبَادِهِ خَمْسَ صَلَوَاتٍ، مَنْ جَاءَ هُنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَمْ يُضَيِّعْ مِنْهُنَّ شَيْئًا اسْتِخْفَافًا بِحَقِّهِنَّ لَقِيَهُ وَلَهُ عَلَيْهِ عَهْدٌ يُدْخِلُهُ بِهِ الْجَنَّةَ، وَمَنْ أَضَاعَ مِنْهُنَّ شَيْئًا لَقِيَهُ وَلَا عَهْدَ لَهُ عِنْدَهُ، إِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ، وَإِنْ شَاءَ أَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ (شرح مشكل الآثار،بَابُ بَيَانِ مُشْكِلِ مَا رُوِيَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي تَارِكِ الصَّلَاةِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، لَا عَلَى الْجُحُودِ بِهَا، هَلْ يَكُونُ بِذَلِكَ مُرْتَدًّا عَنِ الْإِسْلَامِ أَمْ لَا)

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے حضرت ابومحمد رضی اللہ عنہ کی طرف سے وتروں کو دوسری فرض نمازوں کی طرح فرض یا واجب کی بات پہنچنے کا انکار فرمایا تھا۔

جس سے ظاہر ہوا کہ وتر کی نماز کا درجہ فرض نمازوں سے کم ہے، اور اس حدیث کے معنیٰ درست ہیں، جیسا کہ آگے آنے والی روایات سے معلوم ہوتا ہے۔ [1]

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] واما الحنفية فلايرد عليهم اصلا، لانه لامعارضة عندهم فى قول ابى محمد: ان الوتر واجب ، وقول عبادة : المكتوبة خمس، لان الواجب عندهم دون المكتوبة والفرض، كما تقدم عن مجاهد اذ قال: الوتر واجب ولم يكتب، وتقدم عن امام الائمة ابى حنيفة صاحب المذهب" انا اعرف الفرق بين الواجب والفرض ، كفرق مابين السماء والارض" ثم المشهور عند فضلاء الدرس وشراح الحديث ان حديث الباب حجة على الحنفية ، ولايمكن الاستدلال به على خلاف الحنفية للوجوه الثلاثة المذكورة.

نعم ، هو حجة للحنفية بلامرية فى ذلك ، فان المسألة اختلفت فيها الصحابيان ابومحمد وعبادة ، وذكر عبادة رضى الله عنه مستدله، ولاحجة فى مستدله، لهذه الوجوه الثلاثة المذكورة ، ولم يذكر ابومحمد مستدله فى ذلك فهو اذاً قول صحابى، لم يدرك بالقياس، فيكون فى حكم المرفوع، كما ثبت فى الاصول لان انواع الاحكام من الفرض والوجوب وغير ذلك مما لامدخل للقياس فيه، فيكون قول ابى محمد: انه واجب مرفوعا حكما، فهو حجة للحنفية بلاتردد فتامل، فلاتجده فى غير هذا المختصر (اوجز المسالك ج۴ص ۲۲۶، دارالقلم، دمشق)

وفيه استدلال عبادة على عدم وجوب الوتر ،وجهه ان الله تعالىٰ جعل العهد لمن جاء بهن ،فيفيد دخوله الجنة ، وان لم يأت بغيرهن ، ومنه الوتر ، والجواب عنه ان مثل ذلك وارد فى احاديث كثيرة كقوله صلى الله عليه وسلم "من قال لا اله الا الله دخل الجنة" وهذا وعد لمن قال ذلك ، وان لم يجئ بغيرها فهل يستدل به على عدم فرضية الفرائض من الصلاة والزكاة والصوم والحج وغيرها؟

ويقال فهم عبادة من قوله الوتر واجب ، وجوبه كوجوب الصلاة الخمس ،فانكره وخطأه فى ذلك، ولم يرد ابومحمد هذا الوجوب ، بل اراد اللزوم دون لزوم الخمس ، ويرد ههنا ايضا من الاشكال على معنى الوجوب مثل ماوردفى حديث ايوب سابقا ،والجواب الجواب فتذكر.

او يقال ان الوتر ليس بخارج من الصلوات الخمس ، بل هو تابع لصلاة العشاء (اعلاء السنن ج٦ص ۱۳ ،باب وجوب الوتر وبيان وقته)

والجواب عن الكل ان الوتر ليس بخارج عن الخمس بل هو داخل فى العشاء تابع لها (ايضاً ج٦ص ۲۳ ،باب وجوب الوتر وبيان وقته)

Idara Ghufran

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَهْلَ الْقُرْآنِ، أَوْتِرُوْا، فَإِنَّ اللّٰهَ وِتْرٌ، يُحِبُّ الْوِتْرَ (سنن ابی داؤد) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے اہلِ قرآن! وتر پڑھو، بے شک اللہ تعالیٰ وتر (طاق) ہیں، اور وتر (طاق) کو پسند فرماتے ہیں (ترجمہ ختم)

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے موقوفاً مروی ہے کہ:

اَلْوِتْرُ لَيْسَ بِحَتْمٍ كَصَلَاتِكُمُ الْمَكْتُوْبَةِ، وَلٰكِنْ سَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ، فَأَوْتِرُوْا يَآ أَهْلَ الْقُرْآنِ (ترمذی) [2]

ترجمہ: وتر تمہاری فرض نماز کی طرح لازم نہیں ہے، لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ان کو) سنت قرار دیا ہے، اور فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ طاق ہیں، اور طاق کو پسند کرتے ہیں، تو تم اے اہلِ قرآن وتر پڑھا کرو (ترجمہ ختم) [3]

اس سے معلوم ہوا کہ وتر فرض نماز کی طرح لازم نہیں، اور وتر کی نماز کا درجہ فرض نماز سے کم ہے۔

اور حدیث میں جو سنت کا لفظ استعمال ہوا ہے، وہ اصطلاحی واجب کے مقابلہ میں نہیں ہے،

---

[1] حدیث نمبر ۱۴۱۶، کتاب الصلاۃ، باب استحباب الوتر، المکتبۃ العصریۃ، صیدا -بیروت، واللفظ لہٗ، سنن نسائی، حدیث نمبر ۱۶۷۵، مسند احمد، حدیث نمبر ۸۷۷.

فی حاشیۃ مسند احمد: اسنادہٗ قوی.

[2] حدیث نمبر ۴۵۳، ابواب الوتر، باب ما جاء أن الوتر لیس بحتم، شرکۃ مکتبۃ ومطبعۃ مصطفی البابی الحلبی -مصر، واللفظ لہٗ، مسند احمد، حدیث نمبر ۱۲۶۲.

قال الترمذی: وَفِي البَابِ عَنْ ابْنِ عُمَرَ، وَابْنِ مَسْعُودٍ، وَابْنِ عَبَّاسٍ: حَدِيثُ عَلِيٍّ حَدِيثٌ حَسَنٌ (حوالہ بالا)

حدیث قوی، عبد اللہ بن صندل، وسوید بن سعید قد توبعا (حاشیۃ مسند احمد)

[3] اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

عَنْ عَلِيٍّ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْوِتْرِ وَاجِبٌ هُوَ؟ قَالَ: أَمَّا الْفَرِيضَةُ فَلَا، وَلَكِنَّهَا سُنَّةٌ سَنَّهَا رَسُولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَأَصْحَابُهُ حَتَّى مَضَوْا عَلَى ذٰلِكَ (مسند البزار، حدیث نمبر ۶۸۲)

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

بلکہ فرض کے مقابلہ میں ہونے کا بھی امکان ہے، کیونکہ واجب کی اصطلاح فقہائے کرام کی ہے، اور احادیث میں کئی فرائض کے لئے واجب کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ [۱]

اور حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :اَلْوِتْرُ حَقٌّ، فَمَنْ لَّمْ يُوْتِرْ فَلَيْسَ مِنَّا، اَلْوِتْرُ حَقٌّ، فَمَنْ لَّمْ يُوْتِرْ فَلَيْسَ مِنَّا، اَلْوِتْرُ حَقٌّ، فَمَنْ

---

[۱] قوله :(كصلاتكم المكتوبة) لا نقول :إن الوتر كالمكتوبة فإن منكر الخمسة كافر ومنكر الوتر ليس بكافر ، وكذلك فى الخمسة والوتر فرق اعتقاداً .

قوله :(ولكن سن رسول الله إلخ) لا يستدل بهذا على سنية الوتر لأن السنة المصطلحة بين الفقهاء محدث ، وأما السنة المستعملة فى عبارات الشريعة تكون بمعنى الطريقة المسلوكة ، وربما نجد لفظ السنة فى حق الفرائض أيضاً ونظائرها كثيرة لا تحصى(العرف الشذى للكشميرى، ج ۱ ص ۴۲۴، تحت حديث رقم ۴۵۳)

قال الشيخ ابوالطيب فى شرح الترمذى: ليس فيه نفى الحتم المطلق ، بل نفى الحتم الخاص ، وهو حتم كحتم المكتوبة ،فيفيد انه واجب ولو كان سنة لما افاد هذا التشبيه على هذا الوجه فائدة معتدة بهااهـ(۱ : ۴۳۹)والاثر اخرجه الترمذى بلفظ "الوتر ليس بحتم كصلاتكم المكتوبة ، ولكن سنة سنها رسول الله صلى الله عليه وسلم اهـ، واستدل به الخصم على نفى وجوبه وكونه سنة ، والجواب عنه : ان معنى قول"سن" شرع، وسيأتى فى باب الزكاة:" سن فيما سقت السماء والعيون او كان عشريا العشر " وقد فسروه بشرح اتفاقا ، ولا دليل على انه اراد به الاستنان المقابل للوجوب، كيف؟ وقد كان الوتر فى حقه صلى الله عليه وسلم واجبا عند الخصم، واما قوله" ان الله وتر يحب الوتر" فالمحبة لاتقتضى ان يكون واجبا، لان المحبوب هو المناسب والواجب مناسب اى مناسب، فلاتكون المحبة قرينة على الندب والسنة الاصطلاحية فافهم .

ووجه تاويلنا فى قول على رضى الله عنه مافى قوله صلى الله عليه وسلم "فاوتروا يا اهل القرآن" من الامر، وهو للوجوب فى الاصل ، قال العينى فى "العمدة" فإن قلت :قال الخطابى :تخصيصه أهل القرآن بالأمر فيه يدل على أن الوتر ليس واجب، ولو كان واجبا لكان عاما، وأهل القرآن فى عرف الناس هم القراء والحفاظ دون العوام .

قلت :أهل القرآن بحسب اللغة يتناول كل من معه شيء من القرآن ، فيدخل فيه الحفاظ وغيرهم "ومعناه فاوتروا ايها المسلمون! فان اهل القرآن لقب لاهل الاسلام ، كما ان اهل التوراة والانجيل لقب للنصارىٰ واليهود " على ان القرآن كان فى زمنه صلى الله عليه وسلم مفرقا بين الصحابة(اى فلم يكن الحفاظ الا قليل) قد ثبت انه صلى الله عليه وسلم امر بالوتر فى خطبته على رؤوس الاشهاد،فان كان وجوبه خاصا بالحفاظ دون غيرهم لم يخاطب الصحابة كلهم بقوله" ان الله زادكم صلاة هى الوتر" وبهذا التاويل الفاسد لايبطل مقتضى الامر الدال على الوجب اهـ(اعلاء السنن ج۶ ص ۱۳، ۱۴،باب وجوب الوتر وبيان وقته)

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

لَّمْ یُوْتِرْ فَلَیْسَ مِنَّا(ابوداؤد) [۱]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ فرمارہے تھے کہ وتر حق ہے، پس جو وتر نہ پڑھے، وہ ہم میں سے نہیں ہے، وتر حق ہے، پس جو وتر نہ پڑھے، وہ ہم میں سے نہیں ہے، وتر حق ہے، پس جو وتر نہ پڑھے، وہ ہم میں سے نہیں ہے (ترجمہ ختم)

اس حدیث میں رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ وتر کو حق فرمایا، اور اس کے چھوڑنے والے کے لئے یہ وعید بیان فرمائی، کہ وہ ہم میں سے نہیں۔ اس قسم کی تاکید اور وعید سے وتر کی نماز کی تاکید واہمیت ظاہر ہوئی۔

اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے اس سے واجب ہونا مراد لیا ہے، جس کا درجہ ان کے نزدیک فرض

---

[۱] حدیث نمبر ۱۴۱۹، کتاب الصلاۃ، باب فیمن لم یوتر، المکتبۃ العصریۃ، صیدا - بیروت، واللفظ لہ، مسنداحمد، حدیث نمبر ۲۳۰۱۹، مصنف ابنِ ابی شیبۃ، حدیث نمبر ۶۹۳۴، مستدرک حاکم حدیث نمبر ۱۱۴۷۔

قال الحاکم:

هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ وَأَبُو الْمُنِيبِ الْعَتَكِيُّ مَرْوَزِيٌّ ثِقَةٌ يُجْمَعُ حَدِيثُهُ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ.

وقال الذهبی فی التلخیص: قال البخاری عندہ مناکیر.

وفی حاشیۃ مصنف ابنِ ابی شیبۃ:

قلت: کلمۃ البخاری فی تاریخہ ۵(۱۲۴۵) ونقلها ابن عدی فی الکامل ۴: ۱۶۳۶، لکنہ ختم ترجمتہ بقولہ "وهو عندی لابأس بہ، وفی التلخیص الحبیر ۲: ۲۱، قال ابوحاتم: صالح، ووثقہ یحییٰ بن معین، بل عتب ابوحاتم علی البخاری، کیف ادخلہ فی کتابہ "الضعفاء" "الجرح" ۵(۱۵۲۹) ویمکن حمل قول البخاری "عندہ مناکیر" علی معنیٰ لہ افراد، وفی التقریب(۴۳۱۲) صدوق یخطیء، قلت: فحدیث حسن واللہ اعلم(تحقیق محمد عوامۃ، ج۴ص۵۰۶)

وفی حاشیۃ مسند احمد:

حسن لغیرہ، وهذا إسناد حسن فی المتابعات والشواهد من أجل عبید اللہ ابن عبد اللہ العتکی المروزی، فهو حسن الحدیث فی المتابعات والشواهد، والحسن بن یحیی -وهو المروزی -قال الحسینی :فیہ نظر .لکنہ قد توبع .

وأخرجہ أبو داود(۱۴۱۹)، والحاکم ۱/۳۰۶، وابن نصر المروزی فی "الوتر(۵)" من طرق عن الفضل بن موسی السینانی، بهذا الإسناد.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

سے کم اور سنت سے زیادہ ہے۔ ۱؎

جبکہ بعض روایات میں وتر کے واجب ہونے کے الفاظ بھی ہیں۔ ۲؎

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:مَنْ لَّمْ یُوْتِرْ فَلَیْسَ مِنَّا

۱؎ وکیف لا یکون واجبا والشارع یقول الوتر حق، أی :واجب ثابت، والدلیل علی هذا المعنی .قوله :(فمن لم یوتر فلیس منا؟) وهذا وعید شدید، ولا یقال مثل هذا إلا فی حق تارک فرض أو واجب، ولا سیما وقد تأکد ذلک بالتکرار ثلاث مرات، ومثل هذا الکلام بهذه التأکیدات لم یأت فی حق السنن، فسقط بذلک ما قاله الخطابی وسقط أیضا قوله :الأصل عدم الوجوب حتی یقوم دلیله، فهذا القائل وقف علی دلیله ولکن اتبع هواه لغیره، فالحق أحق أن یتبع.

والجواب عن خبر عبادة أنه إنما کذب الرجل فی قوله کوجوب الصلاة، ولم یقل أحد : أن الوتر واجب کوجوب الصلاة(عمدة القاری، ج۷ص ۱۱،۱۲ ، کتاب الصلاة، باب لیجعل آخر صلاته وترا، وراجع للتفصیل: اعلاء السنن ج۶ ص۴،باب وجوب الوتر وبیان وقته)

۲؎ عَنْ أَبِی أَیُّوبَ الْأَنْصَارِیِّ، قَالَ :الْوِتْرُ حَقٌّ أَوْ وَاجِبٌ مَنْ شَاءَ أَوْتَرَ بِسَبْعٍ وَمَنْ شَاءَ أَوْتَرَ بِخَمْسٍ وَمَنْ شَاءَ أَوْتَرَ بِثَلَاثٍ وَمَنْ شَاءَ أَوْتَرَ بِوَاحِدَةٍ فَمَنْ غُلِبَ فَلْیُومِءْ إِیمَاءً رَوَی یَزِیدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ سُفْیَانَ بْنِ حُسَیْنٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَزِیدَ، عَنْ أَبِی أَیُّوبَ الْأَنْصَارِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ(مسند الطیالسی، حدیث نمبر ۵۹۴)

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِیُّ ، قَالَ :حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بِشْرٍ ، قَالَ :حَدَّثَنَا حَکَّامٌ ، عَنْ عَنْبَسَةَ ، عَنْ جَابِرٍ ، عَنْ أَبِی مَعْشَرٍ ، عَنْ إِبْرَاهِیمَ ، عَنِ الأَسْوَدِ ، عَنْ عَبْدِ اللهِ ، عَنِ النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم ، قَالَ :الْوِتْرُ وَاجِبٌ عَلَی کُلِّ مُسْلِمٍ.وَهَذَا الْحَدِیثُ لاَ نَعْلَمُهُ یُرْوَی عَنْ عَبْدِ اللهِ إِلاَّ مِنْ هَذَا الْوَجْهِ بِهَذَا الإِسْنَادِ(مسند البزار، حدیث نمبر ۱۶۳۷)

أخبرنا علی بن یحیی بن جعفر الإمام بأصبهان حدثنا أبو بکر محمد بن جعفر بن حفص المغازلی حدثنا أبو جعفر محمد بن العباس بن أیوب الأخرم حدثنا یعقوب بن إبراهیم یعنی الدورقی حدثنا أحمد بن نصر بن مالک الخزاعی المقتول حدثنا عبد العزیز بن أبی رزمة قال حدثنا عبید الله العتکی عن ابن بریدة عن أبیه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الوتر واجب فمن لم یوتر فلیس منا(تاریخ بغداد، ج۵ص ۳۸۳،حرف النون من آباء الأحمدین)

حَدَّثَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ ، عَنِ الزُّهْرِیِّ ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَزِیدَ ، عَنْ أَبِی أَیُّوبَ ، قَالَ :الْوِتْرُ حَقٌّ ، أَوْ وَاجِبٌ(مصنف ابن أبی شیبة، حدیث نمبر ۶۹۳۰ .کتاب الصلاة،مَنْ قَالَ : الْوِتْرُ وَاجِبٌ)

Idaraghufran

(مسنداحمد) ؎۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو وتر نہ پڑھے، وہ ہم میں سے نہیں ہے (ترجمہ ختم)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث سے بھی وتر کی اہمیت وتاکید معلوم ہوئی۔

اور حضرت ابو تمیم جیشانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

أَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ، خَطَبَ النَّاسَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ: إِنَّ أَبَا بَصْرَةَ حَدَّثَنِي أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ زَادَكُمْ صَلَاةً، وَهِيَ الْوِتْرُ، فَصَلُّوهَا فِيمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ إِلٰى صَلَاةِ الْفَجْرِ، قَالَ أَبُو تَمِيمٍ: فَأَخَذَ بِيَدِي أَبُو ذَرٍّ فَسَارَ فِي الْمَسْجِدِ إِلٰى أَبِي بَصْرَةَ، فَقَالَ لَهُ: أَنْتَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا قَالَ عَمْرٌو؟ قَالَ أَبُو بَصْرَةَ: أَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَّسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (مسنداحمد، حديث نمبر ۲۳۸۵۱، مؤسسة الرسالة، بيروت) ؎۲

؎۱ حديث نمبر ۹۷۱۷، مؤسسة الرسالة، بيروت، مصنف ابنِ ابی شيبة، حديث نمبر ۶۹۳۲.

فی حاشية مسند احمد:

حسن لغيره، وهذا إسناد ضعيف لضعف الخليل بن مرة، وفي الإسناد انقطاع، معاوية بن قرة لم يسمع من أبي هريرة. وأخرجه إسحاق بن راهويه(۹۷)، وابن أبي شيبة۲/۲۹۷عن وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني في "الأوسط(۴۰۲۴) "من طريق عبد الله بن أبي رومان الإسكندراني، عن عيسى بن واقد، عن محمد بن عمرو الليثي، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة، بلفظ" :من لم يوتر فلا صلاة له ."وإسناده ضعيف جداً، مسلسل بالضعفاء والمجاهيل .وفي الباب عن بريدة، سيأتي ۵/۳۵۷ وإسناده حسن.

؎۲ فی حاشية مسند احمد:

إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير علي بن إسحاق -وهو المروزي- فقد روى له الترمذي، وهو ثقة .سعيد بن يزيد :هو الحِمْيري القِتْباني، وابن هبيرة :اسمه عبد الله، وأبو تميم الجَيْشاني :اسمه عبد الله بن مالك. وأخرجه الطحاوي في "شرح مشكل الآثار(۴۴۹۲) "، والطبراني(۲۱۶۸)من طريقين عن ابن المبارك، بهذا الإسناد .ورواية الطبراني مختصرة لم يذكر فيها عمرو بن العاص وأبا ذر.

Idaraghufran

ترجمہ: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے جمعہ کے دن لوگوں کو خطبہ دیا، اور فرمایا کہ حضرت ابوبصرہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے ایک نماز کو زیادہ کیا ہے، اور وہ وتر کی نماز ہے، تو تم اس کو پڑھو، عشاء کی نماز سے لے کر فجر کی نماز کے درمیان تک، ابوتمیم کہتے ہیں کہ میرا ابوذر نے ہاتھ پکڑا، اور مسجد میں ابوبصرہ کی طرف لے کر گئے، اور ان سے کہا کہ کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات سنی ہے، جو عمرو بن العاص نے (جمعہ کے خطبہ میں بیان) فرمائی، تو حضرت ابوبصرہ رضی اللہ عنہ نے جواب میں فرمایا کہ بے شک میں نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے (ترجمہ ختم)

یہ حدیث اور سندوں سے بھی مروی ہے۔ [1]

اور حضرت عمرو بن شعیب کی سند سے مروی ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ زَادَكُمْ

---

[1] حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ، أَخْبَرَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ هُبَيْرَةَ قَالَ :سَمِعْتُ أَبَا تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيَّ يَقُولُ :سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ يَقُولُ :أَخْبَرَنِي رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ " :إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ زَادَكُمْ صَلَاةً فَصَلُّوهَا فِيمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ إِلَى صَلَاةِ الصُّبْحِ الْوَتْرُ الْوَتْرُ "، أَلَا وَإِنَّهُ أَبُو بَصْرَةَ الْغِفَارِيُّ، قَالَ أَبُو تَمِيمٍ :فَكُنْتُ أَنَا وَأَبُو ذَرٍّ قَاعِدَيْنِ، قَالَ :فَأَخَذَ بِيَدِي أَبُو ذَرٍّ فَانْطَلَقْنَا إِلَى أَبِي بَصْرَةَ فَوَجَدْنَاهُ عِنْدَ الْبَابِ الَّذِي يَلِي دَارَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، فَقَالَ أَبُو ذَرٍّ :يَا أَبَا بَصْرَةَ آنْتَ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُولُ " :إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ زَادَكُمْ صَلَاةً، فَصَلُّوهَا فِيمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ إِلَى صَلَاةِ الصُّبْحِ الْوَتْرُ الْوَتْرُ؟ "قَالَ :نَعَمْ، قَالَ :أَنْتَ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ :نَعَمْ، قَالَ :أَنْتَ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ :نَعَمْ (مسنداحمد، حديث نمبر ٢٧٢٢٩)

حديث صحيح، وهذا إسناد حسن، ابنُ لَهيعة إنما رواه عنه يحيى بن إسحاق -وهو السيلحيني -وقد سمع منه قبل احتراق كتبه، وبقية رجال الإسناد ثقات رجال الصحيح .وأخرجه الحارث في "مسنده(٢٢٧) "(زوائد) عن يحيى بن إسحاق، بهذا الإسناد .وأخرجه الطحاوى فى "شرح معانى الآثار ١/٤٣٠،٤٣٠ "، وفى "شرح مشكل الآثار(٤٤٩١) "من طريق أبى عبد الرحمن المقرىء، والدولابى فى "الكنى والأسماء ١/١٦٥ "من طريق سعيد بن أبى مريم، والطبرانى (٢١٦٧) من طريق أسد بنِ موسى، ثلاثتهم عن ابن لَهيعة، به .وسقط اسم ابن هُبيرة من مطبوع "شرح معانى الآثار(حاشية مسنداحمد)

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

صَلَاةً، وَهِيَ الْوَتْرُ (مسنداحمد) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے تمہارے لئے ایک نماز کو زیادہ کیا ہے، اور وہ وتر ہے (ترجمہ ختم)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

إِنَّ اللّٰهَ زَادَكُمْ صَلَاةً،فَحَافِظُوا عَلَيْهَا، وَهِيَ الْوِتْرُ فَكَانَ عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ، رَأٰى أَنْ يُّعَادَ الْوِتْرُ، وَلَوْ بَعْدَ شَهْرٍ (مسنداحمد) [2]

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے ایک نماز کو زیادہ کیا ہے، تو تم اس کی حفاظت کرو، اور وہ وتر کی نماز ہے، اور حضرت عمرو بن شعیب (اس حدیث کے راوی) کی رائے یہ تھی کہ وتر کا اعادہ کیا جائے گا (یعنی اس کو پڑھا جائے گا) اگرچہ ایک مہینہ کے بعد ہی ہو (ترجمہ ختم)

اور حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی سند سے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

اِنَّ اللهَ اِفْتَرَضَ عَلَيْكُمْ وَزَادَكُمُ الْوِتْرَ (مسند الامام الاعظم ،رواية الحارثي، حديث نمبر ۱۶۹۹، ج۲ص ۹۱۸)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ نے تم پر (نماز کو) فرض کیا ہے، اور تمہارے لئے وتر کو زیادہ کیا ہے (ترجمہ ختم)

اور حضرت خارجہ بن حذافہ عدوی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] حديث نمبر ۶۹۴۱،مؤسسة الرسالة، بيروت، مُصنف ابن أبي شيبة،حديث نمبر ۶۹۲۹،باب مَنْ قَالَ :الْوِتْرُ وَاجِبٌ.

فی حاشية مسند احمد:حديث حسن وهو مكرر(۶۶۹۳)سندا ومتنا.

[2] حديث نمبر ۶۹۱۹،مؤسسة الرسالة، بيروت ، واللفظ لهٗ، مسند الطيالسي، حديث نمبر ۲۳۷۷.

فی حاشية مسنداحمد:حديث حسن لغيره.

Idaraghufran

خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَمَدَّكُمْ بِصَلَاةٍ هِيَ خَيْرٌ لَّكُمْ مِنْ حُمُرِ النَّعَمِ، وَهِيَ الْوِتْرُ، فَجَعَلَهَا لَكُمْ فِيْمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ إِلٰى صَلَاةِ الْفَجْرِ (مستدرک حاکم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارے لئے (فرض نماز کے ساتھ) ایک نماز زیادہ فرمائی ہے، جو کہ تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے، اور وہ وتر کی نماز ہے، اللہ تعالیٰ نے اس کو تمہارے لئے عشاء کی نماز سے لے کر فجر کی نماز کے درمیان تک مقرر کیا ہے (ترجمہ ختم)

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ وَعَائِشَةُ مُعْتَرِضَةٌ بَيْنَ يَدَيْهِ فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يُّوتِرَ أَوْمٰى إِلَيْهَا أَنْ تَنَحّٰى وَقَالَ: هٰذِهٖ صَلَاةٌ زِدْتُّمُوْهَا (شرح معانی الآثار) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو (تہجد کی) نماز پڑھتے تھے، اور حضرت

---

[1] حدیث نمبر ۱۱۴۸، کتاب الوتر، دارالکتب العلمية، بيروت، و اللفظ لهٗ، مسند احمد، حديث نمبر ۸، مسند خارجه بن حذافه العدوی، سنن دارقطنی، حديث نمبر ۱۶۵۶.
قال الحاكم: هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، رُوَاتُهُ مَدَنِيُّونَ ومِصْرِيُّونَ، وَلَمْ يَتْرُكَاهُ إِلَّا لِمَا قَدَّمْتُ ذِكْرَهُ مِنْ تَفَرُّدِ التَابِعِيِّ عَنِ الصَّحَابِيِّ"
وقال الذهبی فی التلخيص: صحيح.
فی حاشية مسند احمد:
صحيح لغيره، وهذا إسناد ضعيف، عبد الله بن راشد أبو الضحاك الزَّوُفی وعبد الله بن أبی مُرَّة -ويقال :ابن مُرَّة -الزَّوفی فی عداد المجهولين، وقال البخاری فی "التاريخ الكبير: ۲۰۳/۳ "لا يعرف لإسناده سماع بعضهم من بعض .ومحمد بن إسحاق -وهو ابن يسار المدنی -وإن كان مدلساً وقد عنعنه، إلا أنه صرح بالتحديث فی الرواية الآتية برقم(۱۱)

[2] حديث نمبر ۲۴۹۵، كتاب الصلاة، باب الوتر هل يصلی فی السفر علی الراحلة أم لا ؟
وهذا سند حسن، رجالهٗ ثقات ، وان تكلم فی بعضهم الخ (اعلاء السنن ج۶ ص۲۶، ابواب الوتر، باب وجوب الوتر ، وبيان وقته)

Idara ghufran

عائشہ رضی اللہ عنہا آپ کے سامنے لیٹی ہوئی ہوتی تھیں، پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھنے کا ارادہ کرتے، تو ان کو (وتر کی نماز پڑھنے کے لئے) اٹھنے کا اشارہ فرماتے، اور فرماتے کہ یہ نماز تمہارے لئے زیادہ کی گئی ہے (ترجمہ ختم)

رات کو وتر کے لئے اٹھانے کا یہ واقعہ خود حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی صحیح سند کے ساتھ مروی ہے۔

چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ صَلَاتَهُ مِنَ اللَّيْلِ وَهِيَ مُعْتَرِضَةٌ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ رَاقِدَةٌ عَلَى الْفِرَاشِ الَّذِيْ يَرْقُدُ عَلَيْهِ، حَتّٰى إِذَا أَرَادَ أَنْ يُوْتِرَ أَيْقَظَهَا فَأَوْتَرَتْ (ابوداؤد) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو (تہجد کی) نماز پڑھتے رہتے تھے، اور وہ آپ کے اور قبلے کے درمیان اس بستر پر لیٹی ہوئی ہوتی تھیں، جس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سوتے تھے، یہاں تک کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھنے کا ارادہ فرماتے تھے، تو ان کو اٹھاتے تھے، پھر وہ وتر کی نماز پڑھتی تھیں (ترجمہ ختم)

اور تہجد کی نماز کے بجائے وتر کی نماز کے لئے اٹھانے سے وتروں کی نماز کی اہمیت بھی معلوم ہوئی۔ [2]

بعض حضرات کے بقول وتر کی نماز کے زیادہ ہونے کی حدیث مختلف الفاظ کے ساتھ کئی صحابۂ کرام سے مروی ہونے کی وجہ سے تواتر کو پہنچی ہوئی ہے۔

اور وتر کی نماز کو فرض نماز کے ساتھ زیادہ قرار دینے اور اس کو پڑھنے اور اس کی حفاظت کا حکم

---

[1] حدیث نمبر ۷۱۱، کتاب الصلاۃ، باب من قال المرأۃ لا تقطع الصلاۃ، المکتبۃ العصریۃ، صیدا -بیروت، واللفظ لہٗ، بخاری، باب إیقاظ النبی صلی اللہ علیہ وسلم أھلہ بالوتر، حدیث نمبر ۹۹۷، سنن نسائی، حدیث نمبر ۷۵۹۔

[2] وبالجملة فايقاظ النبى صلى الله عليه وسلم اياها مع قوله "هذه صلاة قد زدتموها" يدل على وجوب الوتر ظاهرا (اعلاء السنن ج٦ ص٢٧، ابواب الوتر، باب وجوب الوتر ، وبيان وقته)

Idara ghufran

دینے سے وتر کی نماز کی خاص اہمیت اور فرائض سے اس کا گہرا تعلق معلوم ہوتا ہے۔ ؎
جس سے بالآخر امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے وتروں کی اہمیت کو سنتوں سے زیادہ سمجھ کر واجب

؎ عَنْ أَبِی سَعِیدٍ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ اللَّهَ قَدْ زَادَكُمْ صَلَاةً، وَهِیَ الْوِتْرُ(مسند الشامیین للطبرانی،حدیث نمبر ۲۸۴۸)

عَنْ أَبِی بَصْرَةَ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله علیه وسلم :إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ زَادَكُمْ صَلَاةً فَحَافِظُوا عَلَيْهَا، وَجَعَلَ وَقْتَهَا فِيمَا بَيْنَ الْعِشَاءِ إِلَى الْفَجْرِ وَهِیَ الْوِتْرُ(المعجم الكبير للطبرانی،حدیث نمبر ۲۱۶۸)

عَنْ أَبِی هريرةَ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم :إِنَّ اللهَ زَادَكُمْ صَلَاةً وَهِیَ الْوِتْرُ فَحَافِظُوا عَلَيْهَا(مسند الامام الاعظم، رواية ابی عبدالله حسين بن محمد بن خسرو بلخی، ج۲ص۸۴۵، حديث نمبر ۱۱۲۵)

حديث :(إن الله زادكم صلاة هی خير لكم من حمر النعم وهی الوتر)أورده فی الأزهار من حديث خارجة بن حذافةوأبی بصرة الغفاری ومعاذ بن جبل وابن عمروابن عباس وعقبة بن عامر الجهنی . وعمرو بن العاص وابن عمر ثمانية أنفس .(قلت) وفيه أيضا عن أبی سعيد الخدری بلفظ أن الله عز وجل زادكم صلاة وهی الوتر أخرجه الطبرانی فی مسند الشاميين بسند قال الحافظ ابن حجر أنه حسن(نظم المتناثر من الحديث المتواترللشيخ محمد جعفر الكتانی، ص۱۰۴، حديث نمبر ۸۶)

قلت: ذكرناه اعتضادا ، فان الضعيف اذا كان لما رواه شاهد او شواهد صلح للاعتضاد.

فهؤلاء تسعة او ثمانية من الصحابة يروون لفظ الزيادة فی الوتر، ولم يثبت مثل ذلک فی ركعتی الفجر الا فيما رواه البيهقی عن الحاكم براوية ابی سعيد رضی الله عنه فقط. فلم نقل بوجوبهما لكون الحديث شاذا غريبا فيما يعم به البلوی وان كان سنده صحيحا، على ان لفظ الزيادة المروی فی الوتر لم نجد له معارضا، بل وجدنا فی الروايات مايؤيده، معنیً، كقوله صلى الله عليه وسلم "الوتر حق فمن لم يوتر فليس منا" وقوله" الوتر حق واجب " وقوله "اوترو صلاة الليل" بصيغة الامر ونحوها، بخلافه فی سنة الفجر فقد وجدنا فيهما مايعارضه ، منه ما اخرجه الشيخان واللفظ للبخاری عن عائشة قال: "لم يكن النبی صلى الله عليه وسلم على شيئ من النوافل اشد تعاهدا منه على ركعتی الفجر"(۱:۱۵۶) فعدتها من النوافل وهی ينافی زيادتها على الفرائض وكونها من جنس المزاد فيه، ومنه مااخرجه الحاكم عن ام حبيبة مرفوعا" من صلى ثنتی عشرة سجدة تطوعا بنی الله له بيتا فی الجنة" وصححه هو والذهبی (۱:۳۱۲) وذكر منها ركعتی الفجر فی طريق اخری عن ام حبيبة نفسها مرفوعا(۱: ۳۱۱) وصححه هو والذهبی على شرط مسلم ايضا، واخرج الترمذی والنسائی واللفظ للترمذی وقال : حسن صحيح بلفظ " من صلى فی كل يوم ثنتی عشرة ركعة تطوعا من غير الفريضة بنی الله له بيتا فی الجنة ، اربعا قبل الظهر، وركعتين قبل صلاة الغداة" وفيه دلالة على كونها تطوعا، فهذا هو الصارف للفظ الزيادة المروی فی حديث ابی سعيد عن الحقيقة ، ولاجله لم نقل بوجوب ركعتی الفجر، ولم يوجد مثل هذا الصارف فی باب الوتر، فحملنا لفظ الزياده فيه على الحقيقة وقلنا بوجوبه فافهم (اعلاء السنن ج۶ص۸، ابواب الوتر، باب وجوب الوتر ، وبيان وقته)

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

قرار دیا ہے، لیکن کیونکہ اس کا حکم پانچ نمازوں کی طرح کا قطعی نہیں ہے، اس لئے اس کو فرائض سے کم درجہ میں رکھا ہے، جو کہ واجب ہے۔ [۱]

اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ:

مَا أُحِبُّ أَنِّیْ تَرَكْتُ الْوِتْرَ ، وَلَوْ أَنَّ لِیُ حُمْرَ النِّعَمِ (مُصنف ابن أبی شیبة) [۲]

ترجمہ: مجھے یہ بات پسند نہیں کہ میں وتر چھوڑوں، اگرچہ مجھے (اس کے عوض) سرخ اونٹ ہی کیوں نہ حاصل ہو جائیں (ترجمہ ختم)

سرخ اونٹ عرب میں قیمتی شمار ہوتے تھے، اور اُس زمانے میں اونٹ بہت ضروری اور کارآمد چیز تھی، سواری اور بار برداری کے اہم کام اونٹ کے ذریعہ سے انجام دیئے جاتے تھے، اس لئے سرخ اونٹوں کا ذکر فرمایا، جس سے وتر کی نماز کی اہمیت وتاکید معلوم ہوئی۔

اور حضرت ابنِ مخراق عبدی سے روایت ہے کہ:

---

[۱] إن اللـه تعالى زادكم صلاة ألا وهی الوتر فصلوها ما بين العشاء إلى طلوع الفجر والاستدلال به من وجهين :أحدهما أنه أمر بها ومطلق الأمر للوجوب، والثانی أنه سماها زيادة والزيادة على الشیء لا تتصور إلا من جنسه فأما إذا كان غيره فإنه يكون قرانا لا زيادة ولأن الزيادة إنما تتصور على المقدر وهو الفرض، فأما النفل فليس بمقدر فلا تتحقق الزيادة عليه، ولا يقال :إنها زيادة على الفرض لكن فی الفعل لا فی الوجوب؛ لأنهم كانوا يفعلونها قبل ذلک ألا ترى أنه قال :ألا وهی الوتر؟ ذكرها معرفة بحرف التعريف، ومثل هذا التعريف لا يحصل إلا بالعهد ولذا لم يستفسروها .ولو لم يكن فعلها معهودا لاستفسروا فدل أن ذلک فی الوجوب لا فی الفعل، ولا يقال :إنها زيادة على السنن؛ لأنها كانت تؤدى قبل ذلک بطريق السنة(بدائع الصنائع، ج ۱ ص ۲۷۱، كتاب الصلاة، فصل فی أنواع الصلاة الواجبة ومنها صلاة الوتر)

قلت :لا نسلم أن قوله :(أمدكم بصلاة) ، يدل على أنها غير لازمة، بل يدل على أنها لازمة، وذلک لأنه، صلى الله عليه وسلم، نسب ذلک إلى الله تعالى، فلا يكون ذلک إلا واجبا .وتعيين العبارة ليس بشرط فی الوجوب قوله :ومعناه الزيادة فی النوافل غير صحيح، لأن الزيادة عن الله تعالى لا تكون نفلا، وإنما يكون ذلک إذا كان من النبی، صلى الله عليه وسلم، بشرط عدم المواظبة(عمدة القاری، ج۷ص ۱۲، ۱۳، كتاب الوتر، باب ليجعل آخر صلاته وترا)

[۲] ج۴ص ۵۰۵،حديث نمبر ۶۹۳۳،مَنْ قَالَ :الْوِتْرُ وَاجِبٌ.

والانقطاع الذی بين النخعی وعمر او ابنه عبدالله لايضر، فانه ملحق بمراسيله(حاشية مصنف ابنِ ابی شيبة،لعوامة)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

قَالَ رَجُلٌ لِابْنِ عُمَرَ: أَرَأَيْتَ الْوِتْرَ أَسُنَّةٌ هُوَ ؟ قَالَ: مَا سُنَّةٌ "أَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَوْتَرَ الْمُسْلِمُوْنَ "قَالَ: لَا أَسُنَّةٌ هُوَ ؟ قَالَ: مَهْ ، أَوَ تَعْقِلُ أَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَوْتَرَ الْمُسْلِمُوْنَ (مسند احمد، حديث نمبر ۴۸۳۴،مؤسسة الرسالة، بيروت) [1]

ترجمہ: ایک آدمی نے حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کیا کہ کیا وتر سنت ہیں؟ تو ابنِ عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ سنت کیا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور تمام مسلمانوں نے وتر پڑھے، اس نے پھر کہا کہ کیا وتر سنت ہیں؟ تو حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ آپ یہ سوال نہ کریں، کیا آپ کو یہ بات سمجھ نہیں آتی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور تمام مسلمانوں نے وتر پڑھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت نافع سے اس طرح روایت ہے کہ:

سَأَلَ رَجُلٌ ابْنَ عُمَرَ، عَنِ الْوِتْرِ أَوَاجِبٌ هُوَ ؟ فَقَالَ: أَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُوْنَ (مسنداحمد) [2]

---

[1] فی حاشية مسنداحمد:

إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسلم، وهو ابن مخراق العبدى القُرِّى، فمن رجال مسلم .معاذ :هو ابن معاذ العنبرى، وابن عون :هو عبد الله أبو عون البصرى.وأخرجه ابن أبى شيبة ۲/۲۹۵و۱۴/۲۳۶، عن معاذ، بهذا الإسناد.ورواه مالک في "الموطأ ۱/۱۲۴ "بلاغاً، وأورده المروزى فى "مختصر قيام الليل "ص ۱۱۸ معلقاً عن مسلم القُرى، به.وسيأتى برقم(۵۲۱۶)، وانظر(۴۴۹۲) قال السندى :قوله :قال :ما سنة؟ أى :ما معنى كونه سنة أو غير سنة؟، وأى وجه لهذا السؤال؟، ثم أجابه بأن النبى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فعله، وهو غيرُ مخصوص به حيث إن المسلمين فعلوه أيضا، وفى مثله ينبغى الاقتداء به، وينبغى للناس أن يسألوا عن هذا المعنى، ثم يعملوا به، ولا ينبغى لهم أن يسألوا عن كونه سنة، أى :غير واجب، ليتوسلوا بذلک إلى تركه.قوله :قال :لا، أى :ما أسألک عن هذا المعنى، بل أسألک عن كونه سنة أم لا.قوله :مه، أى :اسكت عن هذا السؤال، أو :ما هذا السؤال؟!أتعقل؟ أى :هذا الجواب الذى ذكرت لک.

[2] حديث نمبر ۵۲۱۶،مؤسسة الرسالة، بيروت.

فی حاشية مسند احمد:

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: ایک آدمی نے حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے سوال کیا، کہ کیا وتر واجب ہیں؟ تو انہوں نے جواب میں فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور تمام مسلمانوں نے وتر پڑھے (ترجمہ ختم)

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما نے وتروں کے متعلق سنت ہونے کا سوال کرنے والے کو تو تنبیہ فرمائی، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کے اس پر عمل ہونے کا جواب دیا۔

اور واجب ہونے کا سوال کرنے والے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کے اس پر متواتر عمل ہونے کا جواب دیا۔

جس سے معلوم ہوا کہ وتر کی نماز انتہائی اہمیت وتاکید کی حامل ہے، اور وتر کی نماز کا درجہ عام سنتوں سے زیادہ ہے۔ [1]

اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَامَ عَنِ الْوِتْرِ أَوْ نَسِيَهُ، فَلْيُوتِرْ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

إسناده صحيح على شرط الشيخين. وكيع: هو ابن الجراح الرؤاسي، وسفيان: هو الثوری، وعمر بن محمد: هو ابن زيد بن عبد الله بن عمر بن الخطاب، ونافع: هو مولى ابن عمر. وأخرجه ابن عدی فی "الكامل ۵/ ۱۶۸۰۰" من طريق الوليد بن مسلم، عن عمر بن محمد، به. وقد سلف برقم (۴۸۳۴) ولكن السؤال هناک: أسنة هو؟.

[1] قلت: نحن أيضا نقول: إنه ليس بفرض، ولكنه واجب للدلائل التی ذكرناها، ومن لم يفرق بين الفرض والواجب فقد صادم اللغة، والمعنى اللغوی مراعی فی المعنى الشرعی، وقد مر فی حديث أبی قتادة التصريح بالوجوب، وفی (موطأ مالک): أنه بلغه أن ابن عمر سئل عن الوتر أواجب هو؟ فقال عبد الله: قد أوتر النبی صلى الله عليه وسلم والمسلمون، وفيه دلالة ظاهرة على وجوبه، إذ كلامه يدل على أنه صار سبيلا للمسلمين، فمن تركه فقد دخل فی قوله تعالى: (ويتبع غير سبيل المؤمنين) (النساء: ۱۵) (عمدة القاری للعينی، ج۷ص۱۶، كتاب الوتر، باب الوتر فی السفر)

قلت: وانما لم يصرح بوجوبه كيلا يظن تحتمه كتحتم الفرائض الخمس...... وفيه انكار ابن عمر على قول القائل اسنة هو، فدل على وجوبه عنده، ولكنه لم يصرح به لما قلنا (اعلاء السنن ج۶ ص۱۶، ابواب الوتر، باب وجوب الوتر، وبيان وقته)

Idaraghufran

إِذَا ذَكَرَهُ أَوُ اِسُتَيُقَظَ(مسند احمد) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو وتر سے سوتا رہ جائے، یا بھول جائے، تو اسے چاہئے کہ وتر اس وقت پڑھ لے، جب اسے یاد آئے، یا بیدار ہو(ترجمہ ختم)

---

[1] حديث نمبر ۱۱۲۶۴،مؤسسة الرسالة، بيروت ،واللفظ لهٗ،ترمذى، حديث نمبر ۴۶۵، وحديث نمبر ۴۶۶،مستدرک حاکم،حديث نمبر ۱۱۲۷،سنن دارقطنى، حديث نمبر۱۶۳۷.

قال الحاكم: هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرُطِ الشَّيُخَيُنِ، وَلَمُ يُخَرِّجَاهُ "

وقال الذهبى فى التلخيص:على شرطهما.

فى حاشية مسند احمد:

حديث صحيح، عبد الرحمن بن زيد بن أسلم -وإن يكن ضعيفاً -متابع، وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين .وكيع :هو ابن الجراح.

وأخرجه الترمذى (۴۶۵)والمروزى فى "قيام الليل "ص۱۴۲ (مختصراً) من طريق وكيع، بهذا الإسناد .زاد المروزى :قال وكيع :يعنى من ليلته .وأخرجه ابنُ ماجه(۱۱۸۸)من طريق أبى مصعب أحمد بن أبى بكر، وسويد بن سعيد، عن عبد الرحمن بن زيد بن أسلم، به.وأخرجه المروزى فى "قيام الليل "ص۱۴۲ من طريق عبد الله بن نافع، عن عبد الرحمن بن زيد، به، بلفظ :قيل له (يعنى للنبى صَلَّى اللهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ) : أحدنا يصبح، ولم يُوتر، يغلبه النوم؟ قال" :فليوتر وإن أصبح. "

وقد تابع عبد الرحمن بن زيد محمدُ بن مطرف فيما أخرجه أبو داود(۱۴۳۱)والدارقطنى فى "السنن۲/۲۲"والحاكم فى "المستدرک۱/۳۰۲" والبيهقى فى "السنن۲/۴۸۰ "كلهم من طريق محمد بن مطرف المدنى، عن زيد بن أسلم، به .وهذا إسناد صحيح على شرطهما .قال الحاكم :صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه، ووافقه الذهبى.

وأخرجه الترمذى(۴۶۶)من طريق عبد الله بن زيد بن أسلم، عن أبيه، عن النبى صَلَّى اللهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ بلفظ" :من نام عن وتره فليصل إذا أصبح "، وهذا مرسل .قال الترمذى :وهذا أصح من الحديث الأول .ثم قال :سمعتُ أبا داود السجزى يقول: سألتُ أحمد بن حنبل عن عبد الرحمن بن زيد بن أسلم؟ فقال :أخوه عبد الله لا بأس به .وسمعت محمداً (يعنى البخارى) يذكر عن على بن عبد الله (يعنى المدينى) أنه ضعف عبد الرحمن بن زيد بن أسلم، وقال :عبد الله بن زيد بن أسلم قال السندى: قوله" :فليُوتر إذا ذكره "، أى :ولو بعد الصبح، فيدل الحديثُ على تأكد الوتر، وأنه يُقضى كالفرض، فيمكن أن يُستدل به من يُوجبه .ونقل الحافظ فى "الفتح۲/۴۸۰"عن ابن قدامة قوله :لا ينبغى لأحد أن يتعمد ترک الوتر حتى يصبح .قلنا :وذلک لقوله عليه الصلاة والسلام" :الوتر بليل "، وقد سلف برقم (۱۱۰۰۱) وقوله" :أوتروا قبل الصبح "، وسلف برقم(۱۱۰۰۷)

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اس طرح کا حکم احادیث میں فرض نماز کے بارے میں بھی آیا ہے۔ [۱]

جس سے معلوم ہوا کہ وتر کی نماز کو فرض نماز سے مشابہت حاصل ہے، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے اس سے واجب ہونا مراد لیا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَصْبَحَ أَحَدُكُمْ وَلَمْ يُوتِرْ فَلْيُوتِرْ (مستدرک حاکم) [۲]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی صبح کرے، اور اس نے وتر نہ پڑھے ہوں، تو اسے چاہئے کہ وتر پڑھ لے (ترجمہ ختم)

یہ حدیث سند کے لحاظ سے بخاری کی شرط پر ہے۔ [۳]

---

[۱] عَنْ أَبِي قَتَادَةَ قَالَ: ذَكَرُوا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَوْمَهُمْ عَنِ الصَّلَاةِ، فَقَالَ: إِنَّهُ لَيْسَ فِي النَّوْمِ تَفْرِيطٌ، إِنَّمَا التَّفْرِيطُ فِي الْيَقَظَةِ، فَإِذَا نَسِيَ أَحَدُكُمْ صَلَاةً أَوْ نَامَ عَنْهَا فَلْيُصَلِّهَا إِذَا ذَكَرَهَا (سنن نسائی، حدیث نمبر ۶۱۵)

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَسِيَ صَلَاةً، أَوْ نَامَ عَنْهَا، فَكَفَّارَتُهَا أَنْ يُصَلِّيَهَا إِذَا ذَكَرَهَا (مسلم، حدیث نمبر ۶۸۴)

[۲] حدیث نمبر ۱۱۳۶، کتاب الوتر، دار الکتب العلمیة، واللفظ له، سنن البیهقی، حدیث نمبر ۴۱۹۵.

قال الحاکم: هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ "

وقال الذهبی فی التلخیص: علی شرطهما.

[۳] اس پر بعض نے یہ اعتراض کیا ہے کہ اس روایت میں محمد بن فلیح مسلم کے رجال میں سے نہیں ہیں، اور ان کے بارے میں تقریب میں کہا گیا ہے کہ "صدوق یہم" اور ان کے والد فلیح بن سلیمان مدنی کو بعض نے "لیس بقوی" اور بعض نے "لہ غرائب" اور بعض نے "صدوق کثیر الخطأ" فرمایا ہے۔

مگر اولاً تو امام بخاری نے ان دونوں شخصیات کی سند سے کئی احادیث کی تخریج فرمائی ہے، لہٰذا یہ حدیث بخاری کی شرط پر ہے، اگرچہ مسلم کی شرط پر نہ ہو۔

چنانچہ علامہ ابنِ رجب فرماتے ہیں کہ:

وخرّج -أيضا- من رواية محمد بن فليح، عن أبيه، عن هلال بن علی، عن عبد الرحمن بن أبی عمرة، عن أبی هريرة، عن النبی -صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ-: (إذا أصبح أحدكم ولم يوتر فليوتر) وقال: صحيح على شرطهما. والبخاری يخرج بهذا الإسناد

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara ghufran

اور حضرت ابونہیک فرماتے ہیں کہ:

أَنَّ أَبَا الدَّرْدَآءِ كَانَ يَخْطُبُ النَّاسَ أَنْ لَّا وِتْرَ لِمَنْ أَدْرَكَ الصُّبْحَ فَانْطَلَقَ رِجَالٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ إِلٰى عَائِشَةَ، فَأَخْبَرُوْهَا، فَقَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْبِحُ، فَيُوْتِرُ (مسند احمد) [۱]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

كثيرا.(فتح البارى لابن رجب، ج۹ ص ۱۵۴، ابواب الوتر، باب ساعات الوتر)

اسی سند کے ساتھ ایک حدیث امام بخاری رحمہ اللہ نے جو تخریج کی ہے، وہ درج ذیل ہے:

حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ هِلالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ " :مَا مِنْ مُؤْمِنٍ إِلَّا وَأَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِهِ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، اقْرَءُوا إِنْ شِئْتُمْ :(النَّبِيُّ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ) (الأحزاب:٦) فَأَيُّمَا مُؤْمِنٍ تَرَكَ مَالًا فَلْيَرِثْهُ عَصَبَتُهُ مَنْ كَانُوا، فَإِنْ تَرَكَ دَيْنًا، أَوْ ضَيَاعًا فَلْيَأْتِنِي فَأَنَا مَوْلاهُ "(بخارى، حديث نمبر ۴۷۸۱، كتاب تفسير القرآن، باب النبى أولى بالمؤمنين من أنفسهم)

علاوہ ازیں یہ حدیث حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث کے موافق ہے، اور متعدد احادیث اس مضمون کی موجود ہیں، جن کے ہوتے ہوئے اس حدیث کے صحیح ہونے میں ایک منصف کے لئے کوئی شبہ نہیں ہونا چاہئے۔

رہا بعض کا یہ تاویل کرنا کہ یہ معذورین پر محمول ہے، اور غیر معذور کے لئے یہ حکم نہیں۔

یہ بات درست نہیں، کیونکہ جب معذور کے لئے بھی قضا کا حکم ہے، تو غیر معذور کے لئے بدرجہ اولیٰ حکم ہے، اور اس پر قضا کے ساتھ توبہ بھی واجب ہے، جیسا کہ فرض نماز کا معاملہ ہے۔ محمد رضوان۔

[۱] حديث نمبر ۲۶۰۵۸، مؤسسة الرسالة، بيروت.

قال الهيثمى:

رواه أحمد والطبرانى فى الأوسط وإسناده حسن(مجمع الزوائد ج۲ ص ۲۴۶، باب فيمن فاته الوتر)

وفى حاشية مسند احمد:

إسناده حسن من أجل أبى نَهِيك -وهو عثمان بن نَهِيك -إن ثبتَ سماعُه من عائشة، فقد روى عنه جمعٌ، وذكره أبنُ حبان فى "الثقات"، وقال الحافظ فى "التقريب :"ثقة. وباقى رجال الإسناد ثقات رجال الشيخين .رَوْح :هو ابنُ عُبادة، وابنُ جُرَيْج :هو عبدُ الملك بن عبد العزيز، وقد صرحَ بالتحديث فانتفت شبهة تدليسه، وزياد :هو أبن سعد الخراسانى .وأخرجه الطبرانى فى "الأوسط(۲۱۵۳)"والبيهقى فى "السنن" ۴۷۹/۲ من طريق أبى عاصم النبيل، عن ابن جريج، بهذا الإسناد.وذكره الهيثمى فى

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara ghufran

ترجمہ: حضرت ابوالدرداء لوگوں کو خطبہ میں یہ بات فرمارہے تھے کہ جس شخص کو صبح ہوجائے، تو اس کے لئے وتر کا حکم نہیں ہے، تو مومنین میں سے بعض لوگ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں گئے، اور انہیں اس بات کی خبر دی، تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح ہونے کے بعد بھی وتر پڑھ لیا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

یہ حدیث اور کئی محدثین نے بھی روایت کی ہے۔ [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

"مجمع الزوائد۲/۲۴۶ "وقال :إسناده حسن .وسلف من حديث أبى سعيد الخدرى برقم(۱۱۲۶۴)أن النبى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال :"من نام عن الوتر ،أو نسيه ،فليوتر إذا ذكره ، أو استيقظ "وهو صحيح .وقد ذكر الإمام مالک فى "الموطأ ۱/ ۲۲،۲۷" آثاراً عن عدد من الصحابة أنهم أوتروا بعد الفجر، ثم قال :وإنما يُوتِرُ بعد الفجر من نام عن الوتر، ولا ينبغى لأحد إن يتعمد ذلک، حتى يضع وتره بعد الفجر.

قال السندى :قولها :يصبح فيوتر، أى :فبالصبح لا يسقط الوتر، بل ينبغى أن يقضى بعده، والله تعالى أعلم.

[1] فى سنن البيهقى:

عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ زِيَادٍ أَنَّ أَبَا نُهَيْكٍ أَخْبَرَهُ عَنْ أَبِى الدَّرْدَاءِ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ أَنَّهُ خَطَبَ، فَقَالَ " :مَنْ أَدْرَكَهُ الصُّبْحَ فَلَا وِتْرَ لَهُ "فَذُكِرَ ذَلِکَ لِعَائِشَةَ رَضِىَ اللهُ عَنْهَا فَقَالَتْ ": كَذَبَ أَبُو الدَّرْدَاءِ كَانَ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُصْبِحُ فَيُوتِرُ "قِيلَ لِأَبِى عَاصِمٍ: مَنْ دُونَ زِيَادٍ؟ قَالَ :ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ :أَخْبَرَنِى زِيَادٌ يَعْنِى ابْنَ سَعْدٍ(سنن البيهقى، حديث نمبر ۴۱۹۶)

وفى صلاة الوترلمحمد بن نصر المروزى:

ثنا ابن جريج ، أخبرنى زياد ، أن أبا نهيک ، أخبره أن أبا الدرداء كان يخطب الناس فيقول :لا وتر لمن أدركه الصبح .قال :فانطلق رجال إلى عائشة ، فأخبروها فقالت : كذب أبو الدرداء كان النبى صلى الله عليه وسلم يصبح فيوتر (صلاة الوترلمحمد بن نصر المروزى، حديث نمبر ۸۱)

وفى مصنف لعبدالرزاق:

عبدالرزاق عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ :أُخْبِرْتُ عَنْ أَبِى الدَّرْدَاءِ، قَالَ :لَا وِتْرَ لِمَنْ أَدْرَكَهُ الصُّبْحُ، فَذُكِرَ ذَلِکَ لِعَائِشَةَ، فَقَالَتْ :كَذَبَ أَبُو الدَّرْدَاءِ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْبِحُ فَيُوتِرُ(مصنف عبدالرزاق ،حديث نمبر ۴۶۰۳)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور جلیل القدر تابعی حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ:

هُوَ وَاجِبٌ، وَلَمْ يُكْتَبُ (مصنف ابن أبی شیبة) [1]

ترجمہ: وتر واجب ہیں، اور فرض نہیں کئے گئے (ترجمہ ختم)

اور ایک اور تابعی حضرت طاؤس کے بارے میں مروی ہے کہ:

أَنَّهُ كَانَ يُوجِبُ الْوِتْرَ، وَيَقُولُ: مَنْ فَاتَهُ الْوِتْرُ حَتّٰى يُصْبِحَ، فَلْيُوتِرْ حِيْنَ يَذْكُرُ (مصنف عبد الرزاق) [2]

ترجمہ: حضرت طاؤس وتر کو واجب قرار دیتے تھے، اور فرماتے تھے کہ جس سے وتر فوت ہوجائیں، اور صبح ہوجائے، تو اس کو چاہئے کہ وتر پڑھے، جب بھی یاد آجائے (ترجمہ ختم)

اس قسم کی اور بھی روایات ہیں، جن میں صبح صادق ہونے کے بعد وتر کی نماز کو پڑھنے کا ذکر ہے، حالانکہ صحیح احادیث کی رُو سے وِتر کی نماز کا اداوقت عشاء کی نماز سے لے کر صبح صادق کے درمیان تک ہے۔ [3]

---

[1] حدیث نمبر ۶۹۳۱، کتاب الصلاة، باب مَنْ قَالَ :الْوِتْرُ وَاجِبٌ، مصنف عبدالرزاق، حدیث نمبر ۴۵۸۳.

[2] حدیث نمبر ۴۵۸۵، کتاب الصلاة، باب وجوب الوتر، هل شيء من التطوع واجب، المکتب الاسلامی، بیروت.

[3] عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ كَانَ فِي مَسْجِدِ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، فَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَجَعَلُوا يَنْتَظِرُونَهُ فَجَاءَ، فَقَالَ :إِنِّي كُنْتُ أُوتِرُ، قَالَ :وَسُئِلَ عَبْدُ اللَّهِ، هَلْ بَعْدَ الْأَذَانِ وِتْرٌ؟ قَالَ :نَعَمْ، وَبَعْدَ الْإِقَامَةِ، وَحَدَّثَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ نَامَ عَنِ الصَّلَاةِ حَتَّى طَلَعَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ صَلَّى (نسائی، حدیث نمبر ۱۶۸۵)

عَنْ أَبِي مَيْسَرَةَ، قَالَ :جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللهِ، فَقَالَ :يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ :هَلْ بَعْدَ الْأَذَانِ وِتْرٌ؟ قَالَ : نَعَمْ، وَبَعْدَ الْإِقَامَةِ (المعجم الكبير للطبرانی، حدیث نمبر ۹۴۱۶)

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ,ثنا الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوبَ ,ثنا أَبُو عِصَامٍ رَوَّادٌ ,حَدَّثَنَا نَهْشَلٌ ,عَنِ الضَّحَّاكِ ,عَنِ ابْنِ عُمَرَ ,قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ فَاتَهُ الْوِتْرُ مِنَ اللَّيْلِ فَلْيَقْضِهِ مِنَ الْغَدِ (سنن دارقطنی، حدیث نمبر ۱۶۳۹)

عن خالد بن أبی كريمة قال سمعت معاوية بن قرة يقول أتی رجل إلى النبی صلى الله عليه و سلم

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

رات میں وتر رہ جانے کی صورت میں بعد میں پڑھنے سے وتروں کی اہمیت معلوم ہوئی، جس سے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے حضرت مجاہد اور حضرت طاؤس کی طرح واجب ہونا مراد لیا ہے، اسی وجہ سے وتر قضا ہو جانے کی صورت میں ان کی ادائیگی کا حکم فرمایا گیا ہے۔ [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

فقال إني لم أوتر حتى أصبحت فقال النبي صلى الله عليه و سلم إنما الوتر بالليل فأعاد عليه فأمره أن يوتر (مصنف عبد الرزاق، حديث نمبر ۴۶۰۷)

عن أبي نضرة قال احتبس سعد بن أبي وقاص يوما عن الصلاة فقيل له أبطأت على الناس فقال له أدركني الصبح قبل أن أوتر فأوترت (مصنف عبد الرزاق، حديث نمبر ۴۶۰۹)

عن الزبير بن عدي عن إبراهيم قال سألت عبيدة عن الرجل يستيقظ عند الإقامة ولم يوتر قال يوتر (مصنف عبد الرزاق، حديث نمبر ۴۶۱۱)

عن أيوب عن نافع أن رجلا سأل ابن عمر عن الوتر فقال بينا ابن عمر يطوف بالبيت ليلة فاجأه الصبح فأوتر (مصنف عبد الرزاق، حديث نمبر ۴۶۱۲)

وعن الأغر المزني أن رجلا أتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال :يا نبي الله إني أصبحت ولم أوتر، فقال " :إنما الوتر بالليل "، فقال :يا نبي الله إني أصبحت ولم أوتر قال " :فأوتر .رواه الطبراني في الكبير ورجاله موثقون وإن كان في بعضهم كلام لا يضر (مجمع الزوائد ج۲ ص۲۴۶، باب فيمن فاته الوتر)

[1] اور بعض روایات میں جو صبح ہونے کے بعد وتر نہ ہونے کا ذکر ہے، اس سے مراد یہ ہے کہ صبح کے بعد وتر ادا نہیں رہتے، اور وتروں کو اتنا مؤخر نہیں کرنا چاہئے۔

اور بعض روایات سے جو اس کے خلاف مفہوم ہوتا ہے، اس کے بارے میں پہلے عرض کیا جاچکا کہ اختلاف وتعارض کی صورت میں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے احوط کو ترجیح دی اور اختیار کیا ہے۔

قَالَ رَحِمَهُ اللَّهُ :ذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ إِلَى أَنَّهُ لا وِتْرَ بَعْدَ الصُّبْحِ، وَهُوَ قَوْلُ عَطَاءٍ، وَبِهِ قَالَ مَالِكٌ، وَأَحْمَدُ، وَإِسْحَاقُ، وَذَهَبَ آخَرُونَ إِلَى أَنَّهُ يَقْضِيهِ مَتَى كَانَ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَالأَوْزَاعِيِّ، وَأَظْهَرُ قَوْلَيِ الشَّافِعِيِّ، وَأَصْحَابِ الرَّأْيِ .وَرُوِيَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ :مَنْ نَامَ عَنْ وِتْرِهِ فَلْيُصَلِّ إِذَا أَصْبَحَ .وَرُوِيَ مَعْنَى هَذَا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ مُتَّصِلا، وَالأَوَّلُ أَصَحُّ .وَذَكَرَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ ضَعَّفَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، وَقَالَ :عَبْدُ اللَّهِ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ ثِقَةٌ .وَرُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ أَوْتَرَ بَعْدَمَا انْصَرَفَ النَّاسُ مِنَ الصُّبْحِ، ثُمَّ صَلَّى الصُّبْحَ .وَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: مَا أُبَالِي لَوْ أُقِيمَتْ صَلاةُ الصُّبْحِ، وَأَنَا أُوتِرُ .وَخَرَجَ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ يَوْمًا إِلَى الصُّبْحِ، فَأَقَامَ الْمُؤَذِّنُ، فَأَسْكَتَهُ حَتَّى أَوْتَرَ، ثُمَّ صَلَّى لَهُمُ الصُّبْحَ .وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، وَالْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ يُوتِرَانِ بَعْدَ الْفَجْرِ (شرح السنة للبغوی، ج۴ ص۸۸، ۸۹، ابواب النوافل، باب مبادرة الصبح بالوتر)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

idaraghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

مذکورہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ وتر کی نماز کا درجہ اگرچہ فرائض سے کم ہے، مگر سنت نمازوں سے زیادہ ہے، جس سے امام ابوحنیفہ اور حضرت مجاہد وطاؤس جیسے جلیل القدر تابعین رحمہم اللہ نے احتیاطاً واجب ہونا مراد لیا ہے، جو مضبوط و مستحکم دلائل پر مبنی ہے۔

اور وتروں کی اہمیت وتاکید دوسرے فقہاء کے نزدیک بھی مسلم ہے، کہ وہ اس کو عام سنت کے بجائے اہم اور تاکیدی سنت قرار دیتے ہیں، جس کا درجہ واجب کے قریب تر ہے۔

پس امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا دوسرے فقہائے کرام سے اختلاف زیادہ شدید نہیں ہے۔ [1]

فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

محمد رضوان

یکم/ربیع الآخر/۱۴۳۲ھ 07/مارچ/2011ء بروز پیر

ادارہ غفران، راولپنڈی

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

قلت : فيه امر صريح بقضاء الوتر بعد طلوع الفجر، وقد ثبت كراهة الزيادة على ركعتي الفجر بعد طلوعها باحاديث صحيحة وحسان قد ذكرناها فى الجزء الثانى من الكتاب، وقال الترمذى :هذا مما اجمع عليه اهل العلم كرهوا ان يصلى الرجل بعد طلوع الفجر الا ركعتى الفجراهـ(١ :٥٦) فالامر بقضاء الوتر فى هذا الوقت يفيد كونه آكد من ركعتى الفجر ، وهو ليس الا الوجوب لكون ركعتى الفجر من اكد السنن ، فالآكد منه ليس الا الواجب، ولو كان سنة، او نافلة لم يجز قضاؤه فى هذا الوقت(اعلاء السنن ج٦ ص ١٣ ،باب وجوب الوتر وبيان وقته)

[1] قال شيخنا فى تعليقاته :لم يجعله احد جائز الترك فسمه ماشئت اهـ، قال الراقم:فاتفقوا على ان تاركه آثم او على عدم جواز تركه وكذا اتفقوا على عدم تكفير منكره فاذن الخلاف قريب من الخلاف الصورى نظير خلافهم مسألة بساطة الايمان وتركيبه او زيادته ونقصه من مسائل الاصول فليس من النصفة توسيع ساحة الخلاف على ان اصطلاح ابى حنيفة فى الفرق بين الواجب والفرض مشهور متقرر فى محله (معارف السنن ج٤ص ١٧١، ١٧٢ ،ابواب الوتر، باب ماجاء فى فضل الوتر)

اجتمعت عدة امور افادت الوجوب فى نظر فقيه الامة وفقيه الملة وهى (١)المواظبة على عدم الترك اصلا(٢) عدم جواز الترك والاجماع عليه (٣)تخصيصه بوقت (٤)قضاؤه اذا نسيه (٥) قول عدة من سلف الامة على الوجوب (٦) اهتمام ذكره بمثل هذه الكلمات وما الى ذلك من وجوه فى الباب (معارف السنن ج٤ص ١٧٣ ،ابواب الوتر، باب ماجاء فى فضل الوتر)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

وتر کی نماز کا وقت اور وتر کے بعد نوافل کی تحقیق

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ:

وتر کی نماز کا وقت کیا ہے، اور کس وقت اس کو پڑھنا افضل ہے؟

اور کیا وتر کے بعد دو رکعت بیٹھ کر پڑھنا بھی سنت ومستحب ہے یا کہ نہیں؟

جواب

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

وتر کی نماز کا وقت عشاء کی نماز ہی کا وقت ہے، پس عشاء کی نماز کے ادا وقت میں صبح صادق سے پہلے پہلے جب بھی وتر پڑھ لئے جائیں، تو وہ اپنے وقت میں پڑھنا کہلائیں گے۔

البتہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک وتر کی نماز عشاء کی نماز کے تابع ہے، اور وتر کی نماز عشاء کی نماز ادا کر لینے کے بعد ہی درست ہوتی ہے (سوائے بعض اعذار کی صورتوں کے) کیونکہ احادیث میں وتر کی نماز کو عشاء اور فجر کی نماز کے درمیان بتلایا گیا ہے۔ [1]

اور وتر کی نماز کو رات کی آخری نماز بنانا افضل ہے، لہٰذا جو شخص رات کے آخری حصہ میں بیدار رہ کر تہجد ادا کر کے بعد میں صبح صادق سے پہلے پہلے وتر پڑھ لے، یہ زیادہ فضیلت کا باعث ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور کئی صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا اسی پر عمل تھا۔

لیکن اگر کسی کو رات کو بیدار ہونے پر اطمینان نہ ہو، جس کی وجہ سے وتر پڑھے بغیر صبح صادق

---

[1] وأما بيان أوقات الصلوات الواجبة وما هو شبيه بها فمنها وقت الوتر وهو على قول أبي حنيفة وقت صلاة العشاء إلا أنه شرع مرتبا عليها كوقت قضاء الفائتة هو وقت أداء الوقتية لكنه شرع مرتبا عليه فلا يجوز أداؤه قبل صلاة العشاء مع أنه وقته لفوت شرطه وهو الترتيب(تحفة الفقهاء للسمرقندى، ج ۱ ص ۱۰۳، كتاب الصلاة، باب مواقيت الصلاة)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ہوجانے اوراس کی وجہ سے وتر کی نماز قضا ہوجانے کا اندیشہ ہو، تو ایسی صورت میں سونے سے پہلے ہی کچھ حسبِ توفیق نوافل کے بعد وتر پڑھ لینے میں احتیاط ہے، پھر اگر رات کے آخری حصہ میں بھی توفیق ہوجائے، توحسبِ استطاعت نوافل پڑھ لی جائیں۔

اور عامۃُ الناس کے لئے یہی طریقہ زیادہ احتیاط کا باعث ہے، اوراسی پر حضرت ابوبکر صدیق اور کئی صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا عمل تھا، اوراسی کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی صحابۂ کرام کو وصیت وتاکید فرمائی تھی۔

اور رات کو سونے سے پہلے وتروں کے بعد نوافل پڑھنا بھی جائز ہے، لیکن افضل ومستحب طریقہ یہ ہے کہ عشاء کے بعد جتنے نوافل پڑھنا چاہیں، وتر سے پہلے پڑھ لیں، اور وتر آخر میں پڑھیں، اس کے بعد نوافل نہ پڑھیں، اوراگر پڑھ لیں، تو جائز ہے، گناہ نہیں۔

اور نوافل کا بیٹھ کر پڑھنا بھی جائز ہے، لیکن اگر کھڑے ہونے میں کوئی عذر نہ ہو، تو احادیث کی رُو سے بیٹھ کر پڑھنے میں کھڑے ہوکر پڑھنے کے مقابلہ میں آدھا ثواب ہے۔

اور بلاعذر بیٹھ کر پڑھنے میں زیادہ ثواب سمجھنا دلائل کے لحاظ سے راجح نہیں ہے۔

آگے اس مسئلہ کی احادیث وروایات کی روشنی میں تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

وتر کی نماز کا اداوقت

حضرت ابوتمیم جیشانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

أَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ، خَطَبَ النَّاسَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَالَ: إِنَّ أَبَا بَصْرَةَ حَدَّثَنِي أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ زَادَكُمْ صَلَاةً، وَهِيَ الْوِتْرُ، فَصَلُّوْهَا فِيْمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ إِلٰى صَلَاةِ الْفَجْرِ قَالَ أَبُو تَمِيْمٍ: فَأَخَذَ بِيَدِيْ أَبُوْ ذَرٍّ فَسَارَ فِي الْمَسْجِدِ إِلٰى أَبِيْ بَصْرَةَ، فَقَالَ لَهُ: أَنْتَ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا قَالَ

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

عَمْرٌو ؟ قَالَ أَبُوْ بَصْرَةَ: أَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (مسنداحمد، حديث نمبر ۲۳۸۵۱، مؤسسة الرسالة، بيروت) ؎۱

ترجمہ: حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے جمعہ کے دن لوگوں کو خطبہ دیا، اور فرمایا کہ حضرت ابوبصرہ نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے ایک نماز کو زیادہ کیا ہے، اور وہ وتر کی نماز ہے، تو تم اس کو پڑھو، عشاء کی نماز سے لے کر فجر کی نماز کے درمیان تک، ابوتمیم کہتے ہیں کہ میرا ابوذر نے ہاتھ پکڑا، اور مسجد میں ابوبصرہ کی طرف لے کر گئے، اور ان سے کہا کہ کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات سنی ہے، جو عمرو بن عاص نے بیان فرمائی؟ تو حضرت ابوبصرہ نے جواب میں فرمایا کہ بے شک میں نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے (ترجمہ ختم)

یہ حدیث اور سندوں سے بھی مروی ہے۔ ؎۲

؎۱ في حاشية مسند احمد:

إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير علي بن إسحاق -وهو المروزي- فقد روى له الترمذي، وهو ثقة. سعيد بن يزيد: هو الحِمْيري القِتْباني، وابن هبيرة: اسمه عبد الله، وأبو تميم الجَيْشاني: اسمه عبد الله بن مالك. وأخرجه الطحاوي في "شرح مشكل الآثار" (۴۴۹۲)، والطبراني (۲۱۶۸) من طريقين عن ابن المبارك، بهذا الإسناد. ورواية الطبراني مختصرة لم يذكر فيها عمرو بن العاص وأبا ذر.

؎۲ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ، أَخْبَرَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ هُبَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيَّ يَقُولُ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ يَقُولُ: أَخْبَرَنِي رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ زَادَكُمْ صَلَاةً فَصَلُّوهَا فِيمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ إِلَى صَلَاةِ الصُّبْحِ الْوَتْرُ الْوَتْرُ "، أَلَا وَإِنَّهُ أَبُو بَصْرَةَ الْغِفَارِيُّ، قَالَ أَبُو تَمِيمٍ: فَكُنْتُ أَنَا وَأَبُو ذَرٍّ قَاعِدَيْنِ، قَالَ: فَأَخَذَ بِيَدِي أَبُو ذَرٍّ فَانْطَلَقْنَا إِلَى أَبِي بَصْرَةَ فَوَجَدْنَاهُ عِنْدَ الْبَابِ الَّذِي يَلِي دَارَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، فَقَالَ أَبُو ذَرٍّ: يَا أَبَا بَصْرَةَ أَنْتَ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُولُ: " إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ زَادَكُمْ صَلَاةً، فَصَلُّوهَا فِيمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ إِلَى صَلَاةِ الصُّبْحِ الْوَتْرُ الْوَتْرُ؟ " قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: أَنْتَ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: أَنْتَ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ (مسنداحمد، حديث

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت ابوبصرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ زَادَکُمْ صَلَاۃً فَحَافِظُوْا عَلَیْہَا، وَجَعَلَ وَقْتَہَا فِیْمَا بَیْنَ الْعِشَاءِ إِلَی الْفَجْرِ وَہِیَ الْوِتْرُ (المعجم الکبیر للطبرانی) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ عزوجل نے تمہارے لئے ایک نماز کو زیادہ کیا ہے، پس تم اس کی حفاظت کرو، اور اللہ عزوجل نے اس کا وقت عشاء سے فجر کے درمیان رکھا ہے، اور وہ وتر کی نماز ہے (ترجمہ ختم)

اور حضرت خارجہ بن حذافہ عدوی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰہَ قَدْ أَمَدَّکُمْ بِصَلَاۃٍ ہِیَ خَیْرٌ لَّکُمْ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ، وَہِیَ الْوِتْرُ، فَجَعَلَہَا لَکُمْ فِیْمَا بَیْنَ صَلَاۃِ الْعِشَاءِ إِلٰی صَلَاۃِ الْفَجْرِ (مستدرک حاکم) [2]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

نمبر ۲۷۲۲۹)

فی حاشیة مسند احمد:

حدیث صحیح، وهذا إسناد حسن، ابنُ لَهیعة إنما رواه عنه یحیی بن إسحاق -وهو السیلحینی -وقد سمع منه قبل احتراق کتبه، وبقیة رجال الإسناد ثقات رجال الصحیح .وأخرجه الحارث فی "مسنده(۲۲۷) "(زوائد) عن یحیی بن إسحاق، بهذا الإسناد .وأخرجه الطحاوی فی "شرح معانی الآثار ۱/ ۴۳۰۴۳۰ "، وفی "شرح مشکل الآثار(۴۴۹۱) "من طریق أبی عبد الرحمن المقرىء، والدولابی فی "الکنی والأسماء 1/65 "من طریق سعید بن أبی مریم، والطبرانی (۲۱۶۷) من طریق أسد بنِ موسی، ثلاثتهم عن ابن لَهیعة، به .وسقط اسم ابن هُبیرة من مطبوع "شرح معانی الآثار(حاشیة مسنداحمد)

[1] حدیث نمبر ۲۱۶۸، مکتبة ابنِ تیمیة ، القاهرة.

[2] حدیث نمبر ۱۱۴۸، کتاب الوتر، دارالکتب العلمیة، بیروت،و اللفظ لهٗ،مسند احمد، حدیث نمبر ۸، مسند خارجه بن حذافه العدوی، سنن دارقطنی، حدیث نمبر ۱۶۵۶.

قال الحاکم: هَذَا حَدِیثٌ صَحِیحُ الْإِسْنَادِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، رُوَاتُهُ مَدَنِیُّونَ ومِصْرِیُّونَ، وَلَمْ یَتْرُکَاهُ إِلَّا لِمَا

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارے لئے ایک نماز زیادہ فرمائی ہے، جو کہ تمہارے لئے سرخ (یعنی انتہائی عمدہ وقیمتی) اونٹوں سے بہتر ہے، اور وہ وتر کی نماز ہے، اللہ تعالیٰ نے اس (کے وقت) کو تمہارے لئے عشاء کی نماز سے لے کر فجر کی نماز کے درمیان مقرر کیا ہے (ترجمہ ختم)

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ:

مِنْ كُلِّ اللَّيْلِ قَدْ أَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَوَّلِ اللَّيْلِ، وَأَوْسَطِهٖ، وَآخِرِهٖ، فَانْتَهٰى وِتْرُهٗ إِلَى السَّحَرِ (مسلم) [1]

ترجمہ: رات کے ہر حصہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وتر پڑھے ہیں، رات کے اول حصہ میں بھی، اور درمیانی حصہ میں بھی، اور آخری حصہ میں بھی، اور آپ کے وتر کی انتہاء سحری کے وقت تک تھی (ترجمہ ختم)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

مِنْ كُلِّ اللَّيْلِ قَدْ أَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ أَوَّلِهٖ، وَأَوْسَطِهٖ، وَآخِرِهٖ، فَانْتَهٰى وِتْرُهٗ إِلَى السَّحَرِ، فَمَاتَ وَهُوَ يُوْتِرُ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

قَدَّمْتُ ذِكْرَهُ مِنْ تَفَرُّدِ التَابِعِيِّ عَنِ الصَّحَابِيِّ"

وقال الذهبی فی التلخیص: صحیح.

فی حاشیة مسند احمد:

صحیح لغیره، وهذا إسناد ضعیف، عبد الله بن راشد أبو الضحاک الزَّوْفی وعبد الله بن أبی مُرَّة -ویقال :ابن مُرَّة -الزَّوفی فی عداد المجهولین، وقال البخاری فی "التاریخ الکبیر:۳/۲۰۳ "لا یعرف لإسناده سماع بعضهم من بعض. ومحمد بن إسحاق -وهو ابن یسار المدنی -وإن کان مدلساً وقد عنعنه، إلا أنه صرح بالتحدیث فی الروایة الآتیة برقم(۱۱)

[1] حدیث نمبر ۷۴۵، کتاب صلاة المسافرین وقصرها، باب صلاة اللیل وعدد رکعات النبی صلی اللہ علیہ وسلم، داراحیاء التراث العربی، بیروت، واللفظ لہٗ، ابوداؤد حدیث نمبر ۱۴۳۵، مسند احمد، حدیث نمبر ۲۵۶۹۴.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

بِالسَّحَرِ (مسند احمد، حدیث نمبر ۲۵۶۹۳،مؤسسة الرسالة، بیروت) [1]

ترجمہ: رات کے ہر حصہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وتر پڑھے ہیں، رات کے اول حصہ میں بھی، اور درمیانی حصہ میں بھی، اور آخری حصہ میں بھی، اور آپ کے وتر کی انتہاء سحری کے وقت تک ہوتی تھی، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال اس حال میں ہوا کہ آپ سحری کے وقت وتر پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی اسی طرح کی حدیث مروی ہے۔ [2]

اور حضرت اسود بن ہلال فرماتے ہیں کہ:

أَشْهَدُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ لَقَدْ سَمِعْتُهُ يُنَادِیْ، بِهَا نِدَاءً: اَلْوِتْرُ مَا بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ، صَلَاةِ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ الَّتِیْ تُسَمُّوْنَ الْعَتَمَةَ، وَصَلَاةِ الْفَجْرِ مَتٰى أَوْتَرْتَ فَحَسَنٌ (المعجم الکبیر للطبرانی) [3]

ترجمہ: میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے متعلق گواہی دیتا ہوں کہ میں نے ان سے یہ سنا، اور وہ اونچی آواز سے فرما رہے تھے کہ وتر دو نمازوں کے

---

[1] فی حاشیة مسند احمد:

حدیث صحیح، عاصم بن أبی النَّجود -وإن کان حسن الحدیث -توبع .کما سلف فی الروایة (۲۴۹۷۴)، وباقی رجال الإسناد ثقات رجال الشیخین .أبو الضحی :هو مسلم بن صُبیح، ومسروق :هو ابن الأجدع .وأخرجه إسحاق بن راهویه فی "مسنده" (۱۴۴۹)عن وکیع، بهذا الإسناد.وسلف برقم (۲۴۱۸۸).

[2] حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِی إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ عَلِیٍّ، قَالَ ": أَوْتَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَوَّلِ اللَّيْلِ، وَآخِرِهِ، وَأَوْسَطِهِ، فَانْتَهَى، وِتْرُهُ إِلَى السَّحَرِ "(مسند احمد، حدیث نمبر ۶۵۳)

فی حاشیة مسند احمد:

إسناده قوی، شعبة من القدماء الذین رووا عن أبی إسحاق.

وأخرجه ابن ماجه(۱۱۸۶)من طریق وکیع، بهذا الإسناد .وأخرجه الطیالسی ۱۱۵، وعبد بن حمید۷۲من طریقین عن شعبة، به .وقد تقدم برقم ۵۸۰.

[3] حدیث نمبر ۹۴۱۲، مکتبة ابنِ تیمیة ، القاهرة.

قال الهیثمی:

رواه الطبرانی فی الکبیر، ورجاله رجال الصحیح(مجمع الزوائد ج۲ص۲۴۵)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

درمیان ہے، عشاء کی اس نماز کے درمیان جس کو تم عتمہ کہتے ہو، اور فجر کی نماز کے درمیان، جب بھی آپ وتر پڑھ لیں، تو اچھا ہے (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّهُمْ سَأَلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوِتْرِ، فَقَالَ: أَوْتِرُوا قَبْلَ الصُّبْحِ (مسلم) [۱]

ترجمہ: صحابۂ کرام نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے وتر کے بارے میں سوال کیا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صبح ہونے سے پہلے وتر پڑھ لو (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَادِرُوا الصُّبْحَ بِالْوِتْرِ (مسند احمد، حديث نمبر ۴۹۵۲، مؤسسة الرسالة، بيروت) [۲]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ صبح ہونے سے پہلے وتر پڑھنے میں جلدی کرو (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:

إِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ فَقَدْ ذَهَبَ كُلُّ صَلَاةِ اللَّيْلِ، وَالْوِتْرُ، فَأَوْتِرُوا قَبْلَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ (ترمذی) [۳]

ترجمہ: جب فجر طلوع ہو جائے، تو رات کی ہر نماز (عشاء اور تہجد) چلی گئی، اور وتر بھی، تو تم فجر طلوع ہونے سے پہلے وتر پڑھ لو (ترجمہ ختم)

---

[۱] حديث نمبر ۷۵۴، كتاب صلاة المسافرين وقصرها، باب صلاة الليل مثنى مثنى، والوتر ركعة من آخر الليل، داراحياء التراث العربى، بيروت.

[۲] فى حاشية مسند احمد:
إسناده صحيح على شرط الشيخين. عبيد الله: هو ابن عمر العمرى، ونافع: هو مولى ابن عمر.

[۳] حديث نمبر ۴۶۹، ابواب الوتر، باب ما جاء فى مبادرة الصبح بالوتر، شركة مكتبة ومطبعة مصطفى البابى الحلبى - مصر.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت اغر مزنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَجُلًا أَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، إِنِّيْ أَصْبَحْتُ وَلَمْ أُوْتِرْ، فَقَالَ: إِنَّمَا الْوِتْرُ بِاللَّيْلِ قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، إِنِّيْ أَصْبَحْتُ وَلَمْ أُوْتِرْ، قَالَ: فَأَوْتِرْ (المعجم الكبير للطبرانی) [1]

ترجمہ: ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اور اس نے کہا کہ اے اللہ کے نبی! میں صبح کر چکا ہوں، اور میں نے وتر نہیں پڑھے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وتر رات میں ہیں، اس نے کہا کہ اے اللہ کے نبی! میں صبح کر چکا ہوں، اور میں نے وتر نہیں پڑھے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ وتر پڑھ لیجئے (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَصْبَحَ أَحَدُكُمْ وَلَمْ يُوْتِرْ فَلْيُوْتِرْ (مستدرک حاکم) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی صبح کرے، اور اس نے وتر نہ پڑھے ہوں، تو اسے چاہئے کہ وتر پڑھ لے (ترجمہ ختم)

---

[1] حديث نمبر ۸۹۱، مكتبة ابنِ تيمية القاهرة.

قال الهيثمی:

رواه الطبرانی فی الكبير ورجاله موثقون وإن كان فی بعضهم كلام لا يضر (مجمع الزوائد ج۲ ص ۲۶۴)

قال الالبانی:

قلت: وهذا إسناد حسن علی الأقل فی الشواهد (السلسلة الصحيحة للالبانی، تحت حديث رقم ۱۷۱۲)

[2] حديث نمبر ۱۱۳۶، كتاب الوتر، دار الكتب العلمية، بيروت، واللفظ لهٗ، سنن البيهقی، حديث نمبر ۴۱۹۵.

قال الحاكم: هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ "

وقال الذهبی فی التلخيص: علی شرطهما.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

یہ حدیث سند کے لحاظ سے بخاری کی شرط پر ہے۔

اور حضرت ابونہیک فرماتے ہیں کہ:

أَنَّ أَبَا الدَّرْدَآءِ كَانَ يَخْطُبُ النَّاسَ أَنْ لَّا وِتْرَ لِمَنْ أَدْرَكَ الصُّبْحَ فَانْطَلَقَ رِجَالٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ إِلٰى عَائِشَةَ، فَأَخْبَرُوْهَا، فَقَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْبِحُ، فَيُوْتِرُ (مسند احمد)[1]

ترجمہ: حضرت ابوالدرداء لوگوں کو خطبہ میں یہ بات فرمارہے تھے کہ جس شخص کو صبح ہوجائے، تو اس کے لئے وتر کا حکم نہیں ہے، تو مومنین میں سے بعض لوگ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں گئے، اور انہیں اس بات کی خبر دی، تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح ہونے کے بعد بھی وتر پڑھ لیا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

ان احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ وتر کی نماز کا وقت عشاء کا وقت داخل ہونے کے بعد سے لے کر طلوعِ فجر تک جاری رہتا ہے، اور یہی عشاء کا وقت بھی ہے۔

اور اگر کوئی فجر کے طلوع ہونے تک وتر نہ پڑھ سکے، تو اس کے وتر کی نماز قضا ہوجاتی ہے، لیکن اس کے باوجود وتر کو پڑھنے کا حکم باقی رہتا ہے۔

اس قسم کی احادیث وروایات کے پیشِ نظر امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے فرمایا کہ وتر کی نماز کا وقت عشاء کی نماز ہی کا وقت ہے۔

پس عشاء کی نماز کے بعد عشاء کے وقت میں صبح صادق سے پہلے پہلے جب بھی وتر پڑھ لئے جائیں، تو وہ اپنے وقت میں پڑھنا کہلائیں گے (بقیہ مسائل آخر میں ملاحظہ فرمائیں)

---

[1] حدیث نمبر ۲۶۰۵۸، مؤسسة الرسالة، بيروت.

[1] قال الهيثمي:

رواه أحمد والطبراني في الأوسط وإسناده حسن (مجمع الزوائد ج۲ ص۲۴۶، باب فيمن فاته الوتر)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

نمازِ وتر کا افضل وقت اور وتروں کے بعد نوافل پڑھنے کی بحث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِجْعَلُوْا آخِرَ صَلَاتِكُمْ بِاللَّيْلِ وِتْرًا (بخاری) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم رات میں اپنی آخری نماز وتر کو بناؤ (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ:

مَنْ صَلّٰى بِاللَّيْلِ فَلْيَجْعَلْ آخِرَ صَلَاتِهٖ وِتْرًا فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِذٰلِكَ فَإِذَا كَانَ الْفَجْرُ فَقَدْ ذَهَبَتْ كُلُّ صَلَاةِ اللَّيْلِ وَالْوِتْرُ فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَوْتِرُوْا قَبْلَ الْفَجْرِ

(مسند احمد، حديث نمبر ۶۳۷۲، مؤسسة الرسالة، بيروت) [2]

ترجمہ: جو شخص رات میں نماز پڑھے، تو اسے چاہئے کہ وہ اپنی آخری نماز وتر کو بنائے، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا حکم فرمایا ہے، پس جب فجر ہو جاتی ہے، تو رات کی ہر نماز (عشاء اور تہجد) اور وتر کی نماز کا ادا وقت چلا جاتا ہے، اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وتر کو فجر سے پہلے پڑھو (ترجمہ ختم)

اور حضرت اسود، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ:

---

[1] حديث نمبر ۹۹۸، كتاب الجمعة، باب: ليجعل آخر صلاته وترا، دارطوق النجاة، بيروت، مسلم، حديث نمبر ۱۷۵۱، ابوداؤد حديث نمبر ۱۴۳۸، مسند احمد حديث نمبر ۴۷۱۰۔

[2] فى حاشية مسند احمد:

حديث صحيح، وهذا إسناد حسن من أجل سليمان بن موسى وهو الأشدق، فيه كلام يُنْزِلُه عن رُتبة الصحيح، وبقيةُ رجاله ثقات رجال الشيخين.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّىْ مِنَ اللَّيْلِ حَتّٰى يَكُوْنَ آخِرَ صَلَاتِهِ الْوِتْرُ (مسلم) [۱]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات میں (نفل نماز) پڑھتے تھے، یہاں تک کہ آپ کی آخری نماز وتر ہوتی تھی (ترجمہ ختم)

اس سے معلوم ہوا کہ وتر کی نماز کو رات کے آخری حصہ میں (صبح صادق سے پہلے پہلے) پڑھنا بہتر وافضل ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آخر میں اسی پر عمل تھا۔

پس افضل عمل یہی ہے کہ رات کی آخری نماز وتروں کو بنایا جائے۔ [۲]

مگر وتر کی نماز کو رات کے آخری حصہ میں (صبح صادق سے پہلے پہلے) پڑھنا بہتر وافضل اس کے لئے ہے، جس کو رات کے آخری حصہ میں بیدار ہو کر (صبح صادق سے پہلے پہلے) وتر پڑھ لینے کا یقین ہو، ورنہ رات کے اول حصہ میں ہی پڑھ لینے میں احتیاط ہے۔ [۳]

چنانچہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[۱] حدیث نمبر ۷۴۰، کتاب صلاة المسافرين وقصرها، باب صلاة الليل، وعدد ركعات النبى صلى الله عليه وسلم، داراحياء التراث العربى، واللفظ لهٗ، مسند احمد، حديث نمبر ۲۶۱۵۸.

[۲] قوله " :آخر صلاته من الليل الوتر "وهو ثلاث ركعات من التسع وقال البيهقى :فى هذا ما يدل على أنه ترک الركعتين بعد الوتر، والحديث أخرجه :الترمذى، والنسائى، وأخرج مسلم طرفا منه، وهو قول عائشة " :كان رسول اللّٰه يصلى من الليل حتى يكون آخر صلاته الو تر "(شرح ابى داوٗد للعينى، ج۵ ص ۲۶۵، كتاب الصلاة، باب فى صلاة الليل)

كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلى من الليل حتى يكون آخر صلاته الوتر فيه دليل لما قدمناه من أن السنة جعل آخر صلاة الليل وترا وبه قال العلماء كافة،وسبق تأويل الركعتين بعده جالسا(شرح النووى علىٰ مسلم، ج۶ ص ۲۲،۲۳، كتاب صلاة المسافرين وقصرها،باب صلاة الليل وعدد ركعات النبى صلى الله عليه وسلم)

[۳] (قوله :والوتر إلى آخر الليل لمن يثق بالانتباه) أى وندب تأخيره لرواية الصحيحين اجعلوا آخر صلاتكم وترا والأمر للندب لرواية الترمذى من خشى منكم أن لا يستيقظ من آخر الليل فليوتر أوله ومن طمع منكم أن يوتر فى آخر الليل فليوتر من آخر الليل فإن قراءة القرآن فى آخر الليل محضورة وهى أفضل وهو دليل مفهوم قوله لمن يثق به وإذا أوتر قبل النوم، ثم استيقظ وصلى ما كتب له لا كراهة فيه ولا يعيد الوتر ولزمه ترک الأفضل المفاد بحديث الصحيحين(البحر الرائق ج ۱ ص ۲۶۱، كتاب الصلاة)

idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ خَافَ أَنْ لَّا يَقُوْمَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ فَلْيُوْتِرْ أَوَّلَهُ، وَمَنْ طَمِعَ أَنْ يَّقُوْمَ آخِرَهُ فَلْيُوْتِرْ آخِرَ اللَّيْلِ، فَإِنَّ صَلَاةَ آخِرِ اللَّيْلِ مَشْهُوْدَةٌ، وَذٰلِكَ أَفْضَلُ (مسلم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کو یہ خوف ہو کہ وہ رات کے آخری حصہ میں (صبح صادق سے پہلے پہلے) نہیں اٹھ سکے گا، تو اسے چاہئے کہ رات کے اول حصہ میں ہی (سونے سے پہلے) وتر پڑھ لے، اور جس شخص کو یہ امید ہو کہ وہ رات کے آخری حصہ میں اٹھ جائے گا، تو اسے چاہئے کہ وتر رات کے آخری حصہ میں پڑھے، کیونکہ رات کے آخری حصہ کی نماز حاضر کی جاتی ہے، اور یہ (رات کے آخری حصہ میں وتر پڑھنے کا طریقہ) افضل ہے (ترجمہ ختم)

اور ایک روایت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ الفاظ مروی ہیں کہ:

أَيُّكُمْ خَافَ أَنْ لَّا يَقُوْمَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ فَلْيُوْتِرْ، ثُمَّ لِيَرْقُدْ، وَمَنْ وَثِقَ بِقِيَامٍ مِّنَ اللَّيْلِ فَلْيُوْتِرْ مِنْ آخِرِهٖ، فَإِنَّ قِرَاءَةَ آخِرِ اللَّيْلِ مَحْضُوْرَةٌ، وَذٰلِكَ أَفْضَلُ (مسلم) [2]

ترجمہ: تم میں سے جس شخص کو یہ خوف ہو کہ وہ رات کے آخری حصہ میں نہیں اٹھ

---

[1] حدیث نمبر ۷۵۵، کتاب صلاۃ المسافرین وقصرھا، باب من خاف أن لا یقوم من آخر اللیل فلیوتر أولہ، داراحیاء التراث العربی، بیروت، واللفظ لہٗ، مسند احمد، حدیث نمبر ۱۴۳۸۱، ترمذی، ابواب الوتر، باب ما جاء فی کراھیۃ النوم قبل الوتر.

فی حاشیۃ مسند احمد:

حدیث صحیح، وھذا إسناد قوی علی شرط مسلم، رجالہ ثقات رجال الشیخین غیر أبی سفیان -وھو طلحۃ بن نافع-، فمن رجال مسلم. أبو معاویۃ: ھو محمد بن خازم الضریر.

[2] حدیث نمبر ۷۵۵، کتاب صلاۃ المسافرین وقصرھا، باب من خاف أن لا یقوم من آخر اللیل فلیوتر أولہ، داراحیاء التراث العربی، بیروت.

Idara ghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

سکے گا، تو اسے چاہئے کہ وتر پڑھ لے، پھر لیٹے، اور جس شخص کو رات کو اٹھنے کا یقین ہو، تو اسے چاہئے کہ وہ رات کے آخری حصہ میں وتر پڑھے، کیونکہ رات کے آخری حصہ کی قرائت (ونماز) حاضر کی جاتی ہے، اور یہ (رات کے آخری حصہ میں وتر پڑھنے کا طریقہ) افضل ہے (ترجمہ ختم)

رات کے آخری حصہ کی نماز وقرائت کے حاضر کئے جانے کا بعض محدثین نے تو یہ مطلب بیان فرمایا ہے کہ رحمت کے فرشتے اس وقت حاضر ہوتے ہیں، اور بعض نے یہ مطلب بیان فرمایا کہ رات اور دن کے فرشتے اس وقت میں موجود ہوتے ہیں، دن کے فرشتے آسمان سے نازل ہوتے ہیں، اور رات کے فرشتے اس وقت آسمان پر جاتے ہیں، تو یہ وقت رات اور دن کے فرشتوں کے اجتماع کا وقت ہے۔ [1]

اور یہ کہنا بھی ممکن ہے کہ اس وقت بندوں کی طرف اللہ تعالیٰ کی رحمتِ خاص متوجہ ہوتی ہے، اور اس وقت کی عبادت اللہ تعالیٰ کے دربارِ خاص میں حاضر کی جاتی ہے، کیونکہ احادیث میں اس وقت اللہ تعالیٰ کی رحمتِ خاص کے نازل ہونے کا ذکر ہے۔ [2]

---

[1] (وعن جابر قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم " :من خاف أن لا يقوم من آخر الليل ") :قال ابن الملک "من "فيه للتبعيض أو بمعنى فى ("فليوتر أوله ") ، أى :ليصل الوتر فى أول الليل، وأمره بالإتيان عند خوف الفوت يدل على وجوبه، وإليه ذهب أبو حنيفة .("ومن طمع أن يقوم آخره ") : بالنصب على نزع الخافض، أى :فى آخره بأن يثق بالانتباه ("فليوتر آخر الليل، فإن صلاة آخر الليل مشهودة ") ، أى :محضورة تحضرها ملائكة الرحمة، وقال الطيبى، أى يشهدها ملائكة الليل والنهار ينزل هؤلاء ويصعد هؤلاء ، فهو آخر ديوان الليل، وأول ديوان النهار، أو يشهدها كثير من المصلين فى العادة .("وذلک ") ، أى :الإيتار فى آخر الليل .وأبعد من قال: أى :الإيتار فى أول الليل .محتجا بأن (ذلک) إنما يشار بها للبعيد ;لأنه يشار بها للقريب أيضا إشارة إلى بعد منزلته كما فى :(ذلک الكتاب لا ريب فيه) (البقرة2 :) . ("أفضل ") : فثوابه أكمل لحضور ملائكة الرحمة والبركة والاستغفار، ولوقوعه فى أفضل أوقات الليل من الأسحار ومشاركته مع القائمين الأبرار (مرقاة ج۳ص ۹۴۳، كتاب الصلاة، باب الوتر)

[2] أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ " :يَنْزِلُ رَبُّنَا تَبَارَکَ وَتَعَالٰى كُلَّ لَيْلَةٍ إِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا حِيْنَ يَبْقَى ثُلُثُ اللَّيْلِ الآخِرُ يَقُوْلُ :مَنْ يَدْعُوْنِىْ، فَأَسْتَجِيْبَ لَهُ مَنْ يَسْأَلُنِىْ فَأُعْطِيَهُ، مَنْ يَسْتَغْفِرُنِىْ فَأَغْفِرَ لَهُ (بخارى، حديث نمبر ۱۱۴۵، كتاب الجمعة، باب الدعاء فى الصلاة من آخر الليل، عن ابى هريرة)

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اورامام مالک رحمہ اللہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ ارشاد نقل فرماتے ہیں، کہ وہ فرمایا کرتی تھیں کہ:

مَنْ خَشِيَ أَنْ يَّنَامَ حَتّٰى يُصْبِحَ، فَلْيُوتِرْ قَبْلَ أَنْ يَّنَامَ: وَمَنْ رَجَا أَنْ يَّسْتَيْقِظَ آخِرَ اللَّيْلِ، فَلْيُؤَخِّرْ وِتْرَهٗ(مؤطا امام مالک) [1]

ترجمہ: جس شخص کو یہ ڈر ہو کہ وہ صبح (صادق) ہونے تک سوتا رہ جائے گا، تو اسے چاہئے کہ وہ سونے سے پہلے وتر پڑھ لے، اور جس شخص کو یہ امید ہو کہ وہ رات کے آخری حصہ میں (طلوعِ فجر سے پہلے) بیدار ہو جائے گا، تو اسے چاہئے کہ وہ رات کے آخری حصہ میں وتر پڑھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت غضیف بن حارث سے ایک لمبی روایت میں یہ مضمون مروی ہے کہ:

قُلْتُ لِعَائِشَةَ: أَرَأَيْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْتَسِلُ مِنَ الْجَنَابَةِ فِيْ أَوَّلِ اللَّيْلِ أَوْ فِيْ آخِرِهٖ؟ قَالَتْ: رُبَمَا اِغْتَسَلَ فِيْ أَوَّلِ اللَّيْلِ، وَرُبَمَا اِغْتَسَلَ فِيْ آخِرِهٖ، قُلْتُ: اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِي الْأَمْرِ سَعَةً. قُلْتُ: أَرَأَيْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوْتِرُ أَوَّلَ اللَّيْلِ أَمْ فِيْ آخِرِهٖ؟ قَالَتْ: رُبَمَا أَوْتَرَ فِيْ أَوَّلِ اللَّيْلِ وَرُبَمَا أَوْتَرَ فِيْ آخِرِهٖ، قُلْتُ: اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِي الْأَمْرِ سَعَةً. قُلْتُ: أَرَأَيْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْهَرُ بِالْقُرْآنِ أَمْ يَخْفُتُ بِهٖ؟ قَالَتْ: رُبَمَا جَهَرَ بِهٖ وَرُبَمَا خَفَتَ، قُلْتُ: اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِي الْأَمْرِ سَعَةً(ابوداؤد) [2]

---

[1] حديث نمبر ۴۰۴، كتاب السهو، باب الامر بالوتر، مؤسسة زايد بن سلطان آل نهيان للأعمال الخيرية والإنسانية -أبو ظبى -الإمارات.

[2] حديث نمبر ۲۲۶، كتاب الطهارة، باب: الجنب يؤخر الغسل، المكتبة العصرية، بيروت، واللفظ لهٗ، مسند احمد، حديث نمبر ۲۴۲۰۲.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کیا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غسلِ جنابت رات کے اول حصہ میں فرماتے تھے، یا آخری حصہ میں؟ تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ بہت سی دفعہ رات کے اول حصہ میں غسل فرماتے تھے، اور بہت سی دفعہ رات کے آخری حصہ میں غسل فرماتے تھے، میں نے کہا کہ اللہ اکبر! تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں، جس نے اس معاملہ میں وسعت (وسہولت) پیدا فرمادی ہے۔

میں نے عرض کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے اول حصہ میں وتر پڑھا کرتے تھے، یا آخری حصہ میں؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب میں فرمایا کہ بہت سی دفعہ رات کے اول حصہ میں وتر پڑھا کرتے تھے، اور بہت سی دفعہ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

فی حاشية مسند احمد:

إسناده صحيح، غضيف بن الحارث مختلف فی صحبته، وأثبت صحبته أبو حاتم وأبو زرعة، وذكره فی التابعين ابن سعد والعِجْلی والدارقطنی ووثقوه، وذكره ابن حبان فی "الثقات "فی التابعين، وذكره أيضاً فی الصحابة.

وقال الحافظ فی "التقريب :"مختلف فی صحبته، ومنهم من فرق بين غضيف ابن الحارث، فأثبت صحبته، وغطيف بن الحارث، فقال :إنه تابعی، وهو أشبه .قلنا :وباقی رجال الإسناد ثقات .بُعْد بنُ سِنَان :هو أبو العلاء الدمشقی، نزيل البصرة.

وأن له أبو داود(٢٢٦)،والبيهقی فی "السنن "مختصراً ١/ ٩٩من طريق الإمام أحمد، بهذا الإسناد .وأخرجه مختصراً ابن أبی شيبة ١/ ٦٢، وابن ماجه(١٣٥۴)من طريق إسماعيل ابن علية، به .وأخرجه مطولاً ومختصراً أبو داود(٢٢٦)والنسائی فی "المجتبی ١/ ١٢٥، ١٢٦ "وابن حبان (٢۴۴٧)و(٢٥٨٢)والطبرانی فی "الأوسط" (٢٥٠٠)وفی "الشاميين(١٣٩١)"و(٣٩٢)و(٣٩٣)و(٢٢٣٩)،والحاكم ١/ ١٥٣، والبيهقی ١/ ١٩٩من طرق عن بُرْد بن سِنان، به وأخرجه الطبرانی فی "الشاميين" (٧٥٠)من طريق عتبة بن أبی حكيم، عن عُبادة بن نسی، به .وأخرجه أيضا فی "الشاميين(١٨٩٠)"من طريق عبد الرحمن بن أبی عون، عن مضيف بن الحارث، به.

وسيأتی مطولاً ومختصراً بالأرقام(٢۴۴٥٣)و(٢٥٠٧٠)و(٢٥١٦٠)و(٢٥٢٠٣) و (٢٥٣٣١)و(٢٥٣۴۴).وانظر(٢۴١٨٨).قال السندی :قوله :يجهر بالقرآن :فی الليل.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

رات کے آخری حصہ میں وتر پڑھا کرتے تھے، میں نے کہا اللہ اکبر! تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں، جس نے اس معاملہ میں وسعت (وسہولت) پیدا فرمادی ہے۔

میں نے عرض کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (رات کو نماز وغیرہ میں) قرآن مجید بلند آواز سے پڑھا کرتے تھے، یا آہستہ آواز میں؟ تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب میں فرمایا کہ بہت سی دفعہ بلند آواز میں پڑھا کرتے تھے، اور بہت سی دفعہ آہستہ آواز میں پڑھا کرتے تھے، میں نے کہا کہ اللہ اکبر! تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں، جس نے اس معاملہ میں وسعت (وسہولت) پیدا فرمادی ہے (ترجمہ ختم)

اور امام ابو یوسف، حضرت امام ابوحنیفہ سے، اور وہ حضرت حماد سے، اور وہ حضرت ابراہیم نخعی سے، اور وہ حضرت ابوعبداللہ جدلی سے، اور وہ حضرت عقبہ بن عمرو اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْتِرُ اَحْيَانًا مِّنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ وَوَسْطِهٖ وَآخِرِهٖ لِتَكُوْنَ سَعَةً لِّلْمُسْلِمِيْنَ (كتاب الآثار لابى يوسف) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی رات کے اول حصہ میں اور کبھی درمیانی حصہ میں، اور کبھی آخری حصہ میں وتر پڑھا کرتے تھے، تاکہ مسلمانوں کے لئے وسعت (وسہولت پیدا) ہوجائے (ترجمہ ختم)

یہ روایت سند کے اعتبار سے مضبوط ہے۔ [2]

---

[1] حديث نمبر ۳۳۸، باب فى الاضحىٰ، دارالكتب العلمية، بيروت.

[2] أبو عبد الله الجدلى الكوفى ، اسمه :عبد بن عبد ، وقيل :عبد الرحمن بن عبد.رَوَى عَن : خزيمة بن ثابت (د ت) ، وسلمان الفارسى ، وسُلَيمان بن صرد الخزاعى ، ومعاوية بن أَبى سفيان ، وأبى مسعود الأَنصارِىّ ، وعائشة (ت)،وأم سلمة (ص)رَوَى عَنه :إبراهيم النخعى (د) ، وشمر بن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اس قسم کی احادیث کے بارے میں محدثین نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے اول حصہ میں وتر اس لئے پڑھا کرتے تھے، کہ اس میں سہولت زیادہ تھی، اور امت کے لئے سہولت اور ضعفاء وکمزوروں کے لئے احتیاط کا راستہ بتلانا تھا۔

اور رات کے آخری حصہ میں وتر اس لئے پڑھا کرتے تھے، کیونکہ اس وقت وتر پڑھنے کی فضیلت زیادہ ہے، مگر یہ فضیلت قوی لوگوں کے لئے ہے، جن کو رات کے آخری حصہ میں پڑھنے کا وثوق واطمینان ہو۔ [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

عطية، وعامر الشعبي، وعطاء بن السائب، وعَمْرو بن ميمون الأزدي (ت) على خلاف فيه، ومسلم البطين، ومعبد بن خالد الجدلي، وأبو إسحاق السبيعي (ت ص)قال حرب بن إسماعيل: قيل لأحمد بن حنبل :أبو عبد الله الجدلي معروف؟ قال :نعم ووثقه وَقَال أبو بكر بن أَبي خيثمة، عن يحيى بن مَعِين :ثقة روى له أبو داود، والتِّرْمِذِيّ، والنَّسَائي في "الخصائص(تهذيب الكمال،جز ۳۴ص ۲۵)

أبو عبد الله الجدلي الكوفي .اسمه عبد بن عبد وقيل عبد الرحمن بن عبد....قلت :وذكره ابن حبان في الثقات وقال :روى عنه الحكم بن عتيبة وقال العجلي :بصري تابعي ثقة (تهذيب التهذيب،جز ۱۲ ص ۱۳۳)

[1] (قلت :كان) ، أي :أكان (يوتر أول الليل) ، أي :في أوله (أم في آخره؟ قالت :ربما أوتر في أول الليل) : وهو القليل الأسهل (وربما أوتر في آخره) : وهو الكثير الأفضل بحسب ما رأى فيه من مصلحة الوقت .(قلت :الله أكبر الحمد لله الذي جعل في الأمر سعة، قلت :كان يجهر) ، أي: في الليل (بالقراء ة أم يخفت؟) ، أي :يسر بها (قالت :ربما جهر به) ، أي :في الليل (وربما خفت) ، أي :في ليلتين، أو في ليلة بحسب ما يناسب المقام والحال(مرقاة ج۳ص ۹۴۴، كتاب الصلاة، باب الوتر)

ويستفاد من هذا الحديث فوائد، الأولى :جواز تأخير الغسل إلى وقت الصلاة .الثانية :جواز تأخير الوتر إلى آخر الليل، وبه احتج أصحابنا أن المستحب تأخير الوتر إلى آخر الليل لمن يثق بالانتباه، وإن لم يثق فأول الليل أفضل كما في صحيح مسلم " :من خاف أن لا يقوم آخر الليل فليوتر أوله، ومن طمع أن يقوم آخره فليوتر آخر الليل، فإن صلاة آخر الليل مشهودة، وفيه دليل صريح على التفصيل الذي ذكره أصحابنا وهو الصواب، وتحمل باقي الأحاديث المطلقة على هذا التفصيل الثالثة :ثبوت الخيار للقارئ بين أن يجهر به وبين أن يخافت، فقيل: الجهر أفضل، وقيل :الإخفاء أفضل، والصحيح :أنه مقيد باعتبار زمان القارء ومكانه وحاله، فيراعي الجهر والإخفاء بحسب هذا الاعتبار(شرح ابی داوٗد للعینی ج ۱ ص ۵۰۲، ۵۰۳،كتاب الطهارة، باب :الجنب يؤخر الغسل)

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ عشاء کی نماز کے بعد وتر پڑھنا جائز ہے، اور جس شخص کو رات کے آخری حصہ میں (صبح صادق سے پہلے پہلے) وتر پڑھنے کا یقین ہو، اس کے لئے رات کے آخری حصہ میں وتر پڑھنا افضل ہے۔

اور حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأَبِي بَكْرٍ: مَتٰى تُوْتِرُ؟ قَالَ: أُوْتِرُ مِنْ أَوَّلِ اللَّيْلِ، وَقَالَ لِعُمَرَ: مَتٰى تُوْتِرُ؟ قَالَ: آخِرَ اللَّيْلِ، فَقَالَ لِأَبِي بَكْرٍ: أَخَذَ هٰذَا بِالْحَزْمِ، وَقَالَ لِعُمَرَ: أَخَذَ هٰذَا بِالْقُوَّةِ (ابوداؤد) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ آپ وتر کس وقت پڑھتے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ میں رات کے اول حصہ میں پڑھتا ہوں، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ آپ وتر کس وقت پڑھتے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ رات کے آخری حصہ میں پڑھتا ہوں، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا کہ انہوں نے احتیاط کو اختیار کیا (جس میں وتر کے قضا ہونے کا شبہ نہیں) اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا کہ انہوں نے قوت (وعزیمت والے کام) کو اختیار کیا (ترجمہ ختم)

اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِي بَكْرٍ أَيَّ حِيْنٍ تُوْتِرُ؟ قَالَ: أَوَّلَ اللَّيْلِ، بَعْدَ الْعَتَمَةِ، قَالَ فَأَنْتَ يَا عُمَرُ؟ فَقَالَ: آخِرَ اللَّيْلِ، فَقَالَ

---

[1] حدیث نمبر ۱۴۳۴، کتاب الصلاۃ، باب فی الوتر، قبل النوم، المکتبۃ العصریۃ، بیروت، واللفظ لہ، مستدرک حاکم، حدیث نمبر ۱۱۲۰۔
قال الحاکم: هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ "
وقال الذهبی فی التلخیص: علی شرط مسلم.

Idara ghufran

النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، أَمَّا أَنْتَ یَا أَبَا بَکْرٍ، فَأَخَذْتَ بِالْوُثْقٰی، وَأَمَّا أَنتَ یَا عُمَرُ، فَأَخَذْتَ بِالْقُوَّۃِ(ابنِ ماجہ) ۱؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر سے فرمایا کہ آپ کس وقت وتر پڑھتے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ عشاء کے بعد رات کے شروع حصہ میں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عمر آپ کس وقت پڑھتے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ رات کے آخری حصہ میں، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوبکر آپ نے تو مضبوط اور یقینی خصلت کو اختیار کیا (جس میں وتر کے قضا ہونے کا اندیشہ نہیں) اور اے عمر آپ نے قوت (یعنی عزیمت والے کام) کو اختیار کیا (ترجمہ ختم)

اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِأَبِیْ بَکْرٍ: مَتٰی تُوْتِرُ ؟ قَالَ: مِنْ أَوَّلِ اللَّیْلِ بَعْدَ الْعَتَمَۃِ ، قَبْلَ أَنْ أَنَامَ ، وَقَالَ لِعُمَرَ: مَتٰی تُوْتِرُ ؟ قَالَ: مِنْ آخِرِ اللَّیْلِ ، قَالَ لِأَبِیْ بَکْرٍ: أَخَذْتَ بِالْحَزْمِ ، وَقَالَ لِعُمَرَ: أَخَذْتَ بِالْقُوَّۃِ(مصنف ابنِ ابی شیبۃ) ۲؎

۱؎ حدیث نمبر ۱۲۰۲، کتاب اقامۃ الصلاۃ والسنۃ فیھا، باب ماجاء فی الوتر اول اللیل، واللفظ لہٗ، مسند احمد حدیث نمبر ۱۴۵۳۵ .

وفی حاشیۃ مسند احمد: إسنادہ حسن من أجل عبد اللہ بن محمد بن عقیل.

۲؎ حدیث نمبر ۶۷۷۲ کتاب الصلاۃ، باب مَنْ قَالَ: یَجْعَلُ الرَّجُلُ آخِرَ صَلَاتِہِ بِاللَّیْلِ وَتْرًا، واللفظ لہٗ، مسند ابی یعلیٰ الموصلی، حدیث نمبر ۱۸۲۱ .

اس روایت کے تمام رجال ثقہ ہیں، سوائے عبداللہ بن محمد بن عقیل کے، جو کہ حسن الحدیث ہیں۔

قال حسین سلیم اسد: اسنادہ حسن (حاشیۃ مسند ابی یعلیٰ)

الحسین ابن علی ابن الولید الجعفی الکوفی المقریء ثقۃ عابد من التاسعۃ مات سنۃ ثلاث أو أربع ومائتین ولہ أربع أو خمس وثمانون سنۃ ع(تقریب التھذیب ج ۱ ص ۱۶۷)

زائدۃ ابن قدامۃ الثقفی أبو الصلت الکوفی ثقۃ ثبت صاحب سنۃ من السابعۃ مات سنۃ ستین وقیل

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara ghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ آپ کس وقت وتر پڑھتے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ عشاء کے بعد رات کے شروع میں ہی، سونے سے پہلے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ آپ کس وقت وتر پڑھتے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ رات کے آخر میں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ آپ نے احتیاط ویقین کو اختیار کیا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ آپ نے قوت (وعزیمت والے کام) کو اختیار کیا (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِأَبِيْ بَكْرٍ: مَتٰى تُوْتِرُ؟ قَالَ: أُوْتِرُ ثُمَّ أَنَامُ، قَالَ: بِالْجَزْمِ أَخَذْتَ ، وَسَأَلَ عُمَرَ فَقَالَ: مَتٰى تُوْتِرُ؟ قَالَ: أَنَامُ، ثُمَّ أَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ فَأُوْتِرُ قَالَ: فِعْلَ الْقَوِيِّ فَعَلْتَ (مستدرک حاکم)[1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ آپ کس وقت وتر پڑھتے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ میں (رات کے شروع میں، عشاء کی نماز کے بعد) وتر پڑھتا ہوں، پھر سوجاتا ہوں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ نے (احتیاط و) یقین کو اختیار کیا، اور حضرت عمر رضی

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

بعدها ع(تقریب التهذیب ج ا ص ۳۱۲)

عبد الله بن محمد بن عقیل، وحدیثه حسن، وفیه کلام(مجمع الزوائد ج۳ص ۱۵۰)

عبد الله بن محمد بن عقیل وفیه کلام وقد وثقه جماعة(مجمع الزوائد ج۲ص ۹۲)

عبد الله بن محمد بن عقیل، وهو مختلف فی الاحتجاج به، وقد وثقه الترمذی واحتج به أحمد وغیره(مجمع الزوائد ج ا ص ۳۱۰)

إسناده حسن من أجل عبد الله بن محمد بن عقیل، فإن حدیثه من قبیل الحسن(حاشیة مسند احمد، تحت حدیث رقم ۶۸۴)

[1] حدیث نمبر ۱۱۲۱، کتاب الوتر، دارالکتب العلمیة، بیروت.

قال الذهبی فی التلخیص: صحیح.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اللہ عنہ سے فرمایا کہ آپ کس وقت وتر پڑھتے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ میں سو جاتا ہوں، پھر رات کو اٹھ کر وتر پڑھتا ہوں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ نے قوت (وعزیمت) والا کام کیا (ترجمہ ختم)

اور حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَ أَبَا بَكْرٍ مَتٰى تُوْتِرُ؟ قَالَ: أُصَلِّيْ مَثْنٰى مَثْنٰى، ثُمَّ أُوْتِرُ قَبْلَ أَنْ أَنَامَ، فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُؤْمِنٌ حَذِرٌ وَقَالَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ: كَيْفَ تُوْتِرُ؟ قَالَ: أُصَلِّيْ مَثْنٰى مَثْنٰى، ثُمَّ أَنَامُ حَتّٰى أُوْتِرَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُؤْمِنٌ قَوِيٌّ (المعجم الكبير للطبرانی) [۱]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر سے سوال کیا کہ آپ وتر کس وقت پڑھتے ہیں؟ تو انہوں نے جواب میں کہا کہ میں دو دو رکعت (نفلیں) پڑھتا ہوں، پھر سونے سے پہلے وتر پڑھتا ہوں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں فرمایا کہ احتیاط کرنے والا مومن ہے، اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے سوال فرمایا کہ آپ کس طرح وتر پڑھتے ہیں؟ تو انہوں نے جواب میں کہا کہ میں دو دو رکعت (نفلیں) پڑھتا ہوں، پھر میں سو جاتا ہوں، یہاں تک کہ میں وتر رات کے آخری حصہ میں پڑھتا ہوں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قوی مومن ہے (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابنِ مسیّب سے روایت ہے کہ:

أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ تَذَاكَرَا الْوِتْرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

---

[۱] حدیث نمبر ۸۳۸، مکتبۃ ابنِ تیمیۃ، القاھرۃ.

قال الھیثمی:

رواہ الطبرانی فی الکبیر، وفیہ ابن لھیعۃ وفیہ کلام (مجمع الزوائد ج ۲ ص ۲۴۵)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَمَّا أَنَا فَأَنَامُ عَلٰى وِتْرٍ، فَإِنِ اسْتَيْقَظْتُ صَلَّيْتُ شَفْعًا حَتَّى الصَّبَاحِ، وَقَالَ عُمَرُ: لٰكِنِّيْ أَنَامُ عَلٰى شَفْعٍ، ثُمَّ أُوْتِرُ مِنَ السَّحَرِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِيْ بَكْرٍ: حَذِرَ هٰذَا وَقَالَ لِعُمَرَ: قَوِيَ هٰذَا (مصنف عبدالرزاق) [1]

ترجمہ: حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے وتر کا ذکر کیا، تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں تو وتر پڑھ کر سوتا ہوں، پھر اگر میں رات کو بیدار ہوجاتا ہوں، تو صبح تک دو دو رکعتیں (نفلوں کی) پڑھتا رہتا ہوں، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا لیکن میں تو نفلوں کی چند رکعتیں پڑھ کر سوجاتا ہوں، پھر میں سحری کے وقت وتر پڑھتا ہوں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر سے فرمایا کہ انہوں نے احتیاط کو اختیار کیا، اور حضرت عمر سے فرمایا کہ انہوں نے قوت کو اختیار کیا (ترجمہ ختم)

جائز دونوں طرح ہے، کھڑے ہوکر بھی، بیٹھ کر بھی، لیکن کھڑے ہوکر پڑھنے سے پورا ثواب ملتا ہے، اور بیٹھ کر پڑھنے سے اس کا نصف ثواب ملتا ہے، لہٰذا کھڑے ہوکر پڑھنا افضل ہے (فتاویٰ محمودیہ مبوب جلد ۷ صفحہ ۲۲۹)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

نمازِ وتر کی تین رکعات کا ثبوت

سوال

نماز وتر کی تین رکعات ایک سلام کے ساتھ پڑھنے کا شرعاً کیا ثبوت ہے؟ بعض لوگ اس کا انکار کرتے ہیں، اور طرح طرح کے اعتراضات کرتے ہیں۔
اس لئے تفصیلی جواب درکار ہے۔

جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وتر کی تین رکعتوں کا ہونا اور اسی طرح ان تین رکعتوں کو ایک سلام کے ساتھ پڑھنا کئی صحیح اور صریح حدیثوں اور صحابہ و تابعین کے عمل سے ثابت ہے، مگر کئی متعصب لوگ ان کو غیر ثابت کہتے ہیں، حالانکہ ان کو غیر ثابت کہنا درست نہیں۔

البتہ بعض احادیث وروایات میں دو پر سلام پھیرنے، اور ایک رکعت الگ سے پڑھنے کا ذکر آیا ہے، اور ان کا بھی انکار نہیں کیا جا سکتا۔

لیکن حنفیہ نے ایک سلام کے ساتھ تین رکعت وتر والی احادیث وروایات کو احتیاط اور دوسرے اصولوں کی وجہ سے ترجیح دی ہے۔ [1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عام عادتِ مبارکہ یہ تھی کہ آپ وتر کی نماز تہجد کے بعد ادا فرمایا

---

[1] یہ واضح رہنا ضروری ہے کہ احادیث میں وتر کا لفظ دو معنیٰ میں استعمال ہوا ہے، ایک خاص وتر کے لئے اور دوسرے رات کی عام اس نماز کے لئے جس میں تہجد کے ساتھ وتر بھی شامل ہیں، اور اس فرق کے ملحوظ نہ ہونے کی وجہ سے بعض حضرات کو کئی شبہات پیدا ہو جاتے ہیں (ملاحظہ ہو: درسِ ترمذی، ج۲ ص۲۱۳، وص۲۱۵)

قَالَ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ " :مَعْنَى مَا رُوِىَ أَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوتِرُ بِثَلَاثَ عَشْرَةَ، قَالَ: إِنَّمَا مَعْنَاهُ أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّى مِنَ اللَّيْلِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً مَعَ الوِتْرِ، فَنُسِبَتْ صَلَاةُ اللَّيْلِ إِلَى الوِتْرِ (سنن الترمذی، ابواب الوتر ،بَابُ مَا جَاءَ فِى الوِتْرِ بِسَبْعٍ)

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

کرتے تھے،اور وتر و تہجد دونوں مسجد کے بجائے گھر میں ادا فرماتے تھے۔

لہٰذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تہجد اور وتر کی نماز کے متعلق صحیح صورتِ حال اُن حضرات کے ذریعہ سے معلوم کی جا سکتی ہے، جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رات کے وقت تہجد اور وتر کی نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہو۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایات

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات میں سے ہونے کے باعث نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے رات کو تہجد اور وتر کے معمول کے بارے میں عام صحابہؑ کرام کے مقابلہ میں زیادہ واقف تھیں، اس لئے پہلے ان کی احادیث و روایات کو ذکر کیا جاتا ہے۔

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ:

أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا كَيْفَ كَانَتْ صَلَاةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَمَضَانَ فَقَالَتْ مَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَزِيْدُ فِيْ رَمَضَانَ وَلَا فِيْ غَيْرِهٖ عَلٰى إِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً يُصَلِّيْ أَرْبَعًا فَلَا تَسْئَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ ثُمَّ يُصَلِّيْ أَرْبَعًا فَلَا تَسْئَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ ثُمَّ يُصَلِّيْ ثَلَاثًا (بخاری) [1]

ترجمہ: انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ رمضانُ المبارک (کی رات) میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کیسی ہوتی تھی؟

---

[1] حدیث نمبر ۱۱۴۷، کتاب الجمعة ؛باب قیام النبی صلی اللہ علیہ وسلم باللیل فی رمضان وغیرہ،دارطوق النجاۃ، بیروت،مسلم ،حدیث نمبر ۷۳۸،باب صلاۃ اللیل وعدد رکعات النبی صلی اللہ علیہ وسلم، ابوداؤد،حدیث نمبر ۱۳۴۱ ؛باب فی صلاۃ اللیل ، ترمذی،حدیث نمبر ۴۳۹ ؛باب ما جاء فی وصف صلاۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم باللیل، نسائی،حدیث نمبر ۱۶۹۷ ؛باب کیف الوتر بثلاث،مسند احمد حدیث نمبر ۲۴۰۷۳، مؤطا امام مالک، باب صلاۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الوتر.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا کہ (رمضان کی کیا خصوصیت؟) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعتوں سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے۔ پہلے چار رکعتیں پڑھتے کچھ نہ پوچھو کہ وہ کتنی حسین وطویل ہوتی تھیں، پھر چار رکعتیں پڑھتے کچھ نہ پوچھو کہ وہ کتنی حسین اور طویل ہوتی تھیں، پھر تین رکعتیں پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

اس حدیث میں تین رکعت سے وتر مراد ہیں، اور باقی رکعتیں صلاۃ اللیل اور تہجد کی ہیں۔ البتہ بعض روایات میں رات کی نماز کی رکعات کے بارے میں اس مذکورہ تعداد سے کچھ کم وبیش تعداد کا ذکر ہے، جو کہ دراصل مختلف اوقات وحالات پر محمول ہیں۔ [1]

---

[1] اور بعض روایات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جو رات کو وتروں سمیت تیرہ رکعتیں پڑھنے کا ذکر ہے، ان میں دو رکعتیں فجر کی سنتوں کی بھی شامل ہیں، یا تیرہ کا ذکر اس وجہ سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات ہلکی پھلکی مزید دو رکعتیں بھی پڑھا کرتے تھے، اور اس طرح ان کی تعداد تیرہ بن جاتی تھی، چنانچہ بعض روایات میں تیرہ رکعتوں میں سے دو رکعتوں کے فجر کی سنتیں ہونے کا، اور بعض روایات میں فجر کی سنتوں کے علاوہ مزید دو ہلکی پھلکی رکعتیں پڑھنے کا صراحتاً ذکر ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهَا ,قَالَتْ " :كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ بِتِسْعٍ فَلَمَّا بَلَغَ سِنًّا وَثَقُلَ أَوْتَرَ بِسَبْعٍ "(شرح معانی الآثار، حدیث نمبر ۱۶۹۱، باب الوتر)

عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوتِرُ بِتِسْعِ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ أَوْتَرَ بِسَبْعِ رَكَعَاتٍ، وَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ بَعْدَ الْوِتْرِ يَقْرَأُ فِيهِمَا، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَرْكَعَ قَامَ، فَرَكَعَ، ثُمَّ سَجَدَ(ابوداؤد، حدیث نمبر ۱۳۵۱)

أَخْبَرَنِي سَعْدُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهُ سَمِعَهَا تَقُولُ :إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوتِرُ بِتِسْعِ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ، فَلَمَّا ضَعُفَ أَوْتَرَ بِسَبْعِ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ(سنن نسائی، حدیث نمبر ۱۷۲۲)

عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ " :كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ بِتِسْعٍ، فَلَمَّا أَسَنَّ وثَقُلَ أَوْتَرَ بِسَبْعٍ (مسند احمد، حدیث نمبر ۲۴۰۴۲)

عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ :كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ بِثَلَاثَ عَشْرَةَ، فَلَمَّا كَبُرَ وَضَعُفَ أَوْتَرَ بِسَبْعٍ وَفِي البَابِ عَنْ عَائِشَةَ :حَدِيثُ أُمِّ سَلَمَةَ حَدِيثٌ حَسَنٌ(ترمذی، حدیث نمبر ۴۵۷)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ بِاللَّيْلِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً ثُمَّ يُصَلِّيْ إِذَا سَمِعَ النِّدَآءَ بِالصُّبْحِ رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ (بخاری) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو (وتروں سمیت) تیرہ رکعتیں پڑھا کرتے تھے، پھر جب فجر کی اذان سنتے تو دو ہلکی پھلکی (فجر کی دو سنت) رکعتیں پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت قاسم بن محمد سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ:

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً مِنْهَا الْوِتْرُ وَرَكْعَتَا الْفَجْرِ (بخاری) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم رات کو تیرہ رکعتیں پڑھا کرتے تھے، ان میں (تین) وتر اور دو فجر کی سنتیں ہوا کرتی تھیں (ترجمہ ختم)

اور حضرت عبداللہ بن ابی قیس کی روایت میں مختلف حالات واوقات کی مختلف تعداد کا ذکر ہے، جو کہ تمام روایات کی جامع ہے۔

چنانچہ وہ فرماتے ہیں کہ:

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُوتِرُ بِثَلَاثَ عَشْرَةَ فَلَمَّا كَبُرَ وَضَعُفَ أَوْتَرَ بِخَمْسٍ أَوْ سَبْعٍ شَكَّ إسحاق(مسند إسحاق بن راهويه، حديث نمبر ۸۹۲)

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ :قَالَ :كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "يُوتِرُ بِتِسْعٍ حَتَّى إِذَا بَدَّنَ وَكَثُرَ لَحْمُهُ أَوْتَرَ بِسَبْعٍ وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ(مسند احمد، حديث نمبر ۲۲۳۱۳)

والمراد بالوتر فى الاحاديث المذكورة ،صلاة اللَّيْلِ مَعَ الوِتْرِ، فَنُسِبَتْ صَلَاةُ اللَّيْلِ إِلَى الوِتْرِ، كما مر.وسيأتى فى حديث قاسم بن محمد عن عائشة.

[1] حديث نمبر ۱۱۷۰ ،كتاب الجمعة،باب مايقرأ فى ركعتى الفجر، دارطوق النجاة، بيروت.

[2] حديث نمبر ۱۱۴۰ ،كتاب الجمعة،باب كيف كان صلاة النبى صلى الله عليه وسلم وكم كان النبى صلى الله عليه وسلم يصلى من الليل، دارطوق النجاة، بيروت.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

سَأَلْتُ عَائِشَةَ: بِكَمْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْتِرُ؟ قَالَتْ: بِأَرْبَعٍ وَّثَلَاثٍ، وَسِتٍّ وَّثَلَاثٍ، وَثَمَانٍ وَّثَلَاثٍ، وَعَشْرَةٍ وَّثَلَاثٍ، وَلَمْ يَكُنْ يُوْتِرُ بِأَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَلَا أَنْقَصَ مِنْ سَبْعٍ، وَكَانَ لَا يَدَعُ رَكْعَتَيْنِ (مسند احمد)[1]

ترجمہ: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتنے وتر (یعنی صلاۃُ اللیل مع الوتر) پڑھا کرتے تھے، تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ (کبھی) چار اور تین پڑھا کرتے تھے، اور (کبھی) چھ اور تین، اور (کبھی) آٹھ اور تین، اور (کبھی) دس اور تین، اور تیرہ رکعات سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے، اور نہ سات سے کم، اور (فجر سے پہلے کی) دو رکعتوں کو نہیں چھوڑتے تھے (ترجمہ ختم)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جن دو رکعتوں کے نہ چھوڑنے کا ذکر فرمایا، وہ فجر سے پہلے کی دو رکعات ہیں، جن کی دوسری روایات میں وضاحت پائی جاتی ہے۔[2]

اس روایت میں مختلف اوقات وحالات کی تعداد کو ذکر کر دیا گیا ہے، جس سے دوسری روایات

---

[1] حدیث نمبر ۲۵۱۵۹، مؤسسة الرسالة، بیروت، واللفظ لہٗ، ابوداؤد، حدیث نمبر ۱۳۶۲، شرح معانی الآثار، حدیث نمبر ۱۶۹۷.

فی حاشیة مسنداحمد: إسناده صحیح علی شرط مسلم.

[2] قَالَ أَبُو دَاوُدَ: زَادَ أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ: وَلَمْ يَكُنْ يُوتِرُ بِرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ، قُلْتُ: مَا يُوتِرُ؟ قَالَتْ: لَمْ يَكُنْ يَدَعُ ذٰلِكَ، وَلَمْ يَذْكُرْ أَحْمَدُ: وَسِتٍّ وَثَلَاثٍ (سنن أبی داوٗد، کتاب الصلاة، بَابٌ فِي صَلَاةِ اللَّيْلِ)

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي قَيْسٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ كَمْ كَانَ يُوتِرُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَتْ: كَانَ يُوتِرُ بِأَرْبَعٍ وَثَلَاثٍ، وَسِتٍّ وَثَلَاثٍ، وَثَمَانٍ وَثَلَاثٍ، وَعَشْرٍ وَثَلَاثٍ، لَمْ يَكُنْ يُوتِرُ بِأَنْقَصَ مِنْ سَبْعٍ وَلَا بِأَفْضَلَ مِنْ ثَلَاثَ عَشْرَةَ، وَكَانَ لَا يَتْرُكُ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الصُّبْحِ (مسند الشامیین للطبرانی، حدیث نمبر ۱۹۱۸)

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي قَيْسٍ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ بِكَمْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم يُوتِرُ فَقَالَتْ بِأَرْبَعٍ وَثَلَاثٍ وَبِسِتٍّ وَثَلَاثٍ وَثَمَانٍ وَثَلَاثٍ وَعَشْرٍ وَثَلَاثٍ وَلَمْ يَكُنْ يُوتِرُ بِأَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَلَا أَنْقَصَ مِنْ سَبْعٍ وَكَانَ لَا يَدَعُ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ (مسند اسحاق بن راهويه، حدیث نمبر ۱۶۷۷)

Idaraghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

میں موجود ظاہری ٹکراؤ کا جواب بھی معلوم ہو گیا۔ ؎۱

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے مختلف اوقات وحالات کی تعداد کو ذکر کرنے کے ساتھ ساتھ تین رکعت کو ہر ایک کے ساتھ ذکر فرمایا، جس سے مراد وتر ہیں، کیونکہ مغرب کی نماز کے علاوہ کوئی فرض ونفل نماز وتر اور طاق عدد نہیں۔

جس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ وتر کی تین رکعات پڑھا کرتے تھے۔ ؎۲

؎۱ وهـذا أصـح مـا وقفت عليه من ذلک وبه يجمع بين ما اختلف عن عائشة من ذلک والله أعلم قـال الـقـرطـبـي أشـكـلـت روايـات عـائـشة عـلى كثير من أهل العلم حتى نسب بعضهم حديثها إلى الاضـطـراب وهـذا إنما يتم لو كان الراوي عنها واحدا أو أخبرت عن وقت واحد والصواب أن كل شـيء ذكـرته من ذلک محمول على أوقات متعددة وأحوال مختلفة بحسب النشاط وبيان الجواز والله أعلم وظهر لي أن الحكمة في عدم الزيادة على إحدى عشرة أن التهجد والوتر مختص بصلاة الـليل وفرائض النهار الظهر وهي أربع والعصر وهي أربع والمغرب وهي ثلاث وتر النهار فناسب أن تـكـون صـلاة الـلـيـل كـصلاة النهار في العدد جملة وتفصيلا وأما مناسبة ثلاث عشرة فبضم صلاة الـصبـح لـكونها نهارية إلى ما بعدها (فتح الباري لابن حجر ج۳ص ۲۱، قوله باب كيف صلاة الليل وكم كان النبي صلى الله عليه وسلم يصلي بالليل)

ودل أيـضـا أنـه كـان يـصلي إحدى عشرة ركعة سوى ركعتي الفجر وهما سنة فتكون الجملة ثلاث عشـرة ركعة فإن قلت في (الموطأ) مـن حـديـث هـشـام عنها أنه كان يصلي ثلاث عشرة ركعة ثم يصلي إذا سمع نداء الصبح ركعتين وسيأتي في باب ما يقرأ في ركعتي الفجر عن عبد الله بن يوسف عـن مـالـک بـه فتـكـون الـجملة خمس عشرة ركعة قلت لعل ثلاث عشرة بإثبات سنة العشاء التي بـعـدهـا أو أنـه عـد الـركـعتين الخفيفتين عند الافتتاح أو الركعتين بعد الوتر جالسا(عمدة القاري، كتاب التهجد، باب كيف صلاة الليل وكيف كان النبي صلى الله عليه وسلم يصلي من الليل)

وَقَوْلُهَا يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الصُّبْحِ يَعْنِي قَبْلَ صَلَاةِ الصُّبْحِ وَهُمَا الرَّكْعَتَانِ اللَّتَانِ ذَكَرَهُمَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُد فِي حَدِيثِهِ أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّيهِمَا بَيْنَ الْأَذَانِ وَالْإِقَامَةِ (شرح معاني الآثار، باب الوتر)

وَقَدْ جَاء ثَلَاث عَشْرَة رَكْعَة فَيُحْمَل عَلَى أَنَّ هَذَا كَانَ أَحْيَانًا أَوْ لَعَلَّهُ مَبْنِيّ عَلَى عَدّ الرَّكْعَتَيْنِ الْخَفِيفَتَيْنِ اللَّتَيْنِ يَبْدَأ بِهِمَا صَلَاة اللَّيْل مِنْ صَلَاة اللَّيْل أَحْيَانًا وَتَرْكه أُخْرَى وَعَلَى كُلّ تَقْدِير فَهَذِهِ الْهَيْئَة لِصَلَاةِ اللَّيْل لَا بُدّ مِنْ حَمْلهَا عَلَى أَنَّهَا كَانَتْ أَحْيَانًا وَإِلَّا فَقَدْ جَاءَتْ هَيْئَات أُخَر فِي قِيَام اللَّيْل(حاشية السندي على ابن ماجة تحت حديث رقم ۱۳۴۸)

؎۲ فَفِي هَذَا الْحَدِيثِ ذِكْرُهَا لَمَّا كَانَ يُصَلِّيهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اللَّيْلِ مِنَ التَّطَوُّعِ وَتَسْمِيَتُهَا إِيَّاهُ وِتْرًا إِلَّا أَنَّهَا قَدْ فَصَلَتْ بَيْنَ الثَّلَاثِ وَبَيْنَ مَا ذَكَرَتْ مَعَهَا وَلَيْسَ فِي ذَلِكَ إِلَّا لِأَنَّ الثَّلَاثَ كَانَ لَهَا مَعْنًى بَائِنٌ مِنْ مَعْنَى مَا قَبْلَهَا(شرح معاني الآثار، باب الوتر، تحت حديث ۱۶۹۷)

فثبت بـمـجموع الروايات عن عائشة رضي الله عنها ان الوتر ثلاث ركعات بتسليمة واحدة (اعلاء السنن، ج۶ ص۳۵، باب الايتار بثلاث الخ)

idaraghufran

اور ان روایات سے بظاہر متبادر یہی ہے کہ وتر کی تینوں رکعتیں ایک سلام کے ساتھ ہوتی تھیں۔ [۱]

کیونکہ ان تین رکعات کو دوسری رکعتوں سے الگ کر کے ذکر کیا گیا ہے، بالخصوص جبکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی دوسری روایات میں اس کی مکمل وضاحت بھی پائی جاتی ہے۔ [۲]

حضرت عبدالرحمٰن بن ابزی، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ:

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْتِرُ بِثَلَاثٍ، يَقْرَأُ فِي الْأُوْلٰى سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى وَفِي الثَّانِيَةِ قُلْ يَآ أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ وَفِي الثَّالِثَةِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ (المعجم الاوسط للطبرانی) [۳]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم تین وتر پڑھا کرتے تھے، پہلی رکعت میں سبح اسم ربک الاعلیٰ، اور دوسری رکعت میں قل یا ایہا الکافرون، اور تیسری رکعت میں قل ہو اللہ احد پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

یہ حدیث ایک دوسری سند کے ساتھ حضرت عبدالرحمٰن بن ابزی خزاعی رضی اللہ عنہ سے براہِ راست صحیح سند کے ساتھ بھی مروی ہے۔ [۴]

وتروں کی تین رکعات اور ہر رکعت میں ایک سورت پڑھنے کی وضاحت وصراحت ہونے

---

[۱] والمتبادر أن الوتر ثلاث بسلام واحد (حاشية مسند احمد، تحت حديث رقم ۲۴۰۷۳)

[۲] اور اگر اس کے برعکس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول دو سلاموں کے ساتھ وتر کی تین رکعتیں پڑھنے کا ہوتا، تو یہ ایک غیر معمولی بات ہوتی، اور اس کا روایت میں ضرور ذکر ہوتا، اور اس صورت میں وتر کو تین رکعات نہ بتلایا جاتا۔

[۳] حديث نمبر ۴۲۸۵، دارالحرمين، القاهرة.

[۴] عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "أَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ فِي الْوِتْرِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى وَقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ وَقُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ، فَإِذَا سَلَّمَ قَالَ: سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ، سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ، سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ، وَرَفَعَ بِهَا صَوْتَهُ "(مسند احمد، حديث نمبر ۱۵۳۵۴)

في حاشية مسند احمد:

إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عزرة وهو ابن عبد الرحمن الخزاعي فمن رجال مسلم بهز هو ابن أسد العَمِّي وهمام هو ابن يحيى العوذي.

Idaraghufran

سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی تین رکعتیں پڑھا کرتے تھے، اور یہ بھی ظاہر ہے کہ یہ تینوں رکعتیں مغرب کی طرح دو رکعات پر قعدے اور تیسری رکعت پر ہی سلام پھیرنے کے ساتھ ہوتی تھیں۔

کیونکہ دو پر سلام پھیرنے کے بعد ایک رکعت الگ ہو جاتی ہے، ایسی صورت میں تین وتر پڑھنے کے بجائے ایک وتر پڑھنا کہا جاتا۔

اور حضرت عبدالعزیز بن جریج رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

سَأَلْتُ عَائِشَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ بِأَيِّ شَيْءٍ كَانَ يُوتِرُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ قَالَتْ: كَانَ يَقْرَأُ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولٰى بِ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى، وَفِي الثَّانِيَةِ بِ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَفِي الثَّالِثَةِ بِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ (مسند احمد) [1]

ترجمہ: میں نے اُمُّ المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتروں میں کون سی سورتیں پڑھتے تھے؟ تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب میں فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلی رکعت میں سبح اسم ربک الاعلیٰ، دوسری میں قل یا ایها الکفرون اور تیسری میں قل هو الله احد اور معوذتین پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت عمرہ رحمہ اللہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوتِرُ بِثَلَاثٍ، يَقْرَأُ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولٰى بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى، وَفِي الثَّانِيَةِ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَفِي الثَّالِثَةِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ،

---

[1] حدیث نمبر ۲۵۹۰۶، مؤسسة الرسالة، بیروت، واللفظ لهٗ، ترمذی حدیث نمبر ۴۲۵، ابنِ ماجه حدیث نمبر ۱۱۶۳.
فی حاشية مسند احمد: صحيحٌ لغيره، دون قوله: والمُعَوِّذَتَين.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

وَقُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (سنن دار قطنی) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات وتر پڑھا کرتے تھے، پہلی رکعت میں سبح اسم ربک الاعلیٰ، دوسری میں قل یٰایھا الکٰفرون اور تیسری میں قل ھوا للہ احد، اور معوذتین پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

ملحوظ رہے کہ اکثر احادیث وروایات میں وتروں کی تیسری رکعت میں صرف قل ھواللہ احد پڑھنے کا ذکر ہے، معوذتین پڑھنے کا ذکر نہیں، اس لئے اہلِ علم حضرات نے تیسری رکعت میں صرف سورہ اخلاص پڑھنے کو راجح قرار دیا ہے۔

اور حضرت اسود، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ:

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى مِنَ الْوِتْرِ بِأُمِّ الْكِتَابِ، وَسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى وَفِي الثَّانِيَةِ بِأُمِّ الْكِتَابِ وَقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ وَفِي الثَّالِثَةِ بِأُمِّ الْكِتَابِ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ (مسند الامام الاعظم، برواية الحارثي، ج۲ص۴۹۸، حديث نمبر ۷۹۳)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ اور سبح اسم ربک الاعلیٰ، اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور قل یٰایھا الکٰفرون اور تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور قل ھوا للہ احد پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ان احادیث میں بھی تین رکعات وتر پڑھنے کا ذکر ہے، اور ان میں قرائت کی بھی تفصیل مذکور ہے، مگر درمیان میں سلام پھیرنے یا ایک رکعت کے الگ سے پڑھنے کا ذکر نہیں، جس سے اسی کی تائید ہوتی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم وتروں کی تین

---

[1] حديث نمبر ۱۶۷۲، كتاب الوتر، ما يقرأ في ركعات الوتر والقنوت فيه، مؤسسة الرسالة، بيروت، واللفظ لهٗ؛ مستدرک حاکم، حديث نمبر ۱۱۴۴.
قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: رواته ثقات عنه وهو على شرط البخاري ومسلم.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

رکعتیں ایک سلام کے ساتھ ادا فرماتے تھے۔

اور دو پر سلام نہ پھیرنے کی بعض صریح اور واضح احادیث آگے آتی ہیں۔ [1]

چنانچہ حضرت سعد بن ہشام رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ عَـائِشَةَ حَدَّثَتْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يُسَلِّمُ فِي رَكْعَتَيِ الْوِتْرِ (نسائی) [2]

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سعد بن ہشام سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی دو رکعتوں پر سلام نہیں پھیرتے تھے (ترجمہ ختم)

اس حدیث کے تمام رجال ثقہ ہیں۔ [3]

---

[1] وفيــه إشــارـة إلى أن الثلاث بسـلام واحد، وإلا لقـالـت :فـي ركعة بـــ (قل هو اللـه أحد) (الإخلاص: ۱) والمعوذتين(مرقاة، ج۳ص۹۴۸، كتاب الصلاة، باب الوتر)

[2] حـديـث نـمبـر ۱۶۹۸، كتـاب قيـام الـليـل وتـطـوع الـنهـار، بـاب كيف الوتر بثلاث، مكتب الـمطبوعات الإسلامية -حـلـب، والـلـفـظ لـهٗ، السنن الكبرىٰ للنسائى حديث نمبر ۱۴۰۰، سنن الـدارقـطـنـى حـديث نمبر ۱۶۶۵، سنن البيهقى حديث نمبر ۴۸۱۴، المؤطا للامام محمد، حديث نمبر ۲۶۶، مصنف ابن ابى شيبة، حديث نمبر ۶۹۱۲.

[3] چنانچہ نسائی کی سند یہ ہے:

أَخْبَرَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ، قَالَ :حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ :حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، أَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ.

سعید بن ابی عروبہ، قتادہ، زرارہ بن اوفیٰ اور سعد بن ہشام، اور بشر بن مفضل بخاری ومسلم کے رجال میں سے ہیں۔

اور اسماعیل بن مسعود جحدری جو کہ امام نسائی کے شیخ ہیں، وہ بھی ثقہ ہیں۔

إسـمـاعيل بن مسعود الجحدرى بصرى يكنى أبا مسعود ثقة من العاشرة مات سنة ثمان وأربعين (تقريب التهذيب ج ۱ ص ۹۹)

اور مؤطا امام محمد کی سند اور رجال کا حال درجِ ذیل ہے:

قال محمد :أخبـرنا سعيدبن أبى عروبة عن قتادة عن زرارة بن أبى أوفى عن سعيد بن هشام عن عائشة (موطأ الإمام محمد بن الحسن)

قوله :أخبـرنـا سعيد بن أبى عروبة بفتح العين وضم الراء وسكون الواو -اسـمه مهران بالكسر - الـعـدوى مولى بنى عدى بن يشكر أبو النضر البصرى قال ابن معين والنسائى وأبو زرعة :ثقة وقال ابن أبى خيثمة :أثبت الناس فى قتادة سعيد بن أبى عروبة وهشام الدستوائى وقال أبو داود

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُسَلِّمُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

الطيالسي :كان أحفظ أصحاب قتادة وقال أبو حاتم :هو قبل أن يختلط ثقة وذكره ابن حبان في " الثقات "وقال مات سنة١٥٥ هـ وبقي في اختلاطه خمس سنين كذا في "تهذيب التهذيب "قوله :عن قتادة هو ابن دعامة -بكسر الدال المهملة وخفة العين المهملة -كما ضبطه الفتني في " المغني "ابن قتادة بن عزيز أبو الخطاب السدوسي البصري الضرير الأكمه المفسر ولد أكمه وحدث عن أنس رضي الله عنه وعبد الله بن سرجس رضي الله عنه وسعيد بن المسيب وغيرهم وعنه مسعر وأبو عوانة وهشام الدستوائي وسعيد بن أبي عروبة وغيرهم قال ابن سيرين :كان أحفظ الناس وقال أحمد :عالم بالتفسير وباختلاف العلماء ووصفه بالحفظ والفقه وأطنب في ذكره وكان من أجلة الثقات عالما بالعربية واللغة وأيام العرب والأنساب مات بواسط بالطاعون سنة ١١٨ هـ وقيل :سنة١١٧ هـ كذا في "تذكرة الحفاظ "للذهبي وله ترجمة طويلة مشتملة على ثناء الناس عليه في "تهذيب التهذيب "وغيره

قوله :عن زرارة بضم الزاء المعجمة وفتح الرائين المهملتين بينهما ألف كما ذكر في "المغني " ابن أبي أوفى هكذا في بعض النسخ وفي كثير من النسخ المصححة ابن أوفى وكذا ذكره في " التهذيب "وغيره أنه زرارة بن أوفى العامري أبو حاجب البصري وثقه النسائي والعجلي وابن حبان وغيرهم مات سنة ٩٣هـ على ما ذكره ابن سعد وقيل غير ذلك

قوله :عن سعيد بن هشام هكذا وجدنا في النسخ الحاضرة والذي في "تهذيب الكمال "و" تهذيبه "و "تقريبه "و "تذهيبه "و "الكاشف "و "جامع الأصول "وكتاب "الثقات "لابن حبان أن اسمه سعد -بدون الياء -بن هشام بن عامر الأنصاري المدني ابن عم أنس روى عن أبيه وعائشة وابن عباس وسمرة وأنس وغيرهم وعنه زرارة والحسن البصري وثقه النسائي وابن سعد استشهد بمكران -بضم الميم -بلدة بالهند وكذا هو في كتاب "الحجج "(التعليق الممجد على المؤطا للامام محمد، تحت حديث رقم ٢٦٦)

اور باقی کتب کی اسناد درج ذیل ہیں:

حَدَّثَنَا عَبْدَةُ ، عَنْ سَعِيدٍ ، عَنْ قَتَادَةَ ، عَنْ زُرَارَةَ ، عَنْ سَعدِ بْنِ هِشَامٍ ، عَنْ عَائِشَةَ ، (مصنف ابن ابی شیبة)

حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ ,ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمَانَ ,ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ ,ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ ,ثنا قَتَادَةُ ,ح وَثنا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ,ثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ , ثنا أَبُو بَدْرٍ شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ قَيْسٍ ,ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ ,عَنْ قَتَادَةَ ,عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى ,عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ ,عَنْ عَائِشَةَ ,قَالَتْ :(دارقطنی)

أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللهِ الْحَافِظُ، وَأَبُو سَعِيدِ بْنُ أَبِي عَمْرٍو قَالَا :ثنا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ ثنا يَحْيَى بْنُ أَبِي طَالِبٍ، أنبأ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، ثنا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا أَنَّهَا قَالَتْ(سنن البيهقی)

Idaraghufran

الْـأُوْلَيَيْنِ مِنَ الْوِتْرِ (مستدرک حاکم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی دو رکعتوں کے بعد سلام نہیں پھیرتے تھے (ترجمہ ختم)

امام حاکم اور علامہ ذہبی کی تصریح کے مطابق یہ روایت سند کے اعتبار سے بخاری ومسلم کی شرط پر ہے۔ [2]

اور امام حاکم ہی نے ایک روایت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ان الفاظ میں روایت کی ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُوْتِرُ بِثَلاثٍ لاَ يُسَلِّمُ إِلَّا فِيْ آخِرِهِنَّ وَهٰذَا وِتْرُ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَعَنْهُ أَخَذَهُ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ (مستدرک حاکم) [3]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات وتر پڑھتے تھے اور سلام فقط آخری رکعت میں پھیرتے تھے (اس کے بعد امام حاکم فرماتے ہیں)

اور یہی امیر المؤمنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بھی وتر ہیں، انہیں سے وتروں کو اہلِ مدینہ نے لیا ہے (ترجمہ ختم)

یہ حدیث بھی پہلی حدیث کے مطابق ہے، اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے تین وتروں کے پڑھنے کا ذکر آگے آتا ہے۔ [4]

---

[1] حديث نمبر ۱۱۳۹، كتاب الوتر، دارالكتب العلمية، بيروت، مسند اسحاق بن راهويه حديث نمبر ۱۳۱۰، صلاة الوتر لمحمد بن نصر المروزى، حديث نمبر ۴۷.

[2] قال الحاكم: هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَوَاهِدُ.
وقال الذهبى فى التلخيص: على شرطهما.

[3] حديث نمبر ۱۱۴۰، كتاب الوتر، دارالكتب العلمية، بيروت.

[4] امام حاکم کی سند یہ ہے:
أَخْبَرَنَاهُ أَبُو نَصْرٍ أَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيهُ بِبُخَارَى، ثنا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبِيبٍ الْحَافِظُ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک سلام سے وتر کی تین رکعتیں پڑھا کرتے تھے، اور خلیفۂ راشد حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور آپ کی اتباع میں مدینہ کے لوگ بھی ایک سلام

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

اس حدیث کو امام حاکم نے پہلی حدیث کا شاہد قرار دیا ہے۔

اور اس حدیث میں حضرت قتادہ سے ابان بن یزید روایت کرتے ہیں، جو کہ ثقہ ہیں۔

أبـان بـن يزيد العطار ، أبو يزيد البَصْرِيّ......قال صالح بن أحمد بن حنبل عَن أبيه :ثبت في كل المشايخ .وَقَال أبو بكر بن أَبي خيثمة عن يحيى بن مَعِين ، :ثقة ، كان يحيى بن سَعِيد يروى عنه ، وكان أحب إليه من همام ، وهمام أحب إلي.وَقَال النَّسَائي :ثقة ،روى له الجماعة ، سوى ابن ماجة(تهذيب الكمال ج۲ ص ۲۴ تا ۲۶ ، ملخصاً)

لہٰذا یہ حدیث بھی درست ہے۔

وقـد رواه عـن سـعيـد بـن ابـى عـروبة هكذا جماعة من الثقات منهم بشر بن المفضل عندالنسائى، ومـحـمـد بـن الـحسن الشيبانى فى مؤطائه ، ويزيد بن زريع وابوبدر شجاع بن الوليد عند دارقطنى وعبـدالـوهـاب بن عطاء وعيسىٰ بن يونس عندالحاكم ومطعم بن المقدام عند الطبرانى فى الصغير كـما فى التعليق الحسن كلهم بلفظ "لايسلم" وخالفه ابان بن يزيد كما فى بعض نسخ المستدرك فقـال لايـقـعـد ووافقه فى بعضها وقال لايسلم كما قاله سعد ، فالحق ترجيح نسخة التى توافق لفظ صـغيـر لاتـفاق الثقات عنه على لفظ "لايسلم " لاسيما وسعيد ابن ابى عروبة ثقة حافظ اثبت الناس فـى قتـادة ......وسعيد تابعه هشام الدستوائى ومعمر وهمام عن قتادة(اعلاء السنن، ج۶ ص ۵۲،باب الايتـار بثـلاث مـوصـولةوعـدم الـفـصـل بيـنهـن بالسلام ووجوب القعدة على الركعتين عنها الخ ، ملخصاً)

پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی احادیث سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تین وتر پڑھنا اور اس سے بڑھ کر ایک سلام کے ساتھ تین وتر پڑھنا صحیح اسناد کے ساتھ بلکہ بخاری ومسلم کی شرط کے مطابق ثابت ہے۔

مگر بعض متعصب لوگوں کو جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حضرت قتادہ سے مروی اس حدیث میں کوئی اور علت نظر نہیں آئی، تو انہوں نے اس حدیث پر یہ اعتراض کیا کہ حضرت قتادہ نے اس حدیث کو حضرت زرارہ بن اوفیٰ سے لفظِ ''عَنْ'' کے ساتھ روایت کیا ہے، جس کی وجہ سے یہ روایت ضعیف ہے۔

مگر یہ بات درست نہیں، کیونکہ حضرت قتادہ اور حضرت زرارہ بن اوفیٰ بخاری ومسلم کے رجال میں سے ہیں، نیز حضرت قتادہ کا حضرت زرارہ بن اوفیٰ سے سماع بھی ثابت ہے، جس کی صراحت بخاری ومسلم کی حدیث میں موجود ہے۔ چند اسناد ملاحظہ ہوں:

حَدَّثَنَا آدَمُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ :سَمِعْتُ زُرَارَةَ بْنَ أَوْفَى، يُحَدِّثُ عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :مَثَلُ الَّذِى يَقْرَأُ الْقُرْآنَ، وَهُوَ حَافِظٌ لَهُ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ، وَمَثَلُ الَّذِى يَقْرَأُ، وَهُوَ يَتَعَاهَدُهُ، وَهُوَ عَلَيْهِ شَدِيدٌ فَلَهُ

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara Ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

سے وتر کی تین رکعتیں پڑھا کرتے تھے، جس کی مزید تفصیل آگے آتی ہے۔

اور ایک اور سند سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا صَلَّى الْعِشَاءَ دَخَلَ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

أَجْرَانِ (بخاری، حدیث نمبر ۴۹۳۷، كِتَابُ تَفْسِيرِ القُرْآنِ، باب يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجًا)

حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، حَدَّثَنَا زُرَارَةُ بْنُ أَوْفَى، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَرْفَعُهُ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ تَجَاوَزَ لِأُمَّتِي عَمَّا وَسْوَسَتْ، أَوْ حَدَّثَتْ بِهِ أَنْفُسَهَا، مَا لَمْ تَعْمَلْ بِهِ أَوْ تَكَلَّمْ (بخاری، حدیث نمبر ۶۶۶۴، كِتَابُ الأَيْمَانِ وَالنُّذُورِ، بَابُ إِذَا حَنِثَ نَاسِيًا فِي الأَيْمَانِ)

حَدَّثَنَا آدَمُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ زُرَارَةَ بْنَ أَوْفَى، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ: أَنَّ رَجُلًا عَضَّ يَدَ رَجُلٍ، فَنَزَعَ يَدَهُ مِنْ فَمِهِ، فَوَقَعَتْ ثَنِيَّتَاهُ، فَاخْتَصَمُوا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَعَضُّ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ كَمَا يَعَضُّ الفَحْلُ؟ لاَ دِيَةَ لَكَ (بخاری، حدیث نمبر ۶۸۹۲، كِتَابُ الدِّيَاتِ، بَابُ إِذَا عَضَّ رَجُلًا فَوَقَعَتْ ثَنَايَاهُ)

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ زُرَارَةَ بْنَ أَوْفَى، يُحَدِّثُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم صَلَّى الظُّهْرَ، فَجَعَلَ رَجُلٌ يَقْرَأُ خَلْفَهُ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: أَيُّكُمْ قَرَأَ - أَوْ أَيُّكُمُ الْقَارِئُ - فَقَالَ رَجُلٌ أَنَا، فَقَالَ: قَدْ ظَنَنْتُ أَنَّ بَعْضَكُمْ خَالَجَنِيهَا (مسلم، حدیث نمبر ۳۹۸، کتاب الصلاة، بَابُ نَهْيِ الْمَأْمُومِ عَنْ جَهْرِهِ بِالْقِرَاءَةِ خَلْفَ إِمَامِهِ)

اور ترمذی میں ایک روایت اس طرح ہے:

حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الحَارِثِ قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا ذَكَرَتْ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللَّهِ أَحَبَّ اللَّهُ لِقَاءَهُ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللَّهِ كَرِهَ اللَّهُ لِقَاءَهُ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كُلُّنَا نَكْرَهُ المَوْتَ، قَالَ: لَيْسَ ذَلِكَ، وَلَكِنَّ المُؤْمِنَ إِذَا بُشِّرَ بِرَحْمَةِ اللَّهِ وَرِضْوَانِهِ وَجَنَّتِهِ، أَحَبَّ لِقَاءَ اللَّهِ، وَأَحَبَّ اللَّهُ لِقَاءَهُ، وَإِنَّ الكَافِرَ إِذَا بُشِّرَ بِعَذَابِ اللَّهِ وَسَخَطِهِ، كَرِهَ لِقَاءَ اللَّهِ، وَكَرِهَ اللَّهُ لِقَاءَهُ: هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ (ترمذی، حدیث نمبر ۱۰۶۷)

اس حدیث کو امام ترمذی بھی صحیح قرار دے رہے ہیں، اور ناصر الدین البانی صاحب نے بھی صحیح قرار دیا ہے۔

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara Ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

الْـمَـنْزِلَ ثُمَّ صَلّٰی رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ صَلّٰی بَعْدَهُمَا رَكْعَتَيْنِ أَطْوَلَ مِنْهُمَا ثُمَّ أَوْتَرَ بِثَلَاثٍ لَا يَفْصِلُ فِيهِنَّ (مسند احمد) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عشاء کی نماز پڑھ لیتے تو گھر تشریف لاتے پھر دو رکعت پڑھتے پھر ان سے لمبی دو رکعتیں اور پڑھتے پھر تین رکعات وتر پڑھتے اور ان تینوں رکعتوں میں فصل نہیں فرماتے تھے (یعنی دو رکعت کے بعد سلام نہیں پھیرتے تھے) (ترجمہ ختم)

یہ حدیث بھی پہلی حدیث کے ساتھ مل کر حسن درجے میں داخل ہے۔ [2]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

اوراس کی بے شمار مثالیں موجود ہیں کہ حضرت قتادہ کی عَن کے ساتھ سینکڑوں احادیث کو محدثین نے صحیح قرار دیا ہے۔

پس ہمارے نزدیک اس حدیث کے صحیح ہونے میں شبہ نہیں، بالخصوص جبکہ اس کے دوسرے شواہد بھی موجود ہیں۔

البتہ اگر کوئی کسی شافعی وغیرہ کی تقلید میں اس سے اختلاف کرے، تو یہ اس کا اپنا معاملہ ہے، اس کے اختلاف کرنے سے ہمارے نزدیک اس حدیث کا ضعیف ہونا لازم نہیں آتا۔

قتادة مدلس لا يحتج بعنعنته إلا إذا ثبت سماعه لذلك الذى عنعن والواقع فى الرواية الأولى عنه وهى رواية هشام بالعنعة حيث قال عن أنس ولما ثبت من رواية أبان عنه بالتحديث علم اتصال عنعنته وقوى الاحتجاج به(عمدة القارى، ج ا ص ۲۶۱، كتاب الايمان،باب زيادة الإيمان ونقصانه ،باب زيادة الإيمان ونقصانه)

وقال جمهورُ من يقبل المراسيل: تُقبَلُ روايةُ المدلس مطلقاً، حكاه الخطيب.

وأما دعوى النووى فى "شرح المهذب"، تبعاً للبيهقى وابن عبدالبر: أنهم اتفقوا على رد ماعنعنه المدلس، فمحمولةٌ علىٰ اتفاق من لايحتجُّ بالمرسَل (ظفرالامانى للكنوى، صفحه ۳۹۳)

قلت: فان كان المدلس من ثقات القرون الثلاثة يقبل تدليسه كارساله مطلقا، وان كان ممن دون هؤلاء ففيه تفصيل قد مر عن قريب فتذكر، وفى تدريب الراوى وقال جمهور من يقبل المرسل يقبل (المدلس) مطلقا حكاه الخطيب. ونقل المصنف فى شرح المهذب الاتفاق على رد ماعنعنه تبعاً للبيهقى وابن عبدالبر (وهو) محمول على اتفاق من لا يحتج بالمرسل (قواعد فى علوم الحديث، صفحه ۱۵۹)

[1] حديث نمبر ۲۵۲۲۳،مؤسسة الرسالة، بيروت.

[2] واسناده حسن وافقها على ذلک ابى بن كعب (اعلاء السنن، ج۶ص ۳۱ ،باب الايتار بثلاث)

اس حدیث کی سند درج ذیل ہے:

حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ رَاشِدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ يَعْفُرَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اس حدیث میں بھی ایک سلام کے ساتھ تین وتر پڑھنے کا ذکر ہے۔

ملحوظ رہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مذکورہ احادیث، ان کی طرف منسوب دیگر اُن روایات کے مقابلہ میں زیادہ جامع اور واضح ہیں، جن میں اجمال پایا جاتا ہے۔ ؎ ا

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

اس حدیث کے رجال ثقہ اور شیخین کے رجال ہیں، سوائے یزید بن یعفر اور محمد بن راشد خزاعی مکحولی کے۔

اور محمد بن راشد کو امام احمد اور ابنِ معین اور ابنِ مبارک اور نسائی وغیرہ نے ثقہ قرار دیا ہے، اور ان سے اصحابِ سنن روایت کرتے ہیں۔ اور یزید بن یعفر کو ابنِ حبان نے ثقہ قرار دیا ہے، اور دار قطنی نے ان کے بارے میں یعتبر بہ کہا ہے، اور علامہ ذہبی نے میزان میں لیس بحجۃ کہا ہے، جس سے ان کا حسن الحدیث ہونا معلوم ہوتا ہے۔

محمد بن راشد الخزاعي أبو عبد الله............ قَال أبو طالب ، عن أحمد بن حنبل :ثقة سمع من مكحول .وَقَال إسحاق بن منصور ، والمفضل بن غسان الغلابي ، وإبراهيم بن عَبد الله بن الجنيد عن يحيى بن مَعِين :ثقة .زاد ابن الجنيد :صدوق.وَقَال إبراهيم بن يعقوب الجوزجاني :كان مشتملا على غير بدعة ، وكان فيما سمعت متحريا للصدق في حديثه .وَقَال يعقوب بن شَيْبَة : صدوق.وَقَال يعقوب بن سفيان :سألت عبد الرحمن بن إبراهيم عنه ، فقال :كان يذكر بالقدر إلا أنه مستقيم الحديث .وَقَال أبو حاتم :كان صدوقا ، حسن الحديث.وَقَال النَّسَائي :ثقة.وَقَال في موضع آخر :ليس به بأس .وفي موضع آخر :ليس بالقوي .وَقَال ابن حبان :كان من أهل الورع والنسک ، ولم يكن الحديث من صنعته ، فكثر المناكير في روايته ، فاستحق ترک الاحتجاج به.وَقَال الدَّارَقُطنِيّ :يعتبر به (تهذيب الكمال، جزء۲۵، صفحه ۱۸۶)

يزيد بن يعفر بفتح المثناه التحتانية وسكون المهملة وضم الفاء روى عن الحسن البصرى.وعنه محمد بن راشد الشامي.قال الدار قطني يعتبر به وذكره ابن حبان في الثقات وقال الذهبي في الميزان ليس بحجة (تعجيل المنفعة لابن حجر، جزء ۱، صفحه ۴۵۵)

وهذا تلين هين فالاسناد حسن (اعلاء السنن، ج۶ ص ۳۴، باب الايتار بثلاث)

؎ ا والمفسر قاض على المجمل ،فان قولها يسلم بين كل ركعتين في رواية الجماعة ليس بصريح في التسليم على ركعتي الوتر ، بل يحتمل الذى قلنا حملا للكلام على التغليب ولفظها عند النسائي والحاكم واحمد صريح في نفي التسليم على ركعتي الوتر وفي كون الثلاث موصولة بتسليمة واحدة على ان حديث التسليم بين كل ركعتين انما هو من رواية عروة عن عائشة رضى الله عنها، ورواية عنها في هذا الباب مضطربة كما سنبينه فلاحجة به علينا ولايصح معارضة الاحاديث الصحيحة الغير المضطربة بها (اعلاء السنن، ج۶ ص ۳۳، باب الايتار بثلاث)

ورواية عروة عن عائشة في هذا الباب مضطربة ......قال الطحاوى:فلما اضطرب ما روى ,عن عروة في هذا ,عن عائشة من صفة وتر رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يكن فيما روى عنها في ذلک حجة ,ورجعنا إلى ما روى عنها غيره الى ان قال بعد سرد روايات غيره عنها :فثبت بذلک ان الوتر ثلاث لايسلم الا في آخرهن غير ان ماروا ه هشام عن ابيه في ذلک ان النبي صلى الله عليه

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara Ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہی مروی ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْوِتْرُ ثَلَاثٌ كَثَلَاثِ الْمَغْرِبِ

(المعجم الاوسط للطبرانی حدیث نمبر ۷۱۷۰،دارالحرمین، القاهرة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وتر کی تین رکعتیں ہیں، مغرب کی تین رکعتوں کی طرح (ترجمہ ختم)

فائدہ: یہ حدیث سند کے لحاظ سے فی نفسہٖ کمزور ہے۔ [1]

مگر وتروں کے مغرب کی طرح ہونے کا مطلب یہ ہے کہ مغرب کی نماز کی طرح دوسری رکعت پر تشہد اور آخری رکعت میں ہی سلام پھیرنا۔

کیونکہ وتروں کی تین رکعات کا ہونا اور دوسری رکعت پر تشہد کرنا کئی دوسری احادیث وروایات سے ثابت ہے، بلکہ خود حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی صحیح حدیث پہلے گزر چکی ہے

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وسلم كان يوتر بخمس لايجلس الا فى آخرهن لم نجد له معنى، وقد جاء ت العامة عن ابيه ، وعن غيره عن عائشة بخلاف ذلک ، فما روته العامة اولى مما رواه هو وحده وانفرد به اهـ.

قلت: وكذلک حديث ام سلمة قالت كان النبى صلى الله عليه وسلم يوتر بخمس وبسبع لايفصل بينها بسلام ولا بكلام مضطرب الاسناد ، كما ان حديث عروة عن عائشة مضطربة المتن ......فلاحجة به ، وان سلمنا صحته فهو محمول على نفى الكلام والسلام جهرا وعلى انه ينبغى تقديم تطوع اما ركعتين او اربع ركعات او اكثر من ذلک على ثلاث الوتر ولاينبغى الاختصار على الثلاث وحدها احترازا عن التشبه بالمغرب وهذا هو محمل مارواه ابوسلمة وعبدالرحمن الاعرج عن ابى هريرة مرفوعا (اعلاء السنن، ج٦ ص ٣٥، ٣٦، باب الايتار بثلاث ، ملخصاً)

اور بعض نے جو حدیثِ قتادہ میں یہ رکیک تاویل کی ہے کہ یہ لمبی حدیث کا حصہ ہے، جس میں آخر میں سلام کا ذکر نہیں، اس کی کوئی حیثیت نہیں، کیونکہ احادیث کے صریح الفاظ اس تاویل کی صریح تردید کرتے ہیں۔

(مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو "معارف السنن ج۴ ص ۱۸۹ تا ۱۹۹" و"کشف الستر عن صلاة الوتر" للعلامة الكشميرى، مشموله "مجموعه رسائل الكشميرى، جلد ۱)

[1] قال الطبرانی: لم يرو هذا الحديث عن الحسن إلا إسماعيل بن مسلم تفرد به أبو بحر

قال الهيثمى:

رواه الطبرانى فى الاوسط وفيه أبو بحر البكراوى وفيه كلام كثير (مجمع الزوائد جزء۲ ص ۲۴۲)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

کہ تین رکعات وتر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم درمیان میں سلام نہیں پھیرتے تھے، اس لئے ان کے ہوتے ہوئے استشہاداً اس حدیث کے مقبول ہونے میں حرج نہیں، اوراس کے باوجود بھی بعض متعصب لوگوں کے اس حدیث کی سند پر کلام کرنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

ملحوظ رہے کہ وتر کی ایک سلام کے ساتھ تین رکعات کا ثبوت تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی احادیث وروایات سے ہوچکا، مگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے خالی تین وتر اس طرح پڑھنے کو کہ ان سے پہلے نوافل نہ ہوں، پسند نہیں فرمایا۔

چنانچہ حضرت مسیّب بن رافع سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ:

لَا تُوْتِرْ بِثَلَاثٍ بُتْرٍ، صَلِّ قَبْلَهَا رَكْعَتَيْنِ، أَوْ أَرْبَعًا (مصنف ابن ابی شیبۃ) [1]

ترجمہ: تنہا تین وتر نہ پڑھئے، ان سے پہلے دو رکعتیں یا چار رکعتیں پڑھئے (ترجمہ ختم)

اس حدیث کے رجال ثقہ ہیں۔ [2]

---

[1] حدیث نمبر ۶۸۹۸، کتاب الصلاۃ، باب من کان یوتر بثلاث او اکثر.

[2] عباد بن العوام(ع) ابن عمر بن عبداللہ بن المنذر، الامام المحدث الصدوق، أبو سهل الكلابی الواسطی......وثقه أبو داود وغيره .وقال ابن سعد :كان من نبلاء الرجال فی كل أمره .قال :وكان يتشيع، فحبسه الرشيد زمانا، ثم خلى عنه، فأقام ببغداد .قلت :أظنه خرج مع إبراهيم، فلذلک سجنه .قال الحسن بن عرفة :سألنی وكيع عن عباد بن العوام، ثم قال :ليس عندكم أحد يشبهه .قلت :توفی سنة بضع وثمانين ومئة .أخبرنا عبد الحافظ، أخبرنا موسى، أخبرنا ابن البناء ، أخبرنا علی بن البسری، أخبرنا المخلص، حدثنا عبدالله بن محمد، حدثنا محمد بن أبی سمينة، حدثنا عباد بن العوام، عن حجاج، عن قتادة، عن زرارة، عن عمران بن حصين " :أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يؤتر بثلاث :يقرأ فی الاولی :بسبح.وفی الثانية :بقل يا أيها الكافرون.وفی الثالثة: بقل هو الله أحد(سير اعلام النبلاء ،ج۸،ص ۱۵۱)

وَقَال أبو بكر الأثرم ، عن أحمد بن حنبل :مضطرب الحديث ، عن سَعِيد بن أَبی عَرُوبَة .وَقَال المفضل بن غسان الغلابی ، وعبد الخالق بن منصور عن يحيى بن مَعِين :ثقة ،وكذلک قال أحمد بن عَبد الله العِجْلِیّ ، وأبو داود ، والنَّسَائی ، وأبو حاتم ، زاد :وهو أحب إلی من عباد بن عباد .وَقَال ابن خراش :صدوق،قال هارون بن حاتم التميمی ، ومحمد بن عَبد الله الحضرمی : مات سنة ثلاث وثمانين ومئة(تهذيب الكمال، ج۱۴، ص ۱۴۳)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے بھی تنہا تین وتر پڑھنے کو پسند نہ کرنا ثابت ہے، جس کا ذکر آگے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی احادیث وروایات کے ذیل میں آتا ہے۔

اور تنہا تین وتر پڑھنے سے اس لئے منع کیا گیا، کہ وتروں کو عام سنتوں سے امتیاز حاصل ہے، اور اس کو ایک درجہ میں فرضوں کے ساتھ مشابہت حاصل ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی وتروں سے پہلے عموماً نوافل کا پڑھنا ثابت ہے، اس لئے تین وتروں سے پہلے دو یا چار نفل حسبِ توفیق پڑھ لینا چاہئے، جس طرح ہر فرض نماز کے ساتھ کچھ نہ کچھ سنن ونوافل پڑھے جاتے ہیں۔

اور جب عشاء کے فرض ادا کر کے سنتوں ونفلوں کے بعد تین وتر پڑھے جائیں، تو ان کے پڑھ لینے سے بھی اس حکم پر عمل ہوجاتا ہے، اور وتر تنہا نہیں رہتے۔ [۱]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

العلاء بن المُسَيَّب بن رافع......قَال إسحاق بن منصور ، عن يحيى بن مَعِين :ثقة ، مأمون وَقَال محمد بن عَبد الله بن عمار الموصلى :ثقة ، يحتج بحديثه .وَقَال أبو حاتم صالح الحديث .وذكره ابنُ حِبَّان فى كتاب "الثقات ،روى له الجماعة سوى التِّرْمِذِيّ(تهذيب الكمال، ج۲۲، ص۵۴۳)

وقال ابن معين ثقة مأمون وقال أبو حاتم صالح الحديث وقال ابن عمار ثقة يحتج بحديثه وذكره ابن حبان في الثقات .قلت :وقال العجلى ثقة وأبوه من خيار التابعين وقال يعقوب بن سفيان كوفى ثقة وقال ابن سعد كان ثقة وقال الحاكم له أوهام فى الاسناد والمتن وقال الازدى فى بعض حديثه نظر وتعقبه النباتى بأنه كان يجب أن يذكر ما فيه النظر وفى الميزان قال بعضهم كان يهم كثيرا وهو قول لا يعبأ به(تهذيب التهذيب، ج۸ص ۱۷۲)

[۱] حدثنا أحمد بن داود، قال :ثنا ابن أبى عمر، قال :ثنا سفيان، عن عبد الحميد بن جبير بن شيبة، عن سعيد بن المسيب، عن :عائشة، رضى الله عنها ,قالت " :كان الوتر سبعا وخمسا ,والثلاث بتيراء " "فكرهت أن تجعل الوتر ثلاثا لم يتقدمهن شيء حتى يكون قبلهن غيرهن ,فلما كان الوتر عندها أحسن ما يكون هو أن يتقدمه تطوع إما أربع وإما اثنتان جمعت بذلك تطوع رسول الله صلى الله عليه وسلم فى الليل الذى صلح به الوتر الذى بعدها والوتر فسمت ذلك بذلك وترا .إلا أنه قد ثبت فى جملة ذلك عنها أن الوتر ثلاثا فثبت من روايتها عن رسول الله صلى الله عليه وسلم ما رواه عنها سعد بن هشام لموافقة قولها من رأيها إياه .فثبت بذلك أن الوتر ثلاثا لا يسلم إلا فى آخرهن .غير أن ما رواه هشام بن عروة عن أبيه فى ذلك "أن النبى صلى الله عليه وسلم كان يوتر بخمس لا يجلس إلا فى آخرهن "لم نجد له معنى .وقد جاء ت العامة عن أبيه وعن غيره ,عن عائشة رضى الله عنها ,بخلاف ذلك ,فما روته العامة أولى مما رواه هو وحده

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

البتہ اگر کوئی پہلے تو عشاء کے صرف فرض اور سنتیں پڑھے، اور وتر بعد میں رات کو کسی وقت پڑھے، اُسے وتروں سے پہلے کچھ نہ کچھ نوافل پڑھنا بہتر ہے۔

ایک سلام کے ساتھ تین وتر پڑھنا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایات سے معلوم ہو چکا، جن سے ضمناً یہ بھی معلوم ہو گیا کہ وتر کی دوسری رکعت میں دوسری عام نمازوں کی طرح قعدہ بھی کرنا چاہیے، کیونکہ جتنی نمازیں بھی دو، تین یا چار رکعات شریعت سے ثابت ہیں، ان سب میں دو رکعت پر قعدہ اور تشہد مقرر ہے، اگر وتر کی نماز میں دوسری رکعت پر قعدہ نہ کیا جاتا، اور اس کو بغیر قعدہ کیے ہوئے دوسری نمازوں سے الگ طریقہ پر پڑھا جاتا، تو اس کا ان احادیث میں صراحتاً ضرور ذکر ہوتا۔

جبکہ شریعت کی طرف سے یہ قاعدہ بھی مقرر اور طے شدہ ہے کہ ہر نماز کی دوسری رکعت میں قعدہ وتشہد مقرر ہے۔

چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہی ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ:

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وانفرد به .وقد رويت عن عبد الله بن عباس رضى الله عنهما عن النبى صلى الله عليه وسلم فى ذلك آثار يعود معناها أيضا إلى المعنى الذى عاد إليه معنى حديث عائشة رضى الله عنها (شرح معانى الآثار، تحت حديث رقم ١٦٩٨، كتاب الصلاة، باب الوتر)

وعن ابن عباس ، الوتر سبع أو خمس ، لا نحب ثلاثا بترا .وفى رواية :إنى لأكره ، أن تكون ثلاثا بترا ، ولكن سبع أو خمس وعن عائشة ، الوتر سبع أو خمس ، وإنى لأكره أن تكون ثلاثا بترا ، وفى لفظ :أدنى الوتر خمس (صلاة الوتر لمحمد بن نصر المروزى، تحت حديث رقم ۵۴)

وفيها تأييد لكون الوتر ثلاثاً، وندب إلى الصلاة قبله، كما فى الفرائض كذلك، سوى المغرب، قال :وعن ابن عباس :الوتر سبع، أو خمس، ولا نحب ثلاثاً بتيراء ، وفى رواية :إنى لأكره أن يكون ثلاثاً بتيراء ، ولكن سبع .أو خمس، وعن عائشة :الوتر سبع .أو خمس، وإنى لأكره أن يكون ثلاثاً بتيراء ، وفى لفظ :أدنى الوتر خمس، اهـ .هذه الروايات كلها تدل على أن الوتر ثلاث، وأنه كان من التأكيد بمكان ما يظن به أن يترك، ولكن كرهوا الاكتفاء به، كمن يقول :إنى أكره صلاة الفجر ركعتين، أى بدون سنتى الفجر، والعجب أن ابن نصر بصدد إثبات الوتر، بأقل من ثلاث، وهذه الآثار كلها فى كراهية الاكتفاء بالثلاث، فما ظنك بالاكتفاء بركعة؟!، وقد قال ابن الصلاح، فيما نقل عنه الحافظ فى "تلخيص الحبير "ص :116لا نعلم فى روايات الوتر مع كثرتها أنه عليه السلام أوتر بركعة، فحسب، والله أعلم، وعلمه أحكم(حاشيته بغية الألمعى فى تخريج الزيلعى على هامش نصب الراية لأحاديث الهداية، باب صلاة الوتر)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

وَكَانَ يَقُوْلُ فِي كُلِّ رَكْعَتَيْنِ التَّحِيَّةَ (مسلم) ۱؎

ترجمہ: اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر دو رکعت میں التحیات پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت ہر دو رکعت پر التحیات پڑھنے کی تھی، اگر وتروں کی دوسری رکعت میں التحیات پڑھنے کی عادت نہ ہوتی، تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس کا الگ حکم بیان فرماتیں۔

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَزِيْدُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ عَلَى التَّشَهُّدِ (مسند ابی یعلیٰ الموصلی) ۲؎

۱؎ حدیث نمبر ۴۹۸، کتاب الصلاۃ، باب ما یجمع صفة الصلاة وما یفتتح به ویختم به الخ، داراحیاء التراث العربی، بیروت، واللفظ لهٗ، مسند احمد، حدیث نمبر ۲۴۰۳۰، ابوداؤد، حدیث نمبر ۷۸۳، باب من لم یر الجهر ب بسم الله الرحمن الرحیم.

فی حاشیة مسند احمد:

إسناده صحيح على شرط مسلم، بديل -وهو ابن ميسرة العُقيلي -من رجاله، وبقية رجاله ثقات رجال الشيخين .إسحاق الأزرق :هو ابن يوسف، وحسين المُكْتِب :هو ابن ذكوان المعلِّم، وأبو الجوزاء :هو أوس بن عبد الله الرَبَعي.

وأخرجه مطولاً ومختصراً عبد الرزاق في "مصنفه ۲۵۴۰ و ۲۶۰۲ و۲۸۷۳ و ۳۰۱۴و ۳۰۵۰ وابن أبي شيبة ۱/۲۲۹و۲۵۲و۲۸۴و۲۸۵و۲۸۹، وإسحاق بن راهوية في "مسنده ۱۳۳۱، ومسلم ۴۹۸وأبو داود۷۸۳، وابن ماجه۸۱۲و۸۶۹و ۸۹۳ وأبو يعلى ۴۶۶۷ وابن خزيمة۶۹۹وأبو عوانة۲/۹۴و۹۶و۱۶۴و۱۸۹، وابن حبان ۱۷۶۸والبيهقي في "السنن۲/۱۵ "و۸۵و۱۱۳و۱۷۲من طرق عن حسين، بهذا الإسناد .

۲؎ حدیث نمبر ۴۳۷۳، مسند عائشة، دار المأمون للتراث -دمشق.

قال الهيثمي:

رواه أبو يعلى من رواية أبي الحويرث عن عائشة، والظاهر أنه خالد بن الحويرث وهو ثقة، وبقية رجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد ج۲ص۱۴۲)

وقال حسين سليم أسد في تعليق ابی یعلیٰ:اسناده صحيح.

قلت :له شاهد من حديث عبداللّٰه بن مسعود رواه أبوداود ، والنسائي وا لترمذي (اتحاف الخيرة المهرة للبوصيري، تحت حديث رقم ۱۳۶۹، باب التخفيف في التشهد الأول)

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: رسول اللہ دو رکعتوں میں (یعنی قعدۂ اولیٰ میں) تشہد پر زیادتی نہیں فرماتے تھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے بھی اسی طرح کی حدیث مروی ہے، جس کے الفاظ یہ ہیں کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ تَشَهُّدٌ وَتَسْلِيْمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ، وَعَلٰى مَنْ تَبِعَهُمْ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ (المعجم الکبیر للطبرانی) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر دو رکعت میں تشہد ہے، اور سلام ہے، رسولوں پر، اور ان کی اتباع کرنے والے عباد اللہ الصالحین پر (ترجمہ ختم)

رسولوں اور عباد اللہ الصالحین پر سلام سے مراد تشہد ہی کے الفاظ ہیں، جس کی تفصیل آگے آتی ہے، اور یہ حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث اور آگے آنے والی کئی احادیث کے

---

[1] حدیث نمبر ۸۶۹، مکتبة ابن تیمیة، القاهرة.

یہ حدیث ضعیف ہے، مگر اس مفہوم کی دوسری حدیثوں سے مل کر حسن درجے میں داخل ہے، اور ناصر الدین البانی صاحب نے بھی اس حدیث میں شاہد بننے کی صلاحیت کا اعتراف کیا ہے۔

قال الهيثمي:

وعن أم سلمة أن النبي -صلى الله عليه وسلم -قال :في كل ركعتين تشهد وتسليم على المرسلين وعلى من تبعهم من عباد الله الصالحين .رواه الطبراني في الكبير وفيه علي بن زيد واختلف في الاحتجاج به وقد وثق(مجمع الزوائد، ج۲ص ۱۳۹)

وقال الالباني:

أخرجه الطبراني في "المعجم الكبير "(۲۳/۳۶۷/۸۶۹) من طريق أبي همام الخاركي :حدثني عدي بن أبي عدي عن علي بن زيد عن الحسن عن أمه عن أم سلمة أن النبي صلى الله عليه وسلم قال :فذكره .قلت :و هذا حديث حسن ، رجاله ثقات على ضعف في علي بن زيد ، و هو ابن جدعان ، و قال الهيثمي في "المجمع " (۱۳۹/۲) "و اختلف في الاحتجاج به ، و قد وثق . "قلت :فمثله يستشهد بحديثه (السلسلة الصحيحة للالباني، تحت حديث رقم ۲۸۷۶)

قلت :ولهٔ شاهد،محمد رضوان .

Idara Ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

مطابق ہے (فلایضر ضعف ھذا السند)

اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتوں پر تشہد پڑھا کرتے تھے، اور اسی کی دوسروں کو ہدایت فرمایا کرتے تھے، اور اس عام حکم میں جس طرح دوسری سب نمازیں داخل ہیں، اسی طرح وتر کی نماز بھی داخل ہے، کیونکہ وتر کی نماز کو اس حکم سے مستثنٰی اور الگ کر کے بیان نہیں کیا گیا۔

پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مذکورہ احادیث وروایات سے تین وتروں کا ایک سلام اور دوسری رکعت پر تشہد کے ساتھ پڑھنا معلوم ہوا۔

اس کے باوجود بھی بعض متعصب لوگوں کا وتر کی تین رکعت اور وتر کی دوسری رکعت پر قعدہ وتشہد کا انکار کرنا اور اس طرح وتر کی نماز پڑھنے کو غلط طریقہ قرار دینا سراسر ناانصافی ہے، اور یہ لوگ مذکورہ احادیث وروایات کی رُو سے قابلِ مؤاخذہ ہیں۔

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی روایات

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ بھی کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کثرت سے حاضر ہوتے تھے، اور آپ بطورِ خاص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز اور وتر کی نماز کا جائزہ لینے کے لیے بھی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے تھے۔

اس لیے اب اُن کی احادیث وروایات ذکر کی جاتی ہیں۔

حضرت علی بن عبداللہ اپنے والد حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

أَنَّهُ رَقَدَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَيْقَظَ فَتَسَوَّكَ وَتَوَضَّأَ وَهُوَ يَقُوْلُ (إِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِأُولِي الْأَلْبَابِ) فَقَرَأَ هٰؤُلَاءِ الْآيَاتِ حَتّٰى خَتَمَ السُّوْرَةَ

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ فَأَطَالَ فِيهِمَا الْقِيَامَ وَالرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ ثُمَّ انْصَرَفَ فَنَامَ حَتّٰى نَفَخَ ثُمَّ فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ سِتَّ رَكَعَاتٍ كُلَّ ذٰلِكَ يَسْتَاكُ وَيَتَوَضَّأُ وَيَقْرَأُ هٰؤُلَاءِ الْآيَاتِ ثُمَّ أَوْتَرَ بِثَلَاثٍ فَأَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ فَخَرَجَ إِلَى الصَّلَاةِ (مسلم) [1]

ترجمہ: وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس (اپنی خالہ اُمُّ المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں) سوئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو بیدار ہوئے مسواک کی، وضو کیا اور یہ آیات تلاوت فرمائیں "إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِأُولِي الْأَلْبَابِ" سورت کے ختم تک، پھر آپ کھڑے ہوئے اور دو رکعت نماز ادا فرمائیں۔ دونوں رکعتوں میں قیام، رکوع اور سجود کو خوب لمبا کیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم فارغ ہوکر سو گئے یہاں تک کہ آپ کے (ہلکے ہلکے) خراٹے کی آواز آنے لگی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ عمل تین بار کیا، سوکر اُٹھتے مسواک اور وضو کرکے دو رکعت ادا فرماتے اور ہر دفعہ سورہ آلِ عمران کی آخری آیات تلاوت فرماتے، اس طرح چھ رکعات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ادا فرمائیں پھر تین رکعات وتر پڑھے، پھر مؤذن نے (فجر کی) اذان دی، تو آپ (دو رکعت فجر کی سنتیں پڑھ کر) نماز کے لیے تشریف لے گئے (ترجمہ ختم)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ فَاسْتَنَّ، ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ نَامَ، ثُمَّ قَامَ فَاسْتَنَّ، ثُمَّ تَوَضَّأَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ حَتّٰى صَلّٰى

---

[1] حديث نمبر ٧٦٣، كتاب صلاة المسافرين وقصرها، باب الدعاء في صلاة الليل وقيامه، دار احياء التراث العربي، بيروت، واللفظ له، ابوداؤد حديث نمبر ١٣٥٣، مستخرج ابوعوانة حديث نمبر ٢٢٩٢.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

سِتًّا، ثُمَّ أَوْتَرَ بِثَلَاثٍ، وَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ (سنن النسائی) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم رات کو کھڑے ہوئے، پھر مسواک کیا، پھر دو رکعتیں پڑھیں، پھر سو گئے، پھر کھڑے ہوئے، اور مسواک کیا، پھر وضو کیا، پھر دو رکعتیں پڑھیں، یہاں تک کہ چھ رکعتیں پڑھیں، پھر تین وتر پڑھے، اور دو رکعتیں پڑھیں (ترجمہ ختم)

اور حضرت کریب سے روایت ہے کہ:

أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا حَدَّثَهُ قَالَ فَصَلّٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ أَوْتَرَ بِثَلَاثٍ (شرح معانی الآثار) [2]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے ان سے یہ بیان کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کے بعد دو رکعتیں پڑھیں، پھر دو رکعتیں پڑھیں، پھر دو رکعتیں پڑھیں، پھر دو رکعتیں پڑھیں، پھر تین وتر پڑھے (ترجمہ ختم)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس دن تہجد کی چھ یا آٹھ رکعات ادا فرمائیں، دو رکعتیں آپ صلی

---

[1] حدیث نمبر ۱۷۰۴، کتاب قیام اللیل وتطوع النهار، باب كيف الوتر بثلاث، مكتب المطبوعات الإسلامية -حلب، مسند احمد، حديث نمبر ۳۲۷۱.

في حاشية مسند احمد:

إسناده قوی علی شرط مسلم .معاوية بن هشام :هو القصار الكوفي، ومحمد بن علي: هو محمد بن علي بن عبد الله بن عباس .وأخرجه النسائي ۲۳۶/۳، ۲۳۷من طريق معاوية بن هشام، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو يعلى ۲۵۴۵، والطحاوي ۲۸۶/۱ ، والطبراني ۱۰۶۴۸من طريق المنهال بن عمرو، والطبراني ۱۹۶۴۹من طريق منصور بن المعتمر، كلاهما عن علي بن عبد الله بن عباس، به .ورواية أبي يعلى والطبراني مطولة .وأخرجه النسائي ۲۳۷/۳من طريق زيد بن أبي أُنَيسة، والطبراني ۱۰۶۵۴ من طريق حمزة الزيات، كلاهما عن حبيب بن أبي ثابت، عن محمد بن علي، عن جده عبد الله بن عباس بإسقاط علي بن عبد الله من بينهما.

[2] حديث نمبر ۱۷۱۳، كتاب الصلاة، باب الوتر.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اللہ علیہ وسلم نے اس سے پہلے ہی ہلکی پھلکی ادا فرمائی تھیں، جن کا بعض روایات میں ذکر کیا گیا، اور بعض میں ذکر نہیں کیا گیا۔

بہر حال حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کے مشاہدہ کے مطابق بھی وتر کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین رکعتیں ہی ادا فرمائیں۔

اور یہ بات ظاہر ہے کہ ان کو الگ سلام کے ساتھ مغرب کی نماز کی طرح دوسری رکعت پر قعدہ وتشہد کر کے پڑھا۔

بالخصوص جبکہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے وتروں کے مغرب کی نماز کی طرح ہونے کی بھی روایت موجود ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔ [1]

حضرت یحییٰ بن جزار سے روایت ہے کہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ ثَمَانَ

---

[1] قال ابن الملک وهذا الحديث يدل على أن الركعات الست كانت تهجده وأن الوتر ثلاث وإليه ذهب أبو حنيفة اه ولا يخالفه الشافعي بل يكره عنده الاقتصار على الركعة رواه مسلم(مرقاة المفاتيح، ج٣ص ٩٠٦،كتاب الصلاة ، باب صلاة الليل)

قال القاضي ويحتمل أنه لم يعد فى هذه الصلاة الركعتين الأوليين الخفيفتين اللتين كان النبى صلى الله عليه وسلم يستفتح صلاة الليل بهما كما صرحت الأحاديث بها فى مسلم وغيره ولهذا قال صلى ركعتين فأطال فيهما فدل على أنهما بعد الخفيفتين فتكون الخفيفتان ثم الطويلتان ثم الست المذكورات ثم ثلاث بعدها كما ذكر فصارت الجملة ثلاث عشرة كما فى باقى الروايات والله أعلم(شرح النووى علىٰ مسلم، ج٦ ص ٢٥١ تا٢٥٣، كتاب صلاة المسافرين وقصرها ، باب الدعاء فى صلاة الليل)

فَاتَّفَقَ هَذَا الْحَدِيثُ وَحَدِيثُ ابْنِ أَبِي دَاوُدَ ,عَلَى أَنَّ جَمِيعَ مَا صَلَّى إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً ,وَبَيَّنَ هَذَا أَنَّ الْوِتْرَ فِيهَا ثَلَاثٌ فَثَبَتَ بِذَلِكَ أَنَّ مَعْنَى حَدِيثِ ابْنِ أَبِي دَاوُدَ ,ثُمَّ أَوْتَرَ بِوَاحِدَةٍ ,أَيْ مَعَ اثْنَتَيْنِ قَدْ تَقَدَّمَتَاهَا هُمَا مَعَهَا وِتْرٌ(شرح معانى الآثار،تحت حديث رقم ١٧١٣، كتاب الصلاة، باب الوتر)

فالحديث صحيح سالم من العلة وفيه انه اوتر بثلاث ، وهذا يدل بظاهره على كونها موصولة فما رواه كريب عنه بلفظه ثم اوتر بركعة عند الطحاوى معناه اوتر بواحدة مع ثنتين قد تقدمتها فتكونان مع هذا الواحدة ثلاثا ليستوى معنى هذا الحديث ومعنى حديث على بن عبدالله وسعيد بن جبير كيف وقد مر عن كريب نفسه قوله ثم اوتر بثلاث وقد روى يحيىٰ الجزار ايضا عن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يوتر بثلاث ركعات عند النسائى والطحاوى وسنده صحيح (اعلاء السنن ،ج٦ ص ٣٩، باب الايتار بثلاث)

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

Idaraghufran

رَكَعَاتٍ وَيُوْتِرُ بِثَلَاثٍ وَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الْفَجْرِ (نسائی) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو پہلے آٹھ رکعات پڑھتے پھر تین رکعات وتر پڑھتے، پھر دو رکعت (سنت) فجر کی نماز سے پہلے پڑھتے (ترجمہ ختم)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی اس حدیث سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تین رکعت وتر پڑھنے کا معمول معلوم ہوا۔

اور یہ بھی معلوم ہوا کہ وتر کی یہ تین رکعتیں نوافل اور تہجد کی نماز سے الگ سلام اور الگ نیت کے ساتھ پڑھتے تھے۔

اور حضرت امام عامر شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ عَنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ فَقَالَا ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً مِنْهَا ثَمَانٍ وَيُوْتِرُ بِثَلَاثٍ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْفَجْرِ (ابنِ ماجه) [2]

ترجمہ: میں نے حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کو نماز کیسی ہوتی تھی، ان دونوں حضرات نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تیرہ رکعات پڑھتے تھے پہلے آٹھ رکعات (تہجد) پھر تین رکعات وتر اور پھر دو رکعات (سنت) طلوعِ فجر کے بعد (ترجمہ ختم)

اس حدیث میں حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما دونوں نے فجر

---

[1] حدیث نمبر ۱۷۰۷، کتاب قیام اللیل وتطوع النهار، باب کیف الوتر بثلاث، مکتب المطبوعات الإسلامية -حلب، السنن الكبرىٰ للنسائی حدیث نمبر ۱۳۴۶.
حکم الألباني: صحيح لغيره.

[2] حدیث نمبر ۱۳۶۱، کتاب اقامة الصلاة والسنة فيها، باب ما جاء فی کم یصلی باللیل، واللفظ لهٗ، شرح معانی الآثار باب الوتر.
ورجاله رجال الصحيح الا شيخ الطحاوی ابن ابی داؤد وهو ثقة كما مر غير مرة (اعلاء السنن ٦ ص ٤٥، باب الايتار بثلاث والنهی عن الايتار بركعة فردة وذكر القراءة فيه)

Idara ghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

کی سنتوں سمیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تیرہ رکعتیں پڑھنے کا معمول بتلایا، فجر کی دو سنتوں کو نکال کر آٹھ رکعتیں تہجد کی اور تین رکعتیں وتروں کی ہوتی تھیں۔

اور سعید بن جبیر، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْتِرُ بِثَلَاثٍ، يَقْرَأُ فِي الْأُولٰى بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى، وَفِي الثَّانِيَةِ بِقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَفِي الثَّالِثَةِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ (سنن النسائی) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین وتر پڑھا کرتے تھے، پہلی رکعت میں سبح اسم ربک الاعلیٰ، اور دوسری رکعت میں قل یا ایہا الکافرون، اور تیسری رکعت میں قل ہو اللہ احد پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابو منصور رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ الْوِتْرِ فَقَالَ ثَلَاثٌ

(شرح معانی الآثار، حدیث نمبر ۱۷۲۱، کتاب الصلاۃ، باب الوتر) [2]

ترجمہ: میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے وتروں کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا تین (رکعات) ہیں (ترجمہ ختم)

اور حضرت عطاء ابنِ رباح رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] حدیث نمبر ۱۷۰۲، کتاب قیام اللیل وتطوع النهار، باب کیف الوتر بثلاث، مکتب المطبوعات الإسلامیة -حلب، سنن الدارمی، حدیث نمبر ۱۶۳۰، ترمذی، بَابُ مَا جَاءَ مَا يُقْرَأُ فِي الوِتْرِ، مسند أحمد، حدیث نمبر ۲۷۲۰.

وقال الترمذی: وَفِي البَابِ عَنْ عَلِيٍّ، وَعَائِشَةَ، وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَيُرْوَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

وفی حاشیة مسند احمد:

حدیث صحیح، شریک -وهو ابن عبد الله، وإن کان سیء الحفظ -قد توبع، وباقی رجاله ثقات رجال الصحیح.

[2] وفیه ابن لهیعة، وهو عند البعض حسن الحدیث، وعند البعض سیئ الحفظ، ولکن لاشبهة فی استشهاده، وله شواهد کثیرة.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا اَلْوِتْرُ کَصَلَاۃِ الْمَغْرِبِ (مؤطاامام محمد حدیث نمبر ۲۶۳،ابواب الصلاۃ، باب السلام فی الوتر) [1]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا وتر نمازِ مغرب کی طرح ہیں (ترجمہ ختم)

وتر کی نماز کے مغرب کی طرح ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح مغرب کی تین رکعتیں ایک سلام اور دوقعدوں کے ساتھ ہیں، اسی طرح ایک سلام اور دوقعدوں کے ساتھ وتر کی تین رکعات بھی ہیں۔

بعض دیگر روایات میں اس طرح وضاحت وصراحت موجود ہے، جن کا ذکر آگے آتا ہے۔

اور جن روایات میں مغرب کی طرح ہونے یا کسی دوسرے خاص طریقہ سے پڑھنے کا ذکر نہیں، مگر تین رکعتیں پڑھنے کا ذکر ہے، ان سے بھی اسی طرح پڑھنا ثابت ہوتا ہے۔

حضرت ابو یحیٰؒ فرماتے ہیں کہ:

---

[1] قال محمد :أخبرنا إسماعيل بن إبراهيم عن ليث عن عطاء (مؤطا امام محمد)

قوله :إسماعيل بن إبراهيم ذكر فى "تهذيب التهذيب "و "الميزان "كثيرا بهذا الاسم والنسب بعضهم ثقات وبعضهم ضعفاء .والظاهر أن المذكور ههنا إسماعيل بن إبراهيم بن مهاجر البجلى والنخعى الكوفى ضعفه البخارى والنسائى وقال أبو حاتم :ليس بقوى يكتب حديثه روى عن أبيه وإسماعيل بن أبى خالد وغيرهما وعنه ابن نمير ووكيع وطلق بن غنام وأبو على الحنفى وغيرهم فليحرر هذا المقام.

قوله : عن ليث هو ليث بن أبى سليم بالضم قال الحافظ عبد العظيم المنذرى فى آخر كتاب " الترغيب والترهيب : "فيه خلاف وقد حدث عنه الناس وضعفه يحيى والنسائى وقال ابن حبان : اختلط فى آخر عمره وقال الدارقطنى :كان صاحب سنة إنما أنكروا عليه الجمع بين عطاء وطاووس ومجاهد فحسب ووثقه ابن معين فى رواية .انتهى .وقد بسطت فى ترجمته فى رسالتى فى بحث الزيارة النبوية "الكلام المبرور فى رد القول المنصور ورد المذهب المأثور "المسمى بـ "السعى المشكور "حين ظن بعض أفاضل عصرنا أن ضعفه بلغ إلى أن لا يحتج به.

(عطاء) هو ابن أبى رباح المكى أو ابن يسار المدنى وقد وجد فى بعض النسخ كذلك عطاء بن يسار(التعليق الممجد على المؤطا،للكنوى، تحت حديث رقم۲۶۳)

ومحمد نشأ بالكوفة وسكن بغداد وحدث بها كما فى الانساب للسمعانى ،فلايبعد سماع محمد منه، ولاسماع ابن علية من ليث ، فانه يروى عن طبقته ، فالسند حسن (اعلاء السنن ،ج۶ ص۴۸، ۴۹)

Idara Ghufran

سَمَرَ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ وَابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتّٰى طَلَعَتِ الْحَمْرَاءُ ثُمَّ نَامَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَلَمْ يَسْتَيْقِظْ إِلَّا بِأَصْوَاتِ أَهْلِ الزَّوْرَاءِ فَقَالَ لِأَصْحَابِهٖ أَتَرَوْنَنِيْ أُدْرِكُ أُصَلِّيْ ثَلَاثًا، يُرِيْدُ الْوِتْرَ وَرَكْعَتَيِ الْفَجْرِ وَصَلَاةَ الصُّبْحِ، قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَالُوْا : نَعَمْ، فَصَلّٰى ، وَهٰذَا فِي آخِرِ وَقْتِ الْفَجْرِ (شرح معانی الآثار حدیث نمبر ۱۷۲۳، کتاب الصلاۃ، باب الوتر) [۱]

ترجمہ: (ایک دفعہ) حضرت مسور بن مخرمہ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما رات کو باتیں کرنے لگے، یہاں تک کہ سُرخ ستارہ (جو صبح صادق سے پہلے نکلا کرتا ہے) نکل آیا، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سو گئے اور پھر اہل زَوراء (یعنی مدینہ منورہ کے بازار کے ایک مقام والوں) کی آوازوں کی وجہ سے بیدار ہوئے آپ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا کیا خیال ہے کیا مجھے اتنا وقت مل جائے گا کہ میں سورج نکلنے سے پہلے پہلے تین رکعات وتر، دو رکعت سنت اور فجر کی نماز پڑھ سکوں، انہوں نے کہا کہ جی ہاں، چنانچہ آپ نے (یہ تمام) نماز پڑھی، اور یہ فجر کے اخیر وقت میں تھا (ترجمہ ختم)

باوجویکہ وقت بہت تنگ تھا، پھر بھی حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے وتر کی تین ہی رکعات ادا فرمائیں۔

جس سے معلوم ہوا کہ وتر کی تین رکعات ہیں۔ [۲]

---

[۱] واسناده صحيح، وابويحيىٰ اسمه زياد هو مولى قيس بن مخرمة، ويقال مولى الانصار، روى عن الحسنين وابن عباس وغيرهم وعنه حصين بن عبدالرحمن وعطاء بن السائب، وثقه ابن معين وابوداؤد وغيرهما، كذا فى "التهذيب" (۳: ۲۹۱) (اعلاء السنن ج۶ ص۴۷، باب الايتار بثلاث)

[۲] فَصَلّٰى وَهٰذَا فِي آخِرِ وَقْتِ الْفَجْرِ "فَمُحَالٌ أَنْ يَكُونَ الْوِتْرُ عِنْدَهُ يُجْزِءُ فِيهِ أَقَلُّ مِنْ ثَلَاثٍ ثُمَّ يُصَلِّيهِ حِينَئِذٍ ثَلَاثًا مَعَ مَا يَخَافُ مِنْ فَوْتِ الْفَجْرِ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلَى صِحَّةِ مَا صَرَفْنَا إِلَيْهِ مَعَانِي أَحَادِيثِهِ فِي الْوِتْرِ أَنَّهُ ثَلَاثٌ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ فِي الْوِتْرِ أَيْضًا أَنَّهُ ثَلَاثٌ (شرح معانى الآثار، تحت حديث رقم ۱۷۲۳، كتاب الصلاة، باب الوتر)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

ذَكَرْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَوْلَ عَبْدِ اللّٰهِ، اَلْوِتْرُ بِسَبْعٍ، أَوْ بِخَمْسٍ، وَلاَ أَقَلَّ مِنْ ثَلاَثٍ ، فَقَالَ سَعِيْدٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ إِنِّيْ لَأَكْرَهُ أَنْ يَكُوْنَ ثَلاَثًا بُتْرًا ، وَلٰكِنْ سَبْعًا ، أَوْ خَمْسًا (مصنف ابنِ ابی شیبۃ) [1]

ترجمہ: میں نے حضرت سعید بن جبیر سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے اس ارشاد کے بارے میں سوال کیا کہ وتر سات ہیں، یا پانچ ہیں، اور تین سے کم نہیں ہیں، تو حضرت سعید بن جبیر نے جواب میں فرمایا کہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا کہ ہے کہ میں یہ ناپسند کرتا ہوں کہ تین وتر تنہا ہوں، بلکہ سات یا پانچ ہوں (ترجمہ ختم)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے صحیح سندوں کے ساتھ تین وتر کا پڑھنا صراحتاً پیچھے احادیث وروایات سے ثابت ہو چکا ہے، اس لئے ان روایات کا یہ مطلب ہرگز نہیں بنتا کہ ایک سلام سے تین وتر پڑھنا ناپسند ہوں، بلکہ صحیح مطلب یہ ہے کہ تنہا تین وتر نہ ہوں بلکہ اس کے ساتھ دو یا چار رکعتیں نفل کی پڑھ لی جائیں، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی یہی منقول ہے۔

جس کی تفصیل پیچھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ارشاد کے ضمن میں گزر چکی ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایات

حضرت انس رضی اللہ عنہ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم تھے، اور کثرت سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے، ان سے بھی وتر کی تین رکعات کا ثبوت ملتا ہے۔

چنانچہ ابو محمد یعنی حضرت ثابت رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] حدیث نمبر ۶۸۹۰، کتاب الصلاۃ، باب من کان یوتر بثلاث ، أو أکثر.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

قَالَ لِیْ أَنَسٌ یَا أَبَا مُحَمَّدُ! خُذْ عَنِّیْ فَإِنِّیْ أَخَذْتُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم وَأَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ رَبِّہٖ عَزَّوَجَلَّ، وَلَنْ تَأْخُذَ عَنْ أَحَدٍ أَوْثَقَ مِنِّیْ قَالَ ثُمَّ صَلّٰی بِیَ الْعِشَاءَ، ثُمَّ صَلّٰی سِتَّ رَکْعَاتٍ یُسَلِّمُ بَیْنَ الرَّکْعَتَیْنِ ثُمَّ أَوْتَرَ بِثَلاَثٍ یُسَلِّمُ فِیْ آخِرِھِنَّ (تاریخ دمشق) [۱]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے مجھے فرمایا کہ اے ابومحمد! مجھ سے اخذ کرلو (یعنی دین کی باتیں حاصل کرلو) کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب اللہ عزوجل سے اخذ کیا ہے اور تم ہرگز مجھ سے زیادہ ثقہ آدمی سے اخذ نہیں کرسکتے۔

حضرت ثابت رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ پھر آپ رضی اللہ عنہ نے مجھے عشاء کی نماز پڑھائی پھر چھ رکعات نفل ادا کئے ہر دو رکعت پر سلام پھیرتے رہے پھر آپ نے تین رکعات وتر پڑھے اور ان کے آخر میں سلام پھیرا (ترجمہ ختم)

---

[۱] لابن عساكر.ج۹ص۳۶۳ ،تحت ترجمة،أنس بن مالک خادم رسول الله صلى الله عليه وسلم وصاحبه،دارالفكر،بيروت،كنزل العمال حديث نمبر ۲۱۹۰۲،بحواله الروياني كر ورجاله ثقات.
ورجاله ثقات كما فى منتخب كنز العمال ، وهو فى الكنز(۴-۱۹۶) ورمز له الروياني "كر" و"كر" رمز ابن عساكر، قال ورجاله ثقات اهـ، قال الشيخ وان لم اجد حال ميمون بن ابى عبدالله ، غير ذكره ابن حبان فى الثقات كما "التهذيب" (۱۰-۳۸۷) ورمز لابن ماجه من الستة فقط، وسماه فى "الميزان" ميمون بن عبدالله ، قال :ولايعرف، ورمز لابى داوٗد فقط والله اعلم، وصرح ابن عبدالهادى الحنبلى : ان من ذكره ابن حبان فى الثقات ولم يطعن احد فهو ثقة، قال الشيخ وظنى ان حديث "من كنت مولاه فعلي مولاه" يرويه شعبة عن ميمون ابى عبدالله هذا، قال الترمذى بعد رواية الحديث فى مناقب على (۲-۲۱۳) وروى شعبة هذا الحديث عن ميمون ابى عبدالله اهـ وشعبة لايروى الا من الثقات، فاذن الحديث سنده قوى (معارف السنن ج۴ص ۲۰۹ بيان الوتر بثلاث بسلام واحد)
ميمون بن أَبَان الهذلى ، ويُقال :الجشمى ، أبو عَبد الله البَصْرِيّ.رَوَى عَن :ثابت البنانى (ف ق)رَوَى عَنه :زيد بن الحباب (ف ق) ، وابو عاصم النبيل.ذكره ابنُ حِبَّان فى كتاب "الثقات.روى له أبو داود فى كتاب "التفرد "، وابن ماجة(تهذيب الكمال مع حواشيه، تحت رقم الترجمة ۶۳۳۱)

Idaraghufran

حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد مرفوع حدیث کا درجہ رکھتا ہے، جیسا کہ اس کے انداز سے معلوم ہورہا ہے۔ [1]

اوراس حدیث کے رجال کو اہلِ علم نے ثقہ قرار دیا ہے، اور اگراس کی سند میں تھوڑا بہت ضعف بھی ہو، تو وہ اس لئے مضر نہیں کہ اس کی دوسری احادیث اور خود حضرت انس رضی اللہ عنہ کے قول وفعل سے تائید ہوتی ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے وتر کا طریقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اخذ کیا ہے۔

چنانچہ حضرت ثابت رحمہ اللہ ہی فرماتے ہیں کہ:

صَلّٰی بِیُ أَنَسٌ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَلْوِتْرَ أَنَا عَنْ یَمِیْنِهٖ وَأُمُّ وَلَدِهٖ خَلْفَنَا ، ثَلَاثَ رَكَعَاتٍ، لَمْ یُسَلِّمْ إِلَّا فِیْ آخِرِهِنَّ ، ظَنَنْتُ أَنَّهٗ یُرِیْدُ أَنْ یُعَلِّمَنِیْ

(شرح معانی الآثار، حدیث نمبر ۱۷۴۷، کتاب الصلاۃ، باب الوتر)

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے مجھے وتر کی تین رکعتیں پڑھائیں اس حالت میں کہ میں اُن کی دائیں جانب تھا اوران کی اُمِّ ولد ہمارے پیچھے، آپ نے سلام فقط آخر میں پھیرا میرا غالب گمان یہ ہے کہ آپ مجھے وتر کا طریقہ سکھلا رہے تھے (ترجمہ ختم)

اس حدیث کے تمام رجال ثقہ اور مسلم کے رجال ہیں، سوائے ابنِ مرزوق کے، اور وہ بھی حسن الحدیث سے کم درجے کے نہیں ہیں۔ [2]

اور یہ حدیث دوسری صحیح سندوں سے بھی مروی ہے۔

---

[1] قلت :وهذا فی حکم المرفوع (اعلاء السنن ج٦ ص ٥٠، باب الایتار بثلاث الخ)

[2] چنانچہ شرح معانی الآثار کی حدیث کی سند یہ ہے:

حَدَّثَنَا ابْنُ مَرْزُوقٍ، قَالَ :ثنا عَفَّانُ، قَالَ :ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ :ثنا ثَابِتٌ، قَالَ" :

إبراهيم بن مرزوق بن دينار الأُمَوِی ، أبو إسحاق البَصْرِیّ ، نزيل مصر ، مولی عثمان بن عفان ...... قال النَّسَائی :صالح.وَقَال فی موضع آخر :لا بأس به.وَقَال فی موضع آخر :ليس لی به علم.وَقَال الدَّارَقُطْنِیُّ :ثقة .إلا أنه كان يخطء ، فيقال له ، فلا يرجع(تهذيب الكمال ج٢ص١٩٧، ١٩٨)

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

امام عبدالرزاق نے، حضرت معمر سے، اور انہوں نے حضرت ثابت بنانی سے (جو کہ ثقہ ہیں) ان الفاظ میں روایت کی ہے کہ:

صَلَّيْتُ مَعَ أَنَسٍ وَبِتُّ عِنْدَهُ قَالَ فَرَأَيْتُهُ يُصَلِّيْ مَثْنٰى مَثْنٰى حَتّٰى إِذَا كَانَ فِيْ آخِرِ صَلَاتِهٖ أَوْتَرَ بِثَلَاثٍ مِثْلَ الْمَغْرِبِ (مصنف عبد الرزاق) [1]

ترجمہ: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ساتھ نماز پڑھی، اور ان کے ساتھ رات گزاری، میں نے ان کو دیکھا کہ وہ (رات کو) دو دو رکعتیں پڑھ رہے تھے، یہاں تک کہ جب آخر نماز میں پہنچے تو تین وتر مغرب کی طرح پڑھے (ترجمہ ختم)

اور مغرب کی طرح پڑھنے کا مطلب پہلے بیان ہو چکا کہ دوسری رکعت پر قعدہ کیا، اور تیسری وآخری رکعت پر سلام پھیرا۔

اور ابنِ ابی شیبہ نے حضرت وکیع سے، اور انہوں نے حضرت ثابت بنانی سے (جو کہ سب ثقہ ہیں) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت بیان کی ہے کہ:

أَنَّهُ أَوْتَرَ بِثَلَاثٍ، لَمْ يُسَلِّمْ إِلَّا فِيْ آخِرِهِنَّ (مصنف ابنِ ابی شیبة) [2]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے تین وتر پڑھے، اور ان کے صرف آخر میں ہی سلام پھیرا (ترجمہ ختم)

اور امام طحاوی رحمہ اللہ نے حضرت صالح بن عبدالرحمٰن سے، اور انہوں نے حضرت سعید بن منصور سے، اور انہوں نے حضرت ہشیم سے، اور انہوں نے حضرت حمید سے، حضرت انس رضی اللہ عنہ کا ارشاد اس طرح روایت کیا ہے کہ:

اَلْوِتْرُ ثَلَاثُ رَكَعَاتٍ، وَكَانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثِ رَكَعَاتٍ (شرح معانی الآثار، حدیث نمبر ۱۷۴۶، کتاب الصلاۃ، باب الوتر)

ترجمہ: وتر تین رکعات ہیں اور آپ وتر کی تین رکعات ہی پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

---

[1] حدیث نمبر ۴۶۳۶، کتاب الصلاۃ، باب کم الوتر، المکتب الاسلامی، بیروت.

[2] حدیث نمبر ۶۹۱۰، کتاب الصلاۃ، باب من کان یوتر بثلاث او اکثر.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت حمید سے روایت ہے کہ:

عَنْ أَنَسٍ أَنَّهُ كَانَ يُوتِرُ بِثَلَاثِ رَكَعَاتٍ (مصنف ابن ابی شیبة) [1]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ وتر کی تین رکعات ادا فرمایا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

ان تمام مستند روایات کے مجموعہ سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں حضرت انس رضی اللہ عنہ بھی وتر کی تین رکعات، مغرب کی طرح درمیان میں تشہد کر کے اس طرح پڑھا کرتے تھے کہ آخر میں ہی سلام پھیرتے تھے۔ [2]

اور یہ محدثین کا اصول ہے کہ اگر کوئی ایک حدیث سند کے لحاظ سے کچھ کمزور ہو، مگر دوسری روایات اور اس سے بڑھ کر خود راوی کا اپنا عمل اس کا مؤید ہو، تو وہ ضعف نقصان دہ نہیں ہوتا، پس بعض متعصبین جو الگ الگ روایات میں بعض جزوی علتیں نکال کر ہر ہر حدیث و روایت کا انکار کرتے ہیں، یہ انتہائی خطرناک طرزِ عمل ہے۔

---

[1] حدیث نمبر ۶۸۹۳، کتاب الصلاۃ، باب من کان یوتر بثلاث أو أکثر.

[2] اور بعض آثار میں جو وتروں کو مغرب کے مشابہ کرنے کو ناپسند قرار دیا گیا ہے، اس سے مراد خود تین وتروں کو دو تشہد اور ایک سلام کے ساتھ پڑھنا نہیں ہے، بلکہ دو تشہد اور ایک سلام کے ساتھ اس طرح پڑھنا مراد ہے کہ ان سے آگے پیچھے کچھ نوافل نہ پڑھے جائیں، جس کی تفصیل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا وغیرہ کی احادیث میں مذکور ہے۔

اس طرح تین وتر مغرب کی طرح پڑھنے کے حکم اور وتروں کو مغرب کے مشابہ نہ بنانے کی روایات و آثار میں کوئی تعارض و ٹکراؤ نہیں ہے، جیسا کہ بعض لوگوں کو غلط فہمی پیدا ہوئی ہے۔

حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ ، عَنِ الْعَوَّامِ ، قَالَ : حَدَّثَنَا عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ ، قَالَ : كَانُوا يَكْرَهُونَ أَنْ يُشَبِّهُوا الْوِتْرَ بِالْمَغْرِبِ (مصنف ابنِ ابی شیبة، حدیث نمبر ۶۹۰۲، کتاب الصلاۃ، باب من کان یوتر بثلاث او اکثر)

إبراهيم بن يزيد بن شَرِيک التَّيْمِيّ ، تيم الرباب ، أبو أسماء الكوفى ، كان من العباد...... قال إسحاق بن منصور عن يحيى بن مَعِين : ثقة. وَقَال أبو زُرْعَة : ثقة مرجء ، قتله الحجاج بن يوسف. وَقَال أبو حاتم : صالح الحديث . وَقَال الأخنسى عَن أبى بكر بن عياش عن الأعمش : سمعت إبراهيم التَّيْمِيّ يقول إنى لامكث ثلاثين يوما لا آكل. قال أبو داود : مات ولم يبلغ أربعين سنة. وَقَال غيره : مات سنة اثنتين وتسعين . روى له الجماعة (تهذيب الكمال ج۲ ص ۲۳۲، ۲۳۳، ملخصاً)

قلت : وقال الواقدى مات سنة ۹۴ وقال الاعمش كان ابراهيم إذا سجد تجء العصافير فتنقر ظهره. وقال الكرابيسى حدث عن زيد بن وهب قليلا أكثرها مدلسة (تهذيب التهذيب ج ۱ ص ۱۵۴)

Idara ghufran

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایات

تین رکعت وتر اور وتر کی تیسری وآخری رکعت پر ہی سلام پھیرنے کی احادیث وروایات صحابیٔ رسول حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہیں۔

چنانچہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابزی، حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثِ رَكَعَاتٍ، كَانَ يَقْرَأُ فِي الْأُوْلٰى بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى، وَفِي الثَّانِيَةِ بِقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَفِي الثَّالِثَةِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، وَيَقْنُتُ قَبْلَ الرُّكُوْعِ

(نسائی) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات وتر پڑھا کرتے تھے، اور پہلی رکعت میں سبح اسم ربک الاعلیٰ، اور دوسری رکعت میں قل یایھا الکفرون اور تیسری رکعت میں قل ھو اللہ احد پڑھا کرتے تھے، اور رکوع سے پہلے قنوت پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اسی قسم کی حدیث حضرت عبدالرحمٰن بن ابزی رضی اللہ عنہ سے بھی براہِ راست مروی ہے۔ [2]

---

[1] حدیث نمبر ۱۶۹۹، کتاب قیام اللیل وتطوع النهار، باب کیف الوتر بثلاث، مکتب المطبوعات الإسلامية -حلب، واللفظ لہ، السنن الکبریٰ للنسائی، حدیث نمبر ۱۰۵۰۲، سنن دارقطنی، حدیث نمبر ۱۶۵۹.

حکم الالبانی: صحیح .

[2] أَنَّهُ (صَلَّى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوِتْرَ فَقَرَأَ فِي الْأُولَى : بِسَبِّحْ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى وَفِي الثَّانِيَةِ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ وَفِي الثَّالِثَةِ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ ثَلَاثًا ، يَمُدُّ صَوْتَهُ بِالثَّالِثَةِ (شرح معانی الآثار ، باب الوتر، واللفظ لہ، نسائی حدیث نمبر ۱۶۸۳، وحدیث نمبر ۱۷۱۰ وحدیث نمبر ۱۷۱۴، مسند احمد حدیث نمبر ۱۵۳۵۴، وحدیث نمبر ۱۵۳۵۵، وحدیث نمبر ۱۵۳۶۱؛ مسند

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْوِتْرِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى، وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ بِقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَفِي الثَّالِثَةِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، وَلَا يُسَلِّمُ إِلَّا فِيْ آخِرِهِنَّ، وَيَقُوْلُ ـ يَعْنِيْ بَعْدَ التَّسْلِيْمِ ـ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ ، ثَلَاثًا (نسائی) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر (کی پہلی رکعت) میں سبح اسم ربک الاعلیٰ اور دوسری رکعت میں قل یا ایھا الکفرون اور تیسری رکعت میں قل ھوا للہ احد پڑھتے تھے، اور سلام فقط آخری رکعت ہی میں پھیرتے تھے اور سلام پھیرنے کے بعد تین دفعہ سبحان الملک القدوس کہتے تھے (ترجمہ ختم)

اور بعض روایات میں یہ الفاظ ہیں کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوْتِرُ ثَلَاثَ رَكَعَاتٍ لَا يُسَلِّمُ فِيْهِنَّ حَتّٰى يَنْصَرِفَ، أَوَّلُ رَكْعَةٍ بِ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى، وَالثَّانِيَةُ بِ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَالثَّالِثَةُ بِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، وَأَنَّهُ قَنَتَ قَبْلَ الرُّكُوْعِ (شرح مشكل الآثار للطحاوی) [2]

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

الطیالسی، حدیث نمبر ۵۴۲)

فی حاشیۃ مسند احمد: إسناده صحيح على شرط الشيخين.

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یوتر بثلاث رکعات یقرأ فیھا ب سبح اسم ربک الاعلیٰ، وقل یاایھاالکافرون وقل ھو اللہ احد (مسند الامام الاعظم، روایة الحارثی، ج۲ ص ۸۶۹، حدیث نمبر ۱۵۶۷)

[1] حدیث نمبر ۱۷۰۱، کتاب قیام اللیل وتطوع النھار، باب کیف الوتر بثلاث، مکتب المطبوعات الإسلامیة -حلب، واللفظ لہ، سنن البیہقی، حدیث نمبر ۴۸۶۴، عمل الیوم واللیلة لابن السنی، حدیث نمبر ۷۰۴.

حکم الألبانی: صحیح.

[2] حدیث نمبر ۴۵۰۱، باب بیان مشکل ما اختلف أھل العلم فیه من القنوت فی الوتر، مؤسسة الرسالة، بیروت، مسند الشاشی، حدیث نمبر ۱۳۵۶ .

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات وتر پڑھتے تھے، اور ان کو ختم کرنے سے پہلے سلام نہیں پھیرتے تھے، پہلی رکعت میں سبح اسم ربک الاعلیٰ اور دوسری رکعت میں قل یا ایھا الکفرون اور تیسری رکعت میں قل ھوا للہ احد پڑھتے تھے، اور رکوع سے پہلے قنوت پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی تین رکعات ایک سلام کے ساتھ پڑھتے تھے، اور سلام تیسری رکعت کے آخر میں ہی پھیرتے تھے۔ [1]

اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا اپنا عمل بھی اسی طرح وتر پڑھنے کا تھا۔

چنانچہ امام عبدالرزاق، حضرت ابنِ جریج سے، اور وہ عمران بن موسیٰ سے اور وہ یزید بن خصیفہ سے، اور وہ حضرت سائب بن یزید سے روایت کرتے ہیں کہ:

أَنَّ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ كَانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثٍ (مصنف عبدالرزاق) [2]

ترجمہ: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ وتر تین رکعات پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

اور امام عبدالرزاق، حضرت معمر سے، اور وہ حضرت قتادہ سے، نیز حضرت ہشام سے، اور وہ حضرت حسن سے (جو کہ تمام ثقہ راوی ہیں) روایت کرتے ہیں کہ:

كَانَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ يُوتِرُ بِثَلَاثٍ لَا يُسَلِّمُ إِلَّا فِي الثَّالِثَةِ مِثْلَ الْمَغْرِبِ (مصنف عبد الرزاق) [3]

---

[1] وفی الثانية منها قل للذين كفروا ای قل یاایها الكافرون كما فی نسخة، وفی الركعة الثالثة الله الواحد الصمد ای سورة قل هو الله احد وذكر تسميتهما بمعنى اوائل السورة وفی مسند ابی حنيفة بعد تخريج هذا الحديث مرسلا وفی الثانية قل للذين كفروا يعنی قل یاایها الكافرون فهكذا فی قراء ة ابن مسعود انتهی.

وهذا الحديث يدل على انه صلى الله عليه وسلم يوتر بثلاث ركعات بسلام واحد لانه وقع فيما اخرجه النسائی هذا الحديث من طريق قتادة عن عزرة انه قال فيه ولايسلم الا فی آخرهن (بذل المجهود فی حل ابی داؤد، ج۲ ص۳۲۵، باب مايقرأ فی الوتر)

[2] حديث نمبر ۴۶۶۱، كتاب الصلاة، باب كيف التسليم فی الوتر، المكتب الاسلامی، بيروت.

[3] حديث نمبر ۴۶۵۹، وحديث نمبر ۴۶۶۰، كتاب الصلاة، باب كيف التسليم فی الوتر، المكتب الاسلامی، بيروت.

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: حضرت ابی بن کعب تین وتر پڑھا کرتے تھے، اور تیسری (رکعت) میں ہی سلام پھیرتے تھے مغرب کی طرح (ترجمہ ختم)

اس قسم کی روایت کیونکہ حضرت حسن کے علاوہ دیگر سندوں سے بھی مروی ہے، اور حضرت ابی بن کعب سے مرفوع طریقہ پر بھی مروی ہے، اس لئے یہ کہنا کہ حضرت حسن نے، حضرت ابی بن کعب کو نہیں پایا، درست نہیں۔

بالخصوص جبکہ حضرت حسن ایسی بات بغیر مستند سماع کے نہیں کہہ سکتے، اور ان کی مرسل احادیث بھی متعدد محدثین کے نزدیک مقبول ہیں، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حکم سے ان کے دورِ خلافت میں رمضان کے مہینے میں مسجدِ نبوی میں اسی طرح تین وتر پڑھایا کرتے تھے، اور صحابۂ کرام وتابعینِ عظام ان کی اقتداء میں اسی طرح تین وتر پڑھتے تھے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

مگر کسی نے اس طرح وتر پڑھنے کے طریقہ پر انکار نہیں کیا، اور آج جو لوگ انکار کرتے ہیں، وہ ناعاقبت اندیشی کی وجہ سے کرتے ہیں۔

پس حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی اتباع میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا تین وتر اس طرح پڑھنا کہ دوسری رکعت پر قعدہ کرنا اور تیسری رکعت کے آخر میں سلام پھیرنا، اور صحابۂ کرام کے دور میں بلانکیر اس پر تعامل ہونا معلوم ہوا۔

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی روایات

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ، اُن جلیلُ القدر صحابۂ کرام میں سے ہیں، جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر وحضر میں طویل صحبت کا شرف حاصل ہوا۔

آپ کی سند سے بھی تین وتر کا ثبوت ملتا ہے۔

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

وِتْرُ اللَّيْلِ ثَلَاثٌ كَوِتْرِ النَّهَارِ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ (سنن دارقطنی) [1]

ترجمہ: رات کے وتر تین ہیں دن کے وتر یعنی نمازِ مغرب کی طرح (ترجمہ ختم)

بعض حضرات نے اس حدیث کے مرفوع ہونے کی سند کو ضعیف اور حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ پر موقوف ہونے کو صحیح قرار دیا ہے۔ مگر یہ روایت پھر بھی مرفوع کا حکم رکھتی ہے۔ [2]

---

[1] حدیث نمبر ۱۶۵۳، کتاب الوتر، باب الوتر ثلاث کثلاث المغرب، مؤسسة الرسالة، بيروت، واللفظ لهٗ، المعجم الكبير للطبرانی حديث نمبر ۹۳۰۳، شرح معانی الآثار، باب الوتر.

[2] وقال الدارقطنی: يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا هَذَا يُقَالُ لَهُ ابْنُ أَبِي الْحَوَاجِبِ ضَعِيفٌ .وَلَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْأَعْمَشِ مَرْفُوعًا غَيْرُهُ.

والحاصل :أن النهاريات كما اختتمت بصلاةِ وِتْرٍ كذلک اختموا صلاةَ الليلِ بالوتر، وعلى الوتر - وبعبارةٍ أخرى -إن وِتْر النهار كما لم يكن مقومًا لسائر النهاريات، كذلک وتر الليل ليس مقومًا لسائر ركعات الليل ليكون تَعَلُّقُه بالجميع سواء ، بل معناه أن آخِرَ النهاريات صلاةٌ وِتْرٌ كذلک فلتكن صلاةُ الليل وترًا، لتصير الوظيفتان -أي وظيفة الليل والنهار -على شاكلةٍ واحدة .وتتصف الوظيفتان بصفة الوترية فتجلبان معنى الأَحِبِّية، إن اللَّهَ وِتْرٌ يحِبُّ الوِتْر فكان الإيتار لمعنىً(فيض البارى للكشميرى ج۳ص ۱۸۹، باب ماجاء فى الوتر)

وقال العينى:قال الدارقطنى لم يروه عن الأعمش مرفوعًا غير يحيى بن زكرياء ، وهو ضعيف، وقال البيهقى :الصحيح، وقفه على ابن مسعود، ورفعه يحيى بن زكرياء بن أبى الحواجب، وهو ضعيف، ورواه الثورى، وعبد اللّه بن نمير، وغيرهما عن الأعمش، فى فوقفوه انتهى(شرح ابى داوٗد للعينى ، ج۵ص ۳۳۰، كتاب الصلاة، باب كم الوتر)

ثم قال :وخبر الوتر ثلاث كوتر النهار المغرب .لا يصح مرفوعا، وإنما هو قول ابن مسعود .قلت: لو سلم عدم صحة المرفوع، فهذا الموقوف فى حكم المرفوع(مرقاة المفاتيح،ج۳ص ۹۴۰، كتاب الصلاة ،باب الوتر)

قلت: ابن ابى الحواجب ذكره ابن حبان فى الثقات كما فى "اللسان" فالرجل مختلف فيه، ومثله يعتبر فه لاسيما ولما رواه شاهد ، فقد اخرج الدارقطنى ايضا عن اسماعيل بن مسلم المكى، عن الحسن، عن سعد بن هشام، عن عائشة مرفوعا نحوه سواء، كما فى "نصب الراية" واسماعيل هذا وان ضعفه الناس ولكن قال ابوحاتم : ليس بمتروک يكتب حديثه، وكذا قال ابن عدى: انه ممن يكتب حديثه ، وقال ابن سعد: قال محمد بن عبدالله الانصارى: كان له رأى وفتوى وبصر وحفظ لحديث كنت اكتب عنه لنباهته اهـ من "التهذيب" ملخصا فالحديث حسن مرفوعا على الاصل الذى ذكرناه غير مرة، والرفع زياده لاتنافى الوقف، فتقبل ممن اختلف فى توثيقه، فبالاولىٰ اذا كان له شاهد مثله (اعلاء السنن ،ج۶ ص ۴۹، باب الايتار بثلاث)

idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت عبدالرحمٰن بن یزید رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

اَلْوِتْرُ ثَلاثُ رَکَعَاتٍ کَصَلاۃِ الْمَغْرِبِ (المعجم الکبیر للطبرانی) [1]

ترجمہ: وتر کی تین رکعتیں ہیں مغرب کی نماز کی طرح (ترجمہ ختم)

اور مصنف ابنِ ابی شیبہ کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ اَلْوِتْرُ ثَلَاثٌ، کَصَلاۃِ الْمَغْرِبِ وِتْرِ النَّھَارِ (مصنف ابنِ ابی شیبۃ) [2]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ وتر تین ہیں مغرب کی

---

[1] حدیث نمبر ۹۴۲۱، مکتبۃ ابنِ تیمیۃ، قاھرۃ، واللفظ لہٗ، مؤطا امام محمد، حدیث نمبر ۲۶۲.
حدثنا أبو معاویۃ المکفوف عن الأعمش عن مالک بن الحارث عن عبد الرحمن بن یزید عن عبد اللہ بن مسعود قال (مؤطا امام محمد)

قلت: رجالہ رجال مسلم (اعلاء السنن، جلد۶، صفحہ ۴۴باب الایتار بثلاث)

قولہ :أبو معاویۃ المکفوف أی :الممنوع عنہ البصر یعنی الأعمی وھو محمد بن خازم الضریر الکوفی عمی وھو صغیر ثقۃ أحفظ الناس لحدیث الأعمش وقد یھم فی حدیث غیرہ روی عن الأعمش وسفیان وعنہ أحمد وإسحاق وابن معین مات سنۃ ۱۹۵ ھ کذا فی "التقریب" (۱۵۷/۲)و "الکاشف "قولہ :عن الأعمش :بالفتح من العمش بفتحتین وھو عبارۃ عن ضعف البصر وکونہ بحیث یجری منہ الدمع لمرض والمشھور بہ سلیمان بن مھران -بالکسر -الأسدی الکاھلی مولاھم أبو محمد الکوفی أصلہ من طبرستان وولد بالکوفۃ وروی عن أنس ولم یثبت لہ منہ سماع وابن أبی أوفی وأبی وائل وقیس بن أبی حازم والشعبی والنخعی وغیرھم وعنہ أبو إسحاق السبیعی وشعبۃ والسفیانان وغیرھم قال ابن معین :ثقۃ والنسائی :ثقۃ ثبت وابن عمار : لیس فی المحدثین أثبت من الأعمش ومنصور ثبت أیضا إلا أن الأعمش أعرف منہ بالمسند مات سنۃ ۱۴۷ھ وقیل سنۃ ۱۴۶ھ وترجمتہ مطولۃ فی "تھذیب التھذیب"

قولہ :عن مالک بن الحارث قال الذھبی فی "الکاشف "مالک بن الحارث السلمی عن أبی سعید الخدری وعلقمۃ النخعی وعنہ منصور والأعمش ثقۃ مات سنۃ ۹۴ ھ .انتھی

قولہ :عن عبد الرحمن بن یزید بن قیس النخعی نسبۃ إلی نخع بفتحتین قبیلۃ أبو بکر الکوفی روی عن أخیہ الأسود بن یزید وعمہ علقمۃ بن قیس وعن حذیفۃ وابن مسعود وأبی موسی وعائشۃ وغیرھم وعنہ ابنہ محمد وإبراھیم النخعی وأبو إسحاق السبیعی ومنصور وغیرھم قال ابن سعد وابن معین والعجلی والدارقطنی :ثقۃ مات سنۃ ۷۳ھ وقیل سنۃ ۸۳ھ کذا فی "تھذیب التھذیب"(التعلیق الممجد علی المؤطا للامام محمد ،للکنوی، تحت حدیث رقم ۲۶۲)

[2] حدیث نمبر ۶۷۷۹، کتاب الصلاۃ، باب مَنْ قَالَ وِتْرُ النَّھَارِ الْمَغْرِبُ.

Idaraghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

نماز کی طرح، جو کہ دن کے وتر ہیں (ترجمہ ختم)

اور معجم کبیر طبرانی اور شرح معانی الآ ثار کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

اَلْوِتْرُ ثَـلَاثٌ، کَوِتْرِ النَّھَارِ، صَلَاۃِ الْمَغْرِبِ (المعجم الکبیر للطبرانی) [1]

ترجمہ: وتر کی تین رکعات ہیں، دن کے وتر مغرب کی نماز کی طرح (ترجمہ ختم)

اور معجم کبیر طبرانی اور مصنف عبدالرزاق کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

وِتْرُ اللَّیْلِ کَوِتْرِ النَّھَارِ صَلَاۃِ الْمَغْرِبِ ثَلَاثًا (المعجم الکبیر للطبرانی) [2]

ترجمہ: رات کے وتر دن کے وتر نمازِ مغرب کی طرح تین ہیں (ترجمہ ختم)

مغرب کو دن کے وتر اس لیے فرمایا گیا کہ یہ دن کی باقی ماندہ روشنی میں پڑھے جاتے ہیں، اور یہ بھی تین رکعتیں ہیں، جن میں دوسری رکعت پر قعدہ وتشہُّد اور تیسری رکعت کے آخر میں سلام پھیرا جاتا ہے۔

اور رات کے وتر مغرب کی طرح ہونے کا مطلب بھی واضح طور پر یہی ہے کہ وتر بھی اسی طریقہ سے پڑھے جاتے ہیں۔

اور حضرت علقمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْعُوْدٍ أَھْوَنُ مَا یَکُوْنُ الْوِتْرُ ثَلَاثَ رَکْعَاتٍ (مؤطا امام محمد) [3]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ہمیں خبر دی ہے کہ ہلکے (یعنی نفلوں کے بغیر) وتر تین رکعتیں ہیں (ترجمہ ختم)

---

[1] حدیث نمبر ۹۳۱۰، مکتبۃ ابنِ تیمیۃ، قاھرۃ، وشرح معانی الآثار، حدیث نمبر ۱۷۴۴، باب الوتر.

[2] حدیث نمبر ۹۳۰۹، مکتبۃ ابنِ تیمیۃ، قاھرۃ، مصنف عبد الرزاق، حدیث نمبر ۴۶۳۵.
قال الھیثمی:
رواہ الطبرانی فی الکبیر ورجالہ رجال الصحیح (مجمع الزوائد ج۲ ص۲۴۲)

[3] حدیث نمبر ۲۶۵، ابواب الصلاۃ، باب السلام فی الوتر، دار القلم، دمشق.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت ابو عبیدہ سے مروی ہے کہ:

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهٗ كَانَ يُوْتِرُ بِثَلاَثٍ مِّنْ آخِرِ اللَّيْلِ قَاعِدًا (مصنف ابن ابی شیبۃ) [1]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ وتر تین رکعات پڑھا کرتے تھے رات کے آخری حصہ میں بیٹھ کر (ترجمہ ختم)

ممکن ہے، اس وقت کسی عذر سے آپ بیٹھ کر وتر ادا فرماتے ہوں۔

حضرت محمد بن نصر مروزی رحمہ اللہ اپنی سند سے حضرت زید بن وہب رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُصَلِّيْ بِنَا فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ فَيَنْصَرِفُ وَعَلَيْهِ لَيْلٌ، قَالَ الْاَعْمَشُ كَانَ يُصَلِّيْ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً وَيُوْتِرُ بِثَلاَثٍ (قیام رمضان لمحمد بن نصر المروزی) [2]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہمیں رمضان کے مہینے میں تراویح پڑھاتے تھے، اور جب فارغ ہو کر واپس ہوتے تو ابھی رات باقی ہوتی۔

حضرت اعمش کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیس رکعات تراویح اور تین وتر پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی ان روایات کے مجموعہ سے بھی وتر کی تین رکعت کا پڑھنا ثابت ہوا، جن میں دوسری رکعت پر قعدہ اور آخری رکعت میں سلام پھیرنا بھی شامل ہے۔ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی احادیث میں دو رکعت پر تشہُّد کا حکم بھی ثابت ہے، جو وتر کی نماز کو بھی شامل ہے۔

چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] حدیث نمبر ۶۹۱۵، کتاب الصلاۃ، باب من کان یوتر بثلاث او اکثر.

[2] ص ۲۲۱، باب عدد الرکعات التی یقوم بها الإمام للناس فی رمضان، حدیث أکادمی، فیصل آباد - باکستان.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ وَيَقُوْلُ لَا صَلَاةَ إِلَّا بِتَشَهُّدٍ (السنن الكبرى للبيهقى) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تشہد اس طرح سکھلایا کرتے تھے، جس طرح قرآن کی سورت سکھلاتے تھے، اور فرماتے تھے کہ تشہد کے بغیر نماز نہیں ہوتی (ترجمہ ختم)

اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے بھی اسی طرح کا ارشاد مروی ہے۔ [2]

اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلتَّشَهُّدَ فِيْ وَسَطِ الصَّلَاةِ وَفِيْ آخِرِهَا (مسند احمد، حديث نمبر ۴۳۸۲، مؤسسة الرسالة، بيروت) [3]

---

[1] حديث نمبر ۳۹۶۳، كتاب الصلاة، باب وجوب التشهد الآخر، دارالكتب العلمية، بيروت، واللفظ لهٔ، مسند البزار حديث نمبر ۱۵۷۱، المعجم الاوسط للطبرانى، حديث نمبر ۴۵۷۴.

قال الهيثمى:

قلت: في الصحيح طرف منه. رواه الطبرانى فى الأوسط وفيه صفدى بن سنان ضعفه ابن معين ورواه البزار برجال موثقين وفى بعضهم خلاف لا يضر إن شاء الله (مجمع الزوائد ج۲ص ۱۴۰)

[2] عن عمر بن الخطاب قال لا تجوز صلاة إلا بتشهد (مصنف عبد الرزاق، حديث نمبر ۳۰۸۰، باب من نسى التشهد)

عَنْ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: لاَ صَلاَةَ إِلَّا بِتَشَهُّدٍ (مصنف ابنِ ابى شيبة، حديث نمبر ۸۸۰۵، كتاب الصلاة، باب فى الرجل ينسى التشهد)

عَنْ مُسْلِمٍ أَبِى النَّضْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ حَمَلَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ يَقُولُ: قَالَ عُمَرُ: لاَ صَلاَةَ إِلَّا بِتَشَهُّدٍ (مصنف ابنِ ابى شيبة، حديث نمبر ۸۸۰۷، كتاب الصلاة، باب فى الرجل ينسى التشهد)

[3] قال الهيثمى:

رواه أحمد ورجاله موثقون (مجمع الزوائد ج۲ص ۱۴۲)

فى حاشية مسند احمد:

صحيح، وهذا إسناد حسن من أجل ابن إسحاق -وهو محمد- وقد صرح بالتحديث، فانتفت شبهة تدليسه، وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين. يعقوب: هو ابن إبراهيم بن سعد بن إبراهيم بن عبد الرحمن بن عوف. وأخرجه ابن خزيمة (۷۰۲) و (۷۰۸)، والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" (۲۶۲/۱) من طريق ابن إسحاق، بهذا الإسناد.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کے درمیان میں (یعنی دوسری رکعت پر) اور نماز کے آخر میں تشہد پڑھنے کی تعلیم دی (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابوالاحوص سے مروی ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

إِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُلِّمَ فَوَاتِحَ الْخَيْرِ وَجَوَامِعَهُ، وَإِنَّا كُنَّا لاَ نَدْرِيْ مَا نَقُوْلُ إِذَا جَلَسْنَا فِي الصَّلَاةِ إِلٰى أَنْ نَذْكُرَ اللّٰهَ حَتّٰى عَلَّمَنَا : "اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، وَالصَّلَوَاتُ الْمُطَيِّبَاتُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ ، أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ " يَقُوْلُهُ الرَّجُلُ فِيْ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ (مسند ابن أبی شيبة) [1]

ترجمہ: محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو خیر کو فتح اور جمع کرنے والے کلمات کی تعلیم دی گئی، اور ہمیں یہ معلوم نہیں تھا کہ جب ہم نماز میں بیٹھیں تو اللہ کا کس طرح ذکر کریں، یہاں تک کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کلمات کی تعلیم دی کہ:

"اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، وَالصَّلَوَاتُ الْمُطَيِّبَاتُ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ ، أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ "

ان کلمات کو آدمی ہر دو رکعت میں کہے (ترجمہ ختم)

اور حضرت حصین سے بسندِ حسن مروی ہے کہ:

بَلَغَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ أَنَّ سَعْدًا يُوْتِرُ بِرَكْعَةٍ، قَالَ مَا أَجْزَأَتْ رَكْعَةٌ قَطُّ

(المعجم الكبير للطبرانی، حديث نمبر ۹۴۲۲،مكتبة ابنِ تيمية، القاهرة) [2]

---

[1] حديث نمبر ۴۲۳، ج ۱ ص ۲۸۰، دار الوطن ،الرياض.

[2] قال الهيثمی:

رواه الطبرانی فی الكبير، وحصين لم يدرک ابن مسعود وإسناده حسن(مجمع الزوائد ج ۲ ص ۲۴۲)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ بات پہنچی کہ سعد ایک رکعت وتر پڑھتے ہیں، تو حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک رکعت کبھی بھی کافی نہیں ہوتی (ترجمہ ختم)

اور مؤطا امام محمد میں حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کا ارشاد ان الفاظ میں مروی ہے کہ:

مَا أَجْزَأَتْ رَكْعَةٌ وَاحِدَةٌ قَطُّ (موطأ الإمام محمد) [1]

ترجمہ: ایک رکعت کبھی بھی کافی نہیں ہوتی (ترجمہ ختم)

کیونکہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تین وتر کے قائل تھے، اور تشہد کے بغیر نماز کے جائز ہونے کو درست نہیں سمجھتے تھے، اور تشہد اُن کے نزدیک دوسری رکعت پر ہوتا ہے نہ کہ ایک رکعت پر، اور ایک رکعت وتر پڑھنے کی صورت میں دوسری رکعت کے بجائے پہلی رکعت پر ہی تشہُّد لازم آتا ہے۔

جس کی وجہ سے نماز خلافِ قواعد ہوتی ہے، اس جیسی وجوہات کی بناء پر انہوں نے ایک رکعت وتر کا انکار فرمایا۔ [2]

پس حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی ایک سلام کے ساتھ مغرب کی نماز کی طرح وتر کی تین رکعتوں کا دوسری رکعت پر تشہُّد کے ساتھ پڑھنا ثابت ہوا۔

---

[1] حدیث نمبر ۲۶۴، ابواب الصلاۃ، باب السلام فی الوتر، دارالقلم، دمشق.

[2] وَقَدْ حَدَّثَنَا بَكَّارٌ قَالَ :ثنا أَبُو دَاوُدَ قَالَ :ثنا حَمَّادٌ ,عَنْ حَمَّادٍ ,عَنْ إِبْرَاهِيمَ ,أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ عَابَ ذَلِكَ عَلَى سَعْدٍ وَمُحَالٌ عِنْدَنَا أَنْ يَكُونَ عَبْدُ اللهِ عَابَ ذَلِكَ عَلَى سَعْدٍ مَعَ نُبْلِ سَعْدٍ وَعِلْمِهِ إِلَّا لِمَعْنًى قَدْ ثَبَتَ عِنْدَهُ ,وَهُوَ أَوْلَى مِنْ فِعْلِهِ ,وَلَوْ كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ إِنَّمَا خَالَفَهُ بِرَأْيِهِ لَمَا كَانَ رَأْيُهُ أَوْلَى مِنْ رَأْيِ سَعْدٍ ,وَلَمَا عَابَ ذَلِكَ عَلَى سَعْدٍ ,إِذَا كَانَ مَا أَخَذَ ذَلِكَ مِنْهُ هُوَ الرَّأْيُ ,وَلَكِنِ الَّذِي عَلِمَهُ ابْنُ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ مِمَّا خَالَفَ فِعْلَ سَعْدٍ فِي ذَلِكَ هُوَ غَيْرُ الرَّأْيِ (شرح معانی الآثار، تحت حدیث رقم ۱۷۵۵، کتاب الصلاۃ، باب الوتر)

عن ابی حنیفة عن حماد عن ابراهیم انه قال ان سعد بن مالک رضی الله عنه کان یوتر برکعة واحدة فنهاه ابن مسعود رضی الله عنه فقال له انت تورث الجدات فلا تورث الحواء الرکوع (کتاب الآثار لابی یوسف، حدیث نمبر ۳۴۴)

Idaraghufran

نیز حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگرد بھی تین وتر ایک سلام کے ساتھ پڑھا کرتے تھے، جس کا ذکر آگے آتا ہے، جن سے حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی مندرجہ بالا روایات کو مزید تقویت حاصل ہو جاتی ہے۔

اور بعض روایات کی سند میں ضعف ہونا نقصان دہ نہیں، کیونکہ مختلف روایات ایک دوسرے کی تائید کرتی ہیں، جیسا کہ پہلے گزرا۔ [1]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایات

جلیل القدر تابعی حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ:

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ مَا أُحِبُّ أَنِّيْ تَرَكْتُ الْوِتْرَ بِثَلَاثٍ وَإِنَّ لِيْ حُمْرَ النَّعَمِ (مؤطا امام محمد) [2]

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے پسند نہیں کہ میں تین رکعات وتر چھوڑ دوں چاہے مجھے اس کے بدلے سُرخ اونٹ کیوں نہ ملیں (ترجمہ ختم)

ملحوظ رہے کہ حضرت ابراہیم نخعی کی مراسیل محدثین کے نزدیک معتبر ہیں، جس کا ذکر آگے آتا ہے۔

اور ابنِ ابی شیبہ، حمید بن عبدالرحمٰن سے اور وہ حسن بن صالح سے اور وہ عبدالعزیز بن رفیع

---

[1] اور بعض لوگ جو اس موقع پر ہر حدیث میں الگ الگ جزوی علتیں نکال کر تمام حدیثوں پر جرح کرتے ہیں، ان کا یہ طرزِ عمل محدثین کے اصول وقواعد کے مطابق درست نہیں، کیونکہ اولاً تو حدیثِ حسن کی دو قسمیں ہیں، ایک لعینہٖ، اور ایک لغیرہٖ، اور پھر حدیثِ حسن دوسرے شواہد ومؤیدات سے مل کر بعض اوقات صحیح کے درجہ میں پہنچ جاتی ہے۔
اور جس کے کثرت سے شواہدات ومؤیدات موجود ہوں، ان پر فرداً فرداً جرح کر کے تمام احادیث وروایات کا انکار کرنا انتہائی خطرناک طرزِ عمل ہے، جس سے متعصبین کو توبہ کرنی چاہئے، ورنہ آخرت میں ان کی یہ تاویلات کارگر ثابت نہ ہوں گی، اور مؤاخذہ سے بچنے کے لئے مؤثر نہ ہوں گی۔

[2] حدیث نمبر ۲۶۰، ابواب الصلاۃ، باب السلام فی الوتر، دارالقلم، دمشق.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

سے روایت کرتے ہیں کہ:

كَانَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ فِيْ رَمَضَانَ بِالْمَدِيْنَةِ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً وَيُوْتِرُ بِثَلاَثٍ (مصنف ابنِ ابی شیبة) [1]

ترجمہ: رمضانُ المبارک میں مدینہ منورہ میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ لوگوں کو بیس رکعات تراویح اور تین رکعات وتر پڑھایا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اس روایت کے تمام راوی ثقہ ہیں۔ [2]

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں رمضان میں تراویح اور وتر پڑھانے کے لئے مامور فرمایا تھا، اور وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حکم سے تراویح اور وتر پڑھاتے تھے۔

اور یہ بات ظاہر ہے کہ وہ ایک سلام کے ساتھ تین وتر پڑھایا کرتے تھے، کیونکہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ خود رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک سلام کے ساتھ تین وتر پڑھنے کی حدیث کو روایت کرتے ہیں، اور خود بھی ان کا عمل اسی طرح تین وتر پڑھنے کا تھا، جس کی تفصیل پہلے گزر چکی۔

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں سب لوگوں کو تین وتر پڑھانا اور ان کی اقتداء میں

---

[1] حدیث نمبر ۷۷۶۶، کتاب الصلاة، باب کم یصلی فی رمضان من رکعة.

[2] اس روایت کے تینوں راویوں پر مختصر کلام درجِ ذیل ہے:

(۱) حـمـيـد بن عبد الرحمن بن حميد بن عبد الرحمن الرؤاسى بضم الراء بعدها همزة خـفيفة أبو عوف الكوفى ثقة من الثامنة مات سنة تسع وثمانين وقيل تسعين وقيل بعدها (تقريب التهذيب ج ا ص ۲۴۵)

(۲) الحسن بن صالح بن صالح بن حى وهو حيان بن شفى بضم بالمعجمة والفاء مصغر الهـمـدانـى بسكون الميم الثورى ثقة فقيه عابد رمى بالتشيع من السابعة مات سنة تسع وستين وكان مولده سنة مائة (تقريب التهذيب ج ا ص ۲۰۵)

(۳) عبـد الـعزيز بن رفيع بفاء مصغر الأسدى أبو عبد الملك المكى نزيل الكوفة ثقة مـن الـرابـعة مـات سـنة ثـلاثيـن ويـقـال بـعـدهـا وقـد جـاوز التسعين (تقريب التهذيب ج ا ص ۲۰۳)

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

لوگوں کا مذکورہ طریقہ پر تین وتر پڑھنا اس بات کی دلیل ہے کہ جمہور صحابۂ کرام اس طریقہ پر متفق ومجتمع ہوگئے تھے، اسی کو بعض نے اجماع سے تعبیر کردیا ہے۔

حضرت امام مالک رحمہ اللہ، یزید بن رومان سے، روایت کرتے ہیں کہ:

كَانَ النَّاسُ يَقُوْمُوْنَ فِيْ زَمَانِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِيْ رَمَضَانَ بِثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ رَكْعَةً (مؤطاامام مالک) [1]

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں لوگ بیس رکعات (تراویح) اور تین رکعات وتر پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اس روایت کی سند قوی ہے۔ [2]

اورامام بیہقی رحمہ اللہ نے بھی متعدد مقامات پر اس کو روایت کیا ہے۔ [3]

اور ابنِ ابی الدنیا، حضرت شجاع بن مخلد سے اور وہ حضرت ہشیم سے اور وہ حضرت یونس بن

---

[1] حدیث نمبر ۳۸۰، کتاب السهو، باب ما جاء فی قیام رمضان، مؤسسة زاید بن سلطان آل نهيان للأعمال الخيرية والإنسانية -أبو ظبی -الإمارات.

[2] يزيد بن رومان المدنی أبو روح مولى آل الزبير ثقة من الخامسة مات سنة ثلاثين وروايته عن أبي هريرة مرسلة ع.(تقريب التهذيب ج ا ص۳۲۳)

قال النسائی :ثقة.وذكره ابن حبان فی كتاب "الثقات"وقال الواقدی وكاتبه محمد بن سعد ، وعمرو بن علی ، ومحمد بن عبد الله بن نمير ، والترمذی :مات سنة ثلاثين ومئة .زاد محمد بن سعد : وكان عالما كثير الحديث ، ثقة.(تهذيب الكمال ج۳۲ص۱۲۳ ، تحت ترجمة يزيد بن رومان ، رقم الترجمة ۶۹۸۶)

رہا اس روایت کا مرسل ہونا تو اس میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ یہ ایسی مرسل ہے، جس کو دوسری روایات سے انتہائی قوت حاصل ہے، اور ایسی روایت کے معتبر ہونے میں ایک منصف (نہ کہ متعصب) کے لیے کسی شبہ کی گنجائش نہیں۔

وعلى مذهب الأكثرين يكون مرسلا لبعض كبار التابعين، وقد سبق أن مرسل التابعی الكبير يحتج به عندنا إذا اعتضد بقول الصحابة. أو قول أكثر العلماء، أو غير ذالک مماسبق. وقد اعتضد هذا الحديث، فقال به من الصحابة رضی الله عنهم، من سنذكره فی فرع مذاهب العلماء اه، كلام النووی. فظهرت صحة الاحتجاج بالحديث المذكور على كل التقديرات (أضواء البيان لمحمد الامين الشنقيطی ، متوفیٰ ۱۳۹۳ھ، ج ا ص ۴۵۷ درذیل سوره مائدة آیت نمبر ۹۶)

[3] (ملاحظه هو:معرفة السنن والآثار للبيهقی، كتاب الصلاة، باب قيام رمضان،شعب الايمان للبيهقی كتاب الصيام ، باب قيام شهر رمضان،السنن الكبرىٰ للبيهقی ،باب ما روی فی عدد ركعات القيام فی شهر رمضان)

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

عبید سے اور وہ حضرت حسن سے اس طرح روایت کرتے ہیں کہ:

كَانُوْا يُصَلُّوْنَ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً، وَالْوِتْرَ ثَلَاثًا (فضائل رمضان لابنِ ابی الدنیا، حدیث نمبر ۴۸، ص۷۸، دار السلف، الریاض -السعودیة)

ترجمہ: (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں) رمضان کے مہینہ میں لوگ بیس رکعات تراویح اور تین رکعات وتر پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اس روایت کے تمام راوی انتہائی اعلیٰ درجہ کے معتبر اور ثقہ راوی ہیں، چنانچہ ابنِ ابی الدنیا جو اس کو روایت کرنے والے ہیں، وہ حافظُ الحدیث ہیں، اوران کی بے شمار تصانیف ہیں۔ [1]

اوراس روایت کے پہلے راوی شجاع بن مخلد ہیں، ان کو بھی محدثین نے ثقہ شمار کیا ہے۔ [2]

اوراس روایت کے دوسرے راوی ہشیم بن بشیر ہیں، یہ بھی معتبر راوی ہیں۔ [3]

---

[1] أبو بكر بن أبي الدنيا البغدادي صدوق حافظ صاحب تصانيف من الثانية عشرة مات سنة إحدى وثمانين وله ثلاث وسبعون(تقريب التهذيب ج ا ص ۵۳۰)

[2] شجاع بن مخلد الفلاس ، أبو الفضل البغوى ،نزيل بغداد ....قال عبد الله بن أحمد بن حنبل : سألت يحيى بن معين عن شجاع بن مخلد ، فقال :أعرفه ، ليس به بأس ، نعم الشيخ أو نعم الرجل ، ثقة.وقال صالح بن محمد البغدادى : صدوق.وقال إبراهيم الحربى : حدثنى شجاع بن مخلد ولم نكتب ها هنا عن أحد خير منه .وذكره ابن حبان فى كتاب "الثقات "وقال الحسين بن فهم : شجاع بن مخلد من أبناء أهل خراسان من البغيين ، وهو ثقة ثبت ، (تهذيب الكمال ج۱۲ ص ۳۷۹ تحت ترجمة شجاع بن مخلد)

شجاع بن مخلد الفلاس أبو الفضل البغوى نزيل بغداد صدوق وهم فى حديث واحد رفعه وهو موقوف فذكره بسببه العقيلى من العاشرة مات سنة خمس وثلاثين(تقريب التهذيب ج ا ص ۴۱۲)

[3] رہا بعض حضرات کا ان کو مدلس قرار دینا تو مبحوث فیہ روایت میں انہوں نے عنعنہ کے بغیر اس کو تحدیث کے ساتھ روایت کیا ہے۔

هشيم بن بشير بن القاسم بن دينار السلمى ، أبو معاوية بن أبى خازم ، وقيل :أبو معاوية بن بشير بن أبى خازم ، الواسطى ، قيل :إنه بخارى الاصل ....قال أبو داود : قال أحمد بن حنبل :ليس أحد أصح حديثا عن حصين بن هشيم .وقال أحمد بن على الابار : سمعت على بن حجر يقول :هشيم فى أبى بشر مثل ابن عيينة فى الزهرى ، سبق الناس هشيم فى أبى بشر .وقال إبراهيم بن موسى الرازى ، عن عنبسة بن سعيد ، عن ابن المبارك :من غير الدهر حفظه ، فلم يغير حفظ هشيم.وقال أحمد بن سنان القطان : سمعت عبد الرحمن بن مهدى يقول :حفظ هشيم عندى

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara ghufran

اوراس روایت کے تیسرے راوی یونس بن عبید ہیں، جو بہت بڑے محدث ہیں۔ [1]
اوراس روایت کے آخری راوی مشہور تابعی حضرت حسن بصری رحمہ اللہ ہیں، جن کی مرسل احادیث کو بھی قبولیت کا مقام حاصل ہے، اوراس کی مزید تفصیل آگے آتی ہے۔ [2]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

أثبت من حفظ أبي عوانة ، وكتاب أبي عوانة أثبت عندى من حفظ هشيم .وقال محمد بن عبد الله بن عمار الموصلى : إذا اختلف أبو عوانة وهشيم فالقول قول هشيم ، لم يعد عليه خطأ .وقال أحمد بن عبد الله العجلى : هشيم واسطى ثقة ، وكان يدلس .وقال عبد الرحمن بن أبي حاتم : سئل أبي عن هشيم ، ويزيد بن هارون ، فقال :هشيم أحفظهما .وقال أيضا سألت أبي عن هشيم ، فقال :ثقة ، وهشيم أحفظ من أبي عوانة .وقال أيضا : سئل أبو زرعة عن جرير وهشيم ؟ فقال : هشيم أحفظ .وقال محمد بن سعد : كان ثقة ، كثير الحديث ، ثبتا ، يدلس كثيرا ، فما قال في حديثه أخبرنا فهو حجة ، وما لم يقل فيه أخبرنا فليس بشىء .وقال سليمان بن إسحاق الجلاب أيضا ، عن إبراهيم(تهذيب الكمال ج٣٠ص ٢٧٢، تحت ترجمة هشيم بن بشير)

[1] يونس بن عبيد بن دينار العبدى ، أبو عبد الله ، ويقال :أبو عبيد البصرى ، مولى عبدالقيس .رأى إبراهيم النخعي ، وأنس بن مالك ، وسعيد بن جبير ....وذكره محمد بن سعد في الطبقة الرابعة من أهل البصرة ، وقال : كان ثقة كثير الحديث .وقال أبو طالب عن أحمد بن حنبل ، وإسحاق بن منصورعن يحيى بن معين ، وأبو عبد الرحمن النسائى :ثقة.وقال عثمان بن سعيد الدارمى : قلت ليحيى بن معين :يونس بن عبيد أحب إليك في الحسن أو حميد ، يعنى الطويل ؟ فقال :كلاهما.وقال على ابن المدينى : يونس بن عبيد أثبت في الحسن من ابن عون .وقال أبو زرعة : يونس بن عبيد أحب إلي في الحسن من قتادة ، لان يونس من أصحاب الحسن ، وقتادة ليس من أقران يونس ، ويونس أحب إلي من هشام بن حسان.وقال أبو حاتم : ثقة ، وهو أحب إلي من هشام بن حسان وأكبر من سليمان التيمى ، ولا يبلغ التيمى منزلة يونس بن عبيد(تهذيب الكمال ج٣٢ص٥١٧،تحت ترجمة يونس بن عبيد)

يونس بن عبيد بن دينار العبدى أبو عبيد البصرى ثقة ثبت فاضل ورع من الخامسة مات سنة تسع وثلاثين(تقريب التهذيب ج٢ص ٣٤٩)

[2] الحسن بن أبي الحسن ، واسمه يسار ،البصرى ، أبو سعيد ، مولى زيد بن ثابت ، ويقال : مولى جابر بن عبد الله ، ويقال :مولى جميل بن قطبة بن عامر بن حديدة ، ويقال :مولى أبي اليسر ، وأمه خيرة مولاة أم سلمة ، زوج النبي صلى الله عليه وسلم ....وقال محمد بن أحمد بن محمد بن أبي بكر المقدمى :سمعت على ابن المدينى ، يقول :مرسلات يحيى بن أبي كثير ، شبه الريح ، ومرسلات الحسن البصرى التي رواها عنه الثقات صحاح ما أقل ما يسقط منها .وقال أبو أحمد بن عدى :سمعت الحسن بن عثمان يقول :سمعت أبا زرعة يقول :كل شىء قال الحسن : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم "، وجدت له أصلا ثابتا ، ما خلا أربعة أحاديث(تهذيب الكمال ج٦ص ٩٦)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت محمد بن کعب قرظی رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ:

كَانَ النَّاسُ يُصَلُّوْنَ فِيْ زَمَانِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ رَمَضَانَ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً يُطِيْلُوْنَ فِيْهَا الْقِرَاءَةَ وَيُوْتِرُوْنَ بِثَلَاثٍ (قيام رمضان لمحمد بن نصر المروزى) [۱]

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے زمانے میں لوگ رمضان کے مہینہ میں بیس رکعات تراویح پڑھا کرتے تھے، جن میں لمبی قرائت کیا کرتے تھے، اور تین رکعات وتر پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

حضرت محمد بن کعب قرظی، جلیل القدر تابعی ہیں۔

جنہوں نے متعدد صحابۂ کرام کی زیارت کی ہے، اور آخر میں مدینہ منورہ میں سکونت اختیار کی، اور بعض حضرات کے بقول ان کی ولادت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ہوئی ہے۔ [۲]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

الحسن بن أبى الحسن البصرى واسم أبيه يسار بالتحتانية والمهملة الأنصارى مولاهم ثقة فقيه فاضل مشهور وكان يرسل كثيرا ويدلس قال البزار كان يروى عن جماعة لم يسمع منهم فيتجوز ويقول حدثنا وخطبنا يعنى قومه الذين حدثوا وخطبوا بالبصرة هو رأس أهل الطبقة الثالثة مات سنة عشر ومائة وقد قارب التسعين(تقريب التهذيب ج ١ ص ٢٠٢)

[۱] ص ٢٢٠ ،باب عدد الركعات التى يقوم بها الإمام للناس فى رمضان ،حديث أكادمى، فيصل آباد -باكستان.

[۲] محمد بن كعب بن سليم.وقال محمد بن سعد: محمد بن كعب بن حيان بن سليم ، بن أسد القرظى ، أبو حمزة ، وقيل :أبو عبد الله المدنى ، من حلفاء الاوس بن حارثة .وكان أبوه من سبى قريظة .سكن الكوفة ثم تحول إلى المدينة فسكنها ، واشترى بها مالا ....

ذكره محمد بن سعد فى الطبقة الثالثة من أهل المدينة ، وقال :كان ثقة ، عالما ، كثير الحديث ، ورعا .وقال على بن المدينى ، وأبو زرعة : ثقة.وقال العجلى ، مدنى ، تابعى ، ثقة ، رجل صالح ، عالم بالقرآن .وقال البخارى: كان أبوه ممن لم ينبت يوم قريظة فترك .قال :وحدثنى ابن بشار ، قال :حدثنا أبو بكر ، يعنى الحنفى ، قال :حدثنا الضحاك بن عثمان ، عن أيوب بن موسى ، قال : سمعت محمد بن كعب القرظى ، قال :سمعت عبد الله بن مسعود ، عن النبى صلى الله عليه وسلم "من قرأ حرفا من كتاب الله فله حسنة ."قال البخارى :لا أدرى حفظه أم لا .وقال أبو داود :سمع من على ، ومعاوية ، وعبد الله بن مسعودوقال فى موضع آخر :سمعت قتيبة بن سعيد يقول :بلغنى

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara Ghufran

اور حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ:

دَفَنَّا أَبَا بَكْرٍ لَيْلًا ،فَقَالَ عُمَرُ اِنِّيْ لَمْ أُوْتِرْ، فَقَامَ وَصَفَفْنَا وَرَاءَهٗ ، فَصَلّٰى بِنَا ثَلَاثَ رَكَعَاتٍ، لَمْ يُسَلِّمْ إِلَّا فِيْ آخِرِهِنَّ (شرح معانی الآثار، حدیث نمبر ۱۷۴۲، کتاب الصلاۃ ،باب الوتر)

ترجمہ: ہم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو (فوت ہونے پر) رات کے وقت دفن کیا (فراغت پر) حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمانے لگے کہ میں نے وتر نہیں پڑھے، آپ کھڑے ہوئے تو ہم نے بھی آپ کے پیچھے صف باندھ لی، آپ نے ہمیں تین رکعات نمازِ وتر پڑھائی اور سلام فقط ان کے آخر ہی میں پھیرا (ترجمہ ختم)

حضرت مسور بن مخرمہ اور ان کے والد دونوں کا شمار صحابۂ کرام میں ہوتا ہے۔ [1]

اور ظاہر ہے کہ اس موقع پر دیگر جلیل القدر صحابۂ کرام بھی موجود تھے، جن میں سے کسی نے بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے تین وتروں کو ایک سلام کے ساتھ پڑھنے پر نکیر نہیں کی۔

رہا بعض کا یہ وہم کہ ممکن ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تین وتر اس طرح پڑھے ہوں کہ درمیانی قعدہ نہ کیا ہو، یہ سراسر لاعلمی کی بات ہے، کیونکہ اگر ایسا ہوتا، تو یہ طریقہ عام نمازوں کے طریقے کے خلاف ہوتا، کیونکہ کوئی دو رکعت سے زیادہ کی نماز ایسی نہیں، جس میں دو رکعت پر قعدہ نہ کیا جاتا ہو۔

اس لیے ایسا ہونے کی صورت میں اس کا روایت میں ضرور ذکر آتا۔ واذلا، فلا۔

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

أن محمد بن كعب رأى النبي صلى الله عليه وسلم.وقال الترمذي : سمعت قتيبة بن سعيد يقول : بلغني أن محمد بن كعب القرظي ولد في حياة النبي صلى الله عليه وسلم(تهذيب الكمال ج۲۶ ص ۳۴۴)

اور مرسل حدیث کے بارے میں اس بات سے اہلِ علم واقف ہیں کہ دوسری مرسل یا متصل ضعیف حدیث سے یہ قوت حاصل کرلیتی ہے، جبکہ یہاں قوی متصل و مرسل متعدد روایات موجود ہیں۔

[1] مسور بن مخرمة بن نوفل بن أهيب :عن عبد مناف بن زهرة الزهري أبو عبد الرحمن، له ولأبيه صحبة(مغاني الاخيار، تحت رقم الترجمة ۵۹۲)

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت ابنِ سباق سے روایت ہے کہ:

أَنَّ عُمَرَ دَفَنَ أَبَا بَكْرٍ لَيْلاً ، ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَأَوْتَرَ بِثَلاَثٍ (مصنف ابنِ ابی شیبة، حدیث نمبر ۶۸۹۱، کتاب الصلاة، باب من کان یوتر بثلاث أو أکثر)

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو رات میں دفن کیا، پھر مسجد میں داخل ہوئے، اور وتر کی تین رکعات پڑھیں (ترجمہ ختم)

اور حضرت مکحول سے روایت ہے کہ:

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّهُ أَوْتَرَ بِثَلاَثِ رَكَعَاتٍ لَمْ يَفْصِلْ بَيْنَهُنَّ بِسَلاَمٍ (مصنف ابنِ ابی شیبة) [1]

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے تین رکعات وتر پڑھے اور تینوں رکعتوں میں سلام کے ذریعہ فصل نہیں کیا (یعنی دو رکعتوں پر سلام نہیں پھیرا، بلکہ صرف آخر میں ہی سلام پھیرا) (ترجمہ ختم)

یہ روایت پہلی روایات سے مل کر حسن درجے میں داخل ہے۔ [2]

---

[1] حدیث نمبر ۶۹۰۱، کتاب الصلاة ،باب من کان یوتر بثلاث او اکثر.

[2] حضرت مکحول جلیل القدر تابعی ہیں، اور ان کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے عدمِ سماعت اس لئے مضر نہیں کہ اس سے پہلی روایت میں مسور بن مخرمہ سے اتصال کے ساتھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا عمل مروی ہے، اور ابوالزبیر کو حضرت یحیٰ بن معین، اور امام نسائی، اور ایک جماعت نے ثقہ قرار دیا ہے، اور امام بخاری نے ابوالزبیر کی روایت تائیداً لی ہے، اور بعض نے ان پر جو جرح کی ہے، وہ کمزور جرح ہے، جو ان کو حسن درجے میں ہی داخل رکھتی ہے۔

اور خود حضرت مکحول سے بھی تین وتر ایک سلام کے ساتھ پڑھنا ثابت ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

پھر جمہور فقہاء کے نزدیک اس طرح کی مرسل حدیث بذاتِ خود حجت ہے، اور جو اس کو حجت نہیں مانتا، وہ اس کا اپنا معاملہ ہے، اس کا دعویٰ دوسروں پر حجت نہیں۔

أبو الزبير محمد بن مسلم بن تدرس الامام الحافظ الصدوق، أبو الزبير القرشي الاسدى المكي مولى حكيم بن حزام .روى عن جابر بن عبدالله، وابن عباس، وابن عمر، وعبد الله بن عمرو، وأبى الطفيل، وابن الزبير، وحديثه عن عائشة أظنه منقطعا......روى ابن عيينة، عن أبى الزبير قال :كان عطاء يقدمنى إلى جابر أحفظ لهم الحديث .وعن يعلى بن عطاء قال :حدثنى أبو الزبير، وكان أكمل الناس عقلا وأحفظهم.وأما أيوب السختيانى، فكان إذا روى عنه، قال :حدثنا أبو الزبير، وأبو الزبير

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Iqra ghufran

اور حضرت حبیب معلم سے مروی ہے کہ:

قِيْلَ لِلْحَسَنِ إِنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يُسَلِّمُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ مِنَ الْوِتْرِ فَقَالَ كَانَ عُمَرُ أَفْقَهُ مِنْهُ، كَانَ يَنْهَضُ فِي الثَّالِثَةِ بِالتَّكْبِيْرِ (مستدرک حاکم) [1]

ترجمہ: حضرت حسن سے کہا گیا کہ ابنِ عمر وتر کی دوسری رکعت میں سلام پھیر دیتے تھے، تو حضرت حسن نے فرمایا کہ (خلیفۂ راشد) حضرت عمر، اُن سے زیادہ فقیہ تھے، وہ (دوسری رکعت سے) تکبیر کہہ کر تیسری رکعت کے لئے (سلام

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

أبو الزبير .قال أحمد بن حنبل : يضعفه بذلک .وقال يحيى بن معين، والنسائى، وجماعة :ثقة.وأما أبو زرعة وأبو حاتم، والبخارى، فقالوا :لا يحتج به.وقد أخرج البخارى فى "صحيحه "لابى الزبير مقرونا بغيره.قال أبو أحمد بن عدى :هو فى نفسه ثقة، إلا أن يروى عنه بعض الضعفاء ، فيكون ذلک من جهة الضعيف .قلت :هذا القول يصدق على مثل الزهرى وقتادة، وقد عيب أبو الزبير بأمور لا توجب ضعفه المطلق، منها التدليس .وقد روى محمد بن جعفر المدائنى، عن ورقاء ، قلت لشعبة :لم تركت حديث أبى الزبير ؟ قال :رأيته يزن ويسترجح فى الميزان.وروى أبو داود، عن شعبة، قال :لم يكن فى الدنيا شء أحب إلى من رجل يقدم من مكة، فأسأله عن أبى الزبير......قال محمد بن عثمان العبسى :سألت على بن المدينى عن أبى الزبير، فقال :ثقة ثبت.وقال عثمان بن سعيد :سألت يحيى :أيما أحب إليک أبو الزبير أو ابن المنكدر ؟ فقال :كلاهما ثقتان .وقال أبو محمد بن حزم :فلا أقبل من حديثه إلا ما فيه " :سمعت جابر "وأما رواية الليث عنه فأحتج بها مطلقا، لانه ما حمل عنه إلا ما سمعه من جابر، وعمدة ابن حزم حكاية الليث، ثم هى دالة على أن الذى عنده إنما هو مناولة فالله أعلم أسمع ذلک منه أم لا (سير اعلام النبلاء ج۵ص ۳۸۰، تا ۳۸۴)

أَمَّا عَلَى مَذْهَبِ مَنْ يَحْتَجُّ بِالْمُرْسَلِ :كَمَالِكٍ ، وَأَبِى حَنِيفَةَ ، وَأَحْمَدَ ، فَلَا إِشْكَالَ ، وَأَمَّا عَلَى مُذْهَبِ مَنْ لَا يَحْتَجُّ بِالْمُرْسَلِ :فَمُرْسَلُ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ حُجَّةٌ عِنْدَ كَثِيرٍ مِمَّنْ لَا يَحْتَجُّ بِالْمُرْسَلِ ، وَلَا سِيَّمَا أَنَّهُ اعْتَضَدَ بِحَدِيثِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ .فَعَلَى قَوْلِ مَنْ يُصَحِّحُ سَمَاعَ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ ; فَلَا إِشْكَالَ فِي ثُبُوتِ ذَلِكَ ;لِأَنَّهُ حِينَئِذٍ حَدِيثٌ صَحِيحٌ مُتَّصِلٌ وَأَمَّا عَلَى قَوْلِ مَنْ لَا يُثْبِتُ سَمَاعَ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ -فَأَقَلُّ دَرَجَاتِهِ أَنَّهُ مُرْسَلٌ صَحِيحٌ ، اعْتَضَدَ بِمُرْسَلٍ صَحِيحٍ .وَمِثْلُ هَذَا يَحْتَجُّ بِهِ مَنْ يَحْتَجُّ بِالْمُرْسَلِ وَمَنْ لَا يَحْتَجُّ بِهِ ، وَقَدْ قَدَّمْنَا فِي "سُورَةِ الْمَائِدَةِ "، كَلَامَ الْعُلَمَاءِ فِي سَمَاعِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ ، وَقَدَّمْنَا فِي "سُورَةِ الْأَنْعَامِ "أَنَّ مِثْلَ هَذَا الْمُرْسَلِ يَحْتَجُّ بِهِ بِلَا خِلَافٍ عَنْهُ الْأَئِمَّةُ الْأَرْبَعَةُ (أضواء البيان فى إيضاح القرآن بالقرآن، سورة النحل، تحت آيت ۱۴)

[1] حديث نمبر ۱۱۴۱، كتاب الوتر، دارالكتب العلمية،بيروت، واللفظ لهٗ،السنن الكبرى،للبيهقى، حدث نمبر ۴۸۰۸.

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

پھیرے بغیر) کھڑے ہو جایا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت حسن رحمہ اللہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے وتر کی تین رکعات ایک سلام کے ساتھ پڑھنے کے عمل سے واقف اور اسی کے قائل تھے۔

اور امام حاکم نے بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسی طرح وتر پڑھنے کا اعتراف فرمایا ہے۔

چنانچہ وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث روایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

كَانَ رَسُوُلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُوْتِرُ بِثَلَاثٍ لاَ يُسَلِّمُ إِلَّا فِيُ آخِرِهِنَّ وَهٰذَا وِتْرُ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَعَنْهُ أَخَذَهُ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ (مستدرک حاکم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات وتر پڑھتے تھے اور سلام فقط آخری رکعت میں ہی پھیرتے تھے (اس کے بعد امام حاکم فرماتے ہیں)

اور یہی امیر المؤمنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بھی وتر ہیں، انہیں سے تین وتر اہلِ مدینہ نے لئے ہیں (ترجمہ ختم)

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ایک سلام اور دو تشہدوں کے ساتھ وتر پڑھنے کا مسئلہ مسلَّمہ ہے، اور اس کا انکار کرنا لاعلمی یا خیانت پر مبنی ہے۔ [2]

اور بعض حضرات کا یہ کہنا کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملاقات ثابت نہیں، اس لئے یہ روایت معتبر نہیں، یہ بات درست نہیں، کیونکہ حضرت حسن کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل احادیث بھی متعدد محدثین کے نزدیک معتبر ہیں۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مرسل کے معتبر ہونے میں کیا مانع ہے، اور اگر پھر بھی کوئی اس کو تسلیم نہیں کرتا، تو یہ معاملہ اس کا اپنا ہے، جب وہ بڑے بڑے محدثین کی بات کو اپنے اوپر

---

[1] حديث نمبر ۱۱۴۰، كتاب الوتر، دار الكتب العلمية، بيروت.

[2] فكون عمر موترا بثلاث موصولة مشهور لايشك فيه (اعلاء السنن، ج۶ ص۴۳، باب الايتار بثلاث)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

حجت نہیں سمجھتا، تو دوسروں پر اس کی بات کیسے حجت ہو سکتی ہے۔ [۱]

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایات

خلیفۂ راشد حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثٍ (مسند احمد) [۲]

---

[۱] الحسن بن أبى الحسن ، واسمه يسار ،البصرى ، أبو سعيد ، مولى زيد بن ثابت ، ويقال :مولى جابر بن عبد الله ، ويقال :مولى جميل بن قطبة بن عامر بن حديدة ، ويقال :مولى أبى اليسر ، وأمه خيرة مولاة أم سلمة ، زوج النبى صلى الله عليه وسلم............وقال محمد بن أحمد بن محمد بن أبى بكر المقدمى :سمعت على ابن المدينى ، يقول :مرسلات يحيى بن أبى كثير ، شبه الريح ، ومرسلات الحسن البصرى التى رواها عنه الثقات .صحاح ما أقل ما يسقط منها .وقال أبو أحمد بن عدى :سمعت الحسن بن عثمان يقول :سمعت أبا زرعة يقول :كل شىء قال الحسن :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم "، وجدت له أصلا ثابتا ، ما خلا أربعة أحاديث(تهذيب الكمال ج٦ص٩٦)

الحسن بن أبى الحسن البصرى واسم أبيه يسار بالتحتانية والمهملة الأنصارى مولاهم ثقة فقيه فاضل مشهور وكان يرسل كثيرا ويدلس قال البزار كان يروى عن جماعة لم يسمع منهم فيتجوز ويقول حدثنا وخطبنا يعنى قومه الذين حدثوا وخطبوا بالبصرة هو رأس أهل الطبقة الثالثة مات سنة عشر ومائة وقد قارب التسعين(تقريب التهذيب ج ا ص ٢٠٢)

[۲] حديث نمبر ٦٨٥، مؤسسة الرسالة، بيروت.

حاشية مسند احمد:

حسن لغيره، وهذا إسناد ضعيف لضعف الحارث الأعور .أبو بكر :هو ابن عياش الأسدى الكوفى، وأبو إسحاق :هو السبيعى.

وأخرجه الترمذى ٤٦٩عن هناد، عن أبى بكر بن عياش، بهذا الإسناد .وانظر رقم ٦٧٨ .وفى الباب عن أبى أيوب الأنصارى عند أحمد ٥/٤١٨، وصححه ابن حبان ٢٤٠٧ وعن عائشة عند أحمد ٦/١٥٥، ١٥٦، وصححه الحاكم ١/٣٠٤، ووافقه الذهبى .وعن ابن عباس عند أحمد أيضاً ٢٧٢٠.

والحديث سقيم من جهة السند لوجود الحارث الاعور ولكنى اقول الحارث بن عبدالله الاعور وان كذبه الشعبى فقد وثقه ابن معين واحمد بن صالح المصرى وابن عبدالبر وغيرهم حتى قال ابن عبدالبر :اظن الشعبى عوقب بقوله فى الحارث كذاب الخ، علا ان المحقق ان تكذيب الشعبى اياه انما هو فى رأيه لافى روايته وفى مسند احمد عن وكيع عن ابيه قال حبيب بن ابى ثابت لابى اسحاق حين حدث عن الحارث عن على فى الوتر ياابا اسحاق حديثك هذا ملأ مسجدك ذهبا

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara Ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم وتر تین رکعات پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اور ایک اور سند سے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ وَإِذَا كَانَ أَوْ قَرُبَ الْفَجْرُ أَوْتَرَ بِثَلَاثِ رَكَعَاتٍ، حَتّٰى إِذَا انْفَجَرَ الْفَجْرُ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ (مسند البزار) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم رات کو آٹھ رکعتیں پڑھا کرتے تھے، اور جب فجر کا وقت قریب ہوتا تھا، تو تین رکعت وتر پڑھا کرتے تھے، یہاں تک کہ جب فجر طلوع ہوجاتی تھی، تو فجر سے پہلے دو رکعتیں (سنت) پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت زاذان رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ:

أَنَّ عَلِيًّا كَانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثٍ (مصنف ابن ابی شیبة) [2]

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ وتر تین رکعات پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

مذکورہ روایات ایک دوسرے کے مطابق ہونے کی وجہ سے حسن درجے سے کم نہیں ہیں۔

اور آگے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے شاگردوں کے بارے میں آتا ہے کہ وہ وتروں کی تین رکعات اس طرح پڑھتے تھے کہ دو پر سلام نہیں پھیرتے تھے، بلکہ آخر میں ہی سلام پھیرتے تھے۔

اور ظاہر ہے کہ انہوں نے یہ طریقہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہی حاصل کیا تھا۔

پس خلیفۂ راشد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بعد دوسرے جلیلُ القدر خلیفۂ راشد، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی وتر کی تین رکعات کا پڑھنا ثابت ہوا۔

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

كما فى التهذيب ، ثم بعد كل ذلك ان الحديث له شواهد صحيحة من حديث عائشة وغيرها فى الايتار بثلاث كما تقدم نبذ منها، ويأتى فلايضر مذهب ابى حنيفة اصلا (معارف السنن ج۴ ص ۲۱۸، باب ماجاء فى الوتر بثلاث)

[1] حديث نمبر ۹۲۴، مكتبة العلوم والحكم -المدينة المنورة.

[2] حديث نمبر ۶۹۱۴، كتاب الصلاة، باب من كان يوتر بثلاث او اكثر.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایات

حضرت سعید بن جبیر سے روایت ہے کہ:

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ أَنَّهٗ کَانَ یُوْتِرُ بِثَلَاثِ سُوَرٍ بِسَبِّحِ اسْمِ رَبِّکَ الْأَعْلٰی، وَقُلْ یَا أَیُّهَا الْکَافِرُوْنَ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ (قَالَ إِسْمَاعِیلُ :وَقَفَهٗ زُهَیْرٌ وَرَفَعَهٗ إِسْرَائِیلُ، السنن الکبری للبیهقی) [1]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تین سورتوں کے ساتھ وتر پڑھا کرتے تھے، سبح اسم ربک الاعلی، اور قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ احد کے ساتھ (ترجمہ ختم)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی وتر کی تین رکعات کا پڑھنا معلوم ہوا۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

لَا تُوْتِرُوْا بِثَلَاثٍ أَوْتِرُوْا بِخَمْسٍ أَوْ بِسَبْعٍ وَلَا تَشَبَّهُوْا بِصَلَاةِ الْمَغْرِبِ (سنن دارقطنی) [2]

ترجمہ: تم تین وتر نہ پڑھو، پانچ وتر پڑھو، یا سات وتر پڑھو، اور تم مغرب کی نماز سے مشابہت نہ کرو (ترجمہ ختم)

اس حدیث کا صحیح مطلب یہ ہے کہ وتروں کو اس طرح نہ پڑھو کہ خالی وتر کی تین رکعت پڑھ لو، بلکہ ان سے پہلے کچھ نوافل بھی پڑھو۔

کیونکہ اس حدیث میں پہلے تو تین وتر پڑھنے سے منع کیا گیا، اور پھر پانچ یا سات وتر پڑھنے کا حکم فرمایا گیا، تاکہ مغرب کی نماز کے ساتھ مشابہت لازم نہ آئے۔

اور پانچ یا سات وتر پڑھنے سے مراد یہی ہے کہ اس کے ساتھ الگ سے دو، چار نفلیں پڑھ لو۔

---

[1] حدیث نمبر ۴۸۵۸، کتاب الصلاة، باب ما یقرأ فی الوتر بعد الفاتحة، دار الکتب العلمیة، بیروت.

[2] حدیث نمبر ۱۶۵۰، کتاب الوتر، باب لا تشبهوا الوتر بصلاة المغرب، مؤسسة الرسالة، بیروت.

idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نوافل کے ساتھ وتر پڑھنا ثابت ہے، اور پانچ، سات کو جو وتر کہا گیا ہے، وہ اسی معنیٰ کر ہے۔

چنانچہ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

قَالَ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ مَعْنٰى مَا رُوِىَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثَ عَشْرَةَ، قَالَ إِنَّمَا مَعْنَاهُ أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً مَعَ الْوِتْرِ فَنُسِبَتْ صَلَاةُ اللَّيْلِ إِلَى الوِتْرِ (سنن الترمذی)[1]

ترجمہ: اسحاق بن ابراہیم نے فرمایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں جو یہ مروی ہے کہ وہ تیرہ وتر پڑھا کرتے تھے، اس کے معنیٰ یہ ہیں کہ رات میں تیرہ رکعتیں وتر کے ساتھ پڑھا کرتے تھے، پس رات کی نماز کی نسبت وتر کی طرف کردی گئی ہے (ترجمہ ختم)

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی یہ روایت پہلے گزر چکی ہے کہ:

لَا تُوْتِرْ بِثَلَاثٍ بُتْرٍ، صَلِّ قَبْلَهَا رَكْعَتَيْنِ، أَوْ أَرْبَعًا (مصنف ابن ابی شیبة)[2]

ترجمہ: تنہا تین وتر نہ پڑھئے، ان سے پہلے (یعنی الگ سلام کے ساتھ) دو رکعتیں یا چار رکعتیں پڑھئے (ترجمہ ختم)

جب تین وتر کے ساتھ، دو یا چار یا زیادہ رکعتیں نفل کی پڑھ لی جائیں گی، تو تین وتر کی طرف نسبت کرتے ہوئے ان کو مجازاً پانچ، یا سات یا اس سے زیادہ وتر کہہ دیا جائے گا۔

اور اگر کوئی اس مطلب سے اتفاق نہ کرے، تو پھر اس سے یہ لازم آتا ہے کہ تین وتر پڑھنا سرے سے جائز ہی نہیں، اور یہ مطلب صحیح احادیث اور صحابہ وتابعین کے عمل کے خلاف ہوگا، اور ہم نے جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مندرجہ بالا حدیث کا مطلب بیان کیا، وہ خود

---

[1] ابواب الوتر، باب ماجاء فی الوتر بسبع، شرکة مکتبة ومطبعة مصطفی البابی الحلبی -مصر.
[2] حدیث نمبر ۶۸۹۸، کتاب الصلاة، باب من کان یوتر بثلاث او اکثر.

Idaraghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہی کی دوسری روایات کے الفاظ سے ثابت ہے۔

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی بعض روایات میں یہ الفاظ ہیں کہ:

لَا تُوتِرُوا بِثَلَاثٍ تَشَبَّهُوا بِصَلَاةِ الْمَغْرِبِ، وَلَكِنْ أَوْتِرُوا بِخَمْسٍ، أَوْ بِسَبْعٍ، أَوْ بِتِسْعٍ، أَوْ بِإِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً، أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ (مستدرک حاکم)[1]

ترجمہ: تم تین وتر نہ پڑھو، مغرب کی نماز کے ساتھ مشابہت اختیار کرتے ہوئے، بلکہ پانچ وتر پڑھو، یا سات یا نو یا گیارہ رکعت، یا اس سے زیادہ (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک موقوف روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

لَا تُوتِرُوا بِثَلَاثِ رَكَعَاتٍ تَشَبَّهُوا بِالْمَغْرِبِ وَلٰكِنْ أَوْتِرُوا بِخَمْسٍ أَوْ بِسَبْعٍ أَوْ بِتِسْعٍ أَوْ بِإِحْدَى عَشْرَةَ (شرح معانی الآثار)[2]

ترجمہ: تم وتر کی تین رکعات مغرب کی مشابہت اختیار کرتے ہوئے نہ پڑھو، بلکہ پانچ یا سات، یا نو، یا گیارہ وتر پڑھو (ترجمہ ختم)

اور اگر کوئی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی پہلی روایت کا یہ مطلب بیان کرے کہ مغرب کی نماز کی مشابہت نہ کرنے سے مراد یہ ہے کہ وتر کی تین رکعت ایک سلام اور دو قعدوں کے ساتھ نہ پڑھی جائے، بلکہ یا تو ایک رکعت پڑھی جائے، یا دو رکعت پر سلام پھیر دیا جائے، یا پھر دوسری رکعت پر بالکل قعدہ نہ کیا جائے۔

تو یہ مطلب خود حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مذکورہ روایات اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور جمہور صحابۂ کرام کے عمل کے خلاف ہے، کیونکہ ان سے مغرب کی طرح دو قعدوں اور ایک سلام کے ساتھ تین وتر پڑھنا ثابت ہے، اور اس پر جمہور امت کا اجماع ہے کہ دو تشہد اور

---

[1] حدیث نمبر ۱۱۳۷، کتاب الوتر، دار الکتب العلمیة، بیروت، سنن البیهقی، حدیث نمبر ۴۸۱۶.

[2] حدیث نمبر ۱۷۳۹، کتاب الصلاة، باب الوتر)

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ایک سلام کے ساتھ تین وتر پڑھنا جائز ہے۔ ل

ل فَقَدْ يُحْتَمَلُ أَنْ يَكُونَ كَرِهَ إِفْرَادَ الْوِتْرِ حَتَّى يَكُونَ مَعَهُ شَفْعٌ عَلَى مَا قَدْ رَوَيْنَا قَبْلَ هَذَا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَعَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ فَيَكُونُ ذَلِكَ تَطَوُّعًا قَبْلَ الْوِتْرِ وَفِي ذَلِكَ نَفْيُ الْوَاحِدَةِ أَنْ تَكُونَ وِتْرًا .وَيُحْتَمَلُ أَنْ يَكُونَ عَلَى مَعْنَى مَا ذَكَرْنَا مِنْ حَدِيثِ أَبِي أَيُّوبَ فِي التَّخْيِيرِ إِلَّا أَنَّهُ لَيْسَ فِيهِ إِبَاحَةُ الْوِتْرِ بِالْوَاحِدَةِ(شرح معانی الآثار، تحت حديث رقم ١٧٣٩، كتاب الصلاة، باب الوتر)

ای لاتوتر بثلاث منفصلة عما سبقها من الصلاة كالمغرب المنفصل عما يوتره من صلوات النهار مراعاة للفرق بين الفرض والواجب وتنبيها على كون وتر النهار اى المغرب صلاة مستقلة فى نفسها بخلاف وتر الليل فانه تابع ولهذا ليس له وقت منفرد عن وقت العشاء ولم يشرع له اذان ولااقامة(فتح الملهم شرح صحيح مسلم، ج٢ص٢٩٣)

لا توتروا بثلاث وأوتروا بخمس أو سبع، ولا تشبهوا الوتر بصلاة المغرب ، مع أنه لو صح لحمل على أول الأمر لما سيأتى من الأحاديث الصحيحة الصريحة أنه -عليه السلام -صلى الوتر ثلاثا موصولا، أو المراد منه النهى التنزيهى عن الاقتصار فى صلاة الليل على ثلاث ركعات، ويؤيده قوله: أوتروا بخمس أو سبع للإجماع على جواز الثلاث وعلى عدم وجوب الخمس والسبع، وقوله عليه الصلاة والسلام " :لا تشبهوا الوتر بصلاة المغرب "، أى :فى أنه لا يسبقه صلاة، أو بأن يكون بلا قنوت(مرقاة، ج٣ص٩٤٠، كتاب الصلاة، باب الوتر)

("ومن أحب أن يوتر بثلاث ") أى :بتسليمة كما عليه أئمتنا ولا خلاف فى جوازه عند الكل، وإنما الخلاف عندهم فى التفضيل، قال النووى :والخلاف فى التفضيل بين الوصل والفصل، إنما هو فى الثلاث، أما ما زاد عليها فالفصل فيه أفضل قطعا، أى :وإن نقص عدده عن الموصول، فيكون الأول أفضل من حيث زيادة الفصل، والثانى أفضل من حيث زيادة العدد، أو بتسليمتين على مقتضى مذهب الشافعى("فليفعل ") : وهو بظاهره ينافى ما ذكره ابن حجر من أنه صح حديث " :لا توتروا بثلاث وأوتروا بخمس أو سبع ولا تشبهوا الوتر بصلاة المغرب "فالجمع على تقدير صحته أن النهى للتنزيه على الاقتصار بثلاث المتضمن لترك صلاة الليل المقتضى للاكتفاء بمجرد الواجب كصلاة المغرب والله أعلم(ومن أحب أن يوتر بواحدة فليفعل ")(مرقاة، ج٣ص٩٤٥، كتاب الصلاة، باب الوتر)

فإن قلت :روى عن أبى هريرة عن النبى، قال :(لا توتروا بثلاث وأوتروا بخمس أو بسبع، ولا تشبهوا بصلاة المغرب) . قلت :روى هذا موقوفا على أبى هريرة، كما روى مرفوعا، ومع هذا هو معارض بحديث على وعائشة ومن ذكرنا معهما من الصحابة، وأيضا إن قوله :(لا توتروا بثلاث) ، يحتمل كراهة الوتر من غير تطوع قبله من الشفع، ويكون المعنى :لا توتروا بثلاث ركعات وحدها من غير أن يتقدمها شيء من التطوع الفع، بل أوتروا هذه الثلاث مع شفع قبلها لتكون خمسا، وإليه أشار بقوله :(واوتروا بخمس) أو :أوتروا هذه الثلاث مع شفعين قبلها لتكون سبعا، وإليه أشار بقوله :(أو بسبع) أى :أوتروا بسبع ركعات :أربع تطوع وثلاث وتر، ولا تفردوا هذه الثلاث كصلاة المغرب ليس قبلها شىء ، وإليه أشار بقوله :(ولا تشبهوا بصلاة المغرب) ومعناه :لا

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

idaraghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

لہٰذا اس سے معلوم ہوا کہ مذکورہ حدیث کا صحیح مطلب یہ ہے کہ وتر کی تین رکعات اس طرح پڑھنا پسندیدہ نہیں کہ اس سے پہلے کچھ بھی نوافل نہ پڑھی جائیں، اور صرف تین وتر پڑھنے پر اکتفاء کیا جائے، اور پانچ یا سات وتر پڑھنے سے مراد یہی ہے کہ اس کے ساتھ الگ سے دو، چار نفلیں پڑھ لی جائیں۔

اور اس حدیث سے مغرب کے ساتھ مشابہت سے یہ سمجھنا کہ اس طرح تین وتر پڑھنا منع ہیں کہ درمیان میں تشہد کیا جائے، یہ درست نہیں۔ اور بعض لوگوں کا اس صحیح مطلب کی تردید کرکے ایسے مطلب کو درست قرار دینا کہ جو کسی حیثیت سے درست نہیں بنتا، بلکہ صحابہ وتابعین کے عمل اور فہم کے بھی خلاف ہے، سراسر ناانصافی ہے۔ [۱]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

تشبهوا بصلاة المغرب فى كونها منفردة عن تطوع قبلها، وليس معناه :لا تشبهوا بصلاة المغرب فى كونها ثلاث ركعات .والنهى ليس بوارد على تشبيه الذات بالذات، وإنما هو وارد على تشبيه الصفة بالصفة، ومع هذا فيما ذكره نفى أن تكون الركعة الواحدة وترا، لأنه أمر بالإيتار بخمس أو بسبع ليس إلا .فافهم(عمدة القارى، ج۳ص ۲۵۳، كتاب الصلاة، باب الحلق والجلوس فى المسجد)

ومن المعلوم أن حديث عائشة فى عدم السلام فى الركعتين مرجح على حديث أبى هريرة بوجوه لا تخفى على ماهر الفن مع أن حديث أبى هريرة معارض بحديث " :ومن أحب أن يوتر بثلاث فليفعل "المخرج فى السنن وهو من أسباب الترجيح هذا وقد يستدل على عدم الفصل بحديث عائشة أن النبى صلى الله عليه و سلم كان يقرأ فى الركعة الأولى من الوتر بفاتحة الكتاب و (سبح اسم ربک الأعلى) وفى الثانية بـ (قل يا أيها الكافرون) وفى الثالثة بـ (قل هو الله أحد) والمعوذتين أخرجه أصحاب السنن الأربعة وابن حبان فى "صحيحه "والحاكم فى " المستدرک "وقال :صحيح على شرط الشيخين والطحاوى وغيرهم فإن ظاهره أن الثالثة متصلة لا منفصلة وإلا لقالت :وفى ركعة الوتر أو فى الركعة المفردة أو نحو ذلک .وروى الطحاوى بنحوه من حديث ابن عباس وعلى وعمران بن حصين لكن وقع فى طريق الدارقطنى بلفظ :كان يقرأ فى الركعتين اللتين يوتر بعدهما بـ (سبح اسم ربک الأعلى) و (قل يا أيها الكافرون) ويقرأ فى الوتر بـ (قل هو الله أحد) و (قل أعوذ برب الفلق) و (قل أعوذ برب الناس)(التعليق الممجد على المؤطا، تحت حديث رقم ۲٦٦)

[۱] جیسا کہ بعض ہٹ دھرم غیر مقلدوں نے اس مطلب کو تقلید پر مبنی قرار دے کر باطل، فاسد اور مردود قرار دیا، اور اس کے مقابلہ میں علامہ ابنِ حجر رحمہ اللہ (جوکہ خود امام شافعی رحمہ اللہ کے مقلد ہیں) کی بیان کردہ تاویل کو درست قرار دیا۔

حالانکہ اس حدیث کے صریح الفاظ تین رکعت کی کیفیت کی تشبیہ کی ممانعت کے بجائے رکعات کی تشبیہ کی ممانعت پر صراحتاً دلالت

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی روایت

حضرت ابوغالب رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ أَبُوْ أُمَامَةَ يُوْتِرُ بِثَلَاثِ رَكَعَاتٍ (مصنف ابنِ ابی شیبة) [1]

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

کرتے ہیں، اور تشہد کی وحدت یا تعدد کی تشبیہ کی ممانعت پر صراحتاً اور دلالتاً بلکہ التزاماً کسی حیثیت سے بھی دلالت نہیں کرتے۔

لیکن کیونکہ تعصب کی وجہ سے انسان کی نظروں سے حقیقت اوجھل ہو جاتی ہے، اس لئے متعصب کو یہ فرق بھی معلوم نہیں ہوتا کہ احادیث کی اصل دلالت کس چیز پر ہے، اور وہ تعصب کی وجہ سے ایک صحیح مطلب کو تقلید کی بھینٹ چڑھا دیتا ہے، اور دوسرے مطلب کو جو کہ خود دوسرے مقلد کا بیان کیا ہوا ہے، درست قرار دیتا ہے، اور قرآن وسنت کے التزام کرنے کا دعویٰ کرنے کے باوجود اپنے اس دعوے پر نہ قرآن مجید کی کوئی آیت پیش کرتا ہے، اور نہ کوئی صریح وصحیح حدیث۔ فیاللعجب۔

فليس معناه النهى عن الايتار بالثلاث مطلقا كيف؟ وقد ثبت ذلک عن النبى صلى الله عليه وسلم قولا وفعلا واتفق عليه جمهور الصحابة كما سيجيئ ، واجمع الائمة الاربعة المقتدى بهم فى الدين على جواز الايتار بالثلاث وان اختلفوا فيما دونه واكثر منه، بل معناه ماقلنا ان المراد النهى على الاقتصار على ثلاث الوتر اى وينبغى ان يتقدمه تطوع اما ركعتان او اربع ركعات او اكثر من ذلک. وقد جمع الحافظ فى "الفتح" بين احاديث الايتار بثلاث موصولة وبين النهى عنها لاجل التشبيه بالمغرب بحمل النهى على صلاة الثلاث بتشهدين ، قال بعضهم: هوجمع حسن، وقال القسطلانى: ثم الوصل بتشهد افضل منه بتشهدين فرقا بينه وبين المغرب، قلت: هذا الجمع سخيف جدا بعيد غاية البعد، لايذهب اليه ذهن ذاهن اصلا بل هو غلط صريح، لانه قوله" لاتوتروا بثلاث ولكن اوتروا بمخمس او بسبع او بتسع" يدل دلالة صريحة على ارادة عدد الركعات وهو المتبادر منه واما وحده التشهد او تعدده فلا دلالة لهذه الآثار عليها لامطابقة ولا تضمنا ولا التزاما فالمعنى ما قلنا: انه كره ترک التطوع قبل الايتار بثلاث فرقا بينه وبين المغرب، كذا فى "التعليق الحسن" بمعناه.قلت: والجمع بالوجه الذى ذكره النيموى ماخوذ من قول الحطاوى رحمه الله فى "معانى الآثار" له ولايصح استدلال من ذهب الى الايتار بواحدة على النهى عن الايتار بثلاث بهذه الآثار اصلا، لانه ليس فيها ذكر الايتار بركعة ايضا، بل فيها امر الايتار بخمس او بسبع او باكثر من ذلک بعد النهى عن الثلاث ، فيلزمهم ان يقولوا بافضلية الايتار باكثر من ثلاث بو جوبه ، ولا يقول به احد منهم، فعادت الآثارعليهم بالنقض، ولاحجة لهم فيما رو محمد بن نضر باسناد صححه العراقى، عن سليمان بن يسار: انه سئل عن الوتر بثلاث فكره الثلاث، قال: لاتشبه التطويع بالفرضية اوتر بركعة او بخمس او بسبع ، كذافى "النيل"لان سليمان بن يسار تابعى ولايحتج باقوال التابعين عندهم مطلقا، وكذلک عندنا اذا عارضها الآثار المرفوعة واقوال الصحابة، وههنا كذلک كما ستعرفه هذا (اعلاء السنن، ج٦، ص٣٦، ٣٧، باب الايتار بثلاث)

[1] حديث نمبر ٦٨٩٦، كتاب الصلاة،باب من كان يوتر بثلاث او اكثر،شرح معانى الآثار، باب الوتر، واللفظ لهٗ، جزء يحيىٰ بن معين، حديث نمبر ١٢٣ .

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ وتر تین رکعات پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

صحابیٔ رسول حضرت ابواُمامہ رضی اللہ عنہ سے بھی وتر کی تین رکعات کا پڑھنا معلوم ہوا۔

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی روایات

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

صَلَاةُ الْمَغْرِبِ وِتْرُ النَّهَارِ فَأَوْتِرُوْا صَلَاةَ اللَّيْلِ (مسند احمد) [1]

ترجمہ: مغرب کی نماز دن کے وتر ہیں، پس تم رات کے وتر پڑھو (ترجمہ ختم)

اور حضرت عقبہ بن مسلم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ الْوِتْرِ فَقَالَ أَتَعْرِفُ وِتْرَ النَّهَارِ ؟ قُلْتُ نَعَمْ صَلَاةُ الْمَغْرِبِ قَالَ صَدَقْتَ أَوْ أَحْسَنْتَ

---

[1] حدیث نمبر ۴۸۴۷،و حدیث نمبر ۵۷۵۰،مؤسسة الرسالة، بیروت،واللفظ لهٗ،السنن الکبریٰ للنسائی، حدیث نمبر ۱۳۸۶، مصنف ابنِ ابی شیبة،حدیث نمبر ۶۷۷۳، باب من قال وتر النهار المغرب ،مصنف عبدالرزاق حدیث نمبر ۴۶۷۶.

وهذا السند علی شرط الشیخین(شرح سنن أبی داود،للعینی،ج۵ص ۳۳۰،کتاب الصلاة، باب: کم الوتر)

فی حاشیة مسند احمد:

رجاله ثقات رجال الشیخین .یزید :هو ابن هارون، وهشام :هو ابن حسان الأزدی. وأخرجه مختصراً ابنُ أبی شیبة ۲۸۲/۲ عن یزید بن هارون، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق ۴۶۷۵ والنسائی فی "الکبری ۱۳۸۲ وابن عدی فی "الکامل ۱۸۳۷/۵ "من طرق، عن هشام، به.وأخرجه عبد الرزاق ۴۶۷۶ وابنُ عدی فی "الکامل ۱۸۳۷/۵ والطبرانی فی "الأوسط ۹۶۵ من طرق، عن ابن سیرین، به .وأخرجه ابنُ أبی شیبة ۲۸۲/۲ من طریق خالد السلمی، والنسائی فی الکبری۱۳۸۳ من طریق الأشعث بن عبد الملک، کلاهما عن محمد بن سیرین، مرسلاً .وأخرجه أبو نعیم فی "الحلیة " ۳۴۸/۶ من طریق مالک بن سلیمان الهروی، عن مالک بن أنس، عن عبد الله بن دینار، عن ابن عمر، مرفوعاً .قال أبو نعیم :غریب من حدیث مالک، تفرد به مالک بن سلیمان .وذکر الدارقطنی فی "العلل ۴ "ورقة۶۷أن معن بن عیسی والقعنبی قد روياه عن مالک موقوفاً .ورواه بنحوه موقوفاً ابن أبی شیبة ۲۸۲/۲ من طریق حبیب -وهو ابن أبی ثابت - عن ابن عمر.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

(شرح معانی الآثار،حدیث نمبر ۱۶۶۷، کتاب الصلاۃ، باب الوتر)

ترجمہ: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ سے وتروں کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ کیا تم دن کے وتر جانتے ہو؟ میں نے کہا کہ جی ہاں نمازِ مغرب، آپ نے فرمایا کہ تم نے سچ کہا یا خوب کہا (ترجمہ ختم)

اور حضرت عبداللہ بن دینار رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ صَلاَةُ الْمَغْرِبِ وِتْرُ صَلاَةِ النَّهَارِ (موطأامام مالک) [1]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ مغرب کی نماز دن کے وتر ہیں (ترجمہ ختم)

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ بھی (جو کہ خود بعض اوقات وتر کی دو رکعت پر سلام پھیر دیا کرتے تھے) مغرب کی طرح دوسری رکعت پر تشہُّد اور تیسری رکعت پر ہی سلام پھیرنے کے ساتھ وتر کی تین رکعت کو جائز قرار دیتے ہیں۔

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے موقوفاً مروی ہے کہ:

لَيْسَ مِنْ صَلاَةٍ إِلَّا وَفِيْهَا قِرَاءَةٌ، وَجُلُوْسٌ فِي الرَّكْعَتَيْنِ، وَتَشَهُّدٌ وَتَسْلِيْمٌ ، فَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ ذٰلِكَ سَجَدْتَ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ مَا تُسَلِّمُ، وَأَنْتَ جَالِسٌ (مصنف ابنِ ابی شیبۃ) [2]

ترجمہ: کوئی نماز ایسی نہیں ہے کہ جس میں قرائت اور دو رکعتوں پر بیٹھنا اور تشہد پڑھنا اور (آخر میں) سلام پھیرنا نہ ہو، پس اگر آپ یہ عمل نہ کریں، تو سلام پھیرنے کے بعد بیٹھے بیٹھے دو سجدے (سہو کے) کریں (ترجمہ ختم)

---

[1] کتاب السھو، باب الامر بالوتر، حدیث نمبر ۴۰۸،مؤسسة زايد بن سلطان آل نهيان للأعمال الخيرية والإنسانية -أبو ظبى -الإمارات، مؤطاامام محمد حدیث نمبر ۲۴۹)

[2] حدیث نمبر ۸۸۰۶، کتاب الصلاۃ، باب فی الرجل ینسی التشھد.

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اس سے معلوم ہوا کہ ہر دو رکعت پر شریعت کی طرف سے تشہد کا حکم ہے، اور سلام سے مراد تشہد ہی ہے، کیونکہ اس کے ذریعہ سے صحیح احادیث کی رُو سے ہر نبی رسول، مقرب فرشتوں اور عباد اللہ الصالحین پر سلام پہنچ جاتا ہے۔ [1]

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں مروی ہے کہ:

أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ مَا جُعِلَتِ الرَّاحَةُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ إِلَّا لِلتَّشَهُّدِ (مصنف ابنِ

---

[1] الظاهر أن هذا الحديث محمول على تسليم التشهد حيث يقول :السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين، فإن عند التسليم بالخروج عن الصلاة لا ينوى الأنبياء باتفاق العلماء (مرقاة المفاتيح، ج۲ص ۷۵۹، كتاب الصلاة ،باب الدعاء فى التشهد)

وقال :حديث على حديث حسن، واختار إسحاق بن إبراهيم أن لا يفصل فى الأربع قبل العصر، واحتج بهذا الحديث، قال ومعنى أنه يفصل بينهن بالتسليم يعنى التشهد(شرح ابى داؤد للعينى، ج۵ص ۱۶۴، كتاب الصلاة)

(يفصل بينهن بالتسليم على الملائكة المقربين ومن تبعهم من المسلمين والمؤمنين)المراد بالتسليم تسليم التشهد دون تسليم التحلل كما ستقف عليه......قوله :(واختار إسحاق بن إبراهيم أن لا يفصل فى الأربع قبل العصر)أى لا يصلى الأربع بتسليمتين بل بتسليمة واحدة(واحتج بهذا الحديث وقال معنى قوله إنه يفصل بينهن بالتسليم يعنى التشهد) قاله البغوى :المراد بالتسليم التشهد دون السلام أى وسمى تسليما على من ذكر لاشتماله عليه ، وكذا قال ابن الملك .قال الطيبى :ويؤيده حديث عبد الله بن مسعود :كنا إذا صلينا قلنا السلام على الله قبل عباده السلام على جبريل وكان ذلك فى التشهد انتهى .

قلت :وقيل المراد بالتسليم تسليم التحلل من الصلاة والراجح عندى هو ما اختاره إسحاق ويأتى تحقيقه حيث أعاد الترمذى هذا الحديث(تحفة الاحوذى، ابواب الصلاة، باب ماجاء فى الاربع قبل العصر)

(بالتسليم) المراد به تسليم التشهد دون تسليم التحلل من الصلاة كما سيأتى .(على الملائكة المقربين) زاد الترمذى فى رواية :والنبيين والمرسلين .(ومن تبعهم) أى النبى ين والمرسلين . (من المسلمين) بيان لمن أى المنقادين ظاهراً وباطناً .(والمؤمنين) المصدقين بقلوبهم المقرين بألسنتهم، فلا فرق بينهما إلا فى مفهوم اللغة دون عرف الشريعة، قاله القارى .قال الترمذى :اختار إسحاق بن راهوية أن لا يفصل فى الأربع قبل العصر، واحتج بهذا الحديث، وقال معنى قوله :يفصل بينهن بالتسليم يعنى التشهد .وقال البغوى :المراد بالتسليم التشهد دون السلام .أى وسمى تسليماً على من ذكر لاشتماله عليه .قال الطيبى :ويؤيده حديث عبد الله بن مسعود :كنا إذا صلينا قلنا السلام على الله قبل عباده السلام على جبريل، وكان ذلك فى التشهد -انتهى .وقيل :المراد به تسليم التحلل من الصلاة حمله على(مرعاة المفاتيح، ج۴ص ۱۴۸)

Idara ghufran

ابی شیبة، حدیث نمبر ۳۰۳۷، کتاب الصلاة، باب قَدْر کم یَقْعُدُ فِی الرَّکْعَتَیْنِ الْأُولَیَیْنِ)

ترجمہ: حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ دورکعتوں میں وقفہ صرف تشہد کے لئے رکھا گیا ہے (ترجمہ ختم)

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ بھی تین وتروں اور تین وتر پڑھنے کی صورت میں دورکعتوں پر تشہد کے قائل تھے، البتہ بعض روایات میں ان سے دورکعتوں پر سلام پھیرنا ثابت ہے (جس کی کچھ تفصیل آگے آتی ہے) لیکن دوسری رکعت پر بیٹھے بغیر تین وتر پڑھنا ان سے بھی ثابت نہیں۔

مگر کیونکہ عام صحابۂ کرام اور حضرت عمر رضی اللہ عنہم اور تابعین سے سلام پھیرے بغیر وتروں کا پڑھنا ثابت ہے، اس لئے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے اسی کو ترجیح دی ہے۔

بعض جلیل القدر تابعین ومحدثین کی روایات وآثار

حضرت امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے خبر دی اور وہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضرت امام ابوجعفر باقر رحمہ اللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے فرمایا کہ:

کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ مَا بَیْنَ صَلَاۃِ الْعِشَاءِ إِلٰی صَلَاۃِ الصُّبْحِ ثَلَاثَ عَشَرَۃَ رَکْعَۃً، ثَمَانِیَ رَکْعَاتٍ تَطَوُّعاً وَثَلَاثَ رَکْعَاتِ الْوِتْرِ، وَرَکْعَتَیِ الْفَجْرِ (موطأ للامام محمد) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز کے بعد سے لے کر صبح کی نماز تک کے درمیان تیرہ رکعات پڑھا کرتے تھے آٹھ رکعات نفل (تہجد) کی، تین رکعات وتر اور دو رکعت فجر کی سنت (ترجمہ ختم)

---

[1] حدیث نمبر ۲۵۹، ابواب الصلاۃ، باب السلام فی الوتر، دارالقلم، دمشق.

Idara ghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

امام ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین بن علی رحمہ اللہ، دراصل حضرت حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے پوتے ہیں، اوران کی یہ حدیث اگر چہ مرسل ہے، مگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اور دوسری کئی صحیح احادیث وروایات کے مطابق ہونے کی وجہ سے درست ہے، بالخصوص جبکہ مرسل حدیث بھی اکثر فقہاء کے نزدیک معتبر ہے۔ [۱]

اور حضرت محمد بن سیرین سے مرسلاً روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةُ الْمَغْرِبِ وِتْرُ صَلَاةِ النَّهَارِ ، فَأَوْتِرُوْا صَلَاةَ اللَّيْلِ (مصنف ابنِ ابی شیبة) [۲]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مغرب کی نماز دن کی نماز کے وتر ہیں، تو تم رات کی نماز کے وتر پڑھو (ترجمہ ختم)

حضرت محمد بن سیرین جلیل القدر تابعی ہیں، اوران کی یہ حدیث اگر چہ مرسل ہے، مگر جمہور فقہاء کے نزدیک اس طرح کی مرسل حدیث حجت ہے، بالخصوص جبکہ یہ دوسری مرفوع احادیث کے مطابق ہے۔ [۳]

---

[۱] قوله :حدثنا أبو جعفر هو محمد بن على بن الحسين بن على بن أبى طالب وهو المعروف بالباقر سمى به لأنه تبقر فى العلوم أى توسع وتبحر سمع أباه زين العابدين وجابر بن عبد الله وروى عنه ابنه جعفر الصادق وغيره ولد سنة 56هـ ومات بالمدينة سنة 117هـ (انظر ترجمته فى تقريب التهذيب 2/ 192) كذا ذكره القارى فى "سند الأنام شرح مسند الإمام "وقال :هذا الحديث رواه الشيخان وأبو داود عن عائشة :كان صلى الله عليه و سلم يصلى من الليل ثلاث عشرة ركعة منها الوتر وركعتا الفجر .انتهى (التعليق الممجد على المؤطا، تحت حديث رقم ۲۵۹)

وَقَال العجلى مدنى ، تابعى ، ثقة . ... وَقَال ابن البرقى :كان فقيها ، فاضلا ، قد روى عنه . وذكره النَّسَائى فى فقهاء التابعين من أهل المدينة (تهذيب الكمال، جزء۲۶، صفحه ۱۳۹)

[۲] حديث نمبر ۶۷۷۸، كتاب الصلاة، باب مَنْ قَالَ وِتْرُ النَّهَارِ الْمَغْرِبُ، السنن الكبرىٰ للنسائى، حديث نمبر ۱۳۸۷ .

[۳] محمد بن سيرين الأَنْصارِىّ ، أبو بكر بُن ابى عُمَرة البَصْرِىّ ، أخو أنس بن سيرين ، ومعبد بن سيرين ، وحفصة بنت سيرين ، وكريمة بنت سيرين ، مولى أنس بن مالک ، وهو من سبى عين التمر الذين أسرهم خالد بن الوليد...... قال فضيل بن عياض :قلت لهشام بن حسان :كم أدرک الحسن من أصحاب النبى صلى الله عليه وسلم ؟ قال :عشرين ومئة .قلت :فابن سيرين ؟ قال :

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

جس سے معلوم ہوا کہ جلیلُ القدر تابعی حضرت محمد بن سیرین بھی مغرب کی طرح دوسری رکعت پر قعدہ وتشہد کر کے تیسری رکعت کے آخر میں سلام پھیرنے کے ساتھ وتر کی تین رکعات کے قائل ہیں۔

اور جلیلُ القدر تابع حضرت سعید بن مسیّب رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ:

لَا یُسَلَّمُ فِی الرَّکْعَتَیْنِ مِنَ الْوِتْرِ (مصنف ابنِ ابی شیبۃ) [1]

ترجمہ: وتر کی دو رکعتوں پر سلام نہیں پھیرا جائے گا (ترجمہ ختم)

حضرت سعید بن مسیّب صحابہ کی اولاد میں سے ہیں، اور اہلِ حجاز کے فقیہ اور مفتی ہیں، اور امام مالک جن سات فقہاء کے اجماع کا اعتبار کرتے ہیں، اُن میں سے اول درجے کے فقیہ ہیں، اور ابنِ معین نے ان کی مراسیل کو صحیح تر قرار دیا ہے۔ [2]

جلیلُ القدر تابعین اور صحابۂ کرام کے شاگرد دو رکعتوں پر سلام پھیرنے سے منع فرمارہے

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

ثلاثین وَقَال عَبد الله بن أحمد بن حنبل ، عَن أبيه :سمع من أنس وابن عُمَر وعِمُران بن حصين ، وأبى هُرَيُرة ، ولم يسمع من ابن عباس شيئا ، . كلها يقول :نبئت عن ابن عباس .وَقَال شعبة ، عن خالد الحذاء :كل شيء قال محمد :نبئت عن ابن عباس إنما سمعه من عكرمة ، لقيه أيام المختار بالكوفة .وقَال البُخارِيُّ :حج ابن سيرين زمن ابن الزبير ، فسمع منه ، ودخل الكوفة فسمع علقمة والربيع بن خثيم ، وسمع زيد بن ثابت ، وولد لسنتين بقيتا من خلافة عثمان وهو أكبر من أخيه أنس .وَقَال الأَنُصارِيّ ، عن عَبد الله بن عون :كان محمد يحدث بالحديث على حروفه .وَقَال عون بن عمارة ، عن هشام بن حسان :حدثني أصدق من أدركت من البشر محمد بن سيرين. وَقَال أبو طالب عن أحمد بن حنبل :محمد بن سيرين من الثقات .وَقَال إسحاق بن منصور عن يحيى بن مَعِين ثقة .وَقَال عَباس الدُّورِيُّ ، عن يحيى بن مَعِين :سمع من ابن عُمَر حديثًا واحدًا. وَقَال العجلى : بصرى ، تابعى ، ثقة ، وهو من أروى الناس عن شريح وعُبَيدة ، وإنما تأدب بالكوفيين أصحاب عَبد الله وإخوته معبد ، ويحيى ، وأنس ، وحفصة أم الهذيل تابعيون ثقات (تهذيب الكمال، جزء۲۵، صفحه ۳۴۴)

[1] حديث نمبر ۶۹۰۷، كتاب الصلاة ،باب من كان يوتر بثلاث او اكثر.

[2] وأصحها كما قال ابن معين :مَراسيل ابن المُسيب ,لأنَّه من أولاد الصَّحابة ,وأدركَ العَشَرة, وفقيه أهل الحِجَاز ومُفتيهم وأوَّل الفُقهاء السَّبعة الذين يعتد مالك بإجْمَاعهم ,كإجْمَاع كافة النَّاس ,وقد تأمَّل الأئمة المُتقدِّمون مَرَاسيله فوجدوها بأسانيد صحيحة ,وهذه الشَّرائط لم تُوجد فى مراسيل غيره (تَدُريبُ الرَّاوِى فى شَرُح تَقُريب النَّواوى، النَّوع التَّاسع :المُرُسل)

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ہیں، پھر ان کے مقابلہ میں کسی چودہویں صدی کے شخص کا دعویٰ اور دو رکعت پر سلام پھیر کر ہی تین وتر پڑھنے کو درست قرار دینا کیا معنیٰ رکھتا ہے۔

اور حضرت امام ابوبکر بن ابی شیبہ، حضرت ہشیم سے، اور وہ حضرت مغیرہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ كَانُوا يُوتِرُونَ بِإِحْدٰى عَشْرَةَ، وَبِتِسْعٍ ، وَبِسَبْعٍ، وَبِخَمْسٍ، وَكَانَ يُقَالَ لاَ وِتْرَ بِأَقَلَّ مِنْ ثَلاَثٍ (مصنف ابنِ ابی شیبة) [1]

ترجمہ: حضرت ابراہیم نخعی نے فرمایا کہ صحابۂ کرام وتابعین گیارہ، اور نو اور سات اور پانچ وتر پڑھا کرتے تھے، اور یہ کہا جاتا تھا کہ تین سے کم وتر نہیں ہیں (ترجمہ ختم)

تین سے زیادہ رکعتوں کو وتر کہنے کی وجہ پہلے گزر چکی ہے کہ رات اور تہجد کے نوافل کو وتروں کی طرف منسوب کر کے وتر کہا گیا اور ان کو وتروں کا نام دیا گیا ہے، کیونکہ دونوں رات کو ادا کئے جاتے ہیں، ورنہ جہاں تک حقیقی وتروں کا معاملہ ہے، تو اس کے بارے میں حضرت ابراہیم نخعی اسی روایت میں واضح فرما چکے ہیں کہ وہ تین سے کم نہیں ہیں۔

اور حضرت حماد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

نَهَانِىْ إِبْرَاهِيمُ أَنْ أُسَلِّمَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ مِنَ الْوِتْرِ (مصنف ابنِ ابی شیبة) [2]

ترجمہ: مجھے ابراہیم نخعی نے وتر کی دو رکعتوں پر سلام پھیرنے سے منع فرمایا (ترجمہ ختم)

حضرت ابراہیم نخعی جلیلُ القدر تابعین میں سے ہیں، امام احمد اور ابنِ معین وغیرہ نے ان کی مرسل روایات بھی قابلِ اعتبار قرار دی ہیں۔

اور آپ نے صحابۂ کرام کی ایک جماعت کو پایا ہے، اور اپنے زمانہ میں کوفہ کے مفتی رہ چکے

---

[1] حدیث نمبر ۶۹۰۳، کتاب الصلاة ،باب من کان یوتر بثلاث او اکثر.

[2] حدیث نمبر ۶۹۰۸، کتاب الصلاة ،باب من کان یوتر بثلاث او اکثر.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ہیں، آپ کی وفات ۹۶ ہجری میں ہوئی۔ [1]

اور حضرت زیاد سے روایت ہے کہ:

سَأَلْتُ أَبَا الْعَالِيَةِ، وَخِلاسًا عَنِ الْوِتْرِ؟ فَقَالاَ اِصْنَعْ فِيهِ كَمَا تَصْنَعُ فِي الْمَغْرِبِ (مصنف ابن ابی شیبة) [2]

ترجمہ: میں نے حضرت ابوالعالیہ اور حضرت خلاس سے وتر کے بارے میں

---

[1] إبراهيم النخعي *(ع) الامام، الحافظ، فقيه العراق، أبوعمران، إبراهيم بن يزيد بن قيس ابن الاسود بن عمرو بن ربيعة بن ذهل بن سعد بن مالك بن النخع النخعي، اليماني ثم الكوفي، أحد الاعلام، وهو ابن مليكة أخت الاسود بن يزيد(سير اعلام النبلاء ج۴ص ۵۲۰)
قال أحمد بن عبد الله العجلي : لم يحدث عن أحد من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وقد أدرك منهم جماعة ، ورأى عائشة رؤيا ، وكان مفتي أهل الكوفة هو والشعبي في زمانهما ، وكان رجلا صالحا فقيها متوقيا قليل التكلف ، ومات وهو مختف من الحجاج. وقال أبو أسامة عن الأعمش :كان إبراهيم صيرفي الحديث .وقال جرير بن عبدالحميد عن إسماعيل بن أبي خالد : كان الشعبي وإبراهيم وأبو الضحى يجتمعون في المسجد يتذاكرون الحديث ، فإذا جاء هم شيء ليس عندهم فيه رواية رموا إبراهيم بأبصارهم . وقال عباس الدوري عن يحيى بن معين : مراسيل إبراهيم أحب إلي من مراسيل الشعبي ....قال البخاري : وقال أبو نعيم :مات إبراهيم سنة ست وتسعين .وقال غيره :مات وهو ابن تسع وأربعين ، وقيل :ابن ثمان وخمسين .روى له الجماعة.(تهذيب الكمال ج۲ص ۲۳۳)
وقال أحمد بن حنبل :مُرْسلات سعيد بن المُسيِّب أصح المُرْسلات ,ومُرسلات إبراهيم النَّخعي لا بأس بها............ وأمَّا مَرَاسيل النَّخعي فقال ابن معين :مَرَاسيل إبراهيم أحب إليَّ من مَرَاسيل الشَّعبي (تَدْريبُ الرَّاوِي في شَرْح تَقْريب النَّواوي، النَّوع التَّاسع :المُرْسل)
فالاول حيث ارادت بيان مايتقوم به الايتار حقيقتا والثاني حيث ارادت بيان ماوقع عليه فعله صلى الله عليه وسلم بدون الغرض الاول بل بيانا للواقع فقط ......واحاديثها (اى عائشة) هي الفاصلة في المسئلة وهي اعلم اهل الارض بوتر رسول الله صلى الله عليه وسلم وقيامه ليلا (معارف السنن ج۴ص ۱۹۹)
فالمحتمل لابد ان نرجعه الى المفسر الغير المحتمل وهو التصريح بالثلاث وهذا ابن عباس يصدق عائشة ويعترف بانها اعلم اهل الارض بالوتر وعائشة في تلك الرواية المصدقة صرحت بان الوتر ثلاث فينبغي ان يتأن في الامر لا ان يتغامز ويستعجل فيما وجده موافقا لرأيه من غير ان يبحث عنه ويكشف حاله ، واما اثر سعد بن ابي وقاص من الايتار بواحدة فقد عاب عليه ابن مسعود في ايتاره بركعة (معارف السنن ج۴ص ۲۱۶)

[2] حديث نمبر ۶۹۰۹، كتاب الصلاة ،باب من كان يوتر بثلاث او اكثر؛ الكنى والأسماء للدولابي، حديث نمبر ۹۸۹.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

پوچھا، تو ان دونوں حضرات نے فرمایا کہ تم وتر اسی طرح پڑھو، جس طرح (دوسری رکعت پر قعدہ وتشہد اور تیسری پر سلام کے ساتھ) مغرب پڑھتے ہو (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابوخلدۃ رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

ترجمہ: پس یہ جو ہم نے مدینہ کے فقہاء اور علماء کا ذکر کیا، ان کا اس بات پر اجماع ہوگیا کہ وتر تین ہیں، ان کے آخر میں ہی سلام پھیرا جائے گا، اسی کی اتباع حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے کی، اور ان کے علاوہ کسی انکار کرنے والے نے اس کا انکار نہیں کیا، اور حضرت سعید بن مسیّب نے حضرت سعد کے ایک وتر پڑھنے کے عمل کو جاننے کے باوجود اس کے خلاف فتویٰ دیا، اور اس کے خلاف کو ہی اولیٰ قرار دیا، اور حضرت عروہ بن زبیر نے بھی اسی پر فتویٰ دیا، دراں حالیکہ ان سے حضرت زہری اور ان کے بیٹے حضرت ہشام نے وتر کے بارے میں وہ روایت نقل کی ہے، جو ہم نے اس باب کے شروع میں ذکر کردی ہے، اس لئے ہمارے نزدیک ایک سلام کے ساتھ تین وتروں کے خلاف عمل کرنا درست نہیں، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث اس کی گواہی دیتی ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام کا فعل، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اکثر حضراتِ صحابہ کے اقوال، اور پھر اسی پر تابعین کا اتفاق بھی ہے (ترجمہ ختم)

اس تفصیل سے حضرت عروہ، جو کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مختلف روایات کے راوی ہیں، اور ان کی مبہم روایات سے بعض لوگ تین وتروں کے خلاف پر استدلال کرتے ہیں۔ اس کا جواب بھی واضح ہوگیا کہ حضرت عروہ ان فقہائے سبعہ میں سے ہیں، جنھوں نے یہ

Idaraghufran

فتویٰ جاری فرمایا کہ وتر تین ہیں، جن کے آخر میں ہی سلام پھیرا جائے گا۔ [1]

خلاصہ

بحمد اللہ تعالیٰ گزشتہ احادیث، روایات وآثار اور صحابۂ کرام وتابعینِ عظام کے تعامل واقوال سے وتروں کی تین رکعات (کے ایک سلام سے ہونے) کا ثبوت ہوگیا۔ [2]

جن میں سے بہت سی روایات میں دو پر سلام نہ پھیرنے، اور آخری رکعت میں ہی سلام پھیرنے کی صراحت بھی موجود ہے، اور دو رکعت پر سلام پھیرنے یا دو رکعت پر قعدہ کئے بغیر کھڑے ہونے کا ذکر نہیں، تو اس سے وتروں کی تین رکعات کا اس طرح پڑھنا بھی ثابت ہوگیا کہ جن میں دوسری رکعت پر قعدہ کیا جائے، اور آخر میں سلام پھیرا جائے۔

اور اس کے باوجود بعض کم علم یا متعصب لوگوں کا یہ دعویٰ کرنا کہ احادیث وروایات اور آثار میں تین وتر پڑھنے کا تو ذکر ہے، مگر دوسری رکعت پر بیٹھنے یا سلام نہ پھیرنے کا ذکر نہیں، لہٰذا اس سے دوسری رکعت پر بیٹھنے کا ثبوت یا سلام کی نفی لازم نہیں آتی۔

---

[1] وعروة من الفقهاء السبعة يفتي بان الوتر ثلاث لايسلم الا فی آخرهن كما عند الطحاوی، وهو راوی للحديث فلم يحوجنا ذلک التعبير الا الى عناية فيه فذلک بعد وضوح المراد سهل يسير (معارف السنن ج۴ص ۲۰۱، ۲۰۲)

[2] وهذا لفظ حديث ابی بن كعب عند النسائی يرويه نحو عشرين من الصحابة منهم: عبدالله بن مسعود، وعائشة، وعمران بن حصين، وابن عباس، وجابر، وابوامامة، وابن عمر، وعبدالرحمن ابن ابزى، اشار الى بعضها الزيلعی والى بعضها فی التلخيص وانظر الكشف (ص-۲۶) وحديث أبیّ عند النسائی ، وحديث عبدالرحمن بن ابزى عنده وعند احمد والطحاوی، وحديث ابن عباس عند الترمذی، كل منها صحيح باعتراف الحافظ العراقی وغيره، واضحت شواهد لصحة البقية، وافراد الثلاث بالقرأة دليل شاف على وحدة الصلاة، ووحدة الصلاة دليل على انها بتسليمة، وقد اعترف الحافظ فی "الفتح "(۲-۴۰۰) .ميرية. بدلالة هذه الاحاديث على وصل الثلاث بسلام واحد ، ورد بها كلام ابن نصر فی الانكار على صحة الوصل، فهل بعد ذلک يبقى مجال البحث للمنصف او ريب فی قوة ما اختاره ابوحنيفة ومن وافقه من الائمة؟ وليس من النصفة فی شيئ وضع متمسكاته المحتملة موضع النص الصريح ، ووضع صرائح نصوص الخصم كالمسكوت عنه، او عدم ملاحظتها كالشيئ المطروح، ودليل الحنفية فی ترجيح الثلاث بانها جائزة عندالكل وما عداها ما فوقها وما دونها مختلف فيه فی غاية القوة (معارف السنن ج۴ص ۲۲۲، ۲۲۳)

Idara Ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

یہ دعویٰ بلا دلیل بلکہ خلافِ دلیل ہے، کیونکہ اولاً تو کئی احادیث وروایات اور آثار میں اس کی صراحت اور وضاحت پائی جاتی ہے، اور یہ احادیث وروایات اور آثار، اُن احادیث وروایات اور آثار کی تفصیل وتشریح بن جاتے ہیں، جن میں صراحتاً اِن چیزوں کا ذکر نہیں۔ [1]

دوسرے جب بغیر کسی تفصیل کے تین وتروں کا پڑھنا ثابت ہوگیا، تو اسی سے وتروں کی مذکورہ ھیئت وطریقہ بھی خود بخود ثابت ہوگیا، کیونکہ دو رکعتوں سے زیادہ پر مشتمل نماز پڑھنے کا کوئی بھی دوسرا ایسا طریقہ شریعت سے ثابت نہیں کہ جس میں دوسری رکعت پر قعدہ نہ کیا جائے، یا قعدہ کرکے سلام پھیر دیا جائے، یا ایک رکعت الگ سے پڑھی جائے۔ [2]

اس کے باوجود بعض کم علم لوگوں کا دو رکعتوں پر تشہد پڑھ کر کھڑے ہونے کے صراحتاً ذکر کا متلاشی رہنا ایسا ہی ہے، جیسا کہ مغرب کی تین رکعتوں کے ثبوت کے باوجود کوئی شخص دو رکعتوں پر تشہد کو تسلیم نہ کرے، اور صراحتاً دو رکعتوں پر تشہد پڑھ کر کھڑے ہونے کے ذکر کا متلاشی رہے۔

ظاہر ہے کہ مغرب سمیت جتنی بھی نمازوں کی رکعتیں ہیں، ان سب میں یہ بات اصولی انداز میں قدرِ مشترک کے طور پر مسلَّم ہے کہ ہر دو رکعت پر تشہد کیا جاتا ہے، اور کوئی شخص بھی تین یا چار رکعتیں جو شریعت سے ثابت ہیں، ان میں یہ نہیں کہتا کہ یہ تین یا چار رکعتیں تو ثابت ہیں، لیکن ان میں دو رکعت پر تشہد ثابت نہیں۔

---

[1] جن احادیث وروایات میں وتروں کی دو رکعت پر سلام نہ پھیرنے یا سلام کے ساتھ فصل نہ کرنے کا ذکر ہے، تو ان سے جس طرح دو رکعتوں پر سلام نہ پھیرنا ثابت ہوتا ہے، اسی طرح قعدہ وتشہد کا ثبوت بھی ہوتا ہے، کیونکہ اگر قعدہ وتشہد نہ ہوتا تو سلام کی نفی کے بجائے قعدے وتشہد کی نفی کی جانی چاہئے تھی۔

مگر تعجب ہے کہ بعض لوگوں کو اتنے واضح الفاظ بھی نظر نہیں آتے، اور وہ ان سے مسامحت اختیار کرتے ہیں۔

[2] فَلَمَّا ثَبَتَ عَنهُمُ أَنَّ الُوِتُرَ ثَلَاثٌ ,نَظَرُنَا فِي حُكُمِ التَّسُلِيمِ بَيُنَ الِاثُنَتَيُنِ مِنُهُنَّ ,كَيُفَ هُوَ ؟ فَرَأَيُنَا التَّسُلِيمَ يَقُطَعُ الصَّلَاةَ وَيَخُرُجُ الُمُسَلِّمُ بِهِ مِنُهَا ,حَتَّى يَكُونَ فِي غَيُرِ صَلَاةٍ . وَقَدُ رَأَيُنَا مَا أَجُمَعُوا عَلَيُهِ مِنَ الُفَرُضِ لَا يَنبَغِي أَنُ يُفُصَلَ بَعُضُهُ مِنُ بَعُضٍ بِسَلَامٍ .فَكَانَ النَّظَرُ عَلَى ذَلِكَ أَنُ يَكُونَ كَذَلِكَ ,الُوِتُرُ لَا يَنبَغِي أَنُ يُفُصَلَ بَعُضُهُ مِنُ بَعُضٍ بِسَلَامٍ

(شرح معانی الآثار، تحت حدیث رقم ۱۷۴۹، کتاب الصلاۃ، باب الوتر)

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

تیسرے کئی روایات میں وتروں کی نماز کو مغرب کی نماز کی طرح قرار دیا گیا ہے، اور مغرب کی نماز کی طرح قرار دیئے جانے کا مطلب اس کے سوا اور کیا ہوسکتا ہے کہ جس طرح مغرب کی تین رکعتیں دو قعدوں اور ایک سلام کے ساتھ پڑھی جاتی ہیں، اسی طرح وتر کی تین رکعتیں بھی پڑھی جائیں گی۔

چوتھے بعض روایات میں ہر دوسری رکعت پر قعدہ و تشہد پڑھنے کو ایک اصول کے طور پر ذکر کیا گیا ہے، بلکہ کئی صحیح احادیث میں ہر دو رکعت پر تشہد اور التحیات کا حکم اور بھول کر قعدۂ اولیٰ چھوٹ جانے کی صورت میں سجدۂ سہو کا ذکر بھی موجود ہے، اور ان میں وتر کی نماز کا استثناء مذکور نہیں۔

چنانچہ حضرت عبداللہ بن بحینہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ مِنَ اثْنَتَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ لَمْ يَجْلِسْ بَيْنَهُمَا، فَلَمَّا قَضٰى صَلَاتَهُ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِكَ (بخاری) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی دوسری رکعت سے (بھول کر) کھڑے ہوگئے، اور بیٹھے نہیں، پھر جب نماز پوری فرمائی، تو (سہو کے) دو سجدے کئے، پھر اس کے بعد (دونوں طرف) سلام پھیرا (ترجمہ ختم)

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ:

وَكَانَ يَقُولُ فِي كُلِّ رَكْعَتَيْنِ التَّحِيَّةَ (مسلم) [2]

---

[1] حدیث نمبر ۱۲۲۵، کتاب الجمعة، باب ما جاء فی السهو إذا قام من رکعتی الفریضة، دارطوق النجاة، بیروت.

[2] حدیث نمبر ۴۹۸، ج ۱ ص ۳۵۷، کتاب الصلاة، باب ما یجمع صفة الصلاة وما یفتتح به ویختم به الخ، داراحیاء التراث العربی، بیروت، واللفظ لهٗ، مسند احمد، حدیث نمبر ۲۴۰۳۰، ابوداؤد، حدیث نمبر ۷۸۳، باب من لم یر الجهر ب بسم الله الرحمن الرحيم.

فی حاشية مسند احمد:

إسناده صحيح على شرط مسلم، بديل -وهو ابن ميسرة العُقيلي -من رجاله، وبقية

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر دو رکعت میں التحیات پڑھا کرتے تھے

(ترجمہ ختم)

اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت ہر دو رکعت پر التحیات پڑھنے کی تھی، اگر وتر کی دوسری رکعت میں التحیات پڑھنے کی عادت نہ ہوتی، تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس کا الگ حکم بیان فرماتیں۔

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَزِيْدُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ عَلَى التَّشَهُّدِ (مسند ابی یعلیٰ الموصلی) [1]

ترجمہ: رسول اللہ دو رکعتوں میں (یعنی قعدۂ اولیٰ میں) تشہد پر زیادتی نہیں فرماتے تھے (ترجمہ ختم)

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

رجاله ثقات رجال الشيخين .إسحاق الأزرق :هو ابن يوسف، وحسين المُكْتِب :هو ابن ذكوان المعلِّم، وأبو الجوزاء :هو أوس بن عبد الله الرَبَعي.

وأخرجه مطولاً ومختصراً عبد الرزاق في "مصنفه(۲۵۴۰) "و ۲۲۰۲و ۲۸۷۳و ۳۰۱۴و ۳۰۵۰، وابن أبي شيبة ۱/ ۲۲۹و ۲۵۲و ۲۸۴و ۲۸۵و ۲۸۹، وإسحاق بن راهوية في "مسنده ۱۳۳۱"، ومسلم ۴۹۸، وأبو داود ۷۸۳، وابن ماجه ۸۱۲و ۸۶۹و ۸۹۳، وأبو يعلى ۴۶۶۷، وابن خزيمة ۶۹۹، وأبو عوانة ۹۴/۲و ۹۶و ۱۶۴و ۱۸۹، وابن حبان ۱۷۶۸، والبيهقي في "السنن ۱۵/۲"و ۸۵و ۱۱۳و ۱۷۲ من طرق عن حسين، بهذا الإسناد.

[1] حديث نمبر ۴۳۷۳، مسند عائشة،دار المأمون للتراث -دمشق.

قال الهيثمي:

رواه أبو يعلى من رواية أبي الحويرث عن عائشة، والظاهر أنه خالد بن الحويرث وهو ثقة، وبقية رجاله رجال الصحيح.(مجمع الزوائد ج۲ص ۱۴۲)

وقال حسين سليم أسد في تعليق ابي يعلىٰ:اسناده صحيح.

قلت :له شاهد من حديث عبدالله بن مسعود رواه أبوداود ، والنسائي وا لترمذي (اتحاف الخيرة المهرة للبوصيري، تحت حديث رقم ۱۳۶۹، باب التخفيف في التشهد الأول)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت امِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے بھی اسی طرح کی حدیث مروی ہے، جس کے الفاظ یہ ہیں کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ تَشَهُّدٌ وَتَسْلِيْمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ، وَعَلٰى مَنْ تَبِعَهُمْ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ (المعجم الكبير للطبراني، حديث نمبر ۸۶۹، مكتبة ابنِ تيمية، القاهرة) [۱]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر دو رکعت میں تشہد ہے، اور سلام ہے رسولوں پر، اور ان کی اتباع کرنے والے عباد اللہ الصالحین پر (ترجمہ ختم)

اور رسولوں اور عباد اللہ الصالحین پر سلام سے مراد تشہد کے الفاظ ہیں، جیسا کہ پہلے گزرا۔

اور اس اصول میں وتر بھی داخل ہیں، کیونکہ ان کا استثناء نہیں کیا گیا۔ [۲]

---

[۱] یہ حدیث اگرچہ بعض کے نزدیک ضعیف ہے، مگر اس مفہوم کی دوسری حدیثوں سے مل کر حسن درجے میں داخل ہے، اور ناصر الدین البانی صاحب نے بھی اس حدیث میں شاہد بننے کی صلاحیت کا اعتراف کیا ہے۔

قال الهيثمي:

وعن أم سلمة أن النبي -صلى الله عليه وسلم- قال: في كل ركعتين تشهد وتسليم على المرسلين وعلى من تبعهم من عباد الله الصالحين. رواه الطبراني في الكبير وفيه علي بن زيد واختلف في الاحتجاج به وقد وثق (مجمع الزوائد، ج۲ ص ۱۳۹)

وقال الالباني:

أخرجه الطبراني في "المعجم الكبير" (۲۳/۳۶۷/۸۶۹) من طريق أبي همام الخاركي: حدثني عدي بن أبي عدي عن علي بن زيد عن الحسن عن أمه عن أم سلمة أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: فذكره. قلت: و هذا حديث حسن، رجاله ثقات على ضعف في علي بن زيد، و هو ابن جدعان، و قال الهيثمي في "المجمع" (۲/۱۳۹): "و اختلف في الاحتجاج به، و قد وثق". قلت: فمثله يستشهد بحديثه (السلسلة الصحيحة للالباني، تحت حديث رقم ۲۸۷۶)

قلت: علي بن زيد هذا هو ابن جدعان، وقد مر غيرمرة انه حسن الحديث (اعلاء السنن، ج۶ ص ۱۵، باب الايتار بثلاث)

[۲] هذا الحديث محمولة على التشهد اجماعا لكونه واردا في مطلق الصلاة دون صلاة الليل خاصة (اعلاء السنن، ج۶ ص ۱۵، باب الايتار بثلاث)

القول مقدم على الفعل وهو لايعارض القول الا اذا كان مقارنا دليل التأسي كما ذكرناه، في المقدمة

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

پانچویں بعض صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے ایک وتر پڑھنے پر نکیر بھی منقول ہے، اوراس کے مقابلہ میں تین وتر پڑھنے پر کسی کی طرف سے نکیر منقول نہیں، اورایک سلام اور دوسری رکعت پر قعدہ وتشہد کے ساتھ تین وتر کا جائز ہونا فقہائے کرام کے درمیان مسلّمہ مسئلہ ہے۔

اتنے دلائل وشواہد کے ہوتے ہوئے وتر کی تین رکعات کو دوقعدوں اورایک سلام کے ساتھ پڑھنے کے طریقے کو بعض متعصبین کا ممنوع یا ناجائز قرار دینا لاعلمی یا خیانت یا پھر سخت ہٹ دھرمی پر مبنی ہے۔ [۱]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

ولم يوجد فانه صلى الله عليه وسلم كان لايصلي صلاة الليل بمحضر من الناس بل في بيته ، والناس نيام فالكيفيات التي وردت فيها خالية عن دليل التأسي مع الاختلاف الكثير والمضادة الشديدة في حكايتها ، فكيف يجوز تخصيص الامر العام بها ، والحال هذه ، فان القول حجة ملزمة على الامة لايترك ولا يخصص الا بمثله فافهم وتيقظ وكن من المتبصرين ، وهذا ما وعدنا بيانه في باب هيئة جلسة التشهدين تحت حديث عائشة المذكور في المتن ههنا وهناك (اعلاء السنن، ج٦ ص ۵۴،۵۵، باب الایتار بثلاث)

[۱] جیسا کہ ایک غیر مقلد صاحب لکھتے ہیں کہ:

خلاصۃ التحقیق یہ ہے کہ مغرب کی طرح (یعنی دوتشہدوں کے ساتھ) تین وتر پڑھنا ممنوع ہے، لہٰذا تین وتر پڑھنے کے دوطریقے صحیح ہیں۔

اول دو رکعتیں پڑھ کر سلام پھیر دے، اورایک وتر علیٰحدہ پڑھیں۔

دوم قیس بن سعد سے روایت ہے کہ عطاء (بن ابی رباح) تین وتر پڑھتے، ان کے درمیان نہ بیٹھتے، اور صرف آخری رکعت میں تشہد پڑھتے تھے (نمازِ وتر کی بعض روایات مع تحقیق وتخریج، ص۴، مضمون: زبیر علی زئی، محررہ مورخہ: ۱۴ فروری ۲۰۱۱ء)

حالانکہ ان صاحب کے پاس اپنے اس دعوے کی کوئی صریح دلیل نہیں، اورانہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث سے دو رکعتیں پڑھ کر سلام پھیر دینے، اورایک وتر علیٰحدہ پڑھنے پر جو استدلال کیا ہے، وہ درست نہیں، کیونکہ اولاً تو پہلے مغرب کی طرح تین وتر پڑھنے کو ممنوع قرار دینا، اور پھر دو رکعتیں پڑھ کر سلام پھیر دینے اور ایک وتر علیٰحدہ پڑھنے کو تین وتر پڑھنے کا صحیح طریقہ قرار دینا ہی غلط ہے، کیونکہ جب خود ایک وتر علیٰحدہ پڑھنے کا حکم دیا جارہا ہے، تو ان کو تین وتر قرار دینا کیسے درست ہوا۔

جس سے معلوم ہوا کہ ان صاحب کو اپنے تین اور ایک کے دعوے میں بھی فرق معلوم نہیں۔

دوسرے ایک غیر مقلد کا صریح احادیث اور صحابۂ کرام کے تعامل کو نظر انداز کر کے کسی تابعی کے عمل کو حجت میں پیش کرنا، خود

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

پس بعض آ ثار میں اگر چہ ایک رکعت وتر پڑھنے کا بھی ذکر ہے، لیکن تین رکعت وتر کا دو تشہدوں اور ایک سلام کے ساتھ پڑھنا صحیح احادیث وروایات اور آ ثار اور جمہور صحابہؓ کرام اور خیرالقرون کے تعامل کے مطابق ہونے اور فقہائے کرام کے درمیان مسلّمہ مسئلہ ہونے کی وجہ سے راجح ہے، اور اس کو غلط قرار دینا خود غلطی پر مبنی ہے۔ [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

اس کے دعوے کے بھی خلاف ہے، کیونکہ اس کے نزدیک تابعین کا قول حجت نہیں۔ بالخصوص جبکہ وہ اخبارِ صحیحہ مرفوعہ وموقوفہ کے بھی خلاف ہوں۔

ولایحتج باقوال التابعین عندھم مطلقا(اعلاء السنن ، ج۶ ص۳۷، باب الایتار بثلاث)
فعل التابعی عند معارضتہ الاخبار الصحیحۃ المرفوعۃ والموقوفۃ لیس بشیئ (اعلاء السنن ، ج۶ ص۵۵، باب الایتار بثلاث)

اور اگر وہ حجت سمجھتا ہے تو اس کی وضاحت کرنی چاہئے، اور اس معیار پر اس مسئلہ کا بے شمار جلیل القدر تابعین کے آ ثار کو سامنے رکھ کر جائزہ لینا چاہئے۔

پھر ایک غیر مقلد کا اپنے لئے تو ہر قسم کے دلائل اور علماء کے اقوال کو روا رکھنا اور دوسرے کی طرف سے کسی کا قول پیش کرنے پر اس کا رد کرنا دہرا معیار ہے۔

چنانچہ امدادالاحکام میں ہے:

اگر غیر مقلد اس کے ضعیف ہونے کا دعویٰ کریں، تو کتاب وسنت سے دلیل لائیں، کسی عالم کا قول بیان نہ کریں، کیونکہ کسی عالم کا قول جب خود ان کے اوپر حجت نہیں، تو دوسروں پر اس سے حجت قائم کرنے کا ان کو کیا حق ہے؟

دوسرے اگر وہ دو عالموں کا قول اپنی تائید میں لائیں گے، تو ہم دس کا قول اس کے خلاف دکھلا سکتے ہیں (امدادالاحکام ج۱ص۶۴۲)

کسی راوی میں کسی محدث کے طعن وجرح سے اگر وہ راوی ضعیف یا اس کی احادیث ضعیف ہوجایا کریں تو خود امام بخاری بھی ضعیف اور ان کی احادیث بھی ضعیف ہوجائیں گی، کیونکہ امام بخاری پر بھی امام محمد بن یحییٰ ذہلی نے جرح کی ہے، دیکھو مقدمہٴ فتح الباری، نیز بخاری کے بہت سے راویوں پر بعض محدثین نے جرح وطعن کیا ہے، جیسا کہ مقدمہٴ فتح الباری کے مطالعہ سے واضح ہوگا (امدادالاحکام ج۱ص۶۴۹)

[1] **قال ابو حنیفۃ رحمہ اللہ فی الوتر ثلاث رکعات کثلاث المغرب لا تفصیل بینھن بسلام ولا غیرہ یقرا فی کل رکعۃ بفاتحۃ الکتاب وسورۃ**
وقال بعض اھل المدینۃ لا باس بان یوتر برکعۃ وذکروا ذلک عن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ انہ صلی العشاء ثم قام خلف المقام فصلی رکعۃ واحدۃ قرا فیھا القران وذکروا ایضا عن سعد بن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حق کو سمجھنے اور انصاف واعتدال کو قائم رکھنے کی توفیق عطا فرمائیں۔
اور امت میں انتشار وافتراق پیدا کرنے سے بچنے کی توفیق مرحمت فرمائیں۔ آمین۔

فقط

فقط واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم

محمد رضوان

۲۹/ربیع الآخر/۱۴۳۲ھ 04 /اپریل/2011ء بروز پیر

ادارہ غفران، راولپنڈی

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

ابی وقاص انه كان يوتر بركعة وقال بعضهم وممن قال ذلك مالك بن انس ومن قال بقوله ليس ينبغي ان يوتر بركعة ليس معها غيرها ولكنه يوتر بثلاث الا انه يفصل بين الركعتين بين الشفع وبين الركعة بسلام واحب الينا ان لا يزاد في الفصل من الوتر والشفع قبله على السلام (الحجة على اهل المدينة، ج ا ص ۱۹۰،باب عددالوتر)

اما من جهة الرواية فظاهر، لان العدد الكثير اولى من الواحد، ولان عائشة رضى الله عنها كانت ترى وتره صلى الله عليه وسلم اكثر مما يراه ابن عمر، لانه صلى الله عليه وسلم كان يوتر في بيته دائما وفي آخر الليل غالبا، ولايحضره ابن عمر في مثل هذا الوقت ولا في بيته بعد العشاء، وكذا انس رضي الله عنه كان يحضر منه صلى الله عليه وسلم مالايحضره غيره من الرجال لكونه من خواص خدمه، واما دراية: فلان الفصل بين الشفع والوتر مما لانظيره له في المكتوبة ولا في التطوع ، فما رواه الجماعة موافق للقياس دون مارواه ابن عمر(اعلاء السنن ،ج٦ص ۳۱، باب الايتار بثلاث)

قلت : وليس مرادنا الا ترجيح الوتر بثلاث على الايتار بواحدة، ولانقول: ان الوتر بواحدة لااصل له في الشريعة رأسا، كيف؟ وقد نعلم ان بعض الصحابة قد اوتر بها، لكن ذلك لم يكن متعارفا بينهم كما يشعر به هذا الاثر، ولم يذهب اليه الا قليل منهم كماستعرف (اعلاء السنن ،ج٦ص ۴۱، باب الايتار بثلاث)

وبالجملة فقد تبين ان كون الوتر بثلاث لايسلم الا في آخرهن كان متعارفا متقررا عند المسلمين والصحابة منهم والتابعين (اعلاء السنن ،ج٦ص ۵۰، باب الايتار بثلاث)

وبالجملة قد جاء ت رواياتها من وجوه عديدة واتفقت في المعنى والمرفوع يجب ان يكون متوافقا البتة والوصل هو عمل اكثر الصحابة والسلف في وتر رمضان(معارف السنن ج۴ص ۱۹۹)

Idara Ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

قنوتِ وتر و فجر کا ثبوت اور اس کا موقع و محل

سوال

احادیث کی رُو سے دعائے قنوت کون کون سی نماز میں پڑھنی چاہئے، کیا فجر کی نماز میں قنوتِ نازلہ پڑھنا ثابت ہے؟ اور وتر کی نماز میں دعائے قنوت رکوع سے پہلے پڑھنی چاہئے، یا رکوع کے بعد، اور دعائے قنوت کہتے وقت تکبیر کہنے کا ثبوت کیا ہے؟ اور دعائے قنوت کے وقت میں ہاتھ اٹھانے کا طریقہ کیا ہے؟

جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک فجر کی نماز میں ہمیشہ قنوتِ نازلہ کی دعا نہیں ہے، البتہ مخصوص حالات میں قنوتِ نازلہ پڑھی جاتی ہے، جو دوسری رکعت میں رکوع کے بعد ہے، اور رکوع سے پہلے پڑھنے کی بھی گنجائش ہے، اور وتر کی نماز میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت ہمیشہ پڑھنی چاہئے، جس کا طریقہ یہ ہے کہ وتروں کی تیسری رکعت میں قرائت سے فارغ ہوکر تکبیر کہے، اور تکبیر کے ساتھ اپنے دونوں ہاتھ (تکبیرِ تحریمہ کی طرح) کانوں تک اٹھائے، پھر دعائے قنوت پڑھے، اور پھر دعائے قنوت سے فارغ ہوکر تکبیر کہتا ہوا رکوع میں جائے۔[1]

---

[1] وقال أبو حنيفة رحمه الله القنوت فى الوتر قبل الركعة الثالثة إذا فرغ من السورة كبر ورفع يديه ثم خفضهما ثم دعا ثم كبر فلم يرفع يديه ثم ركع (الحجة على أهل المدينة، ج ۱ ص ۱۹۹، باب عدد الوتر)

وَاخْتَلَفَ أَهْلُ العِلْمِ فِي القُنُوتِ فِي الوِتْرِ .فَرَأَى عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ القُنُوتَ فِي الوِتْرِ فِي السَّنَةِ كُلِّهَا، وَاخْتَارَ القُنُوتَ قَبْلَ الرُّكُوعِ، وَهُوَ قَوْلُ بَعْضِ أَهْلِ العِلْمِ، وَبِهِ يَقُولُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَابْنُ المُبَارَكِ، وَإِسْحَاقُ، وَأَهْلُ الكُوفَةِ، وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ أَنَّهُ كَانَ لَا يَقْنُتُ إِلَّا فِي النِّصْفِ الآخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، وَكَانَ يَقْنُتُ بَعْدَ الرُّكُوعِ .وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ إِلَى هَذَا، وَبِهِ يَقُولُ الشَّافِعِيُّ، وَأَحْمَدُ (سنن الترمذی، تحت حدیث رقم ۴۶۴، ابواب الوتر، باب ما جاء فی القنوت فی الوتر)

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

حضرت عاصم فرماتے ہیں کہ:

سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الْقُنُوتِ فَقَالَ قَدْ كَانَ الْقُنُوتُ قُلْتُ قَبْلَ الرُّكُوعِ أَوْ بَعْدَهُ قَالَ قَبْلَهُ قَالَ فَإِنَّ فُلَانًا أَخْبَرَنِي عَنْكَ أَنَّكَ قُلْتَ بَعْدَ الرُّكُوعِ فَقَالَ كَذَبَ إِنَّمَا قَنَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الرُّكُوعِ شَهْرًا أُرَاهُ كَانَ بَعَثَ قَوْمًا يُقَالُ لَهُمُ الْقُرَّاءُ زُهَاءَ سَبْعِينَ رَجُلًا إِلٰى قَوْمٍ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ دُوْنَ أُولٰئِكَ وَكَانَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهْدٌ فَقَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا يَدْعُوْ عَلَيْهِمْ (بخاری) [1]

ترجمہ: میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے دعائے قنوت کے بارے میں سوال کیا تو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے جواب میں فرمایا کہ دعائے قنوت تو (شریعت میں) ہے، حضرت عاصم کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ رکوع سے پہلے ہے یا بعد میں؟ تو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رکوع سے پہلے ہے۔

حضرت عاصم نے عرض کیا کہ فلاں شخص نے مجھے آپ کی طرف سے یہ خبر دی ہے کہ آپ نے یہ فرمایا کہ دعائے قنوت رکوع کے بعد ہے؟ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس نے حقیقت کے خلاف بات کہی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو صرف ایک مہینہ تک رکوع کے بعد قنوت (نازلہ) پڑھا تھا۔

میرے علم کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ قراء حضرات کو، جن کی تعداد ستر کے قریب تھی مشرکین کی ایک قوم کی طرف بھیجا تھا، جنہوں نے ان کو قید کرلیا تھا، اوران کے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان عہد (یعنی صلح کا

---

[1] حدیث نمبر ۱۰۰۲، کتاب الجمعة، باب قنوت قبل الرکوع وبعده، دارطوق النجاة، بیروت.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

معاہدہ) تھا (جس کی مشرکین کی طرف سے خلاف ورزی ہوئی تھی) تو (اس وقت) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ تک قنوت (نازلہ) پڑھا تھا، جس میں آپ ان (مشرکین) کے لئے بددعا فرماتے تھے (ترجمہ ختم)

اور مسلم شریف کی حدیث کے آخر میں یہ الفاظ ہیں کہ:

إِنَّمَا قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- شَهْرًا يَدْعُوْ عَلٰى أُنَاسٍ قَتَلُوْا أُنَاسًا مِّنْ أَصْحَابِهٖ يُقَالُ لَهُمُ الْقُرَّاءُ (مسلم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو صرف ایک مہینہ تک رکوع کے بعد قنوت (نازلہ) پڑھا تھا۔

جس میں آپ ان لوگوں کے لئے بددعا فرمایا کرتے تھے، جنہوں نے آپ کے قاری صحابۂ کرام کو قتل کردیا تھا (ترجمہ ختم)

اور حضرت قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے ان سے یہ روایت بیان کی کہ:

أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ شَهْرًا فِيْ صَلَاةِ الصُّبْحِ يَدْعُوْ عَلٰى أَحْيَاءٍ مِّنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ، عَلٰى رِعْلٍ، وَذَكْوَانَ، وَعُصَيَّةَ، وَبَنِيْ لِحْيَانَ (بخاری) [2]

ترجمہ: اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ تک صبح (یعنی فجر) کی نماز میں عرب کے بعض قبیلوں، یعنی قبیلۂ رعل اور قبیلۂ ذکوان، اور قبیلۂ عصیہ، اور قبیلۂ بنی لحیان کے خلاف دعا فرمائی (ترجمہ ختم)

---

[1] حدیث نمبر ۶۷۷، کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ، باب استحباب القنوت، دار احیاء التراث العربی، بیروت.

[2] حدیث نمبر ۴۰۹۰، کتاب المغازی، باب غزوۃ الرجیع، ورعل، وذکوان الخ، دار طوق النجاۃ، بیروت.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت ابومجلز سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا بَعْدَ الرُّكُوْعِ فِيْ صَلَاةِ الصُّبْحِ يَدْعُوْ عَلٰى رِعْلٍ، وَذَكْوَانَ، وَيَقُوْلُ عُصَيَّةُ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ (مسلم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ تک صبح (یعنی فجر) کی نماز میں رکوع کے بعد قبیلۂ رِعل اور قبیلۂ ذکوان کے خلاف دعا فرمائی، اور یہ فرمایا کہ قبیلۂ عصیہ نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی (ترجمہ ختم)

اور حضرت عبدالعزیز سے ایک لمبی روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ شَهْرًا فِيْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ وَذٰلِكَ بَدْءُ الْقُنُوْتِ وَمَا كُنَّا نَقْنُتُ.

قَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ وَسَأَلَ رَجُلٌ أَنَسًا عَنِ الْقُنُوْتِ أَبَعْدَ الرُّكُوْعِ أَوْعِنْدَ فَرَاغٍ مِّنَ الْقِرَاءَةِ قَالَ لَا بَلْ عِنْدَ فَرَاغٍ مِنَ الْقِرَاءَةِ (بخاری) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کے خلاف فجر کی نماز میں ایک مہینہ تک بددعا فرمائی اور یہ قنوت کی ابتداء تھی اور ہم (اس سے پہلے) یہ قنوت نہیں پڑھتے۔ عبدالعزیز فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دعائے قنوت کے بارے میں سوال کیا کہ کیا وہ رکوع کے بعد ہے یا قرائت سے فارغ ہونے کے وقت ہے؟ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رکوع کے بعد نہیں

---

[1] حدیث نمبر ۶۷۷، کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ، باب استحباب القنوت، داراحیاء التراث العربی، بیروت.

[2] حدیث نمبر ۴۰۸۸، کتاب المغازی، باب غزوۃ الرجیع، ورعل وذکوان وبئر معونۃ، دارطوق النجاۃ، بیروت.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

بلکہ قراءت سے فارغ ہونے کے وقت ہے(ترجمہ ختم)

اور حضرت ابنِ سیرین سے روایت ہے کہ:

اَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ سُئِلَ هَلْ قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَلَاةِ الصُّبْحِ قَالَ نَعَمْ فَقِيْلَ لَهٗ قَبْلَ الرُّكُوْعِ أَوْ بَعْدَهٗ قَالَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ (سنن نسائی) [1]

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز میں قنوت پڑھا تھا؟ تو انہوں نے فرمایا کہ بے شک پڑھا تھا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا کہ کیا رکوع سے پہلے پڑھا تھا یا رکوع کے بعد؟ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رکوع کے بعد (ترجمہ ختم)

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی بعض روایات کے آخر میں یہ بھی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض قبائل کے خلاف فجر میں قنوت پڑھا تھا، لیکن بعد میں اس کو ترک فرمادیا تھا۔

چنانچہ بخاری کی ایک روایت کے آخر میں یہ الفاظ ہیں کہ:

ثُمَّ رُفِعَ ذٰلِکَ بَعْدُ (بخاری) [2]

ترجمہ: پھر اس کے بعد یہ (فجر میں قنوتِ نازلہ کا) حکم ختم کردیا گیا (ترجمہ ختم)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ شَهْرًا يَدْعُوْ عَلٰى أَحْيَاءٍ مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ ثُمَّ تَرَكَهٗ (مسلم) [3]

---

[1] حدیث نمبر ۱۰۷۱، کتاب التطبیق، باب القنوت فی صلاۃ الصبح، مکتب المطبوعات الإسلامیۃ، حلب۔

[2] حدیث نمبر ۳۰۶۴، کتاب الجهاد والسیر، باب العون بالمدد، دارطوق النجاۃ، بیروت۔

[3] حدیث نمبر ۶۷۷، کتاب الصلاۃ، باب القنوت فی الصلوات، داراحیاء التراث العربی، بیروت، مسند احمد حدیث نمبر ۱۲۹۹۰

فی حاشیۃ مسند احمد: اسنادهٗ صحیح علی شرط الصحیحین۔

Idara Ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ تک قنوت (نازلہ) عرب کے قبیلوں میں سے بعض قبیلوں کے خلاف پڑھا تھا، جس میں ان کے خلاف دعا فرمائی تھی، پھر اس کو چھوڑ دیا تھا (ترجمہ ختم)

اور حضرت انس بن سیرین اور حضرت قتادہ رحمہما اللہ، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ شَهْرًا ثُمَّ تَرَكَهُ (ابوداؤد) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینہ تک قنوت (نازلہ) پڑھا تھا، پھر چھوڑ دیا تھا (ترجمہ ختم)

اور چھوڑنے کی وجہ یہی تھی کہ وہ نازلہ وحادثہ ختم ہو گیا تھا۔ [2]

ان احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز میں ہمیشہ قنوتِ نازلہ نہیں پڑھا، بلکہ ضرورت کے وقت ہی پڑھا ہے۔

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَقْنُتُ إِلَّا أَنْ يَدْعُوَ لِقَوْمٍ عَلٰى قَوْمٍ، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَدْعُوَ عَلٰى قَوْمٍ أَوْ يَدْعُوَ لِقَوْمٍ، قَنَتَ حِيْنَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ مِنَ الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ مِنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ (صحيح ابن خزيمة) [3]

---

[1] حديث نمبر ۱۴۴۵، كتاب الصلاة، باب القنوت فى الصلوات، المكتبة العصرية، بيروت.

[2] ثم تركه لانه قنت فى نازله فارتفعت وزالت (بذل المجهود ج۲ ص۳۳۵، باب القنوت فى الصلوات)

[3] حديث نمبر ۱۰۹۷، ج۲ ص۱۵۳، كتاب الصلاة، المكتب الاسلامى، بيروت.

كان إذا رفع رأسه من الركوع فى صلاة الصبح فى آخر ركعة قنت . "

رواه ابن نصر فى "قيام الليل" ص (۱۳۲) قال: حدثنا محمد بن عبيد بن حساب حدثنا سفيان عن الزهرى عن سعيد عن أبى هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان ...قلت: و هذا إسناد صحيح على شرط مسلم ، و قد أخرجه (۲/۱۳۵) من طريقين آخرين عن ابن عيينة به . و أخرجه هو و البخارى (۳/۲۱۸۲۱۷) و أحمد (۲/۲۵۵) من طرق أخرى عن الزهرى به أتم منه .

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم قنوت (نازلہ) اسی وقت پڑھتے تھے، جب کچھ لوگوں کے لئے دعا اور کچھ لوگوں کے خلاف بددعا فرماتے تھے، پس جب کسی قوم کے لئے دعا یا بددعا کا ارادہ فرماتے، تو اس وقت قنوت (نازلہ) پڑھتے تھے، جبکہ فجر کی نماز کی دوسری رکعت کے رکوع سے سر اٹھاتے تھے (ترجمہ ختم)

اس حدیث میں جس قنوت کے ضرورت کے وقت میں فجر کی نماز میں پڑھنے کا ذکر کیا گیا ہے، اس سے مراد قنوتِ نازلہ ہے، کیونکہ اس میں بددعا کا ذکر ہے، جو ضرورت کے وقت ہی پڑھنا چاہئے، ہمیشہ نہیں۔

اس قسم کی احادیث کی روشنی میں فقہائے احناف اور بعض دیگر فقہاء نے فرمایا کہ فجر کی نماز میں قنوتِ نازلہ ہمیشہ نہیں ہے، بلکہ ضرورت کے وقت میں ہے۔ [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

(تنبيه) : القنوت الوارد في هذا الحديث هو قنوت النازلة ، بدليل قوله في حديث الشيخين ": فيدعوا للمؤمنين و يلعن الكفار . "و انظر "الإرواء "(۲/۱٦۰،۱٦۴) .و أصرح منه رواية ابن خزيمة بلفظ " :كان لا يقنت إلا أن يدعو لأحد ،أو على أحد . "و سنده صحيح (السلسلة الصحيحة للالباني،تحت حديث رقم ۲۰۷۱)

[1] مسألة لا يسن القنوت في الفجر وقال مالك والشافعي يسن. لنا تسعة أحاديث:

الحديث الأول : أخبرنا ابن الحصين قال أنبأنا ابن المذهب أنبأنا أحمد بن جعفر قال حدثنا عبد الله بن أحمد قال حدثني أبي قال حدثنا يزيد بن هارون أنبأنا أبو مالك قال قلت لأبي يا أبه إنك قد صليت خلف رسول الله صلى الله عليه و سلم وأبي بكر وعمر وعثمان وعلي ههنا بالكوفة قريبا من خمس سنين أكانوا يقنتون فقال أي بني محدث

أخبرنا سعد الخير أنبأنا عبد الرحمن بن حمد الدوني أنبأنا أحمد بن الحسين الكسار قال أنبأنا أبو بكر بن محمد السني قال أنبأنا أبو عبد الرحمن النسائي أنبأنا قتيبة عن خلف عن أبي مالك الأشجعي عن أبيه قال صليت خلف النبي صلى الله عليه و سلم فلم يقنت وصليت خلف أبي بكر فلم يقنت وصليت خلف عمر فلم يقنت وصليت خلف عثمان فلم يقنت وصليت خلف علي فلم يقنت ثم قال يا بني إنها بدعة .

اسم أبي مالك سعد بن طارق بن الأشيم قال البخاري طارق بن الأشيم له صحبة وهذا الإسناد صحيح وقد تعصب أبو بكر الخطيب فقال في صحبة طارق نظر قال و إن صح الحديث حملناه على دعاء أحدثه أهل ذلك العصر وهذا منه تعصب ازداد لا وجه للنظر بعد ثبوت صحبته عند

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

اور بعض روایات میں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فجر کی نماز میں ہمیشہ قنوت پڑھنے کا ذکر

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

البخاری ومحمد بن سعد وغيرهما ممن ذكر في الصحابة وأما حمله فحمل من لا يفهم لأن الإنكار كان للدعاء في ذلك الوقت لا لنفس الدعاء .

الحديث الثاني : أخبرنا المبارك بن أحمد قال أنبأنا الحسن بن مرزوق قال أنبأنا أحمد بن على قال أخبرني عبد الله بن أبي الفتح قال حدثنا المعافى بن زكريا قال حدثنا محمد بن مرزوق قال حدثنا محمد بن عبد الله الأنصارى قال حدثنا سعيد بن أبي عروبة عن قتادة عن أنس أن النبي صلى الله عليه و سلم كان لا يقنت إلا إذا دعا لقوم أو دعا على قوم .

الحديث الثاني : أخبرنا ابن المبارك أنبأنا ابن مرزوق أنبأنا أحمد بن على أخبرني الحسين بن أبي الحسن حدثنا عمر بن أحمد الواعظ حدثنا أحمد بن محمد بن سعيد حدثنا الحسن بن على بن عفان حدثنا عبد الحميد الحماني عن سفيان عن عاصم عن أنس بن مالك أن النبي صلى الله عليه و سلم لم يقنت إلا شهرا واحدا حتى مات .

فإن قالوا عبد الحميد قد ضعفه أحمد قلنا فقد وثقه يحيى بن معين .

الحديث الرابع : أخبرنا المبارك قال أنبأنا ابن مرزوق أنبأنا أحمد بن على بن ثابت أنبأنا أحمد بن أبي جعفر حدثنا عبد الله بن أحمد بن يعقوب أنبأنا إسحاق بن سيار قال أنبأنا أبو همام حدثنا عمر بن عبد الواحد عن ابن ثوبان عن الحسن بن الحر عن إبراهيم بن الأسود عن عمر بن الخطاب أنه لم يكن يقنت إلا أن يستنصر قال و لا رسول الله صلى الله عليه و سلم ولا أبو بكر .

فإن قالوا ابن ثوبان ضعيف قلنا قد قال يحيى ليس به بأس .

الحديث الخامس : أخبرنا أبو المعمر الأنصارى أنبأنا ابن مرزوق قال أنبأنا الحسين بن عمر بن برهان حدثنا إسماعيل بن محمد الصفار حدثنا عبد الرحمن بن مرزوق حدثنا شبابة حدثنا قيس بن الربيع عن عاصم بن سليمان قال قلنا لأنس إن قوما يزعمون أن النبي صلى الله عليه و سلم لم يزل يقنت بالفجر فقال كذبوا إنما قنت رسول الله صلى الله عليه و سلم شهرا واحدا يدعو على حي من أحياء المشركين .

فإن قالوا تفرد به قيس بن الربيع وقد ضعفه يحيى قلنا قد كان شعبة يثني عليه .

الحديث السادس : أخبرنا ابن الحصين قال أنبأنا ابن المذهب أنبأنا أحمد بن جعفر قال حدثنا عبد الله بن أحمد قال حدثني أبي قال حدثنا يحيى عن هشام قال حدثنا قتادة عن أنس قال قنت رسول الله صلى الله عليه و سلم شهرا بعد الركوع يدعو على أحياء من أحياء العرب ثم تركه أخرجاه في الصحيحين ....وقد احتج الخصم بأحاديث و أحاديثهم تنقسم أربعة أقسام أحدها ما هو مطلق و أن رسول الله صلى الله عليه و سلم قنت وهذا لا تنازع فيه لأنه قد ثبت أنه قنت والثاني مقيد بأنه قنت في صلاة الصبح وهذا لا نزاع فيه لأنه قد فعل ذلك شهرا والثالث لفظ محتمل كان يقنت في الصبح فيحمله على ما فعله شهرا بأدلتنا (تَنْقِيحُ التَّحْقِيقِ فِي أَحَادِيْثِ التَّعْلِيْق، مسألة لا يسن القنوت في الفجر وقال مالك والشافعي يسن لنا تسعة أحاديث، تحت حديث رقم ٦٧٧ تا ٦٨٣)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Iqra.ghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ہے، تو وہ مشہور احادیث کے خلاف اور شاذ ہونے کی وجہ سے معتبر نہیں۔ ۱؎

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

والذی یظهر بـه ان یقنت بعد الرکوع لا قبله بدلیل ان ما استدل به الشافعی رحمه الله علی قنوت الفجر وفیه التصریح بالقنوت بعد الرکوع ،حمله علمائنا علی القنوتِ للنازلة ثم رأیت الشرنبلالی فی مراقی الفلاح صرح بانه بعده واستظهر الحموی انه قبله والاظهر ما قلناه ،قلت حدیث انس فی الصحیح یفید القنوت للنوازل بعدالرکوع وکذا حدیث ابی هریرة (اعلاء السنن جلد ٦ صفحه ١١٩ ،احکام القنوت النازلة)

۱؎ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ :حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ يَعْنِي الرَّازِيَّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ " :مَا زَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْنُتُ فِي الْفَجْرِ حَتَّى فَارَقَ الدُّنْيَا (مسنداحمد، حدیث نمبر ١٢٦٥٧)

فی حاشیة مسند احمد:

إسناده ضعیف، أبو جعفر الرازی -واسمه عیسی بن ماهان -سیء الحفظ، وقد خالف روایة الثقات لهذا الحدیث عن أنس، فالروایة الصحیحة عنه :أن رسول الله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قنت شهراً یدعو علی أحیاء من أحیاء العرب :عصیة وذکوان ورعل ولحیان .انظر(١٢٠٦٤).

والحدیث فی "مصنف عبد الرزاق(٤٩٦٤) "، ومن طریقه أخرجه الدارقطنی ٢/٣٩ ، والضیاء فی "المختارة٢١٢٧ ."وأخرجه بنحوه ابن أبی شیبة ٢/٣١٢، والبزار(٥٥٦ ،کشف الأستار) ، والطحاوی فی "شرح معانی الآثار ١/٢٤٤ "، والدارقطنی ٢/٣٩، والبیهقی ٢/٢٠١، والبغوی ٦٣٩، والحازمی فی "الاعتبار" ص٨٦، والضیاء ٢١٢٨ من طرق عن أبی جعفر الرازی، بهذا الإسناد .وأخرج الطحاوی ١/٢٤٣، والبیهقی ٢/٢٠٢من طریق عمرو بن عبید، عن الحسن، عن أنس قال :صلیت مع النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فلم یزل یقنت فی صلاة الغداة حتی فارقته، وصلیت مع عمر بن الخطاب فلم یزل یقنت فی صلاة الغداة حتی فارقته .وقرن البیهقی بعمرو بن عبید إسماعیل بن مسلم المکی، وقال :لا نحتجُّ بهما .قلنا :وهما متفق علی ترکهما(محقق مسنداحمد :شعیب الأرنؤوط -عادل مرشد ، وآخرون)

قال الالبانی:

"ما زال رسول الله صلی الله علیه وسلم یقنت فی صلاة الغداة حتی فارق الدنیا "
منکر، أخرجه عبد الرزاق فی "المصنف "٣/١١٠/٤٩٦٤و ابن أبی شیبة(٢/٣١٢)-مختصرا -و الطحاوی فی "شرح المعانی "(١/١٤٣) و الدارقطنی ص١٧٨ و الحاکم فی "الأربعین "و عنه البیهقی ٢/٢٠١و کذا البغوی فی "شرح السنة "٣/١٢٣/٦٣٩ و ابن الجوزی فی "الواهیة "١/٤٤٤،٤٤٥و أحمد٣/١٦٢ من طریق أبی جعفر الرازی عن الربیع بن أنس قال : "کنت جالسا عند

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت ابو مالک اشجعی سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ لِأَبِیْ یَا أَبَتِ إِنَّکَ قَدْ صَلَّیْتَ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

أنس بن مالک ، فقیل له :إنما قنت رسول الله شهرا ، فقال : "فذکره .و قال البغوی : "قال الحاکم :إسناده حسن . " و قال البیهقی : "قال أبو عبد الله :هذا إسناد صحیح سنده ، ثقة رواته ، و الربیع بن أنس تابعی معروف " ..و أقره ! و تعقبه ابن الترکمانی بقوله ":کیف یکون سنده صحیحا و راویه عن الربیع أبو جعفر عیسی بن ماهان الرازی متکلم فیه ، قال ابن حنبل و النسائی :لیس بالقوی ، و قال أبو زرعة : یهم کثیرا ، و قال أبو زرعة :یهم کثیرا ، و قال الفلاس :سیء الحفظ ، و قال ابن حبان : یحدث بالمناکیر عن المشاهیر . " و قال ابن القیم فی "زاد المعاد " ۱/۹۹ : "فأبو جعفر قد ضعفه أحمد و غیره ، و قال ابن المدینی :کان یخلط .و قال أبو زرعة :کان یهم کثیرا ..و قال لی شیخنا ابن تیمیة قدس الله روحه :و هذا الإسناد نفسه هو إسناد حدیث * :(و إذ أخذ ربک من بنی آدم من ظهورهم *(حدیث أبی بن کعب الطویل ، و فیه :و کان روح عیسی علیه السلام من تلک الأرواح التی أخذ علیها العهد و المیثاق فی زمن آدم ، فأرسل تلک الروح إلی مریم علیها السلام حین انتبذت من أهلها مکانا شرقیا فأرسله الله فی صورة بشر فتمثل لها بشرا سویا ، قال :فحملت الذی یخاطبها فدخل من فیها .و هذا غلط محض ، فإن الذی أرسل إلیها الملک الذی قال لها * :(إنما أنا رسول ربک لأهب لک غلاما زکیا *(.و لم یکن الذی خاطبها بهذا هو عیسی ابن مریم ، هذا محال .و المقصود أن أبا جعفر صاحب مناکیر لا یحتج بما تفرد به أحد من أهل الحدیث البتة . " و قال الحافظ ابن حجر فی "التقریب : " "صدوق سیء الحفظ الحفظ خصوصا عن مغیرة . " و قال الزیلعی فی "نصب الرایة "۲/۱۳۲ بعد أن خرج الحدیث : "و ضعفه ابن الجوزی فی "التحقیق "، و فی "العلل المتناهیة "و قال : هذا حدیث لا یصح ، فإن أبا جعفر الرازی و اسمه عیسی بن ماهان قال ابن المدینی : کان یخلط . " ... لکن قال البیهقی فی "المعرفة "کما فی "الزیلعی : " "و له شواهد عن أنس ذکرناها فی (السنن). " قلت :فوجب النظر فی الشواهد المشار إلیها هل هی صالحة للاستشهاد بها أم لا ؟

و هما شاهدان : الأول :یرویه إسماعیل بن مسلم المکی و عمرو بن عبید عن الحسن عن أنس قال : "قنت رسول الله صلی الله علیه وسلم و أبو بکر و عمر و عثمان رضی الله عنهم - و أحسبه قال :رابع -حتی فارقتهم . " أخرجه الدارقطنی و البیهقی و قال : "لا نحتج بإسماعیل المکی و لا بعمرو بن عبید . " قلت :إسماعیل ضعیف الحدیث

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِىْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِيٍّ هَاهُنَا بِالْكُوْفَةِ، نَحْوًا

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

، و قال الخطيب فى "الكفاية "(٣٧٢): "متروک الحديث . "و كذلک قال النسائى ، و تركه جماعة .و عمرو متهم بالكذب مع كونه من المعتزلة ، ثم إن الحسن البصرى مع جلالته ، فهو مدلس و قد عنعنه .فلو صح السند إليه فلا يحتج به ، فكيف و قد رواه عنه متروكان ؟ الثانى :يرويه خليد بن دعلج عن قتادة عن أنس بن مالک قال : "صليت خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم فقنت ، و خلف عمر فقنت ، و خلف عثمان فقنت . " أخرجه البيهقى شاهدا ، و تعقبه ابن التركمانى بقوله : "قلت :يحتاج أن ينظر فى أمر خليد هل يصلح أن يستشهد به أم لا ؟ فإن ابن حنبل و ابن معين و الدارقطنى ضعفوه .و قال ابن معين مرة :ليس بشىء .و قال النسائى :ليس بثقة .و فى "الميزان : "عده الدارقطنى من المتروكين . ثم إن المستغرب من حديث الترجمة قوله " :ما زال يقنت فى صلاة الغداة حتى فارق الدنيا . "و ليس ذلک فى حديث خليد ، و غنما فيه أنه عليه السلام قنت ، و ذلک معروف ، و إنما المستغرب دوامه حتى فارق الدنيا .فعلى تقدير صلاحية خليد للاستشهاد به كيف يشهد حديثه لحديث أنس ؟ . " قلت :و للحديث شاهد آخر ، يرويه دينار بن عبد الله خادم أنس عن أنس قال : "ما زال رسول الله صلى الله عليه وسلم يقنت فى صلاة الصبح حتى مات . " أخرجه الخطيب فى "كتاب القنوت "له ، و شنع عليه ابن الجوزى بسببه لأن دينارا هذا قال ابن حبان فيه : "يروى عن أنس آثارا موضوعة لا يحل فى الكتب إلا على سبيل القدح فيه . " و قد دافع عن الخطيب العلامة عبد الرحمن المعلمى فى كتابه "التنكيل "فى فصل خاص عقده لذلک ، دافع فيه عن رواية الخطيب لهذا الحديث و نحوه من أوجه سبعة بينها .و لكنه رحمه الله مال إلى تقوية الحديث فقال عقب الشاهد المذكور : "فقد ورد من وجهين آخرين أو أكثر عن أنس ، صحح بعض الحفاظ بعضها ، و جاء نحو معناه من وجوه أخرى ، راجع "سنن الدارقطنى "و "سنن البيهقى "، و بمجموع ذلک يقوى الحديث . " فأقول :قد استقصينا فى هذا التحقيق جميع الوجوه المشار إليها و هى كلها واهية جدا ، سوى الوجه الأول ، فإنه ضعيف فقط ، و لكنه منكر لما سيأتى بيانه . و الوجه الثانى :فيه إسماعيل بن مسلم المكى و عمرو بن عبيد المعتزلى و هما متروكان . و الوجه الثالث :فيه خليد بن دعلج ، و هو ضعيف على أن حديثه شاهد قاصر لأنه لم يقل فيه " :قنت فى الفجر حتى فارق الدنيا ! " و الوجه الرابع :فيه دينار بن عبد الله ، و هو متهم كما عرفت ذلک من عبارة ابن حبان السابقة ، و قد أقره الشيخ المعلمى رحمه الله ، فمع هذا الضعف الشديد فى كل هؤلاء الرواة على التفصيل المذكور كيف يصح أن يقال " :و بمجموع ذلک يقوى الحديث "؟ ! و ظنى أنه إنما حمله على هذا التساهل فى تقوية

﴿ بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں ﴾

Idaraghufran

مِّنْ خَمْسِ سِنِيْنَ، فَكَانُوْا يَقْنُتُوْنَ فِي الْفَجْرِ؟ فَقَالَ أَىْ بُنَىَّ مُحْدَثٌ

(سنن ابن ماجه) [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

هذا الحديث المنكر ، إنما هو تحمسه الشديد فى الرد على ابن الجوزى ، و الدفاع عن الخطيب و البغدادى ، و كان يكفيه فى ذلك أن يذكر ما هو معلوم عنده أن المحدث إذا ساق الحديث بسنده فقد برئت عهدته منه ، و لا لوم عليه فى ذلك حتى و لو كان موضوعا ، و ابن الجوزى الذى له كتاب "الموضوعات" هو نفسه قد يفعل ذلك فى بعض مصنفاته ، مثل كتابه " تلبيس إبليس "، بل رأيته ذكر فى غيره ما لا أصل له من الحديث ، و بدون إسناد ، مثل حديث "صلاة النهار عجماء ." ذكره فى "صيد الخاطر" كما نبهت عليه فى التخريج المختصر له الملحق بآخره . و أما أن الحديث منكر ، فلأنه معارض لحديثين ثابتين : أحدهما :عن أنس نفسه " :أن النبى صلى الله عليه وسلم كان لا يقنت إلا إذا دعى لقوم أو دعى على قوم . " أخرجه الخطيب نفسه فى كتابه "القنوت" من طريق محمد بن عبد الله الأنصارى : حدثنا سعيد بن أبى عروبة عن قتادة عنه . و الآخر :عن أبى هريرة قال : "كان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يقنت فى صلاة الصبح إلا أن يدعو لقوم ، أو على قوم . "
قال الزيلعى ۱۳۰/۲ : "أخرجه ابن حبان عن إبراهيم بن سعد عن سعيد و أبى سلمة عنه .قال صاحب " التنقيح : " و سند هذين الحديثين صحيح ، و هما نص فى أن القنوت مختص بالنازلة . " و حديث أنس عزاه الحافظ فى "التلخيص" ۲۴۵/۱ لابن خزيمة فى "صحيحه" من طريق سعيد به .و حديث ابن حبان لم يورده الهيثمى فى " موارد الظمآن . "و قال الحافظ فى "الدراية" ص۱۱۷ عقب الحديثين : "و إسناد كل منهما صحيح . " و قال فى "التلخيص" عقب ما سبق ذكره من الأحاديث عن أنس : "فاختلفت الأحاديث عن أنس ، و اضطربت فلا يقوم بمثل هذا حجة . " يعنى حديث أبى جعفر الرازى هذا . ثم قال : "(تنبيه) : عزا هذا الحديث بعض الأئمة إلى مسلم فوهم ، و عزاه النووى إلى " المستدرك " للحاكم ، و ليس هو فيه ، و إنما أورده و صححه فى جزء له مفرد فى القنوت ، و نقل البيهقى تصحيحه عن الحاكم ، فظن الشيخ أنه فى (المستدرك)". " (فائدة) : جاء فى ترجمة أبى الحسن الكرجى الشافعى المتوفى سنة۵۳۲ أنه كان لا يقنت فى الفجر ، و يقول " :لم يصح فى ذلك حديث . " قلت :و هذا مما يدل على علمه و إنصافه رحمه الله تعالى ، و أنه ممن عافاهم الله عز وجل من آفة التعصب المذهبى ، جعلنا الله منهم بمنه و كرمه .
(السلسلة الضعيفة للالبانى، تحت حديث رقم ۱۲۳۸)

[1] حديث نمبر ۱۲۴۱، كتاب اقامة الصلاة والسنة فيها،باب ماجاء فى القنوت فى صلاة الفجر.
قال الالبانى:
(حديث مالك الأشجعى قال " :قلت لأبى :يا أبت إنك صليت خلف رسول الله

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: میں نے اپنے والد (حضرت طارق) سے عرض کیا کہ اے میرے ابّا جان! بے شک آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے، اور حضرت ابوبکر، اور حضرت عمر، اور حضرت عثمان، اور حضرت علی رضی اللہ عنہم کے پیچھے یہاں کوفہ میں تقریباً پانچ سال تک نماز پڑھی ہے، تو کیا یہ حضرات فجر کی نماز میں قنوت پڑھا کرتے تھے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ اے میرے بیٹے! یہ بعد کی ایجاد ہے (ترجمہ ختم)

مطلب یہ ہے کہ یہ حضرات عام طور پر فجر کی نماز میں قنوت نہیں پڑھا کرتے تھے، اس لئے فجر کی نماز میں قنوتِ نازلہ کا دائمی معمول درست نہیں۔

جہاں تک ضرورت کے وقت قنوتِ نازلہ پڑھنے کا تعلق ہے، تو اس کے ثبوت میں کوئی کلام نہیں۔

اس کے علاوہ کئی احادیث سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام کا فجر کی نماز میں صرف ضرورت کے وقت ہی قنوت پڑھنا ثابت ہے۔ [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

صلی الله علیه وسلم وأبی بکر وعمر وعثمان وعلی ها هنا بالکوفة نحو خمس سنین أکانوا یقنتون فی الفجر ؟ قال " :أی بنی محدث "رواه أحمد والترمذی وصححه (ص ۱۰۹) صحیح.

رواه أحمد۳/۴۷۲و۶/۳۹۴والترمذی ۲/۲۵۲وکذا النسائی ۱/۱۶۴وابن ماجه۱۲۴۱والطحاوی ۱/۱۴۶وابن أبی شیبة۲/۵۸/۲والطیالسی ۱۳۲۸وعنه البیهقی ۲/۲۱۳من طرق عن أبی مالک به .والسیاق لابن ماجه وقال " :نحواً ." وکذا قال الترمذی ,وقال أحمد "قریباً ."وفی روایة له " :کان أبی قد صلی خلف رسول الله صلی الله علیه وسلم ,وهو ابن ست عشرة سنة ." ...قلت :وإسناده صحیح ,وقال الترمذی " :حدیث حسن صحیح ."(إرواء الغلیل فی تخریج أحادیث منار السبیل، تحت حدیث رقم ۴۳۵)

[1] قال حدثنا یوسف بن ابی یوسف عن ابیه عن ابی حنیفة عن حماد عن ابراهیم عن النبی صلی الله علیه وسلم انه لم یقنت فی الفجر الا شهرا واحدا حارب حیا من المشرکین قنت یدعو علیهم لم یر قانتا قبلها ولا بعدها.

حدثنا یوسف عن ابیه عن ابی حنیفة عن حماد عن ابراهیم عن علقمة عن عبد الله رضی الله عنه عن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara Ghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

نیز متعدد احادیث وروایات کی رُو سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور جلیل القدر صحابۂ کرام سے فجر کی نماز میں عام حالات میں قنوت پڑھنا ثابت نہیں۔ [1]

اور اس کے برعکس وتر کی نماز میں دعائے قنوت ہمیشہ تکبیر کہہ کر پڑھنا چاہئے۔

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ تعالی (کتاب الآثار لابی یوسف،حدیث نمبر ۳۴۹،۳۵۰)

قال حدثنا یوسف بن ابی یوسف عن ابیہ عن ابی حنیفۃ عن حماد عن ابراھیم ان ابا بکر رضی اللہ عنہ لم یقنت حتی لحق باللہ تعالی (کتاب الآثار لابی یوسف،حدیث نمبر ۳۵۱)

قال حدثنا یوسف بن ابی یوسف عن ابیہ عن ابی حنیفۃ عن حماد عن ابراھیم ان علیا رضی اللہ عنہ قنت یدعو علی معاویۃ رضی اللہ عنہ حین حاربہ فأخذ اھل الکوفۃ عنہ وقنت معاویۃ یدعو علی علی فأخذ اھل الشام عنہ (کتاب الآثار لابی یوسف،حدیث نمبر ۳۵۲)

قال ثنا یوسف بن ابی یوسف عن ابیہ عن ابی حنیفۃ عن عبد الملک ابن میسرۃ (عن زید بن وھب ان عمر رضی اللہ عنہ کان یقنت اذا حارب ویدع القنوت اذا لم یحارب (کتاب الآثار لابی یوسف،حدیث نمبر ۳۵۳)

قال ثنا یوسف بن ابی یوسف عن ابیہ عن ابی حنیفۃ عن حماد عن ابراھیم عن الاسود قال صحبت عمر رضی اللہ عنہ سنتین لم ارہ قانتا فی سفر ولا حضر (کتاب الآثار لابی یوسف،حدیث نمبر ۳۵۴)

قال ثنا یوسف عن ابیہ عن ابی حنیفۃ قال ثنا الصلت بن بھرام عن حوط عن ابی الشعثاء عن ابن عمر رضی اللہ عنھما انہ قال لابی الشعثاء انبئت ان امامکم بالعراق یقوم فی آخر رکعۃ من الفجر لا تالی قران ولا راکع (کتاب الآثار لابی یوسف،حدیث نمبر ۳۵۵)

[1] عن علقمۃ ، والأسود أنھما أقاما عند عمر رضوان اللہ علیہ سنتین ، أو حولین ، یصلیان معہ صلاۃ الصبح ، لا یقنت فیھما (تھذیب الآثار للطبری،حدیث نمبر ۶۳۷)

عن الأسود ، قال : صلیت مع عمر رضی اللہ عنہ فی السفر وفی الحضر ما لا أحصی ، فکان لا یقنت ، -یعنی فی الصبح(ایضاً،حدیث نمبر ۶۳۸)

عن الأسود ، وعمرو بن میمون أن عمر ، رضی اللہ عنہ کان لا یقنت فی الصبح(ایضاً،حدیث نمبر ۶۴۶)

عن إبراھیم أن عمر ، وابن مسعود کانا لا یقنتان فی الفجر (ایضاً ، حدیث نمبر ۶۴۷)

عن إبراھیم ، قال : کان أصحاب عبد اللہ إذا ذکر القنوت -یعنی فی الفجر -، قالوا : حفظنا من عمر رضی اللہ عنہ أنہ کان إذا افتتح الصلاۃ ، قال : سبحانک اللھم وبحمدک ، وتبارک اسمک ، وتعالی جدک ، ولا إلہ غیرک ، وإذا رکع کبر ووضع یدیہ علی رکبتیہ ، وإذا انحط للسجود انحط بالتکبیر ، فیقع کما یقع البعیر ، تقع رکبتاہ قبل یدیہ ، ویکبر إذا سجد وإذا رفع وإذا نھض ، لا نحفظ لہ أنہ یقوم بعد القراء ۃ یدعو(تھذیب الآثار للطبری،حدیث نمبر ۶۵۰)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

حضرت عبدالرحمٰن بن ابزی، حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثِ رَكَعَاتٍ، كَانَ يَقْرَأُ فِي الْأُوْلٰى بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى، وَفِي الثَّانِيَةِ بِقُلْ يَآ أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَفِي الثَّالِثَةِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، وَيَقْنُتُ قَبْلَ الرُّكُوْعِ

(نسائی) [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

أخبرنا محمد بن قيس ، قال :قال الشعبى :كان عبد الله لا يقنت، ولو قنت عمر لقنت عبد الله ، وعبد الله ، يقول : لو سلك الناس واديا وشعبا ، وسلك عمر كرم الله وجهه واديا وشعبا ، لسلكت وادى عمر وشعبه (تهذيب الآثار للطبرى،حديث نمبر ٦٥٣)

عن علقمة قال :سألت أبا الدرداء عن القنوت فى الصلاة ، فقال : لا تقنت فى صلاة الصبح(تهذيب الآثار للطبرى،حديث نمبر ٦٥٥)

حدثنا المعتمر ، عن أبيه ، قال :صليت بالحى صلاة الغداة، وصلى خلفى شيخ فلم أقنت ، فأعجبه الذى صنعت ، فلما صلينا قام إلى ، فقال :صليت خلف عثمان صلاة الغداة فلم يقنت قبل الركوع ولا بعده (تهذيب الآثار للطبرى،حديث نمبر ٦٥٦)

عن قتادة ، قال : كان النبى صلى الله عليه وسلم وأبو بكر وعمر رضوان الله عليهما لا يقنتون فى صلاة الغداة (تهذيب الآثار للطبرى،حديث نمبر ٦٦١)

حدثنا عبد الرحمن بن الأسود ، عن أبيه ، أن ابن مسعود ، لم يقنت فى صلاة الصبح(تهذيب الآثار للطبرى،حديث نمبر ٦٧٣)

عن عبد الرحمن بن الأسود ، عن أبيه ، قال :كان عبد الله لا يقنت فى شىء من الصلاة ، إلا فى الوتر قبل الركوع(تهذيب الآثار للطبرى،حديث نمبر ٦٦٦)

عن سعيد بن جبير ، قال : صليت مع ابن عمر وابن عباس الصبح فكانا لا يقنتان(تهذيب الآثار للطبرى،حديث نمبر ٦٧٧)

عن قتادة ، عن أبى مجلز ، قال : صليت مع ابن عمر الصبح فلم يقنت، قلت :ما يمنعك من القنوت ؟ قال :لا أحفظه عن أحد(تهذيب الآثار للطبرى،حديث نمبر ٦٧٩)

حدثنا حصين ، قال :أخبرنى عمران بن الحارث ، قال : صليت مع ابن عباس مرارا الفجر ، فلم يقنت (تهذيب الآثار للطبرى،حديث نمبر ٦٨٧)

عن قتادة ، عن لاحق بن حميد أنه صلى مع ابن عباس صلاة الصبح فلم يقنت(تهذيب الآثار للطبرى،حديث نمبر ٦٩٠،مطبعة المدنى، القاهرة)

[1] حديث نمبر ١٦٩٩ ، كتاب قيام الليل وتطوع النهار،باب كيف الوتر بثلاث،مكتب المطبوعات الإسلامية -حلب، واللفظ لهٗ، السنن الكبرىٰ للنسائى، حديث نمبر ١٠٥٠٢ ، سنن دارقطنى، حديث نمبر ١٦٥٩ .

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات وتر پڑھا کرتے تھے، اور پہلی رکعت میں سبح اسم ربک الاعلیٰ، اوردوسری رکعت میں قل یایھا الکٰفرون اورتیسری رکعت میں قل ھو اللہ احد پڑھا کرتے تھے، اوررکوع سے پہلے قنوت پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اوربعض روایات میں یہ الفاظ ہیں کہ:

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

قال الالبانی:

(حدیث أبی بن کعب "أن النبی (صلی الله علیه وسلم) کان یقنت قبل الرکوع ." رواه أبو داود)ص۱۰۷ صحیح .أخرجه النسائی ۱/۲۴۸وابن ماجه۱۱۸۲ والضیاء المقدسی فی "الأحادیث المختارة "۱/۴۰۰/۲و ۱/۴۰۱من طریق علی بن میمون الرقی ثنا مخلد بن یزید عن سفیان عن زبید الیامی عن سعید بن عبد الرحمن بن أبزی عن أبیه عن أبی بن کعب به .قلت :وهذا سند جید رجاله کلهم ثقات رجال الشیخین غیر علی بن میمون وهو ثقة کما فی "التقریب ." وقد تابعه فطر بن خلیفة عند الدارقطنی ۱۷۵ ومسعر بن کدام عند البیهقی ۲/۴۰ کلاهما عن زبید به .قلت :فصح بذلک الإسناد .وله إسناد آخر عن سعید بن عبد الرحمن فقال ابن نصر ۱۳۱ :حدثنا إسحاق أخبرنا عیسی بن یونس ثنا سعید عن قتادة عن سعید بن عبد الرحمن بن أبزی به .وأخرجه الدارقطنی وعنه البیهقی ۲/۳۹من طریق المسیب بن واضح ثنا عیسی بن یونس به .وهذا إسناد صحیح أیضا وقد أعله أبو داود ۱۴۲۷ بأن جماعة رووه عن زبید وآخرون عن سعید -وهو ابن أبی عروبة -بلفظ " :کان یوتر ب (سبح اسم ربک الأعلی وقل یا أیها الکافرن وقل هو الله أحد ." لم یذکروا فیه القنوت .وهذا الإعلال لیس بشیء لاتفاق الجماعة من الثقات علی روایة هذه الزیادة فهی مقبولة . ولذلک صحح الحدیث غیر واحد من العلماء ومن أعله فلا حجة له قال الحافظ فی (التلخیص)۱۱۸ "رواه أبو داود والنسائی وابن ماجه وأبو علی بن السکن فی صحیحه(إرواء الغلیل فی تخریج أحادیث منار السبیل، تحت حدیث رقم ۴۲۶)

وأما قول المصنف " :ویروی أن أُبَیّاً کان یقنت فی النصف من رمضان ."

فهو یعنی الإشارة إلی تضعیف هذه الزیادة من طریق المتن؛ فإنه لو کانت ثابتة

عن أبی؛ لم یکن لیدع القنوت فی النصف الأول من رمضان !وهذا فی نظری لیس بشیء ؛ لأن السند فرب الروایة المذکورة عن أبی لا یصح،ولعل المصنف أشار إلی ذلک بقوله " :روی ." ولو صح فلیس نصّاً فیما ذهب إلیه المصنف، کما بینت فی الکتاب الآخر(صحیح أبی داود للالبانی، تحت حدیث رقم ۱۲۸۳، باب القنوت فی الوتر)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ يُوْتِرُ ثَلَاثَ رَكَعَاتٍ لَا يُسَلِّمُ فِيْهِنَّ حَتّٰى يَنْصَرِفَ، أَوَّلُ رَكْعَةٍ بِ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى، وَالثَّانِيَةُ بِ قُلْ يَآ أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَالثَّالِثَةُ بِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، وَأَنَّهُ قَنَتَ قَبْلَ الرُّكُوْعِ

(شرح مشكل الآثار للطحاوى) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعات وتر پڑھتے تھے، اور ان کو ختم کرنے سے پہلے سلام نہیں پھیرتے تھے، پہلی رکعت میں سبح اسم ربک الاعلیٰ اور دوسری رکعت میں قل یآ ایھا الکفرون اور تیسری رکعت میں قل ھو اللہ احد پڑھتے تھے، اور رکوع سے پہلے قنوت پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يُوْتِرُ فَيَقْنُتُ قَبْلَ الرُّكُوْعِ

(ابن ماجه) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر پڑھا کرتے تھے، اور رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت حبیب بن ابی ثابت، حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

قَالَ بِتُّ عِنْدَ خَالَتِيْ مَيْمُوْنَةَ، فَرَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى ثَمَانَ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ أَوْتَرَ فَقَرَأَ فِي الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى، وَقَرَأَ فِي الثَّانِيَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَ قُلْ يَآ أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَفِي الثَّالِثَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَ قُلْ

---

[1] حديث نمبر ۴۵۰۱، باب بيان مشكل ما اختلف أهل العلم فيه من القنوت فى الوتر، وهل هو قبل الركوع أو بعده ؟ مؤسسة الرسالة، بيروت، مسند الشاشى، حديث نمبر ۱۳۵۶.

[2] حديث نمبر ۱۱۸۲، كتاب اقامة الصلاة والسنة فيها، باب ما جاء فى القنوت قبل الركوع وبعده.

حكم الألبانى: صحيح.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، ثُمَّ قَنَتَ وَدَعَا، ثُمَّ رَكَعَ (مشکل الآثار للحطاوی) [1]

ترجمہ: حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اپنی خالہ حضرت میمونہ کے پاس رات گزاری پھر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آٹھ رکعت (تہجد) کی پڑھیں، پھر وتر کی نماز پڑھی، اور وتر کی پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ اور سبح اسم ربک الاعلیٰ پڑھی اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور قل یاایھا الکافرون پڑھی، اور تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور قل ہو اللہ احد پڑھی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعائے قنوت پڑھی اور پھر رکوع کیا (ترجمہ ختم)

ملحوظ رہے کہ حضرت حبیب بن ابی ثابت کا حضرت ابنِ عباس اور حضرت عبداللہ بن عمر

---

[1] حديث نمبر ۴۵۰۲، باب بيان مشكل ما اختلف أهل العلم فيه من القنوت في الوتر الخ ، مؤسسة الرسالة، بيروت، واللفظ له،كتاب الحجة على اهل المدينة،باب عددالوتر.

قال الهيثمي:

رواه الطبراني في الكبير، وفيه عطاء بن سالم الخفاف، وثقه ابن حبان وقال غيره : ضعيف وهو رجل صالح ولكنه دفن كتبه فلا يثبت حديثه(مجمع الزوائد ج۲ص۲۷۵)

وقال في موضع آخر:

وفيه عطاء بن مسلم وهو ثقة وفيه ضعف، وبقية رجاله ثقات(مجمع الزوائد ج۸ص۳۰)

وقال ابن التركماني في موضع :

قلت حكى صاحب الكمال عن ابن معين انه ثقة وفي الكامل لابن عدى ثنا محمد بن يوسف الفربري ثنا على بن حزم سمعت الفضل بن موسى ووكيعا يقولان عطاء بن مسلم ثقة(الجوهر النقي ج۳ص۴۳)

وقال الالباني في موضع :

و هذا إسناد لا بأس به في الشواهد و المتابعات ،المسيب بن واضح سيء الحفظ ، و مثله شيخه الخفاف(السلسلة الصحيحة ، تحت حديث رقم ۲۹۷)

وقال ابن القطان الفاسي في موضع:

أما عطاء بن مسلم فهو الخفاف ، ثقة(بيان الوهم والإيهام في كتاب الأحكام، ج۳ص۱۷۶)

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

رضی اللہ عنہما سے سماع ثابت ہے۔ [۱]

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثِ رَكَعَاتٍ، وَيَجْعَلُ الْقُنُوْتَ قَبْلَ الرُّكُوْعِ (المعجم الأوسط) [۲]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعت وتر پڑھتے تھے، اور قنوت رکوع سے پہلے پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

یہ حدیث اگرچہ سند کے لحاظ سے ضعیف ہے، مگر دوسری احادیث کے مطابق ہونے کی وجہ سے اس کا ضعف قابلِ تحمل ہے۔ [۳]

---

[۱] فقال قائل فهل يثبت سماع حبيب بن أبي ثابت من ابن عباس فكان جوابنا له في ذلك أن سماعه منه ومن عبد الله بن عمر ثابت وقد روى فيما سمعه منه ما قد حدثنا إبراهيم بن مرزوق حدثنا أبو داود أخبرنا شعبة عن حبيب بن أبي ثابت أنه سمع ابن عباس وسأله رجل فقال إني رجل من أهل السواد أتقبل بالقرية لا أريد أن أظلم إنما أريد أن أدرأ عن نفسي الظلم ثم قرأ هذه الآية"قاتلوا الذين لا يؤمنون بالله ولا باليوم الآخر ولا يحرمون ما حرم الله ورسوله "إلى قوله"وهم صاغرون "ثم قال ينزع الصغار من أعناقهم ويضعه في عنقك (مشكل الآثار للطحاوي، باب بيان مشكل ما اختلف أهل العلم فيه من القنوت في الوتر الخ)

[۲] للطبراني، حديث نمبر ۷۸۸۵، دارالحرمين ، القاهرة.

[۳] قال الهيثمي:

رواه الطبراني في الأوسط وفيه سهل بن العباس الترمذي قال الدارقطني : ليس بثقة (مجمع الزوائد، ج۲ ص۱۳۸ ،باب القنوت)

وأخرج أبو نعيم في الحلية عن عطاء بن مسلم حدثنا العلاء بن المسيب عن حبيب بن أبي ثابت عن ابن عباس قال (أوتر النبي صلى الله عليه وسلم بثلاث فقنت فيها قبل الركوع) وأخرج الطبراني في الأوسط حدثنا محمود بن محمد المروزي ، حدثنا سهيل بن العباس الترمذي ، حدثنا سعيد بن سالم القداح عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر (أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يوتر بثلاث ركعات ويجعل القنوت قبل الركوع) وقول أبي نعيم غريب من حديث حبيب ، والعلاء تفرد به عطاء بن مسلم ، وقول الطبراني لم يروه عن عبيد الله إلا سعيد بن سالم لا يوجب البعد لما قلنا في كلام النسائي ، بل قد حصل من انفراد سفيان الثوري عن زبيد ، ومن تفرد عطاء بن مسلم عن العلاء ، ومن تفرد سعيد عن عبيد الله مع حديث ابن مسعود الذي سكت عليه في التحقيق تظافر كثير مع أن كل طريق منها إما حسن أو صحيح(فتح القدير ،باب صلاة الوتر)

Idara Ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اورحضرت سوید بن غفلہ سے بسندِ ضعیف روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِيًّا يَقُوْلُوْنَ قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ آخِرِ الْوِتْرِ وَكَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ذٰلِكَ (سنن الدارقطنی) [1]

ترجمہ: میں نے حضرت ابوبکر اور عمر اور عثمان اور علی رضی اللہ عنہم سے سنا، وہ فرماتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وتر کے آخر میں دعائے قنوت پڑھی ہے، اور یہ حضرات بھی وتر کے آخر میں دعائے قنوت پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

اورحضرت علقمہ، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْنُتُ فِي الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّكُوْعِ

(مصنف ابنِ ابی شیبة) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی نماز میں دعائے قنوت رکوع سے پہلے پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اورحضرت اسود بن یزید سے روایت ہے کہ:

أَنَّ عُمَرَ قَنَتَ فِي الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّكُوْعِ (مصنف ابنِ ابی شیبة) [3]

---

[1] حدیث نمبر ۱۶۶۴، کتاب الوتر، باب ما یقرأ فی رکعات الوتر والقنوت فیه، مؤسسة الرسالة، بیروت.

[2] حدیث نمبر ۶۹۸۴، کتاب الصلاة، باب فی القنوت قبل الرکوع او بعدهٗ، واللفظ لهٗ، مصنف عبدالرزاق حدیث نمبر ۴۹۹۲.

ثم قال (ورواه الثوری عن ابان ومدار الحدیث علی ابان وهو متروک) * قلت *قد تابعه علی ذلک الاعمش *قال البیهقی فی الخلافیات (انا أبو عبد الله الحافظ ثنا أبو الفضل الحسن بن یعقوب بن یوسف المعدل من اصل کتابه ثنا احمد بن الخلیل البغدادی ثنا أبو النضر ثنا سفیان الثوری عن الاعمش عن ابراهیم عن علقمة عن عبد الله ان النبی صلی الله علیه و سلم قنت فی الوتر قبل الرکعة ثم قال (هذا غلط والمشهور روایة الجماعة عن الثوری عن ابان) * قلت * الحسن بن یعقوب عدل فی نفس الاسناد وبقیة رجاله ثقات فیحمل علی ان الثوری رواه عن الاعمش وابان کلاهما عن ابراهیم وهذا اولی مما فعله البیهقی من التغلیط (الجوهر النقی لابن الترکمانی، ج۳ص ۴۲، ۴۳، دارالفکر، بیروت)

[3] حدیث نمبر ۶۹۷۲، کتاب الصلاة، باب فی القنوت قبل الرکوع او بعده.

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وتر کی نماز میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھی (ترجمہ ختم)

اور جلیل القدر تابعی حضرت ابراہیم نخعی سے روایت ہے کہ:

عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ صَحِبْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سِتَّةَ اَشْهُرٍ فَكَانَ يَقْنُتُ فِي الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّكُوْعِ (کتاب الحجة علی اهل المدينة، ، ج ا ص ۲۰۱، باب عدد الوتر)

ترجمہ: حضرت اسود فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ چھ مہینے رہا، وہ وتر کی نماز میں دعائے قنوت رکوع سے پہلے پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت طارق بن شہاب سے روایت ہے کہ:

أَنَّهٗ صَلّٰى خَلْفَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ الْفَجْرَ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنَ الْقِرَاءَ ةِ كَبَّرَ، ثُمَّ قَنَتَ، ثُمَّ كَبَّرَ، ثُمَّ رَكَعَ (مصنف ابنِ ابی شيبة)[1]

ترجمہ: انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پیچھے فجر کی نماز پڑھی، پھر جب وہ قرائت سے فارغ ہوگئے، تو انہوں نے تکبیر پڑھی، پھر قنوت پڑھا، پھر تکبیر کہہ کر رکوع کیا (ترجمہ ختم)

اس روایت میں اگرچہ فجر کی نماز کا ذکر ہے، جس سے مراد قنوتِ نازلہ ہے، لیکن اتنی بات معلوم ہوگئی کہ خواہ وتر کی نماز میں دعائے قنوت کا معاملہ ہو، یا فجر کی نماز میں قرائت سے پہلے دعائے قنوت کا معاملہ ہو، بہرصورت حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ قنوت سے پہلے تکبیر کہتے تھے۔

اور حضرت ابوعبدالرحمٰن سلمی سے روایت ہے کہ:

---

[1] حديث نمبر ۷۱۰۶، كتاب الصلاة، باب فى التكبير فى قنوت الفجر من فعله.

Idara ghufran

أَنَّ عَـلِيًّـا كَبَّـرَ فِـي الْقُنُوْتِ حِيْنَ فَرَغَ مِنَ الْقِرَاءَ ةِ وَحِيْنَ رَكَعَ (شرح مشكل الآثار للطحاوی) [1]

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قرائت سے فارغ ہوکر قنوت میں تکبیر کہی، اور رکوع کے وقت بھی تکبیر کہی (ترجمہ ختم)

اور حضرت حارث سے روایت ہے کہ:

عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّهُ كَانَ يَفْتَتِحُ الْقُنُوْتَ بِالتَّكْبِيْرِ (مُصنف ابن أبي شيبة) [2]

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ دعائے قنوت کو تکبیر کہہ کر شروع فرماتے تھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابوعبدالرحمٰن سلمی سے روایت ہے کہ:

أَنَّ عَلِيًّا كَبَّرَ حِيْنَ قَنَتَ فِي الْفَجْرِ وَكَبَّرَ حِيْنَ رَكَعَ (مصنف ابنِ ابی شيبة) [3]

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جب فجر کی نماز میں قنوت پڑھا، تو تکبیر کہی، اور رکوع میں جاتے وقت بھی تکبیر کہی (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابوالجہم سے روایت ہے کہ:

كَانَ الْبَرَآءُ يُكَبِّرُ قَبْلَ أَنْ يَقْنُتَ (مصنف ابنِ ابی شيبة) [4]

ترجمہ: حضرت براء رضی اللہ عنہ قنوت سے پہلے تکبیر کہتے تھے (ترجمہ ختم)

اور ایک روایت میں ہے کہ:

عَنِ الْبَـرَاءِ، أَنَّـهُ قَـنَتَ فِي الْفَجْرِ فَكَبَّرَ حِيْنَ فَرَغَ مِنَ الْقِرَاءَ ةِ وَكَبَّرَ حِيْنَ رَكَعَ (مصنف ابنِ ابی شيبة) [5]

---

[1] باب بيان مشكل ما اختلف اهل العلم فيه من القنوت فی الوتر الخ، مؤسسة الرسالة، بيروت.

[2] حديث نمبر ۷۱۰۳، باب فی التكبير فی قنوت الفجر من فعله.

[3] حديث نمبر ۷۱۰۷، كتاب الصلاة، باب فی التكبير فی قنوت الفجر من فعله.

[4] حديث نمبر ۷۱۰۸، كتاب الصلاة، باب فی التكبير فی قنوت الفجر من فعله.

[5] كتاب الصلاة، حديث نمبر ۷۱۰۹، باب فی التكبير فی قنوت الفجر من فعله.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: حضرت براء رضی اللہ عنہ نے فجر کی نماز میں قنوت پڑھا، تو قرائت سے فارغ ہوکر تکبیر کہی، اور رکوع میں جانے کے وقت میں بھی تکبیر کہی (ترجمہ ختم)

اور بھی کئی صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے رکوع میں جانے سے پہلے دعائے قنوت کے وقت تکبیر کہنا ثابت ہے۔ [1]

معلوم ہوا کہ رکوع میں جانے سے پہلے دعائے قنوت کے لئے تکبیر کہنا چاہئے۔

اور حضرت عبدالرحمٰن بن اسود اپنے والد حضرت اسود سے روایت کرتے ہیں کہ:

أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ كَانَ يُوْتِرُ، فَيَقْنُتُ قَبْلَ الرُّكُوْعِ (مصنف ابنِ ابی شیبة) [2]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ وتر کی نماز میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت اسود کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا يَقْنُتُ فِيْ شَيْءٍ مِّنَ الصَّلَوَاتِ إِلَّا فِي الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّكُوْعِ (شرح مشكل الآثار للطحاوي) [3]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کسی نماز میں قنوت نہیں پڑھا کرتے تھے، سوائے وتر کی نماز میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھنے کے (ترجمہ ختم)

---

[1] عن طارق بن شهاب؟ أن عمر بن الخطاب "لما فرغ من القراء ة كبر، ثم قنت، ثم كبر وركع، يعنى فى الفجر وعن على، أنه كبر فى القنوت حين فرغ من القراء ة وحين ركع .وفى رواية :كان يفتتح القنوت بتكبيرة وكان عبد الله بن مسعود يكبر فى الوتر إذا فرغ من قراء ته حين يقنت، وإذا فرغ من القنوت وقال زهير، قلت لأبى إسحاق، أتكبر أنت فى القنوت فى الفجر؟ قال :نعم وعن البراء :أنه كان إذا فرغ من السورة كبر ثم قنت وعن إبراهيم، يقوم فى القنوت فى الوتر، إذا فرغ من القراء ة، ثم قنت ثم كبر وركع وعن سفيان، كانوا يستحبون إذا فرغ من القراء ة فى الركعة الثالثة من الوتر أن يكبر، ثم يقنت وعن أحمد، إذا كان يقنت قبل الركوع افتتح القنوت بتكبيرة(صلاة الوتر لمحمد بن نصر المروزى،ص ۲۱۹،باب التكبير للقنوت)

[2] حديث نمبر ۶۹۷۵، كتاب الصلاة،باب فى القنوت قبل الركوع او بعده.

[3] ج ۱۱ ص ۳۶۶،باب بيان مشكل ما اختلف أهل العلم فيه من القنوت فى الوتر، وهل هو قبل الركوع أو بعده ؟ مؤسسة الرسالة، بيروت.

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ، لَا يَقْنُتُ فِيْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ، وَإِذَا قَنَتَ فِي الْوِتْرِ قَنَتَ قَبْلَ الرَّكْعَةِ (المعجم الكبير) [1]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فجر کی نماز میں دعائے قنوت نہیں پڑھا کرتے تھے، اور جب وتر میں دعائے قنوت پڑھتے تھے، تو رکوع سے پہلے پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت اسود ہی سے روایت ہے کہ:

كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقْرَأُ فِيْ آخِرِ رَكْعَةٍ مِّنَ الْوِتْرِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، ثُمَّ يَرْفَعُ يَدَيْهِ فَيَقْنُتُ قَبْلَ الرَّكْعَةِ (المعجم الكبير) [2]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ وتر کی آخری رکعت میں قل ہو اللہ احد کی قرائت کرتے تھے، پھر اپنے ہاتھ اٹھاتے تھے، پھر رکوع سے پہلے قنوت پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

اور مصنف ابنِ ابی شیبہ میں یہ الفاظ ہیں کہ:

---

[1] للطبرانی، حدیث نمبر ۹۱۶۶، مکتبة ابنِ تيمية، القاهرة.

قال الهيثمی:

وعن عبد الله بن مسعود أنه كان لا يقنت فی صلاة الغداة، وإذا قنت فی الوتر قنت قبل الركعة.
وفی رواية عنه أيضا قال: كان عبد الله لا يقنت فی شیء من الصلوات إلا فی الوتر قبل الركعة.
رواهما الطبرانی فی الكبير وإسنادهما حسن. (مجمع الزوائد، ج۲ ص۱۳۷، باب القنوت)

[2] للطبرانی، حدیث نمبر ۹۴۲۵، مکتبة ابنِ تيمية، القاهرة، رفع اليدين للبخاری حديث نمبر ۹۱.

قال الهيثمی:

رواه الطبرانی فی الكبير، وفيه ليث بن أبی سليم وهو مدلس وهو ثقة (مجمع الزوائد ج۲ ص۲۴۳)

وقال البخاری:

هذه الأحاديث كلها صحيحة (رفع اليدين، حواله بالا)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

أَنَّ عَبْـدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ كَانَ إِذَا فَرَغَ مِنَ الْقِرَاءَةِ كَبَّرَ ثُمَّ قَنَتَ، فَإِذَا فَرَغَ مِنَ الْقُنُوْتِ كَبَّرَ ثُمَّ رَكَعَ (مصنف ابن أبی شیبة) [1]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جب قرائت سے فارغ ہوجاتے تھے، تو تکبیر کہتے تھے، پھر قنوت پڑھتے تھے، پھر جب قنوت سے فارغ ہوجاتے تھے، تو تکبیر کہہ کر رکوع کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ؛ أَنَّهُ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ إِذَا قَنَتَ فِي الْوِتْرِ (مُصنف ابن أبی شیبة) [2]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جب وتر میں قنوت پڑھتے تھے، تو اپنے ہاتھ اٹھاتے تھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ كَانَ يَقْنُتُ فِي الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّكُوْعِ (کتاب الآثار لابی یوسف) [3]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ وتر میں دعائے قنوت رکوع سے پہلے پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابراہیم نخعی، حضرت علقمہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

أَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ، وَأَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوْا يَقْنُتُوْنَ فِي الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّكُوْعِ (مصنف ابنِ ابی شیبة) [4]

---

[1] حدیث نمبر ۷۰۲۱، کتاب الصلاة، باب فی التکبیر للقنوت.

[2] حدیث نمبر ۷۰۲۸، کتاب الصلاة، باب فی رفع الیدین فی قنوت الوتر.

[3] حدیث نمبر ۳۴۶، باب فی الاضحی، دارالکتب العلمیة، بیروت.

[4] حدیث نمبر ۶۹۸۳، کتاب الصلاة، باب فی القنوت قبل الرکوع او بعدہ، مشکل الآثار للحطاوی، باب بیان مشکل ما اختلف أھل العلم فیه من القنوت فی الوتر الخ.

قال الالبانی: وھذا سند جید وھو علی شرط مسلم (ارواء الغلیل، تحت حدیث رقم ۴۲۵، ج۲ص۱۶۶)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ترجمہ: حضرت ابنِ مسعود اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم وتر کی نماز میں دعائے قنوت رکوع سے پہلے پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے ہی ایک روایت اس طرح ہے کہ:

اَنَّ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ مَسْعُوْدٍ کَانَ یَقْنُتُ السَّنَةَ کُلَّهَا فِی الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّکُوْعِ (کتاب الحجة علی اهل المدینة، باب عدد الوتر)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ پورے سال وتر کی نماز میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے ہی روایت ہے کہ:

اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ کَانَ یَرْفَعُ یَدَیْهِ فِی الْوِتْرِ، ثُمَّ یُرْسِلُهُمَا بَعْدُ (مصنف عبد الرزاق) [1]

ترجمہ: حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ وتر میں اپنے ہاتھ اٹھاتے، پھر بعد میں چھوڑ دیتے تھے (ترجمہ ختم)

حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ جلیل القدر تابعی ہیں، اور اُن کی یہ روایت اگرچہ مرسل ہے، مگر اولاً تو ان کی مرسل روایات معتبر ہیں، دوسرے بطورِ خاص بعض محدثین نے ان کی حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے مرسل احادیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ [2]

اور حضرت ابوحمزہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، اَنَّهُ کَانَ یَقْنُتُ فِی الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّکُوْعِ، وَلَا یَقْنُتُ فِیْ صَلَاةِ الْفَجْرِ (المعجم الکبیر للطبرانی) [3]

---

[1] حدیث نمبر ۶۹۵۲، کتاب الصیام، باب ما یکره أن یصنع فی المصاحف، المکتب الاسلامی، بیروت.

[2] ابراهیم بن یزید بن قیس بن الاسود بن عمرو بن ربیعة بن ذهل النخعی، أبوعمران الکوفی الفقیه....وقال الحافظ أبو سعید العلائی هو مکثر من الارسال وجماعة من الائمة صححوا مراسیله وخص البیهقی ذلک بما أرسله عن ابن مسعود (تهذیب التهذیب، ج ۱ ص ۱۵۶)

[3] حدیث نمبر ۹۴۳۲، مکتبة ابنِ تیمیة، القاهرة.

Idaraghufran

ترجمہ: حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ وتر کی نماز میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھا کرتے تھے، اور فجر کی نماز میں دعائے قنوت نہیں پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اور امام طحاوی رحمہ اللہ، حضرت مسروق اور حضرت اسود اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے دیگر شاگردوں سے روایت کرتے ہیں کہ:

كَانَ عَبُدُ اللّٰهِ لَا يَقُنُتُ إِلَّا فِي الُوِتُرِ، وَكَانَ يَقُنُتُ قَبُلَ الرُّكُوعِ، يُكَبِّرُ إِذَا فَرَغَ مِنُ قِرَاءَ تِهٖ حِيُنَ يَقُنُتُ (شرح مشکل الآثار للطحاوی) [1]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ صرف وتر کی نماز میں ہی قنوت پڑھا کرتے تھے، اور وہ وتر کی نماز میں رکوع سے پہلے قنوت پڑھتے تھے، اور جب قرائت سے فارغ ہوجاتے، تو قنوت کے وقت تکبیر کہتے تھے (ترجمہ ختم)

مذکورہ احادیث وروایات مختلف سندوں سے ثابت ہیں، اس لئے بعض روایات کی سندوں میں کچھ ضعف ہونا نقصان دہ نہیں ہے۔

اور یہ بات ظاہر ہے کہ حضرت عمر، حضرت علی، حضرت ابنِ مسعود اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہم جیسے جلیل القدر صحابۂ کرام کی احادیث اور ان کا اپنا عمل صرف اپنی عقل اور سمجھ کی بنیاد پر نہیں ہوگا، بلکہ ان مقدس شخصیات کے بارے میں یہی گمان کرنا چاہیے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سن کر یا دیکھ کر ہی اس عمل کو اختیار کیا ہوگا۔

اس لئے ان کا یہ عمل بھی مرفوع حدیث کا درجہ رکھتا ہے۔ [2]

---

[1] ج ۱ ا ص ۳۷۴، باب بیان مشکل ما اختلف اهل العلم فیه من القنوت فی الوتر الخ، مؤسسة الرسالة، بیروت.

[2] فَقَالَ قَائِلٌ مِمَّنُ يُنُكِرُ الْقُنُوتَ قَبُلَ الرُّكُوعِ :قَدُ وَجَدُتُ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ يَقُنُتُونَ قَبُلَ الرُّكُوعِ يَزِيدُونَ فِي هَذِهِ الصَّلَاةِ تَكُبِيرَةً لَمُ نَجِدُ لَهَا أَصُلًا، وَلَا يَجُوزُ أَنُ يُزَادَ فِي الصَّلَوَاتِ مَا لَا يُوجَدُ لَهُ أَصُلٌ .فَكَانَ جَوَابَنَا لَهُ فِي ذَلِكَ :أَنَّ الَّذِينَ زَادُوا هَذِهِ التَّكُبِيرَةَ قَدُ وَجَدُوا لَهَا أَصُلًا عَنُ رَجُلَيُنِ جَلِيلَيُنِ مِنَ الُمُهَاجِرِينَ مِنُ أَصُحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ وَهُمَا عَلِيُّ بُنُ أَبِي طَالِبٍ، وَعَبُدُ اللهِ بُنُ مَسُعُودٍ .

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Iqra ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور حضرت ابراہیم نخعی، حضرت اسود سے نقل کرتے ہیں کہ:

أَنَّهُ كَانَ يَقْنُتُ فِي الْوِتْرِ قَبْلَ الرَّكْعَةِ (مصنف ابنِ ابی شیبة) [1]

ترجمہ: حضرت اسود وتر کی نماز میں رکوع سے پہلے دعائے قنوت پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اور جلیل القدر تابعی حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ ہی فرماتے ہیں کہ:

يَقُولُونَ اَلْقُنُوتُ بَعْدَ مَا يَفْرُغُ مِنَ الْقِرَاءَ ةِ (مصنف ابنِ ابی شیبة) [2]

ترجمہ: حضرات (صحابہ وتابعین) فرماتے ہیں کہ دعائے قنوت قراءت سے فارغ ہوکر (رکوع سے پہلے) ہے (ترجمہ ختم)

اور حضرت مغیرہ، حضرت ابراہیم نخعی سے نقل کرتے ہیں کہ:

كَانَ يَقُولُ فِي قُنُوتِ الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّكُوعِ إِذَا فَرَغَ مِنَ الْقِرَاءَ ةِ (مصنف ابنِ ابی شیبة) [3]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

كَمَا قَدْ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُورِيُّ، أَخْبَرَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى يَعْنِي الثَّعْلَبِيَّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ :أَنَّ عَلِيًّا "كَبَّرَ فِي الْقُنُوتِ حِينَ فَرَغَ مِنَ الْقِرَاءَةِ وَحِينَ رَكَعَ " وَكَمَا قَدْ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ، قَالَ :حَدَّثَنَا يَحْيَى، أَخْبَرَنَا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ مَسْرُوقٍ وَالْأَسْوَدِ، وَأَصْحَابِ عَبْدِ اللهِ قَالُوا :كَانَ عَبْدُ اللهِ "لَا يَقْنُتُ إِلَّا فِي الْوِتْرِ، وَكَانَ يَقْنُتُ قَبْلَ الرُّكُوعِ، يُكَبِّرُ إِذَا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَتِهِ حِينَ يَقْنُتُ "

فَكَانَ هَذَا مِمَّا يُعْلَمُ أَنَّ عَلِيًّا وَعَبْدَ اللهِ لَمْ يَقُولَاهُ اسْتِنْبَاطًا، وَلَا اسْتِخْرَاجًا، إِذْ كَانَ مِثْلُهُ لَا يُقَالُ بِالِاسْتِنْبَاطِ وَلَا بِالِاسْتِخْرَاجِ، وَإِنَّمَا يُقَالُ بِالتَّوْقِيفِ الَّذِي وَقَّفَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ عَلَيْهِ، فَكَانَ ذَلِكَ عِنْدَنَا لَا يَجِبُ تَرْكُهُ، وَمِمَّا يَجِبُ أَنْ يُحْمَدَ عَلَيْهِ قَائِلُوهُ .ثُمَّ قَدْ وَجَدْنَا عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ مَا قَدْ شَدَّ هَذَا الْمَعْنَى أَيْضًا فِي قُنُوتِهِ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ قَبْلَ الرُّكُوعِ فِيهَا (شرح مشكل الآثار للطحاوى،بَابُ بَيَانِ مُشْكِلِ مَا اخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِيهِ مِنَ الْقُنُوتِ فِي الْوِتْرِ، وَهَلْ هُوَ قَبْلَ الرُّكُوعِ أَوْ بَعْدَهُ ؟الخ)

[1] حديث نمبر ۶۹۷۹، كتاب الصلاة، باب فى القنوت قبل الركوع او بعده.

[2] حديث نمبر ۶۹۸۰، كتاب الصلاة،باب فى القنوت قبل الركوع او بعده.

[3] حديث نمبر ۶۹۸۱، كتاب الصلاة،باب فى القنوت قبل الركوع او بعده.

Idara Ghufran

ترجمہ: حضرت ابراہیم نخعی وتر کے قنوت کے بارے میں فرمایا کرتے تھے کہ وہ رکوع سے پہلے اور قراءت سے فارغ ہوکر ہے (ترجمہ ختم)

اور حضرت حکم سے روایت ہے کہ:

عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ اَلْقُنُوْتُ فِي الْوِتْرِ مِنَ السَّنَةِ كُلِّهَا قَبْلَ الرَّكْعَةِ (مصنف عبدالرزاق) [۱]

ترجمہ: حضرت ابراہیم نخعی نے فرمایا کہ وتر میں دعائے قنوت پورے سال ہے، رکوع سے پہلے (ترجمہ ختم)

اور حضرت حماد سے روایت ہے کہ:

عَنْ اِبْرَاهِيمَ اَنَّهُ قَالَ فِي الْقُنُوْتِ فِي الْوِتْرِ فِيْ رَمَضَانَ وَغَيْرِهٖ قَبْلَ الرُّكُوْعِ فَإِذَا اَرَدْتَّ اَنْ تَقْنُتَ كَبَّرْتَ فَإِذَا اَرَدْتَّ اَنْ تَرْكَعَ كَبَّرْتَ الرُّكُوْعَ (كتاب الآثار لابي يوسف) [۲]

ترجمہ: حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ وتر میں دعائے قنوت رمضان اور غیر رمضان میں رکوع سے پہلے ہے، پس جب آپ دعائے قنوت پڑھنے کا ارادہ کریں، تو تکبیر کہیں، پھر جب آپ رکوع کرنے کا ارادہ کریں، تو رکوع کی تکبیر کہیں (ترجمہ ختم)

اور حضرت مغیرہ سے روایت ہے کہ حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ:

إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تَقْنُتَ، فَكَبِّرْ لِلْقُنُوْتِ، وَكَبِّرْ إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تَرْكَعَ (مصنف ابن أبي شيبة) [۳]

ترجمہ: جب آپ قنوت پڑھنا چاہیں، تو قنوت کے لئے تکبیر کہیں، اور جب آپ

---

[۱] حديث نمبر ۴۹۹۳، كتاب الصلاة، باب القنوت، المكتب الاسلامي، بيروت.

[۲] حديث نمبر ۳۴۵، ص ۶۹، دار الكتب العلمية، بيروت.

[۳] حديث نمبر ۷۰۲۲ وحديث نمبر ۷۰۲۴، كتاب الصلاة، باب في التكبير للقنوت.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

رکوع کرنا چاہیں، تو (رکوع کے لئے) تکبیر کہیں (ترجمہ ختم)

اور حضرت مغیرہ سے ہی روایت ہے کہ حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ:

اِرۡفَعۡ يَدَيۡكَ لِلۡقُنُوۡتِ (مُصنف ابن أبي شيبة) [1]

ترجمہ: تم قنوت کے لئے رفعِ یدین کرو (ترجمہ ختم)

اور حضرت امام محمد رحمہ اللہ، حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے، اور وہ حضرت حماد رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ:

أَنَّ الۡقُنُوۡتَ فِي الۡوِتۡرِ وَاجِبٌ فِيۡ شَهۡرِ رَمَضَانَ وَغَيۡرِهٖ قَبۡلَ الرُّكُوۡعِ، فَإِذَا أَرَدۡتَ أَنۡ تَقۡنُتَ فَكَبِّرۡ وَإِذَا أَرَدۡتَ أَنۡ تَرۡكَعَ فَكَبِّرۡ أَيۡضًا (كتاب الآثار لمحمد بن الحسن) [2]

ترجمہ: وتر کی نماز میں رکوع سے پہلے قنوت واجب ہے، رمضان کے مہینے میں اور غیر رمضان کے مہینے میں، پس جب آپ قنوت پڑھنا چاہیں، تو تکبیر کہیں، اور جب رکوع کرنا چاہیں، تو بھی (رکوع میں جانے کی) تکبیر کہیں (ترجمہ ختم)

اس روایت کو نقل کرنے کے بعد امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

وَبِهٖ نَأۡخُذُ وَيَرۡفَعُ يَدَيۡهِ فِي التَّكۡبِيۡرَةِ الۡأُوۡلٰى قَبۡلَ الۡقُنُوۡتِ كَمَا يَرۡفَعُ يَدَيۡهِ فِي افۡتِتَاحِ الصَّلَاةِ ثُمَّ يَضَعُهُمَا، وَيَدۡعُوۡ وَهُوَ قَوۡلُ أَبِيۡ حَنِيۡفَةَ (كتاب الآثار لمحمد بن الحسن) [3]

ترجمہ: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں، اور قنوت سے پہلے کی تکبیر کہتے وقت اپنے ہاتھوں کو اس طرح اٹھائے، جس طرح نماز کے شروع میں اٹھاتا ہے، پھر ہاتھوں کو اپنی جگہ

---

[1] حديث نمبر ۷۰۲۶، كتاب الصلاة، باب في رفع اليدين في قنوت الوتر.

[2] حديث نمبر ۲۱۲، باب القنوت في الصلاة، دارالكتب العلمية، بيروت، واللفظ لهٗ، كتاب الحجة على أهل المدينة، بَاب عدد الْوتر.

[3] حديث نمبر ۲۱۲، باب القنوت في الصلاة، دارالكتب العلمية، بيروت.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

رکھ لے، اور دعائے قنوت پڑھے، اور یہی امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا قول ہے (ترجمہ ختم)

اور جلیل القدر محدث امام شعبہ رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ الْحَكَمَ، وَحَمَّادًا، وَأَبَا إِسْحَاقَ، يَقُوْلُوْنَ فِي قُنُوْتِ الْوِتْرِ إِذَا فَرَغَ كَبَّرَ، ثُمَّ قَنَتَ (مصنف ابن أبي شيبة) [1]

ترجمہ: میں نے حضرت حکم اور حضرت حماد اور حضرت ابواسحاق سے سنا، وہ قنوتِ وتر کے بارے میں فرماتے تھے کہ جب (قرائت سے) فارغ ہوجائے، تو تکبیر کہے، پھر قنوت پڑھے (ترجمہ ختم)

اور حضرت اسماعیل بن عبدالملک سے روایت ہے کہ:

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، أَنَّهُ كَانَ يَقْنُتُ فِي الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّكُوْعِ (مصنف ابنِ ابی شيبة) [2]

ترجمہ: حضرت سعید بن جبیر وتر کی نماز میں دعائے قنوت رکوع سے پہلے پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، أَنَّهُ كَانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثٍ وَيَقْنُتُ فِي الْوِتْرِ قَبْلَ الرُّكُوْعِ (مصنف ابنِ ابی شيبة) [3]

ترجمہ: حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ وتر تین رکعات پڑھتے تھے اور دُعائے قنوت وتر میں رکوع سے پہلے پڑھتے تھے (ترجمہ ختم)

حضرت سعید بن جبیر جلیل القدر تابعی اور حضرت ابنِ عباس اور کئی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے شاگرد ہیں، حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے انہوں نے قرآن مجید کی تعلیم حاصل کی، اور

---

[1] حدیث نمبر ۷۰۲۵، کتاب الصلاۃ، باب فی التکبیر للقنوت.

[2] حدیث نمبر ۶۹۸۲، کتاب الصلاۃ، باب فی القنوت قبل الرکوع او بعدہ.

[3] حدیث نمبر ۶۹۰۵، کتاب الصلاۃ، باب من کان یوتر بثلاث او اکثر.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

ان کو حجاج بن یوسف نے ۹۵ ہجری میں شہید کیا۔ [1]

اور امام ابنِ ابی شیبہ نے اپنی سند سے حضرت حارث سے روایت کیا ہے کہ:

أَنَّهُ كَانَ يَؤُمُّ النَّاسَ فِيْ رَمَضَانَ بِاللَّيْلِ بِعِشْرِيْنَ رَكْعَةً وَيُوْتِرُ بِثَلَاثٍ وَيَقْنُتُ قَبْلَ الرُّكُوْعِ (مصنف ابنِ ابی شیبۃ) [2]

ترجمہ: وہ لوگوں کو رمضان میں تراویح کی بیس رکعات اور تین وتر پڑھاتے تھے، اور رکوع سے پہلے قنوت پڑھا کرتے تھے (ترجمہ ختم)

حضرت حارث دراصل حضرت علی رضی اللہ عنہ کے شاگردوں میں شمار ہوتے ہیں، اور احادیث کے باب میں ان پر بعض محدثین نے کلام کیا ہے، لیکن بعض حضرات نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔ [3]

---

[1] سعيد بن جبير(ع) ابن هشام، الامام الحافظ المقرء المفسر الشهيد، أبو محمد، ويقال :أبو عبد الله الاسدى الوالبى، مولاهم الكوفى، أحد الاعلام . روى عن ابن عباس فأكثر وجود، وعن عبدالله بن مغفل، وعائشة، وعدى بن حاتم، وأبى موسى الاشعرى فى سنن النسائى، وأبى هريرة، وأبى مسعود البدرى وهو مرسل وعن ابن عمر، وابن الزبير، والضحاك بن قيس، وأنس، وأبى سعيد الخدرى . وروى عن التابعين، مثل أبى عبدالرحمن السلمى . وكان من كبار العلماء . قرأ القرآن على ابن عباس (سير اعلام النبلاء، جزء۴، صفحه ۳۲۱)

سعيد بن جبير بن هشام الأسدى الوالبى ، مولاهم ، أبو محمد ، ويقال :أبو عبد الله الكوفى. ووالبة هو ابن الحارث بن ثعلبة بن دودان بن أسد بن خزيمة ، فيما قاله له محمد بن حبيب.روى عن :أنس بن مالك (د س) ، والضحاك بن قيس الفهرى وعبد الله بن الزبير ، وعبد الله بن عباس (ع) ، وعبد الله بن عمر بن الخطاب (ع) ، وعبد الله بن مغفل (م ق) ، وعدى بن حاتم (ت س) ، وعمرو بن ميمون الأودى (خ) ، وأبى سعيد الخدرى (ت) ، وأبى عبد الرحمن السلمى (خ م س) ، وأبى مسعود الأنصارى ، وأبى موسى الاشعرى (س) ، وأبى هريرة ، وعائشة..........وقال أبو القاسم هبة الله بن الحسن الطبرى :هو ثقة ، إمام حجة على المسلمين ، قتل فى شعبان سنة خمس وتسعين ، وهو ابن تسع وأربعين سنة .روى له الجماعة (تهذيب الكمال ج۱۰ ص۳۸۵)

[2] حديث نمبر ۷۷۶۷، كتاب الصلاة، باب كم يصلى فى رمضان من ركعة.

[3] الحارث بن عبد الله الأعور الهمدانى الخارفى أبو زهير الكوفى.قال البخارى:وقال بعضهم :الحارث بن عبيد......وقال أيضا:قيل ليحيى بن معين:الحارث صاحب على ؟فقال:ضعيف .وقال عباس الدورى،عن يحيى بن معين:قد سمع من ابن مسعود وليس به بأس .وقال عثمان بن سعيد الدارمى:سألت يحيى بن معين ،قلت:أى شىء حال الحارث فى على ؟قال:ثقة ، قال عثمان:ليس يتابع عليه.وقال أبو زرعة:لا يحتج بحديثه.وقال أبو حاتم:ليس بقوى،ولا ممن يحتج بحديثه .وقال النسائى :ليس بالقوى ، وقال فى موضع آخر :ليس به بأس.(تهذيب الكمال ۵ ص۲۴۴)

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اوراس وجہ سے ان کی مرویات حسن درجہ میں داخل ہیں، اور مشاہدات کے ہوتے ہوئے تو حسن درجہ میں داخل ہونے میں شبہ ہی نہیں ہونا چاہئے۔

ان احادیث وروایات سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، جلیل القدر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعینِ عظام سے وتر کی نماز میں دعائے قنوت کا رکوع سے پہلے پڑھنا اور قنوت کے شروع میں تکبیر کہنا اور ہاتھ اٹھانا ثابت ہوا۔ ل

اور رکوع سے پہلے دعائے قنوت کے وقت میں جو تکبیر کہی جاتی ہے، وہ حنفیہ کے نزدیک دعائے قنوت کے افتتاح کے لئے ہے، اس لئے اس تکبیر کے وقت ہاتھ اٹھانے کی وہی کیفیت ہوگی، جو تکبیرِ تحریمہ کے وقت میں ہوتی ہے۔ ٢

ل والخلاصة أن الصحيح الثابت عن الصحابة هو القنوت قبل الركوع في الوتر وهو الموافق الحديث الآتي .ثم وجدت له طريقا أخرى أخرجه الطبراني في "الكبير "٣/٢٧/١ ص ٣٤/٢عن عبد الرحمن بن الأسود عن أبيه قال " :كان عبد الله لا يقنت في شيء من الصلوات إلا في الوتر قبل الركعة . "وسنده صحيح(إرواء الغليل في تخريج أحاديث منار السبيل للالباني، تحت حديث رقم ٤٢٥)

٢ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ ,عَنْ أَبِيهِ ,عَنْ أَبِي يُوسُفَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ ,عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ قَالَ " :تُرْفَعُ الْأَيْدِي فِي سَبْعِ مَوَاطِنَ :فِي افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ ,وَفِي التَّكْبِيرِ لِلْقُنُوتِ فِي الْوِتْرِ ,وَفِي الْعِيدَيْنِ ,وَعِنْدَ اسْتِلَامِ الْحَجَرِ ,وَعَلَى الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ,وَبِجَمْعٍ وَعَرَفَاتٍ ,وَعِنْدَ الْمَقَامَيْنِ عِنْدَ الْجَمْرَتَيْنِ "قَالَ أَبُو يُوسُفَ رَحِمَهُ اللهُ :فَأَمَّا فِي افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ فِي الْعِيدَيْنِ ,وَفِي الْوِتْرِ ,وَعِنْدَ اسْتِلَامِ الْحَجَرِ ,فَيَجْعَلُ ظَهْرَ كَفَّيْهِ إِلَى وَجْهِهِ ,وَأَمَّا فِي الثَّلَاثِ الْأُخَرِ ,فَيَسْتَقْبِلُ بِبَاطِنِ كَفَّيْهِ وَجْهَهُ فَأَمَّا مَا ذَكَرْنَا فِي افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ ,فَقَدِ اتَّفَقَ الْمُسْلِمُونَ عَلَى ذَلِكَ جَمِيعًا وَأَمَّا التَّكْبِيرَةُ فِي الْقُنُوتِ فِي الْوِتْرِ ,فَإِنَّهَا تَكْبِيرَةٌ زَائِدَةٌ فِي تِلْكَ الصَّلَاةِ ,وَقَدْ أَجْمَعَ الَّذِينَ يَقْنُتُونَ قَبْلَ الرُّكُوعِ عَلَى الرَّفْعِ مَعَهَا فَالنَّظَرُ عَلَى ذَلِكَ ,أَنْ يَكُونَ كَذَلِكَ كُلُّ تَكْبِيرَةٍ زَائِدَةٍ فِي كُلِّ صَلَاةٍ ,فَتَكْبِيرُ الْعِيدَيْنِ الزَّائِدُ فِيهَا عَلَى سَائِرِ الصَّلَاةِ ,كَذَلِكَ أَيْضًا وَأَمَّا عِنْدَ اسْتِلَامِ الْحَجَرِ ,فَإِنَّ ذَلِكَ جُعِلَ تَكْبِيرًا يُفْتَتَحُ بِهِ الطَّوَافُ ,كَمَا يُفْتَتَحُ بِالتَّكْبِيرِ الصَّلَاةُ وَأَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْضًا(شرح معاني الآثار،تحت حديث رقم ٣٨٢٥،بَابُ رَفْعِ الْيَدَيْنِ عِنْدَ رُؤْيَةِ الْبَيْتِ)

(وإذا أراد أن يقنت كبر) ش :يعني مصلي الوتر إذا فرغ من القراء ة في الركعة الثالثة كبر، خلافا لبعض أصحاب الشافعي .وقال أحمد :إذا قنت قبل الركوع كبر ثم أخذ في القنوت .قال في " المغني "لابن قدامة، وقد روى عن عمر -رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ -أنه كان إذا فرغ من القراء ة كبر، ومن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ فجر کی نماز میں قنوتِ نازلہ صرف ضرورت کے وقت مشروع ہے، اور وتر کی نماز میں دعائے قنوت ہمیشہ مشروع ہے۔

پھر فجر کی نماز میں قنوتِ نازلہ رکوع کے بعد ہے، اور رکوع سے پہلے کی بھی گنجائش ہے۔

جبکہ وتر کی نماز میں دعائے قنوت تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے ہے، اور دعائے قنوت کے وقت ہاتھ اُٹھا کر تکبیر کہنا بھی مشروع ہے۔

اور یہ باتیں احادیث وروایات اور صحابۂ کرام وتابعینِ عظام سے ثابت ہیں۔

اور حنفیہ کا موقف مستحکم دلائل پر مبنی ہے، جس پر بعض متعصبین ومعاندین کا اعتراض کرنا درست نہیں۔

اللہ تعالیٰ فہمِ سلیم عطا فرمائیں۔ آمین

فقط، واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم

محمد رضوان

۶/ جمادی الاولیٰ/۱۴۳۲ھ 10/ اپریل/2011ء بروز اتوار

ادارہ غفران، راولپنڈی

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

يقنت بعد الركوع يكبر حين يركع، ونقل عن المزنى أنه قال :زاد أبو حنيفة تكبيرة فى القنوات لم تثبت فى السنة ولا دل عليها قياسه، وقال أبو نصر الأقطع :هذا خطأ منه، فإن ذلك روى عن على وابن عمر والبراء بن عازب -رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ- والقياس يدل عليه أيضا، وأشار إليه المصنف بقوله م :(لأن الحالة قد اختلفت) ش :أى لأن حالة المصلى قد اختلفت؛ لأنه كان فى حالة قراء ة القرآن ثم ينتقل إلى حالة قراء ة القنوت والحالتان مختلفتان، والتكبير فى الصلاة عند اختلاف الحالة مشروع كما فى حال الانتقال من القيام إلى الركوع ومن القومة إلى السجود.

فإن قلت :كان ينبغى أن يكبر بين الثناء والقراء ة لاختلاف الحالة .قلت :الثناء مكمل للتكبير؛ لأنه يجانسه لكونه ثناء، وأما القنوت فواجب فيفرد بحكم على حدة، ولأن رفع اليد ثبت بالحديث الذى يأتى الآن وأنه غير مشروع بلا تكبير كما فى تكبيرة الافتتاح وتكبيرات العيدين(البناية شرح الهداية، ج۲ص ۴۹۲، كتاب الصلاة، باب صلاة الوتر)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

دعائے قنوت کے الفاظ کی تحقیق

سوال

احادیث میں دعائے قنوت کے کیا الفاظ آئے ہیں؟

اور آج کل عام طور پر جو "اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ" آخر تک دعا پڑھی جاتی ہے، اس کا ثبوت کیا ہے؟ اور کیا اس کے علاوہ کوئی اور دعا بھی پڑھنا ثابت ہے یا نہیں؟

جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وتر کی نماز میں بعض فقہاء کے نزدیک دعائے قنوت سنت ہے، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سمیت بعض فقہاء کے نزدیک واجب ہے۔ [1]

لیکن امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک وتر کی نماز میں کسی مخصوص دعا کا پڑھنا واجب نہیں، بلکہ کسی بھی مختصر وطویل مسنون دعا کے پڑھ لینے سے واجب ادا ہوجاتا ہے۔ اور مشہور دعا جو "اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ" آخر تک پڑھی جاتی ہے، خاص اس کا پڑھنا سنت ومستحب ہے، اور دوسری ماثور ومسنون دعا کا پڑھنا بھی جائز ہے، اور اگر مشہور دعا کے ساتھ احادیث میں مذکور دوسری مسنون دعا بھی ملا کر پڑھ لی جائے، تو کوئی حرج نہیں، بلکہ بہتر ہے۔ [2]

---

[1] عن الحسن: إذا نسی القنوت فی الوتر سجد سجدتی السهو وفی رواية: إن قنت یعنی فی الوتر فحسن، وإن لم يقنت فليس عليه شیء وعن الأوزاعی فيمن ترک قنوت الوتر: إنما ترک سنة، لا شیء عليه وعن ابن أبی ليلى فيمن نسی القنوت فی الفجر: يسجد سجدتی السهو وعن حماد، وسفيان، إذا نسی القنوت فی الوتر فعليه سجدتا السهو وعن أحمد، إن كان ممن تعود القنوت فليسجد سجدتی السهو عن ابن علية، فيمن نسی القنوت فی الوتر: لا شیء عليه وعن هشيم يسجد سجدتی السهو (صلاة الوتر لمحمد بن نصر المروزی، ص ۳۳۵، باب من نسی القنوت فی الوتر)

[2] قوله: وقنوت الوتر؛ القنوت لغة؛ مطلق الدعاء، وهو المراد هاهنا لا خصوص الدعاء الذی تقرأه أكثر الحنفية من: اللهم إنا نستعينک ونستغفرک الخ؛ فإن الواجب هو قراءة مطلق الدعاء

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

آ گے اس مسئلہ کی احادیث وروایات کی روشنی میں وضاحت اور کچھ تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

في الركعة الآخرة من الوتر .كذا في)(غنية المستملي) وغيره، وفي الاكتفاء عليه إشارة إلى أن رفع اليدين عند القنوت والتكبير عند ابتدائه ليس بواجب، وهو الصحيح، كما حققه صاحب (البحر) وغيره(عمدة الرعاية بتحشية شرح الوقاية، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة)

(قوله وقراء ة قنوت الوتر) أقحم لفظ (قراء ة) إشارة إلى أن المراد بالقنوت الدعاء لا طول القيام كما قيل، وحكاهما في المجتبى، وسيجيء في محله .ابن عبد الرزاق :ثم وجوب القنوت مبني على قول الإمام :وأما عندهما فسنة، فالخلاف فيه كالخلاف في الوتر كما سيأتي في بابه (قوله وهو مطلق الدعاء) أي القنوت الواجب يحصل بأي دعاء كان في النهر، وأما خصوص :اللهم إنا نستعينك فسنة فقط، حتى لو أتى بغيره جاز إجماعا(ردالمحتار، ج ا ص ۴۶۸، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة)

واختلف المشايخ في حقيقة القنوت الذي هو واجب عنده؛ فنقل في المجتبى أنه طول القيام دون الدعاء، وفي الفتاوى الصغرى العكس، وينبغي تصحيحه بحر .قال في المغرب :وهو المشهور، وقولهم دعاء القنوت إضافة بيان اهـ ومثله في الإمداد .ثم القنوت واجب عنده سنة عندهما كالخلاف في الوتر كما في البحر والبدائع، لكن ظاهر ما في غرر الأفكار عدم الخلاف في وجوبه عندنا، فإنه قال :القنوت عندنا واجب .وعند مالك مستحب .وعند الشافعي من الأبعاض .وعند أحمد سنة تأمل.

(قوله ويسن الدعاء المشهور) قدمنا في بحث الواجبات التصريح بذلك عن النهر .وذكر في البحر عن الكرخي أن القنوت ليس فيه دعاء مؤقت لأنه روي عن الصحابة أدعية مختلفة ولأن المؤقت من الدعاء يذهب برقة القلب .وذكر الإسبيجابي أنه ظاهر الرواية .وقال بعضهم :المراد ليس فيه دعاء مؤقت ما سوى :اللهم إنا نستعينك .وقال بعضهم :الأفضل التوقيت ورجحه في شرح المنية تبركا بالمأثور اهـ.

والظاهر أن القول الثاني والثالث متحدان، وحاصلهما تقييد ظاهر الرواية بغير المأثور كما يفيده قول الزيلعي .وقال في المحيط والذخيرة :يعني من غير قوله اللهم إنا نستعينك إلخ واللهم اهدنا إلخ اهـ فلفظ يعني بيان لمراد محمد في ظاهر الرواية، فلا يكون هذا القول خارجا عنها، ولذا قال في شرح المنية :والصحيح أن عدم التوقيت فيما عدا المأثور لأن الصحابة اتفقوا عليه ولأنه ربما يجري على اللسان ما يشبه كلام الناس إذا لم يؤقت ثم ذكر اختلاف الألفاظ الواردة في اللهم إنا نستعينك إلخ .ثم ذكر أن الأولى أن يضم إليه اللهم اهدني إلخ وأن ما عدا هذين فلا توقيت فيه، ومنه ما عن ابن عمر "أنه كان يقول بعد عذابك الجد بالكفار ملحق :اللهم اغفر للمؤمنين والمؤمنات والمسلمين والمسلمات، وألف بين قلوبهم، وأصلح ذات بينهم، وانصرهم على عدوك وعدوهم .اللهم العن كفرة الكتاب الذين يكذبون رسلك ويقاتلون أولياء ك .اللهم خالف بين كلمتهم، وزلزل أقدامهم، وأنزل عليهم بأسك الذي لا يرد عن القوم المجرمين "ومنه

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی وتر کی نماز کے آخر میں یہ دعا پڑھا کرتے تھے کہ:

”اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ، وَبِمُعَافَاتِکَ مِنْ عُقُوْبَتِکَ، وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْکَ، لَا أُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْکَ، أَنْتَ کَمَا أَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ“

ترجمہ: اے اللہ! میں پناہ چاہتا ہوں، آپ کی رضا کے ذریعہ سے، آپ کی ناراضگی سے، اور آپ کی معافی کے ذریعہ سے آپ کے عذاب سے، اور میں پناہ چاہتا ہوں، آپ کے ذریعہ سے آپ سے، میں شمار نہیں کرسکتا آپ کی تعریف کو، آپ ویسے ہی ہیں، جیسے آپ نے اپنی تعریف فرمائی ہے (سنن نسائی) [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

ما أخرجه الأربعة وحسنه الترمذی أنه -علیه الصلاة والسلام -کان یقول فی آخر وتره :اللهم إنی أعوذ برضاک من سخطک، وبمعافاتک، من عقوبتک، وأعوذ بک منک، لا أحصی ثناء علیک، أنت کما أثنیت علی نفسک وغیر ذلک من الأدعیة التی لا تشبه کلام الناس .ومن لا یحسن القنوت یقول (ربنا آتنا فی الدنیا حسنة) (البقرة201 :) الآیة .وقال أبو اللیث یقول :اللهم اغفر لی یکررها ثلاثا، وقیل یقول :یا رب ثلاثا، ذکره فی الذخیرة .اهـ.

أقول :هذا یفید أن ما فی البحر من قوله ذکر الکرخی أن مقدار القیام فی القنوت مقدار سورة (إذا السماء انشقت) (الانشقاق1 :) وکذا ذکر فی الأصل اهـ بیان للأفضل، أو هو مبنی علی القول بأن القنوت الواجب هو طول القیام لا الدعاء تأمل.

هذا، وذکر فی الحلیة أن ما مر من أنه -صلی الله علیه وسلم -کان یقول فی آخر وتره اللهم إنی أعوذ برضاک من سخطک إلخ .جاء فی بعض روایات النسائی أنه کان یقوله إذا فرغ من صلاته وتبوأ مضجعه(ردالمحتار، ج۲ص۶،۷، کتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل)

[1] حدیث نمبر ۱۷۴۷،کتاب قیام اللیل وتطوع النهار، باب الدعاء فی الوتر، مکتب المطبوعات الإسلامیة -حلب، ابوداوٗد، حدیث نمبر ۱۴۲۷، سنن ترمذی، حدیث نمبر ۳۵۶۶، باب فی دعاء الوتر ، مسند احمد، حدیث نمبر ۷۵۱.

فی حاشیة مسند احمد:

إسناده قوی، هشام بن عمرو -وهو الفزاری -لم یرو عنه غیر حماد بن سلمة وهو أقدم شیخ له، ووثقه ابن معین وأحمد وأبو حاتم، وذکره ابن حبان فی "الثقات"، واحتج به أصحاب السنن الأربعة.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara Ghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قنوت کہلاتا ہے۔

اور حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وتر کے قنوت میں ان کلمات کے پڑھنے کی تعلیم دی کہ:

”اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ ھَدَیْتَ، وَعَافِنِیْ فِیْمَنْ عَافَیْتَ، وَتَوَلَّنِیْ فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ، وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَا أَعْطَیْتَ، وَقِنِیْ شَرَّ مَا قَضَیْتَ، إِنَّکَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ، وَإِنَّہٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ، وَلَا یَعِزُّ مَنْ عَادَیْتَ، تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ“

ترجمہ: یا اللہ! مجھے ہدایت دیجیے اُن لوگوں میں جن کو آپ نے ہدایت عطا فرمائی، اور عافیت دیجیے مجھے ان لوگوں میں جن لوگوں کو آپ نے عافیت عطا فرمائی، اور کارسازی فرمایئے، میری اُن لوگوں میں جن کی آپ نے کارسازی فرمائی، اور برکت عطا فرمایئے مجھے اُن چیزوں میں جو آپ نے مجھے عطا فرمائیں، اور حفاظت فرمایئے میری اُن چیزوں کے شَر سے جن کا آپ نے فیصلہ فرمایا، بے شک آپ ہی فیصلہ کرنے والے ہیں، اور آپ کے خلاف کوئی فیصلہ نہیں

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وأخرجه ابن أبي شيبة ۲/۲۳۶و ۱۰/۳۸۶، وعبد بن حميد ۱۸۱، والترمذی ۳۵۶۲وحسنه، وأبو يعلى ۶۷۵من طريق يزيد بن هارون، بهذا الإسناد.

وأخرجه الطيالسی ۱۲۳، وأبو داود ۱۴۲۷، والنسائی فی "المجتبى ۳/۲۴۸، ۲۴۹" ، وفی "الكبرى ۷۷۵۳والطبرانی فی "الدعاء ۷۵۱والبيهقی ۳/۴۲من طرق عن حماد بن سلمة، به .وسيأتی برقم ۷۵۲و ۱۲۹۵.

قوله كما أثنيت، قال السندی :أی :أنت الذی أثنيت على ذاتک ثناءً يليق بک، فمن يقدر على أداء حق ثنائک، فالكافُ زائدةً، والخطاب فی عائد الموصول بملاحظة المعنى، ويحتمل أن الكاف بمعنى "على"، والعائد محذوف، أی :أنت ثابت على أوصافٍ أثنيت بها على نفسک، والجملةُ على الوجهين فی محل التعليل، وفيه إطلاق النفس عليه تعالى بلا مشاكلة، وقيل " :أنت "تأكيد للمجرور فی "عليک"، فهو من استعارة المرفوعِ المنفصل موضعَ المجرور المتصل؛ إذ لا منفصلَ فی المجرور، و"ما "مصدرية، والكاف بمعنى :مثل، صفة ثناء.

idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

کیا جاسکتا، بے شک جس کی آپ مدد فرمائیں، وہ ذلیل نہیں ہوسکتا، اور جس سے آپ بیزاری فرمائیں، وہ کبھی عزت نہیں پاسکتا، آپ بابرکت ہیں، ہمارے رب ہیں، اور بلندوبالا ہیں (ابوداؤد) [1]

اور بعض روایات میں اس دعا کے آخر میں ''أَسْتَغْفِرُکَ وَأَتُوبُ إِلَیْکَ'' کا اضافہ ہے۔

چنانچہ ابنِ ابی عاصم نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ میں روایت بیان کی ہے کہ:

عَلَّمَنِیُ رَسُوُلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، أَنُ أَقُوُلَ إِذَا فَرَغْتُ مِنُ قِرَاءَ تِیُ فِی الْوِتْرِ فَلَمُ یَبْقَ عَلَیَّ إِلَّا الرُّکُوُعُ اَللّٰهُمَّ اهُدِنِیُ فِیُمَنُ هَدَیُتَ، وَعَافِنِیُ فِیُمَنُ عَافَیُتَ، وَبَارِکُ لِیُ فِیُمَا أَعْطَیُتَ، وَقِنِیُ شَرَّ مَا قَضَیُتَ، إِنَّکَ تَقُضِیُ وَلَا یُقُضٰی عَلَیُکَ، وَإِنَّهُ لَا یَذِلُّ مَنُ

---

[1] حدیث نمبر ۱۴۲۵، کتاب الصلاة، باب القنوت فی الوتر، المکتبة العصریة، بیروت، واللفظ لہٗ، المعجم الکبیر للطبرانی، حدیث نمبر ۲۷۰۱، سنن البیهقی، حدی نمبر ۳۱۳۸، معرفة الصحابة لابی نعیم، حدیث نمبر ۱۷۶۱، مسنداحمد، حدیث نمبر ۱۷۱۸، ترمذی، حدیث نمبر ۴۶۴، سنن نسائی، حدیث نمبر ۱۷۴۵.

ملحوظ رہے کہ مسند احمد، ترمذی، اور نسائی کی روایات میں ''وَلَا یَعِزُّ مَنُ عَادَیُتَ'' کا اضافہ نہیں ہے۔

فی حاشیة مسند احمد:

إسناده صحیح، رجالُه کلهم ثقات .أبو الحوراء :هو ربیعة بن شیبان السعدی.
وأخرجه ابن الجارود ۲۷۲ وابن خزیمة ۱۰۹۵، والطبرانی ۲۷۱۲ من طریق وکیع، بهذا الإسناد .وأخرجه البیهقی ۲۰۹/۲ من طریق العلاء بن صالح، عن برید، به .
وأخرجه الطبرانی ۲۷۱۳ من -طریق الربیع بن رکین، عن أبی یزید الزراد، عن أبی الحوراء ، به .وأخرجه ابن أبی عاصم فی "السنة ۳۷۵، وفی "الآحاد والمثانی ۴۱۵" والطبرانی ۲۷۰۰، والحاکم ۱۷۲/۳ وصححه علی شرط الشیخین من طریق موسی بن عقبة، عن هشام، عن أبیه، عن عائشة، عن الحسن .وأخرجه النسائی ۲۴۸/۳ من طریق موسی بن عقبة، عن عبد الله بن علی، عن الحسن .وسیأتی برقم ۱۷۲۱ و۱۷۲۳ و۱۷۲۷.

Idara ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

وَّالَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ.

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس بات کی تعلیم دی کہ میں جب وتر کی نماز میں اپنی قرائت سے فارغ ہو جاؤں، اور میرے ذمہ صرف رکوع باقی رہ جائے، تو میں یہ دعا پڑھوں:

"اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ، وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ، وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا أَعْطَيْتَ، وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ، إِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ، وَإِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ"

(یعنی) یا اللہ! مجھے ہدایت دیجیے اُن لوگوں میں جن کو آپ نے ہدایت عطا فرمائی، اور عافیت دیجیے مجھے ان لوگوں میں جن لوگوں کو آپ نے عافیت عطا فرمائی، اور برکت عطا فرمایئے مجھے اُن چیزوں میں جو آپ نے مجھے عطا فرمائیں، اور حفاظت فرمایئے میری اُن چیزوں کے شَر سے جن کا آپ نے فیصلہ فرمایا، بے شک آپ ہی فیصلہ کرنے والے ہیں، اور آپ کے خلاف کوئی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا، اور بے شک جس کی آپ مدد فرمائیں، وہ ذلیل نہیں ہوسکتا، آپ بابرکت ہیں، ہمارے رب ہیں، اور بلند و بالا ہیں، میں آپ سے مغفرت طلب کرتا ہوں، اور آپ کی طرف ہی متوجہ ہوتا اور توبہ کرتا ہوں (الآحاد والمثانی) [1]

پس بہتر یہ ہے کہ اس مذکورہ روایت کے مطابق دعا کے آخر میں "أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ" کا بھی اضافہ کر لیا جائے۔

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

عَلَّمَنِيْ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا

[1] لابنِ ابی عاصم، حدیث نمبر ۴۱۵، ج ۱ ص ۳۰۱، دار الرایة -الریاض.

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

فَرَغَ مِنَ الْقِرَاءَةِ فِي الرَّكْعَةِ الثَّالِثَةِ مِنَ الْوِتْرِ، وَلَمْ يَبْقَ إِلَّا الرُّكُوعُ، قَالَ قَبْلَ أَنْ يَرْكَعَ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ (شرح مشکل الآثار) [۱]

ترجمہ: مجھے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ نے اس بات کی اطلاع دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وتر کی تیسری رکعت میں قرائت سے فارغ ہوجایا کرتے تھے، اور صرف رکوع باقی رہ جاتا تھا، تو رکوع سے پہلے یہ پڑھا کرتے تھے کہ:

"اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ"

بعض اور روایات میں بھی وتر کی نماز میں قرائت سے فارغ ہوکر اس مذکورہ دعا کے پڑھنے کا ذکر آیا ہے۔

اور ایک روایت کے آخر میں "لَا مَنْجَأَ مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ" کا اضافہ ہے۔ [۲]

اور بعض روایات میں وتروں کے ساتھ ساتھ اس دعا کے فجر کے قنوت میں پڑھنے کا بھی ذکر آیا ہے۔ [۳]

---

[۱] ج ۱۱ ص ۳۷۵، باب بیان مشکل ما اختلف أهل العلم فيه من القنوت فی الوتر، وهل هو قبل الركوع أو بعده ؟الخ، مؤسسة الرسالة، بيروت)

[۲] عن عائشة قالت :حدثني الحسن بن علي بن أبي طالب قال :علمني رسول الله صلى الله عليه وسلم :إن أقول في دعاء الوتر بعد القراءة وقبل الركعة :اللهم اهدني فيمن هديت وتولني فيمن توليت وقني شر ما قضيت(تاريخ بغداد ج۹ ا ص ۱۶۱، ۱۶۲، تحت ترجمة علي بن نمران، أبو الحسين الخواص)

عن عائشة ، عن الحسن بن علي بن أبي طالب قال :علمني رسول الله صلى الله عليه وسلم أن أقول إذا فرغت من قراء تي في الوتر :اللهم اهدني فيمن هديت ، وعافني فيمن عافيت ، وتولني فيمن توليت ، وبارك لي فيما أعطيت ، وقني شر ما قضيت إنك تقضي ولا يقضى عليك ، تباركت وتعاليت ، لا منجا منك إلا إليك (التوحيد لابن مندة،حديث نمبر ۳۳۸)

مسئلہ نمبر ۳۵...... اگر کوئی وتر میں دعائے قنوت بھول جائے، اور رکوع میں چلا جائے، تو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک اس پر سجدۂ سہو واجب ہے، اگرچہ وہ رکوع سے اٹھ کر دوبارہ دعائے قنوت پڑھ لے (کیونکہ رکوع میں چلے جانے سے اس کا محلِ وجوب فوت ہوجاتا ہے) [1]

---

[1] اگر کوئی شخص وتر کی تیسری رکعت میں دعائے قنوت بھول گیا تو اس کی چار صورتیں ہیں:
(۱)...... رکوع میں دعائے قنوت پڑھ لی (۲)...... رکوع چھوڑ کر کھڑا ہوگیا اور دعائے قنوت پڑھ کر دوبارہ رکوع کیا (۳)...... دوبارہ رکوع نہیں کیا (۴)...... دعائے قنوت نہ رکوع میں پڑھی اور نہ رکوع کے بعد کھڑے ہوکر پڑھی۔

ان چاروں صورتوں میں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک سجدۂ سہو واجب ہے، لیکن دعائے قنوت بھول کر رکوع میں چلا جائے تو دوبارہ کھڑے ہوکر قنوت نہیں پڑھنی چاہئے بلکہ اسی طرح سجدۂ سہو کر کے نماز مکمل کر لینی چاہئے۔

اور یہ تفصیل قنوت کے واجب قرار دینے کی صورت میں ہے، اور جو حضرات قنوت کو واجب قرار نہیں دیتے، ان کے نزدیک ترکِ قنوت سے سجدۂ سہو واجب نہیں۔

قلت أَرَأَيْت رجلا نسي الْقُنُوت فِي الْوتر وَذكر ذَلِك بعد مَا رفع رَأسه من الرُّكُوع هَل يقنت قَالَ لَا لَيْسَ عَلَيْهِ قنوت بعد الرُّكُوع .قلت فَهَل عَلَيْهِ سجدتا السَّهْو قَالَ نعم قلت فَإِن قنت بعد مَا رفع رَأسه من الرُّكُوع هَل يسْقط عَنهُ سجدتا السَّهْو قَالَ لَا قلت لم جعلت عَلَيْهِ سَجْدَتي السَّهْو فِي ترك الْقُنُوت وَلَا تجعلهما عَلَيْهِ فِي ترك التَّكْبِير فِي أَيَّام التَّشْرِيق قَالَ لِأَن الْقُنُوت عِنْدِي بِمَنْزِلَة التَّشَهُّد قلت فَمَا لَك لم تجْعَل عَلَيْهِ أَن يقنت بعد الرُّكُوع قَالَ لِأَن مَوضِع الْقُنُوت قبل الرُّكُوع فَإِذا لم يقنت فِي مَوْضِعه لم يكن عَلَيْهِ إِعَادَة وَكَانَ عَلَيْهِ سجدتا السَّهْو إِذا فعل ذَلِك نَاسِيا قلت فَإِن فعل ذَلِك مُتَعَمدا قَالَ قد أَسَاء وَلَا شَيْء عَلَيْهِ(الأصل المعروف بالمبسوط، ج ا ص ۱۵۴، فِي الإِمَام يحدث فَيقدم من فَاتَتْهُ رَكْعَة)

ومنها إذا نسي القنوت حتى ركع ثم تذكر في الركوع فإنه يمضي على ركوعه ولا يعود إلى القيام ليقنت ،وروى عن أبي يوسف أنه يعود إلى القيام ويقنت كما إذا ترك الفاتحة أو السورة ناسيا وركع فله أن يعود إلى القيام ويقرأها،والصحيح هو الأول(تحفة الفقهاء للسمرقندى، ج ا ص ۲۰۵، باب صلاة الوتر)

وأما حكم القنوت إذا فات عن محله فنقول :إذا نسي القنوت حتى ركع ثم تذكر بعد ما رفع رأسه من الركوع لا يعود ويسقط عنه القنوت وإن كان في الركوع فكذلك في ظاهر الرواية.

وروى عن أبي يوسف في غير رواية الأصول أنه يعود إلى القنوت؛ لأنه له شبها بالقراء ة فيعود كما لو ترك الفاتحة أو السورة(بدائع الصنائع، ج ا ص ۲۷۴، كتاب الصلاة، فصل في القنوت)

إذا نسي القنوت حتى ركع فذكر في الركوع، ففي أصحابنا عنه روايتان نسي القنوت، وتذكر في الركوع في رواية يعود إلى القيام ويقنت؛ لأن الركوع له حكم القيام الأولى أنه لو أدرك الإمام في الركوع كان مدركاً للركعة، وهي رواية أخرى يمضي على ركوعه، ولا يرفع رأسه للقنوت؛ لأنها

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara Ghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

مسئلہ نمبر ۳۶...... اگر وتر کی تیسری رکعت میں کوئی قرائت کرنا بھول گیا، یا سورۂ فاتحہ کے ساتھ سورت ملانا بھول گیا، مگر اس نے دعائے قنوت پڑھ لی، پھر اسے رکوع میں جانے کے بعد یاد آیا کہ اس نے قرائت نہیں کی، یا سورۂ فاتحہ کے ساتھ سورت نہیں پڑھی، تو اسے چاہئے کہ وہ قیام کی طرف لوٹ آئے، اور پہلے (سورۂ فاتحہ اور سورت دونوں یا سورت جو بھی رہ گئی ہے کی) قرائت کرے، اور پھر دعائے قنوت پڑھے، اور پھر رکوع کرے۔

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

شیء فائت عن وقتها فتسقط بخلاف تکبیرات العید إذا تذکرها فی الرکوع، فإنها لا تسقط.
والفرق :أن محل القنوت القیام المحض، فکذا محل القنوت، ولا یمکن أن یأتی به فی الرکوع؛ لأن الرکوع لیس بمحله ولا یمکن نقض الرکوع لأجله؛ لأن الرکوع فرض والقنوت سنّة، ولا یجوز نقض الفرض لأداء السنّة(المحیط البرهانی، ج ا ص ۴۷۱، الفصل الثالث عشر فی التراویح والوتر)
وأما حکمه إذا فات محله فنقول إذا نسی القنوت حتی رکع ثم تذکر فإن کان بعد رفع الرأس من الرکوع لا یعود وسقط عنه القنوت وإن تذکره فی الرکوع فکذلک فی ظاهر الروایة کما فی البدائع وصححه فی الخانیة وعن أبی یوسف أنه یعود إلی القنوت لشبهه بالقرآن کما لو ترک الفاتحة أو السورة فتذکرها فی الرکوع أو بعد رفع الرأس منه فإنه یعود وینتقض رکوعه والفرق علی ظاهر الروایة أن نقض الرکوع فی المقیس علیه لا کماله لأنه یتکامل بقراء ة الفاتحة والسورة لکونه لا یعتبر بدون القراء ة أصلا وفی المقیس لیس نقضه لا کماله لأنه لا قنوت فی سائر الصلوات والرکوع معتبر بدونه فلو نقض لکان نقض الفرض للواجب کذا فی البدائع فإن عاد إلی القیام وقنت ولم یعد الرکوع لم تفسد صلاته لأن رکوعه قائم لم یرتفض بخلاف المقیس علیه لأن بعوده صارت قراء ة الکل فرضا والترتیب بین القراء ة والرکوع فرض فارتفض رکوعه فلو لم یرکع بطلت فلو رکع وأدرکه رجل فی الرکوع الثانی کان مدرکا لتلک الرکعة وإنما لم یشرع القنوت فی الرکوع مثل تکبیرات العید إذا تذکرها فی حال الرکوع حیث یکبر فیه لأنه لم یشرع إلا فی محض القیام غیر معقول المعنی فلا یتعدی إلی ما هو قیام من وجه دون وجه وهو الرکوع وأما تکبیرات العید فلم تختص بمحض القیام لأن تکبیرة الرکوع یؤتی بها فی حال الانحطاط وهی محسوبة من تکبیرات العید بإجماع الصحابة(البحرالرائق، ج ۲ ص ۴۵، ۴۶، باب الوتر والنوافل)
ولو نسی القنوت فتذکر فی الرکوع فالصحیح أنه لا یقنت فی الرکوع ولا یعود إلی القیام .هکذا فی التتارخانیة فإن عاد إلی القیام وقنت ولم یعد الرکوع لم تفسد صلاته .کذا فی البحر الرائق أما إذا رفع رأسه من الرکوع ثم تذکر فإنه لا یعود إلی قراء ة ما نسی بالاتفاق .کذا فی المضمرات(الفتاویٰ الهندیة، ج ا ص ۱۱۱، الباب الثامن فی صلاة الوتر)
ولو نسی القنوت فتذکر فی الرکوع فیه روایتان والصحیح أنه لا یقنت فی الرکوع ولا یعود إلی القیام فإن عاد إلی القیام وقنت ولم یعد الرکوع لم تفسد صلاته لأن رکوعه قائم لم یرتفض (فتاویٰ قاضیخان، کتاب الصلاة)

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور آخر میں سجدۂ سہو کرے۔ ۱؎

مسئلہ نمبر ۳۷...... جس کی وتر کی نماز قضا ہوگئی، تو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک وتر کی نماز قضا پڑھتے وقت اسے دعائے قنوت پڑھنا واجب ہے۔ ۲؎

مسئلہ نمبر ۳۸...... دعائے قنوت کے ساتھ درود شریف پڑھنا بعض حضرات کے نزدیک جائز، اور بعض کے نزدیک منع ہے، اور نہ پڑھنا ہی بہتر ہے۔
لیکن اگر کسی نے پڑھ لیا، تو اس پر سجدۂ سہو واجب نہیں۔ ۳؎

۱؎ ولو أوتر فقرأ في الثالثة القنوت ولم يقرأ القرآن أو قرأ الفاتحة دون السورة فتذكر في الركوع فإنه يعود إلى القيام ويقرأ ويقنت ويركع لأنه لما عاد إلى القيام كما هو في حكم الفريضة فارتفض ركوعه (فتاویٰ قاضیخان، کتاب الصلاۃ)

۲؎ ومن يقضي الصلاة يقضي الأوتار بقنوتها لأن قضاء الأوتار واجب ولا وتر بدون القنوت (فتاویٰ قاضیخان، کتاب الصلاۃ)

۳؎ کیونکہ بعض روایات میں دعائے قنوت کے ساتھ درود وارد ہے۔
اوراسی وجہ سے بعض اس کے استحباب کے قائل ہیں۔ ولكن اختار مشائخنا ان لا يصلي۔
عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ :عَلَّمَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ فِي الْوِتْرِ قَالَ :قُلْ :اللهُمَّ اهْدِنِي فِيمَنْ هَدَيْتَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا أَعْطَيْتَ، وَتَوَلَّنِي فِيمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيْتَ، فَإِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيْكَ، وَإِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ، وَصَلَّى اللهُ عَلَى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ (السنن الكبرى للنسائي ،حديث نمبر ۱۴۴۷)
واختلفوا أنه هل يصلي على النبي عليه الصلاة والسلام في القنوت قال بعضهم لا يصلي (فتاویٰ قاضیخان، کتاب الصلاۃ)
ولا يصلي على النبي -صلى الله عليه وسلم- في القنوت وهو اختيار مشايخنا .كذا في الظهيرية (الفتاوىٰ الهندية، ج ۱ ص ۱۱۱، كتاب الصلاة، الباب الثامن في صلاة الوتر)
ولم يذكر المصنف الصلاة على النبي -صلى الله عليه وسلم- في القنوت للاختلاف فيها واختار الفقيه أبو الليث أن الأولى الصلاة عليه -صلى الله عليه وسلم- لأن القنوت دعاء والأولى في الدعاء أن يكون مشتملا عليها وذهب أبو القاسم الصفار إلى أنه لا يصلي فيه لأنه ليس موضعها ومشى عليه في الخلاصة والحق هو الأول لما رواه النسائي بإسناد حسن أن في حديث القنوت وصلى الله على محمد ولما رواه الطبراني عن علي كل دعاء محجوب حتى يصلي على محمد وفي الواقعات. ويستحب في كل دعاء أن تكون فيه الصلاة على النبي اللهم صل على محمد وعلى آل محمد اهـ. وهو يقتضي أنه يصلي عليه في القنوت بهذه الصيغة وهو الأولى ومن الغريب ما في المجتبى لو صلى على النبي -صلى الله عليه وسلم- في القنوت لا يصلي في القعدة الأخيرة وكذا لو صلى عليه في القعدة الأولى سهوا لا يصلي عليه في القعدة الأخيرة ولا يصلي في القنوت اهـ (البحر الرائق شرح كنز الدقائق، ج ۲ ص ۴۷، باب الوتر والنوافل)

Idara Ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

مسئلہ نمبر ۳۹...... وتر جماعت سے پڑھنے کی صورت میں اگر امام قنوت سے فارغ ہوکر رکوع میں چلا گیا، اور مقتدی ابھی دعائے قنوت سے فارغ نہیں ہوا، تو مقتدی کو بھی اپنی دعائے قنوت درمیان میں چھوڑ کر امام کے ساتھ رکوع میں شامل ہوجانا چاہئے۔ ل

ل کیونکہ مقتدی کے دعائے قنوت کا کچھ حصہ پڑھ لینے سے واجب ادا ہوگیا اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک پوری دعاءِ قنوت پڑھنا واجب نہیں بلکہ سنت ہے اور امام کی اتباع واجب ہے۔

(ركع الإمام قبل فراغ المقتدى) من القنوت قطعه و (تابعه) ولو لم يقرأ منه شيئا تركه إن خاف فوت الركوع معه بخلاف التشهد لأن المخالفة فيما هو من الأركان أو الشرائط مفسدة لا في غيرها درر (الدر المختار)

(قوله ولو لم يقرأ إلخ) أي لو ركع الإمام ولم يقرأ المقتدى شيئا من القنوت إن خاف فوت الركوع يركع وإلا يقنت ثم يركع خانية وغيرها، وهل المراد ما يسمى قنوتا أو خصوص الدعاء ؟ المشهور والظاهر الأول .(قوله بخلاف التشهد) أي فإن الإمام لو سلم أو قام للثالثة قبل إتمام المؤتم التشهد فإنه لا يتابعه بل يتمه لوجوبه كما قدمه في فصل الشروع في الصلاة (قوله لأن المخالفة إلخ) هذا التعليل عليل لاقتضائه فرضية المتابعة المذكورة وقدمنا عن شرح المنية أن متابعة الإمام في الفرائض والواجبات من غير تأخير واجبة ما لم يعارضها واجب، فلا يفوته بل يأتي به ثم يتابعه، بخلاف ما إذا عارضها سنة لأن ترك السنة أولى من تأخير الواجب، وهذا موافق لما قدمناه آنفا، وحينئذ فوجه الفرق بين القنوت والتشهد هو أن قراءة المقتدى القنوت سنة كما قدمنا التصريح به عن المحيط، والمتابعة في الركوع واجبة؛ فإذا خاف فوتها يترك السنة للواجب .وأما التشهد فإتمامه واجب لأن بعض التشهد ليس بتشهد فيتمه وإن فاتت المتابعة في القيام أو السلام لأنه عارضها واجب تأكد بالتلبس به قبلها فلا يفوته لأجلها وإن كانت واجبة.وقد صرح في الظهيرية بأن المقتدى يتم التشهد إذا قام الإمام إلى الثالثة وإن خاف أن تفوته معه، وإذا قلنا إن قراءة القنوت للمقتدى واجبة، فإن كان قرأ بعضه حصل المقصود به لأن بعض القنوت قنوت، وإلا فلم يتأكد وتترجح المتابعة في الركوع للاختلاف في أن المقتدى هل يقرأ القنوت أم يسكت؟ فافهم(رد المحتار على الدر المختار، ج٢ص١٠ ،كتاب الصلاة،باب الوتر والنوافل)

المقتدى يتابع الإمام في القنوت في الوتر فلو ركع الإمام في الوتر قبل أن يفرغ المقتدى من القنوت فإنه يتابع الإمام .ولو ركع الإمام ولم يقرأ القنوت ولم يقرأ المقتدى من القنوت شيئا إن خاف فوت الركوع فإنه يركع وإن كان لا يخاف يقنت ثم يركع .كذا في الخلاصة ذكر الناطفي في أجناسه لو شك أنه في الأولى أو الثانية أو الثالثة فإنه يقنت في الركعة التي هو فيها ثم يقعد ثم يقوم فيصلي ركعتين بقعدتين ويقنت فيهما احتياطا، وفي قول آخر لا يقنت في الكل أصلا والأول أصح؛ لأن القنوت واجب وما تردد بين الواجب والبدعة يأتي به احتياطا .كذا في محيط السرخسي.المسبوق يقنت مع الإمام ولا يقنت بعده .كذا في المنية فإذا قنت مع الإمام لا يقنت ثانيا فيما يقضي .كذا في محيط السرخسي في قولهم جميعا .كذا في المضمرات(الفتاوىٰ الهندية، ج ١ ص ١ ١ ١، كتاب الصلاة، الباب الثامن في صلاة الوتر)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

مسئلہ نمبر ۴۰...... اگر کسی نے بھولے سے دعائے قنوت، وتر کی پہلی یا دوسری رکعت میں پڑھ لی، تو اسے وتر کی تیسری رکعت میں دعائے قنوت پڑھنے کی ضرورت ہوگی یا نہیں؟ اس بارے میں فقہاء کی ایک رائے تو یہ ہے کہ ضرورت نہیں ہوگی (لان تکرار القنوت غیر مشروع) اور ایک رائے یہ ہے کہ اسے تیسری رکعت میں بھی دعائے قنوت پڑھنی چاہئے (وہوالمختار عند البعض) [1]

اور اگر کسی کو یہ شک ہو کہ یہ دوسری رکعت ہے، یا تیسری رکعت ہے (اور ظنِ غالب کسی طرف نہ ہو) تو اس کے لئے حکم یہ ہے کہ وہ قعدہ کے ساتھ ایک رکعت اور ملا لے، اور ان دونوں رکعتوں میں (جن کے دوسری، تیسری ہونے میں شک ہے) دعائے قنوت بھی پڑھے (تاکہ دعائے قنوت یقینی طور پر تیسری رکعت کے ختم ہونے سے پہلے پہلے ادا ہو جائے) اور اس صورت میں رکعتوں میں شبہ کی وجہ سے سجدۂ سہو بھی کرے۔ [2]

---

[1] اور اگر کسی کو وتر کی تیسری رکعت میں یہ شک ہو کہ اس نے پہلی یا دوسری رکعت میں دعائے قنوت پڑھی ہے یا نہیں، تو اس صورت میں بالاتفاق تیسری رکعت میں قنوت پڑھنی چاہئے، کیونکہ یہاں تکرار متیقن نہیں۔

جہاں تک ان رکعتوں میں قعدہ کرنے اور اس کی وجہ سے سجدۂ سہو کا تعلق ہے، تو اس کا ذکر اگلی صورت میں اوپر متن میں ہی موجود ہے۔ محمد رضوان۔

[2] وکذلک ان شک انه فی الاولیٰ او الثانیة او فی الثالثة، فانه یقنت ویقعد فی کل رکعة. محمد رضوان.

وإذا قنت فی الرکعة الأولی أو الثانیة ساهیاً لم یقنت فی الثالثة لأنه لا یتکرر فی الصلاة الواحدة، وإن شک أنه قنت أم لا یعنی فی الثالثة وهو فی قیام الثالثة تحری، فإن لم یحضره شیء قنت، لأنه عسی لم یقنت.

وذکر فی الواقعات :رجل شک فی الوتر وهو فی حالة القیام أنه فی الأولی أو الثانیة أو فی الثالثة فإنه یأخذ بالأقل احتیاطاً إن لم یقع تحریه علی شیء ویقعد فی کل رکعة، ویقرأ، وأما القنوت :فقد قال أئمة بلخ :إنه یقنت فی الرکعة الأولی لا غیر، وعن أبی حفص الکبیر رحمه الله :إنه یقنت فی الرکعة الثانیة أیضاً، وبه أخذ القاضی الإمام أبو علی النسفی رحمه الله.

ولو شک فی حالة القیام أنه فی الثانیة أو فی الثالثة تمت تلک الرکعة، ویقنت فیها، لجواز أنها الثالثة ثم یقعد ویقوم فیضیف إلیها أخری، ویقنت فیها أیضاً علی قول أبی حفص الکبیر، والقاضی الإمام أبی علی النسفی، فرقا بین هذا وبین المسبوق رکعتین فی الوتر فی شهر رمضان إذا قنت مع

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

مسئلہ نمبر۱۴۱...... اگر کوئی بھول کر وتر کی پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ سے پہلے یا پہلی یا دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ اور سورت پڑھنے کے بعد دعائے قنوت پڑھ لے، تو اس پر سجدۂ سہو واجب نہیں۔

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

الإمام فی الرکعة الأخیرة من صلاة الإمام حیث لا یقنت فی الرکعة الأخیرة إذا قام إلی القضاء فی قولهم جمیعاً.والفرق :أن المسبوق هو مأمور بأن یقنت مع الإمام فصار ذلک موضعاً له فما أدی به مع الإمام وقع فی موضعه فلا یقنت مرة أخری لأن تکرار القنوت لیس بمشروع.
أما فی مسألة الشک لم یتیقن بوقوع الأولی فی موضعها فیقنت مرة أخری، وعن الشیخ الإمام أبی بکر الفضل رحمه الله أن فی مسألة الشک لا یقنت مرة أخری کما هو قول أئمة بلخ فی المسألة الأولی(المحیط البرهانی، ج ۱ ص ۴۷۲،الفصل الثالث عشر فی التراویح والوتر)
(قنت فی) الرکعة (الأولی أو الثانیة سهوا لم یقنت فی الثالثة) ؛ لأن تکرار القنوت غیر مشروع .
الشرح:قوله قنت فی الرکعة الأولی أو الثانیة سهوا إلخ)کذا نقل فی البحر عن الذخیرة ونظر فیه بما فی المحیط معزیا إلی الأجناس لو شک أنه فی الأولی أو فی الثانیة أو فی الثالثة فإنه یقنت فی التی هو فیها ثم یقعد ثم یصلی رکعتین بقعدتین ویقنت فیهما احتیاطا وهو الأصح ، وقیل لا یقنت فی الکل أصلا ثم قال فلعل ما فی الذخیرة مبنی علی الضعیف ؛ لأنه إذا کان یأتی به فی الأصح مع الشک فمع الیقین أولی (درر الحکام شرح غرر الاحکام، ج۲ص۱۳ ، کتاب الصلاة، احوال الوتر)
(قنت فی أولی الوتر أو ثانیته سهوا لم یقنت فی ثالثته) أما لو شک أنه فی ثانیته أو ثالثته کرره مع القعود فی الأصح .والفرق أن الساهی قنت علی أنه موضع القنوت فلا یتکرر، بخلاف الشاک ورجح الحلبی تکراره لهما؛ وأما المسبوق فیقنت مع إمامه فقط ویصیر مدرکا بإدراک رکوع الثالثة(الدر المختار)
(قوله فی ثانیته أو ثالثته) وکذا لو شک أنه فی الأولی أو الثانیة أو الثالثة بحر.
(قوله کرره مع القعود) أی فیقنت ویقعد فی الرکعة التی حصل فیها الشک لاحتمال أنها الثالثة، ثم یفعل کذلک فی التی بعدها لاحتمال أنها هی الثالثة وتلک کانت ثانیة.
(قوله فی الأصح) وقیل لا یقنت فی الکل لأن القنوت فی الرکعة الأولی أو الثانیة بدعة .ووجه الأول أن القنوت واجب؛ وما تردد بین الواجب والبدعة یأتی به احتیاطا بحر عن المحیط.
(قوله ورجح الحلبی تکراره لهما) حیث قال :إلا أن هذا الفرق غیر مفید إذ لا عبرة بالظن الذی ظهر خطؤه، وإذا کان الشاک یعید لاحتمال أن الواجب لم یقع فی موضعه فکیف لا یعید الساهی بعدما تیقن ذلک .وقد صرح فی الخلاصة عن الصدر الشهید بأن الساهی یقنت ثانیا، فإن کان ما مر روایة فهی غیر موافقة للدرایة .اهـ .قلت :وکذا رجحه فی الحلیة والبحر بنحو ما مر.
(قوله فیقنت مع إمامه فقط) لأنه آخر صلاته، وما یقضیه أولهما حکما فی حق القراءة وما أشبهها وهو القنوت؛ وإذا وقع قنوته فی موضعه بیقین لا یکرر لأن تکراره غیر مشروع شرح المنیة(رد

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara Ghufran
Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اور اگر پہلی یا دوسری یا تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد اور سورت سے پہلے یا دوسری یا

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

المحتار علی الدر المختار، ج۲ص ۱۰، ۱۱، کتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل)

وبقي لو قنت في الأولى أو الثانية سهوا فقدم المصنف في باب الوتر أنه لا يقنت في الثالثة، ومر ترجيح خلافه(رد المحتار على الدر المختار، ج۲ص ۹۵، کتاب الصلاة، باب سجود السهو)

وإذا قنت في الركعة الأولى أو الثانية ساهياً لا يقنت غير مشروع وإن شك أنه قنت في الثالثة أم لا يتحرى فإن لم يحضره رأى يقنت لاحتمال أنه لم يقنت(فتاوى قاضي خان، کتاب الصلاة)

فهو مخالف لمسألة الشک (ولكن بينهما فرق) وهو أن الساهي قنت على أنه موضع القنوت فلا يتكرر بخلاف الشاک ، الا ان هذا الفرق غير مفيد اذ لاعبرة بالظن الذى ظهر خطاؤه ، واذا كان الشاک يعيد لاحتمال ان الواجب لم يقع في موضعه فكيف لايعيد الساهي بعد ما تيقن ذلک، وقد صرح في الخلاصة عن الصدر الشهيد انه قال في المسبوق لايقنت ثانيا ، فان كان مافى الذخيرة رواية فهي غير موافقة للدراية وتعليل قاضيخان بان تكرار القنوت غير مشروع منقوض بالشاک فيه اللهم الا ان يختار في الشاک ايضا انه يقنت في الاولى مما شک فيه ثم لايعيد كما اختاره ائمة بلخ فح لايحتاج الى الفرق اصلا الا ان المختار ماقالها ابوحفص الكبير وابوعلى النسفى من ان الشاک يعيد في كل ركعه يحتمل انها ثالثة وكذا الساهي على ما اختاره الصدر الشهيد ، والله سبحانهٗ اعلم (غنية المستملي في شرح منية المصلي ، المشهور بشرح الكبير، ص ۴۲۲)

ولو شک أنها ثالثة أو خامسة فعلى ما ذكرنا في الفجر فيعود إلى القعدة ثم يصلي ركعة أخرى ويتشهد ثم يقوم فيصلي ركعة أخرى ويقعد ويسجد للسهو ولو شک في الوتر وهو قائم أنها ثانيته أو ثالثته يتم تلک الركعة ويقنت فيها ويقعد ثم يقوم فيصلي ركعة أخرى ويقنت فيها أيضا هو المختار إلى هنا عبارة الخلاصة ولم يذكر المصنف -رحمه الله -سجود السهو في مسائل الشک تبعا لما في الهداية وهو مما لا ينبغي إغفاله فإنه يجب السجود في جميع صور الشک سواء عمل بالتحري أو بنى على الأقل كذا في فتح القدير وترک المحقق قيدا لا بد منه مما لا ينبغي إغفاله وهو أن يشغله الشک قدر أداء ركن ولم يشتغل حالة الشک بقراءة ولا تسبيح كما قدمناه أول الباب لكن ذكره في السراج الوهاج أن في فصل البناء على الأقل يسجد للسهو وفي فصل البناء على غلبة الظن أن شغله تفكره مقدار أداء الركن وجب السهو وإلا فلا اهـ.

وكأنه في فصل البناء على الأقل حصل النقص مطلقا باحتمال الزيادة فلا بد من جابر وفي الفصل الثاني النقصان بطول التفكير لا بمطلقه(البحر الرائق، ج۲ص ۱۱۹، ۱۲۰، باب سجود السهو)

اور بعض اردو کتابوں میں جو پہلی یا دوسری رکعت میں علی الاطلاق دعائے قنوت پڑھ لینے کی صورت میں سجدۂ سہو کا حکم مذکور ہے، یہ راجح معلوم نہ ہوسکا۔ پھر وتر کی پہلی یا دوسری رکعت میں بھولے سے دعائے قنوت پڑھ لینے کی صورت میں فقہائے کرام نے سجدۂ سہو کا حکم بیان نہیں کیا، اور ان کا اختلاف تیسری رکعت میں دوبارہ دعائے قنوت پڑھنے نہ پڑھنے تک دائر رہا، جس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ دعائے قنوت کا اگرچہ اصل محلِ مشروع عندالاحناف تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے ہے، لیکن اگر کوئی پہلی یا دوسری رکعت میں پڑھ لے، تو اس سے ان کے نزدیک قنوت کا وجوب ادا ہوجاتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ سے پہلے پڑھ لے، تو سجدہ سہو واجب ہے۔ ؂۱

مسئلہ نمبر۴۲...... اگر کوئی امام کے ساتھ وتر کی تیسری رکعت میں شامل ہوگیا، تو اگر رکوع میں جانے سے پہلے دعائے قنوت کا وقت ہو، تو اسے دعائے قنوت پڑھ لینی چاہئے، لیکن اگر

؂۱ اور اس کی بنیاد اس پر ہے کہ دعائے قنوت کا حکم تشہد کی طرح ہے۔

قال ابوحنیفة رحمه الله: اَلْقُنُوت عِنْدِی بِمَنْزِلَة التَّشَهُّدِ(الأصل المعروف بالمبسوط، ج ۱ ص ۲۵۴، فِی الإِمَام یحدث فَیقدم من فَاتَتُهُ رَکْعَة)

مطلب یطلق الدعاء علی ما یشمل الثناء أقول :وقد صرحوا بأن مفاهیم الکتب حجة، والظاهر أن المراد بالدعاء ما یشمل الثناء ؛ لأن الفاتحة نصفها ثناء ونصفها الآخر دعاء (رد المحتار، جزء ۱، صفحه ۱۷۲، کتاب الطهارة، سنن الغسل)

ولو قرأ التشهد قائماً أو راکعاً أو ساجداً لا سهو علیه، لأن التشهد ثناء ، والقیام موضع الثناء والقراء ة.أرأیت لو افتتح فقال :السلام علیک أیها النبی إلی قوله عبده ورسوله، فإنه یکون بمنزلة الدعاء ، ولا سهو علیه .وعن أبی یوسف رحمه الله :فیمن تشهد قائماً فلا سهو علیه (المحیط البرهانی، ج ۱ ص ۵۰۴، کتاب الصلاة،الفصل السابع عشر فی سجود السهو)

اور یہی وجہ ہے کہ بعض اہلِ علم حضرات نے دعائے قنوت کی جگہ تشہد بلکہ سورہ فاتحہ پڑھ لینے سے بھی دعائے قنوت کے وجوب کی ادائیگی کا حکم بیان کیا ہے، اور فرمایا ہے کہ حمد وثناء اور تسبیح وتہلیل وغیرہ بھی دعا ہے (ملاحظہ ہو: احسن الفتاویٰ، جلد۴، صفحہ۴۷)

اور قیام کی حالت میں بھولے سے تشہد پڑھ لینے سے سجدۂ سہو واجب ہونے کی بنیاد یہ ہے کہ اس کی وجہ سے اگر واجب قرائت میں تاخیر لازم آئے، تو سجدۂ سہو واجب ہے، ورنہ نہیں۔

اور پہلی رکعت میں فاتحہ سے پہلے تو محلِ ثناء ہے، اس لئے یہاں پڑھنے سے واجب قرائت میں تاخیر لازم نہیں آتی، اور اسی طرح سورۂ فاتحہ اور بقیہ قرائت سے فارغ ہوکر بھی۔

جبکہ سورۂ فاتحہ اور سورت کے درمیان تینوں رکعتوں میں اور سورہ فاتحہ سے پہلے دوسری اور تیسری رکعت میں واجب قرائت میں تاخیر لازم آتی ہے۔

ولو تشهد فی قیامه قبل قراء ة الفاتحة فلا سهو علیه وبعدها یلزمه سجود السهو وهو الأصح لأن بعد الفاتحة محل قراء ة السورة فإذا تشهد فیه فقد أخر الواجب وقبلها محل الثناء کذا فی التبیین ولو تشهد فی الأخریین لا یلزمه السهو کذا فی محیط السرخسی (الفتاوی الهندیة، ج ۱ ص ۱۲۷، کتاب الصلاة،الباب الثانی عشر فی سجود السهو)

ملحوظ رہے کہ ''تشہد فی الاخریین'' سے مراد فرض نماز کی آخری دو رکعتیں ہیں، کیونکہ فرض کی آخری دو رکعتوں میں قرائت واجب نہیں، اس لئے ان میں مطلقاً قنوت پڑھنے سے سجدۂ سہو واجب نہیں ہوتا، اور وتروں کی تمام رکعتوں میں قرائت واجب ہے، اس لئے وتروں کی آخری دو رکعتوں کا حکم فرضوں کی دوسری رکعت کی طرح اور پہلی کا حکم فرضوں کی پہلی رکعت کی طرح ہوگا (**والعلة مذکورة فی العباره المذکورة فی قوله "فقد اخر الواجب "**)

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

دعائے قنوت کا وقت نہ ہو، مثلاً مقتدی امام کے ساتھ رکوع کے اندر شامل ہوا ہو، تو امام کے ساتھ تیسری رکعت کے ملنے سے اس کی دعائے قنوت بھی ادا ہو جاتی ہے، اور اس کو باقی ماندہ رکعتوں میں دعائے قنوت پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ [1]

قنوتِ نازلہ کے چند مسائل

قنوتِ نازلہ کا مخصوص حالات میں جبکہ کوئی غیر معمولی حادثہ پیش آ جائے، پڑھنا جائز ہے۔
جس کا طریقہ یہ ہے کہ فجر کی نماز کی دوسری رکعت کے رکوع سے اٹھ کر امام بلند آواز سے قنوتِ نازلہ کی دعا پڑھے، اور مقتدی اس پر آہستہ آواز سے آمین کہتے رہیں، اور امام اور مقتدی سب اس دوران اپنے ہاتھ سامنے باندھ کر رکھیں (اور ہاتھ چھوڑ کر اور لٹکا کر رکھنا بھی گناہ نہیں) اور قنوتِ نازلہ کی دعا ختم کرنے کے بعد ہاتھ اٹھائے بغیر اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدہ میں چلے جائیں، اور حسبِ معمول نماز پوری کریں۔
ذیل میں قنوتِ نازلہ کے چند مسائل اختصار کے ساتھ ذکر کئے جاتے ہیں۔
تفصیلی دلائل کے لئے ہمارا دوسرا رسالہ ''قنوتِ نازلہ کے احکام'' ملاحظہ فرمائیں۔

مسئلہ نمبر ۱**......** حنفیہ کے نزدیک قنوتِ نازلہ ہمیشہ اور بارہ مہینے نہیں ہے، بلکہ مخصوص حالات میں ہے، جبکہ مسلمانوں پر کوئی غیر معمولی آفت ومصیبت آ پڑے، مثلاً دشمنوں کی طرف سے چڑھائی ہو جائے، یا مسلمانوں کو قید کر لیا جائے، جس کی وجہ سے مسلمانوں کی

---

[1] وإذا أَدْرَكَهُ فى الرَّكْعَةِ الثَّالِثَةِ فى الرُّكُوعِ ولم يَقْنُتْ معه لم يَقْنُتْ فِيمَا يَقْضِى كَذَا فى الْمُحِيط(الفتاوى الهندية، ج ا ص ١١١، كِتَابُ الصَّلَاةِ، الْبَابُ الثَّامِنُ فى صَلَاةِ الْوِتْرِ)
وإن دخل يريد الوتر ولم يكن أوتر، وقد فاتته ركعتان مع الإمام، وهو فى الركعة الأخيرة فأوتر معهم أو أدركهم ركوعا فركع معهم ثم قام فقضاهما فليس عليه أن يقنت فيما يقضى قال؛ لأنه يقضى أول صلاته، وقد بينا هذا الأصل فى كتاب الصلاة أنه فى حكم القنوت يجعل ما أدرك مع الإمام آخر صلاته؛ لأن القنوت لم يشرع مكررا فى وتر واحد فلو جعلنا ما أتى به مع الإمام أول صلاته كأن يقنت فيما يقضى فيؤدى إلى تكرار القنوت وكذلك إن أدركهم فى الركوع؛ لأنه مدرك لهذه الركعة وهى محل للقنوت فيجعل إدراكه محل القنوت مع الإمام بمنزلة قنوته مع الإمام(المبسوط، للسرخسي، ج ٢ ص ٩٨، باب نوادر الصلاة)

idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

جان اور مال کو خطرات لاحق ہو جائیں، یا مسلمانوں میں باہمی اختلاف ونزاع طول پکڑ جائے، یا کوئی قحط وغیرہ آ پڑے، یا کوئی وبا پھوٹ پڑے۔

اور حنفیہ کے نزدیک قنوتِ نازلہ صرف فجر کی نماز کی دوسری رکعت میں پڑھی جاتی ہے۔ [1]

نازلہ کے معنیٰ شدید مصائب کے آتے ہیں، اور قنوتِ نازلہ ایسے ہی حالات میں پڑھنے کا حکم ہے۔

پس قنوتِ نازلہ کے معنیٰ ہوئے "شدید مصائب وحالات کے وقت کی مخصوص دعا"

اور کیونکہ قنوتِ نازلہ میں ایسے ہی حالات میں مخصوص دعا کی جاتی ہے، اس لئے اس کا نام قنوتِ نازلہ رکھا گیا۔ [2]

---

[1] إنْ نَـزَلَ بِـالْـمُسْـلِمِيْنَ نَازِلَةٌ قَنَتَ الْإِمَامُ فِيْ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَبِهِ قَالَ الثَّوْرِيُّ وَأَحْمَدُ قَالَ الْحَافِظُ أَبُوْ جَعْفَرَ الطَّحَاوِيُّ إِنَّمَا لَا يُقْنَتُ عِنْدَنَا فِيْ صَلَاةِ الْفَجْرِ مِنْ غَيْرِ بَلِيَّةٍ فَإِنْ وَقَعَتْ فِتْنَةٌ أَوْ بَلِيَّةٌ فَلَا بَأْسَ بِهِ فَعَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَهُ السَّيِّدُ الشَّرِيْفُ صَاحِبُ النَّافِعِ فِيْ مَجْمُوْعِهِ (حاشية الشلبى على تبيين الحقائق، ج ۱ ص ۱۷۰، كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل)

أن قنوت النازلة عندنا مختص بصلاة الفجر دون غيرها من الصلوات الجهرية أو السرية. ومفاده أن قولهم بأن القنوت فى الفجر منسوخ معناه نسخ عموم الحكم لا نسخ أصله كما نبه عليه نوح أفندى (ردالمحتار، ج ۲ ص ۱۱، كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، مطلب فى القنوت للنازلة)

ثُمَّ فِيْ عَامَّةِ كُتُبِنَا أَنَّ قُنُوْتَ النَّازِلَةِ فِي الْفَجْرِ فَقَطْ ...... (وَبَعْدَ اَسْطُرٍ) وَنَقُوْلُ: إِنَّهَا فِي النَّازِلَةِ لَا فِيْ تَمَامِ السَّنَةِ (العرف الشذى شرح سنن الترمذى، باب ما جاء فى القنوت فى صلاة الفجر)

وَوَفَّقَ شَيْخُنَا بَيْنَ رِوَايَةِ الطَّحَاوِيِّ عَنْ اَئِمَّتِنَا اَوَّلًا وَبَيْنَ مَاحَكٰى عَنْهُ شَارِحُ الْمُنْيَةِ ثَانِيًا: بِاَنَّ الْقُنُوْتَ فِي الْفَجْرِ لَايَشْرَعُ لِمُطْلَقِ الْحَرْبِ عِنْدَنَا، وَاِنَّمَا يَشْرَعُ لِبَلِيَّةٍ شَدِيْدَةٍ تَبْلُغُ بِهَا الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ، وَلَوْلَاذٰلِكَ لَلَزِمَ الصَّحَابَةَ الْقَائِلِيْنَ بِالْقُنُوْتِ لِلنَّازِلَةِ اَنْ يَّقْنُتُوْا اَبَدًا، وَلَايَتْرُكُهُ يَوْمًا لِعَدَمِ خُلُوِّالْمُسْلِمِيْنَ عَنْ نَازِلَةٍ مَّا غَالِبًا لَاسَيِّمَا فِيْ زَمَنِ الْخُلَفَاءِ الْاَرْبَعَةِ اهـ.

قُلْتُ: وَهٰذَاهُوَالَّذِيْ يَحْصُلُ بِهِ الْجَمْعُ بَيْنَ الْاَحَادِيْثِ الْمُخْتَلِفَةِ فِي الْبَابِ، وَاَمَّا دَعْوَى نَسْخِ الْقُنُوْتِ فِي الْفَجْرِ مُطْلَقًا، فَتَرُدُّهَا آثَارُ الصَّحَابَةِ وَقُنُوْتُهُمْ بَعْدَ وَفَاتِهِ صلى الله عليه وسلم اَحْيَانًا (اعلاء السنن ج ۶ ص ۱۱۴، ۱۱۵، احكام القنوت النازلة)

[2] النازِلَة: الشـديـدةُ مـن نَوازِلِ الدهرِ أى شدائدِها وفى المُحْكَم: النازِلَة: الشّدَّةُ من شدائدِ الدهرِ تَنْزِلُ بالناس نسألُ اللهَ العافيَةَ وقد نَزَلَ به مَكْرُوهٌ (تاج العروس، تحت مادة "نزل")

النّازِلَةُ: الشَّـدِيْـدَةُ مـن شَـدَائِـدِ الدهْرِ تَنْزِلُ بالنَّازِلِ، والجميعُ النوَازِلُ. ونَـزَلَ الـراكِبُ عن دابتِه، والرجُلُ من عُلْوٍ إلى سُفْلٍ. والنَّزْلَةُ: المَرةُ الواحِدَةُ. ونَزَّلْتُ الشَّيْءَ تَنْزِيْلاً. والنُزْلُ: ما يُهَيأُ للضيْفِ إذا نَزَلَ. ورَيْعُ ما يُزْرَعُ. وأرْض نَزْلَةٌ: كثيرةُ النُزْلِ. وهى البَعِيْدَةُ أيضاً، وسَحَابٌ نَزِلٌ. (المحيط فى اللغة، تحت مادة "نزل")

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idara Ghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

مسئلہ نمبر۲...... قنوتِ نازلہ اگرچہ بعض اہلِ علم کے نزدیک فجر کی دوسری رکعت کی قرائت سے فارغ ہوکر رکوع میں جانے سے پہلے بھی پڑھنے کی گنجائش ہے، جیسا کہ وتروں کی نماز میں بھی دعائے قنوت قرائت سے فارغ ہوکر رکوع میں جانے سے پہلے پڑھی جاتی ہے، لیکن احناف کے نزدیک راجح یہ ہے کہ قنوتِ نازلہ فجر کی دوسری رکعت کے رکوع سے اٹھ کر سجدہ میں جانے سے پہلے قیام کی حالت میں پڑھی جائے۔

کیونکہ اکثر احادیث میں قنوتِ نازلہ کے اسی وقت میں پڑھنے کا ذکر ہے۔ [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

(قوله إلا لنازلة) قال في الصحاح :النازلة الشديدة من شدائد الدهر ، ولا شك أن الطاعون من أشد النوازل أشباه (ردالمحتار، ج۲ ص ۱۱، کتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، مطلب فی القنوت للنازلة)

قال ابن الملک :وهذا يدل على أن القنوت في الفرض ليس في جميع الأوقات، بل إذا نزلت بالمسلمين نازلة من قحط وغلبة عدو وغير ذلک(مرقاة، ج۳ص ۹۶۰، کتاب الصلاة، باب القنوت)

اذا نزلت نازلة كعدو أو قحط أو وباء أو عطش أو ضرر ظاهر في المسلمين ونحو ذلک(مرقاة ، ج۳ ص ۹۵۸، کتاب الصلاة، باب القنوت)

[1] وأنه يقنت بعد الركوع لا قبله ، بدليل أن ما استدل به الشافعي على قنوت الفجر وفيه التصريح بالقنوت بعد الركوع حمله علماؤنا على القنوت للنازلة ، ثم رأيت الشرنبلالي في مراقي الفلاح صرح بأنه بعده ؛ واستظهر الحموي أنه قبله والأظهر ما قلناه ، والله أعلم (ردالمحتار ج۲ص ۱۱، کتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل)

ثُمَّ لِيَنْظُرَ هَلْ الْقُنُوتُ لِلنَّازِلَةِ قَبْلَ الرُّكُوعِ أَوْ بَعْدَهُ وَظَاهِرُ حَمْلِهِمْ مَا رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ فِي الْفَجْرِ عَلَى النَّازِلَةِ يَقْتَضِي الثَّانِيَ ثُمَّ رَأَيْت الشُّرُنْبُلَالِيُّ فِي مَرَاقِي الْفَلَاحِ صَرَّحَ بِذَلِكَ وَاسْتَظْهَرَ الْحَمَوِيُّ فِي حَوَاشِي الْأَشْبَاهِ الْأَوَّلَ وَمَا ذَكَرْنَاهُ أَظْهَرُ (منحة الخالق علىٰ هامش البحرالرائق ، ج۲ص ۴۴، کتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل)

ثم القنوت الراتبة قبل الركوع عندنا .وأما قنوت النازلة فيجوز قبله وبعده، والظاهر أن الأولى بعده(فيض الباری شرح البخاری، باب القنوت قبل الركوع وبعده)

والذی يظهر به ان يقنت بعد الركوع لا قبله بدليل ان ما استدل به الشافعي رحمه الله على قنوت الفجر وفيه التصريح بالقنوت بعد الركوع ،حمله علمائنا على القنوتِ للنازلة ثم رأيت الشرنبلالی فی مراقی الفلاح صرح بانه بعده واستظهر الحموی انه قبله والاظهر ما قلناه ،قلت حديث انس فی الصحيح يفيد القنوت للنوازل بعدالركوع وكذا حديث ابی هريرة (اعلاء السنن جلد ۶ صفحه ۱۱۹ ،احكام القنوت النازلة)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

مسئلہ نمبر۳...... احادیث سے قنوتِ نازلہ کا جماعت سے پڑھنا ہی ثابت ہے، اس لئے تنہا نماز پڑھنے والے کو قنوتِ نازلہ نہیں پڑھنی چاہیے۔

البتہ قنوتِ نازلہ کی دعا کو ہر شخص نماز کے علاوہ دوسرے اوقات میں پڑھ سکتا ہے، اور خواتین بھی بغیر نماز کے اس دعا کو کرسکتی ہیں۔ [1]

مسئلہ نمبر۴...... امام کو قنوتِ نازلہ جہری (یعنی بلند) آواز سے پڑھنی چاہئے، جیسا کہ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جہری آواز میں پڑھنا ہی ثابت ہے۔

البتہ اگر کوئی امام خاموشی سے قنوتِ نازلہ پڑھے، تو بھی گناہ نہیں۔ [2]

مسئلہ نمبر۵...... قنوتِ نازلہ صرف امام کو پڑھنی چاہئے، نہ کہ مقتدیوں کو، البتہ مقتدیوں کو امام کے دعائیہ کلمات سن کر آہستہ آمین کہنا چاہئے، احادیث سے اسی طرح ثابت ہے۔

امام کا بلند آواز سے دعا پڑھنا تو ضرورت کی وجہ سے ہے، اور مقتدیوں کو بلند آواز سے آمین کہنے کی ضرورت نہیں، نیز دعا پڑھنے والا امام تو ایک ہی ہوتا ہے، اور آمین کہنے والے

---

[1] وظاهر تقييدهم بالإمام أنه لا يقنت المنفرد (ردالمحتار، ج۲ص ۱۱، کتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل)

[2] واما قنوت النوازل فالراجح فيه عندنا، وعندشيخنا الجهر به(اعلاء السنن ج٦ص ۱۱۲، اخفاء القنوت فی الوتر والفاظه وحکم القنوت فی الفجر)

قلت وانما كان الراجح عندنا فی قنوت النازلة الجهر بحديث ابی هريرة......(وبعد اسطر) قلت وايضا فان قنوت النوازل لايعلمه العوام بل كثير من الخواص ايضا، فالافضل الجهر به كما هو مقتضى تفصيل البعض من فقهائنا، وهو تفصيل حسن، وقد ذكر القاضی فی شرح مختصر الطحاوی ان الامام يجهر به قولا واحدا كما مر، فرجحنا من الروايات فی المذهب ما وافقت الحديث المرفوعة، وهی رواية الجهر للامام، ولكن لامطلقا بل فی قنوت النازلة للعلة التی ذكرناها، وهی كون الحديث واردا فيها، واللہ تعالیٰ اعلم (اعلاء السنن ج٦ص ۱۱۲، ۱۱۳، اخفاء القنوت فی الوتر والفاظه وحکم القنوت فی الفجر)

والمختار انه يجهر به لثبوت جهرالنبی صلی الله علیه وسلم وعمر به (اعلاء السنن ج٦ص ۱۲۰، احكام القنوت النازلة)

قلت: وقد تقدم ان المختار فيه جهر الامام فيه، فيؤمن المقتدی لاغير، وقد مر فی حديث ابن عباس قال: قنت رسول الله صلی الله علیه وسلم شهرا متتابعا الحديث، وفيه ويؤمن من خلفه (اعلاء السنن ج٦ص ۱۲۰، احكام القنوت النازلة)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

افراد کی تعداد ایک سے زیادہ ہوتی ہے، اس لئے انہیں آہستہ آواز سے آمین کہنا چاہئے۔
البتہ اگر کوئی امام قنوتِ نازلہ خاموشی کے ساتھ پڑھے، اور جہر نہ کرے، تو مقتدیوں کو بھی خاموشی کے ساتھ قنوتِ نازلہ پڑھنی چاہئے۔ [1]

مسئلہ نمبر۷ ...... اگر قنوتِ نازلہ رکوع کے بعد پڑھی جائے (جیسا کہ احادیث کی روشنی میں راجح بھی یہی ہے) تو قنوتِ نازلہ شروع کرنے کے لئے ہاتھ اٹھانے اور تکبیر کی ضرورت نہیں۔
اور وتروں میں دعائے قنوت کے لئے جو تکبیر کہتے وقت ہاتھ اٹھائے جاتے ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ وتروں میں دعائے قنوت قرائت کے بعد اور رکوع سے پہلے ہے، اس لئے یہاں قرائت اور دعا میں ہاتھ اٹھا کر فصل کرنے اور ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونے کے لئے ہاتھ اٹھانے اور تکبیر کی ضرورت ہے، اور قنوتِ نازلہ جب رکوع کے بعد پڑھی جائے گی، تو اس میں رکوع فصل بن جاتا ہے، اور رکوع سے اٹھنے کی تسمیع تکبیر کے قائم

---

[1] وظاهر تقييدهم بالإمام أنه لا يقنت المنفرد ، وهل المقتدى مثله أم لا ؟ وهل القنوت هنا قبل الركوع أم بعده ؟ لم أره . والذى يظهر لى أن المقتدى يتابع إمامه إلا إذا جهر فيؤمن (ردالمحتار ، ج۲ص ۱۱ ، كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل)

والمختار فى النازلة عن الشامى انه يقرأ ان اسر الامام ويؤمن اذا جهر به ، ولاشك ان القرأة للتامين اوالتامين فى الوتر لايكون الا سرا،فكذافى القنوت للنازلة فى الفجر كيف؟ والتامين عند فراغ الامام من الفاتحة ليس عندنا الا سرا ، كما مر فى بابه، فكذا فيما سواه لكون التامين عندالفاتحة ماموراBه، وورد الجهر به فى كثير من الاحاديث فلما رجحنا الاسرار فيه لكونه دعاء فترجيح الاسراربه فيما سوى ذلك المحل اظهر (اعلاء السنن ج٦ص ۱۲۰، ۱۲۱ ، احكام القنوت النازلة)

والذى يقتضيه النظر انه يرفع ان قنت فى الفجر قبل الركوع قياسا له على قنوت الوتر ، ولايرفع اذا قنت بعده ، وسيأتى وجهه قريبا ......وهل يكبر له اذا قنت بعدالركوع لم ار من تعرض له ، ومقتضى النظر انه لايكبرله حينئذ ، لان التكبير له اذافعله قبل الركوع انما هو للفصل عن القرأة ولاجل الانتقال من حال الىٰ حال ،ولاكذلك بعدالركوع ، فان التسميع هناك كاف للفصل .قلت: وهذا هو الوجه فى عدم رفع اليدين اذاقنت بعدالركوع ، فان الرفع للاعلام وهناك قيامه برفع الرأس عن الركوع كاف له ولم نجد فى اثرماعن احد من الصحابة انه كبر للقنوت فى الفجر بعدالركوع ، نعم ثبت عن عمر رضى الله عنه انه كبر له لما قنت قبل الركوع كمامر(اعلاء السنن ج٦ص ۱۲۱ ، احكام القنوت النازلة)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

مقام ہوجاتی ہے،اس لئے وہاں ہاتھ اٹھانے اور تکبیر کہنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ ۱؎

مسئلہ نمبر۷...... قنوتِ نازلہ سے فارغ ہوکر سجدہ کی تکبیر کہتے ہوئے امام اور مقتدیوں کو سجدہ میں چلے جانا چاہئے،اس کے علاوہ اور کسی عمل کی ضرورت نہیں (ولیس فی الحدیث بعد القنوت النازلة العمل الاضافی)

مسئلہ نمبر۸...... قنوتِ نازلہ کے لئے مدت مقرر نہیں، بلکہ اس کا دارومدار ضرورت پر ہے، لیکن سنت کی اتباع کا تقاضا یہ ہے کہ ایک مہینہ تک پڑھی جائے،جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اتنی ہی مدت تک ثابت ہے۔ ۲؎

مسئلہ نمبر۹...... جو مقتدی امام کے ساتھ رکوع میں شامل ہوجائے،اس کے حق میں رکعت ملنے کا حکم ہوتا ہے، اب جبکہ قنوتِ نازلہ رکوع کے بعد پڑھی جائے گی، تو اس صورت میں قنوتِ نازلہ میں شریک ہونے والے مقتدی کو یہ رکعت نہیں ملے گی۔

۱؎ والحاصل :انه یضع عند الشیخین فی القنوت سواء کان قبل الرکوع اوبعده،وعند محمد یرسل ولایرفع یدیه فی خلال القنوت حذاء الوجه او الصدر کرفعها فی الدعاء خارج الصلاة عندهم اتفاقا، فان المشروع عندهم بعد رفعهما فی افتتاح الصلاة اوعند القنوت، اما الوضع واما الارسال لاابقائهما مرفوعتین......ان الوضع والارسال بعد الرفع مسکوت عنهما فی الاحادیث فجری محمد علی الاصل وهو الارسال ،لان الوضع عمل حادث یحتاج الی الدلیل ، واخذ الشیخان بالقیاس وقالا ان ارسال الیدین زمانا طویلا ینافی الخشوع وانما السنة ان نقول وضع الکف علی الاکف تحت السرة کما مر فی باب صفة الصلاة، وکان مقتضی ذلک ان نقول بالوضع فی القومة بین الرکوع والسجدة ایضا ،لکن فی الوضع للقیام الیسیر وترکه معا حرج ، فقلنا بان الوضع سنة قیام فیه ذکر مسنون طویل ،فیضع یدیه فی القنوت للنازلة ایضا ،لکونه ذکراً طویلا ، ولایرفعهما حذاء الوجه (اعلاء السنن ج۶ ص ۱۲۲ ،۱۲۳ ، احکام القنوت النازلة ملخصاً)

اور بوادرالنوادر میں ہے کہ:

مسئلہ مجتہد فیہ ہے،دلائل سے دونوں طرف گنجائش ہے،اور ممکن ہے کہ ترجیح قواعد سے وضع کو ہو،کما ہو مقتضیٰ مذہب الشیخین ،لیکن عارض التباس وتشویشِ عوام کی وجہ سے ارسال کو ترجیح دی جاسکتی ہے،کما ہو مقتضیٰ مذہب محمد (بوادرالنوادر ص ۴۷۳،نوے واں نادرہ تحقیق ارسال یا وضع یدین در قنوتِ نازلہ)

۲؎ قلت وفیه بیان غایة القنوت للنازلة انه ینبغی ان یقنت ایاما معلومة عن النبی صلی الله علیه وسلم ، وهی قدر شهر کما فی الروایات عن انس: ”انه صلی الله علیه وسلم قنت شهرا ثم ترک“ فاحفظه فهذا غایة اتباع السنة النبویة(اعلاء السنن ج۶ ص ۱۱۸ ، احکام القنوت النازلة)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

البتہ اگر کوئی امام رکوع سے پہلے قنوتِ نازلہ پڑھے، اور پھر قنوتِ نازلہ میں کوئی مقتدی شریک ہوجائے، بلکہ اس کے بھی بعد رکوع میں شریک ہوجائے تو اس کے حق میں یہ رکعت معتبر ہوجائے گی (وھذا ظاھر)

مسئلہ نمبر ۱۰...... جب مسلمانوں کو کوئی غیر معمولی مصیبت وتکلیف (مثلاً طاعون یا اس جیسی دوسری وبا) لاحق ہو، تو قنوتِ نازلہ میں یہ دعا پڑھنی چاہئے۔ [۱]

اَللّٰھُمَّ اھْدِنَا فِیْمَنْ ھَدَیْتَ ، وَعَافِنَا فِیْمَنْ عَافَیْتَ ، وَتَوَلَّنَا فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ، وَبَارِکْ لَنَا فِیْمَا أَعْطَیْتَ ، وَقِنَا شَرَّ مَا قَضَیْتَ ، إِنَّکَ تَقْضِیْ وَلاَ یُقْضٰی عَلَیْکَ ، إِنَّہٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ .

ترجمہ: یااللہ! ہمیں ہدایت دیجیے اُن لوگوں میں جن کو آپ نے ہدایت عطا فرمائی، اور عافیت دیجیے ہمیں ان لوگوں میں جن لوگوں کو آپ نے عافیت عطا فرمائی، اور کارسازی فرمایئے، ہماری اُن لوگوں میں جن کی آپ نے کارسازی فرمائی، اور برکت عطا فرمایئے ہمیں اُن چیزوں میں جو آپ نے ہمیں عطا فرمائیں، اور حفاظت فرمایئے ہماری اُن چیزوں کے شَر سے جن کا آپ نے فیصلہ فرمایا، بے شک آپ ہی فیصلہ کرنے والے ہیں، اور آپ کے خلاف کوئی فیصلہ نہیں کیا جاسکتا، بے شک جس کی آپ مدد فرمائیں، وہ ذلیل نہیں ہوسکتا، آپ بابرکت ہیں، ہمارے رب ہیں، اور بلند وبالا ہیں (سنن البیھقی) [۲]

---

[۱] اس دعا کے بارے میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں صبح کی نماز کے قنوت (نازلہ) میں اس دعا کی تعلیم دیا کرتے تھے (بیہقی)

[۲] حدیث نمبر ۳۲۶۶، کتاب الصلاۃ، باب دعاء القنوت)

اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے قنوتِ وتر کے متعلق اس دعا کو روایت کیا ہے:

حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ أَبِی إِسْحٰقَ عَنْ بُرَیْدِ بْنِ أَبِی مَرْیَمَ عَنْ أَبِی الْحَوْرَاءِ السَّعْدِیِّ قَالَ قَالَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ عَلَّمَنِی رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَلِمَاتٍ أَقُولُھُنَّ فِی الْوِتْرِ اللّٰھُمَّ اھْدِنِی فِیمَنْ ھَدَیْتَ وَعَافِنِی فِیمَنْ عَافَیْتَ وَتَوَلَّنِی فِیمَنْ تَوَلَّیْتَ

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اوراگر دشمنوں کی طرف سے خطرات لاحق ہوں، یا مسلمانوں کو قتل کیا جارہا ہو، یا دشمنوں نے مسلمانوں میں اختلاف وانتشار پیدا کررکھا ہو، تو مذکورہ دعا کے ساتھ مندرجہ ذیل دعا کو بھی پڑھنا چاہئے۔ [1]

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا ، وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ، وَأَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ ، وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِھِمْ ، وَانْصُرْھُمْ عَلٰی عَدُوِّکَ وَعَدُوِّھِمْ ، اَللّٰھُمَّ الْعَنْ کَفَرَۃَ أَھْلِ الْکِتَابِ الَّذِیْنَ یَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِکَ ، وَیُکَذِّبُوْنَ رُسُلَکَ ، وَیُقَاتِلُوْنَ أَوْلِیَآءَ کَ اَللّٰھُمَّ خَالِفْ بَیْنَ کَلِمَتِھِمْ ، وَزَلْزِلْ أَقْدَامَھُمْ ، وَأَنْزِلْ بِھِمْ بَأْسَکَ الَّذِیْ لاَ تَرُدُّہٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ إِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ وَلاَ نَکْفُرُکَ ، وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ إِیَّاکَ نَعْبُدُ ، وَلَکَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ ، وَلَکَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ ، نَخْشٰی عَذَابَکَ الْجِدَّ ، وَنَرْجُوْ رَحْمَتَکَ ، إِنَّ عَذَابَکَ بِالْکَافِرِیْنَ مُلْحِقٌ.

اے اللہ! ہمارے اور مؤمن مَردوں اور عورتوں کے اور مسلمان مَردوں اور عورتوں کے گناہ معاف فرما، اوران کے دِلوں میں باہمی محبت پیدا فرما، اور اُن کے باہمی تعلقات کو درست فرما، اوران کی اپنے اور اُن کے دشمنوں کے خلاف مدد فرما، اے

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

وَبَارِکْ لِی فِیمَا أَعْطَیْتَ وَقِنِی شَرَّ مَا قَضَیْتَ فَإِنَّکَ تَقْضِی وَلَا یُقْضَی عَلَیْکَ وَإِنَّہُ لَا یَذِلُّ مَنْ وَالَیْتَ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ وَفِی الْبَاب عَنْ عَلِیٍّ ہَذَا حَدِیثٌ حَسَنٌ لَا نَعْرِفُہُ إِلَّا مِنْ ہَذَا الْوَجْہِ مِنْ حَدِیثِ أَبِی الْحَوْرَاءِ السَّعْدِیِّ وَاسْمُہُ رَبِیعَۃُ بْنُ شَیْبَانَ وَلَا نَعْرِفُ عَنْ النَّبِیِّ صَلَّی اللَّہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْقُنُوتِ فِی الْوِتْرِ شَیْئًا أَحْسَنَ مِنْ ہَذَا (ترمذی، حدیث نمبر ۴۶۴، بَاب مَا جَاءَ فِی الْقُنُوتِ فِی الْوِتْرِ)

[1] اس دعا کے بارے میں حضرت عبید بن عمیر سے صحیح سند کے ساتھ روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رکوع کے بعد ان الفاظ میں دعائے قنوت پڑھی۔

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

اللہ! اُن اہلِ کتاب کافروں پر لعنت فرما، جو آپ کے راستے سے روکتے ہیں، اور آپ کے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں، اور آپ کے ولیوں کو قتل کرتے ہیں، اے اللہ! اُن کے آپس میں اختلاف پیدا فرما، اور اُن کے قدموں کو اُکھاڑ دے، اور اُن پر اپنا ایسا عذاب نازل فرما، جس کو آپ مجرم قوم سے دُور نہیں فرماتے۔ اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے، اے اللہ! ہم آپ سے مدد طلب کرتے ہیں، اور آپ سے اپنے گناہوں کی مغفرت طلب کرتے ہیں، اور آپ کی تعریف کرتے ہیں، اور آپ کی ناشکری نہیں کرتے، اور ہم الگ ہوتے ہیں، اور چھوڑتے ہیں اُس شخص کو جو آپ کی نافرمانی کرتا ہے، اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے، اے اللہ! ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں، اور آپ ہی کے لیے نماز پڑھتے اور سجدہ کرتے ہیں، اور آپ ہی کے لیے سعی اور جلدی کرتے ہیں، اور آپ کے سخت عذاب سے ڈرتے ہیں، اور آپ کی رحمت کے امیدوار ہیں، بے شک آپ کا عذاب کافروں کو ضرور پہنچنے والا ہے (سنن البیہقی) [1]

بعض روایات میں مذکورہ دعا کے متعلق کچھ تھوڑے بہت الفاظ کا فرق بھی آیا ہے۔
اس لیے کچھ فرق کے ساتھ پڑھنے کی بھی گنجائش ہے۔

وھٰذا عندی آخر الکلام فی ھٰذا المقام

فقط واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم

محمد رضوان

۳۰/ جمادی الاولیٰ/ ۱۴۳۲ھ 04/ مئی/ 2011ء، بروز بدھ

ادارہ غفران، راولپنڈی

---

[1] حدیث نمبر ۳۲۶۸، کتاب الصلاۃ، باب دعاء القنوت. دارالکتب العلمیۃ، بیروت.
قلت: وھذا قنوت النازلۃ یستحب ان یقرأ بہ الامام فی صلاۃ الفجر اذا نزلت بالمسلمین نازلۃ، والعیاذ باللہ تعالیٰ (اعلاء السنن ج۶ ص۱۲۸، باب لاوتران فی لیلۃ واحدۃ، فائدۃ)

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

باسمہٖ تعالیٰ

جمعۃُ المبارک
کے
فضائل واحکام

جمعۃُ المبارک کی رات اور دن اور جمعۃُ المبارک کی نماز کے فضائل واحکام

جمعہ کا نام جمعہ کیوں رکھا گیا، اس دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے کیا کیا اہم کام انجام دیئے گئے؟ اور اس دن آئندہ کیا کیا اہم کام انجام دیئے جائیں گے؟

جمعہ کے دن اور جمعہ کی نماز وخطبہ کے متعلق قرآن وسنت اور فقہ میں بیان شدہ مفصل فضائل واحکام ومنکرات۔

خواتین اور مرد حضرات کے لیے جمعہ کے دن ورات کے مسنون ومستحب اعمال، اور منکرات کا تحقیقی جائزہ

خواتین وحضرات کے لئے یکساں مفید

مصنّف

مفتی محمد رضوان

اداہ غفران چاہ سلطان راولپنڈی

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530

باسمہٖ تعالیٰ

اضافہ واصلاح شُدہ تیسرا ایڈیشن

مَرد وعورت کی نماز میں فرق کا ثبوت

کیا مرد اور عورت کی نماز میں کوئی فرق نہیں؟ اور دونوں کی نماز کا طریقہ ایک جیسا ہے؟ اس سلسلہ میں احادیث وروایات، صحابہ وتابعین کے آثار کیا کہتے ہیں؟ اور محدثین وفقہائے کرام نیز اہلُ السنۃ والجماعۃ اس سلسلہ میں کیا ارشاد فرماتے اور کیا موقف رکھتے ہیں؟ اس سلسلہ میں وارِد ہونے والی احادیث وروایات کی اسنادی حیثیت کیا ہے؟ کیا مرد اور عورت کی نماز کے ایک جیسا ہونے اور دونوں کی نماز میں کوئی فرق نہ ہونے کی کوئی دلیل موجود ہے؟ اگر خواتین وحضرات ان سب باتوں کے مفصَّل ومدلَّل جوابات معلوم کرنا چاہتے ہیں، تو خالیُ الذہن ہو کر نیک نیتی اور یکسوئی کے ساتھ منصِفانہ اور مخلصِانہ طریقہ پر اس مکمل رسالہ کا مطالعہ فرمائیں۔

مؤلف

مفتی محمد رضوان

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

Idaraghufran

Contact us: idaraghufran@yahoo.com Ph: +92515507530